(۵) اگر کوئی شخص جسمانی درد یا سر میں مبتلا ہو تو ۱۰۰ مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دم کریں۔ صحت یاب ہو جائے گا۔

(۶) جس وقت امام جمعہ کے دن خطبہ کے لیے منبر پر آئے۔ ۱۱۳ مرتبہ پڑھ کر خطیب کے ساتھ دعاء مانگ کر حق تعالےٰ سے حاجت طلب کرے۔ پوری ہو جائے گی۔

Marfat.com

(۷) طلوعِ آفتاب کے وقت اتوار کے دن قبلہ کی طرف منہ کر کے ۴۱۳ مرتبہ پڑھیں۔ اور درود شریف ۱۰۰ مرتبہ، تو حق تعالیٰ بے حساب رزق عطا فرمائے گا۔

(۸) جو شخص ۷۸۶ مرتبہ مداومت کے ساتھ نیت خالص سے پڑھتا رہے گا۔ اس کے تمام نیک مقاصد بحکم الٰہی بر آئیں گے۔

(۹) اور اگر روزہ رکھ کر ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ پڑھیں تو مقصد بہت جلد بر آئے گا۔

(۱۰) اور اگر ۳۱۳ مرتبہ مداومت کے ساتھ پڑھتے ہیں تو تمام لوگوں کے دل اس کے لیے مسخر ہو جائیں گے۔

(۱۱) اور اگر ہزار مرتبہ مداومت کے ساتھ پڑھتے رہیں تو اس کی دین و دنیا کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۱۲) اور جو شخص قید میں ہو یا کسی غم فکر میں مبتلا ہو تو اس کو دن کو ہزار مرتبہ اور رات کو ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

(۱۳) اور اگر کسی شخص کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو بارش کے پانی پر ۳۱۳ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پلانا چاہیئے۔

(۱۴) جو بچہ سوتے ہوئے چونک پڑتا ہو۔ ڈر جاتا ہو۔ ایک کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۲۱ مرتبہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۱۵) اور اگر ۳۵ مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو اس گھر میں شیطان اور جن داخل نہ ہو گا اور بے حساب خیر و برکت ہو گی اور اگر دکان

پر لٹکائیں تو خوب نفع ہو گا۔

(۱۶) اور اگر محرم کی پہلی تاریخ کو ۱۱۳ مرتبہ لکھ کر گلے میں حمائل کریں تو وہ شخص اور اس کے بال بچے ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔

(۱۷) اگر ۱۱۱ مرتبہ مرتبہ سفید کاغذ پر لکھ کر باغ میں دفن کرے تو پیداوار خوب ہوگی۔

(۱۸) اور اگر ہزار مرتبہ سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں تو دشمن کے دل میں اس کی ہیبت بیٹھ جائے گی۔

(۱۹) اور اگر کفن پر ۷۰ بار لکھ دیں تو میّت عذابِ قبر سے محفوظ رہے گی۔ منکر نکیر کا سوال سہل ہو جائے گا۔

(۲۰) مچھلیوں کا شکار کرنے کے لیے سیسہ کے ایک ٹکڑے پر ۳۰ بار لکھ کر جال میں باندھیں تو شکار خوب ہاتھ آئے گا۔

(۲۱) اگر کوئی شخص عوام اور خاص کی نظر میں معزز اور مکرم بننا چاہے تو جمعرات کو روزہ رکھ کر چھوہارے اور شکر سے روزہ افطار کرے اور ۱۲ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے اس کے بعد مشک زعفران اور گلاب سے حروف مقطعہ کی صورت میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اگربتی کی دھونی دے کر بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈالے جو شخص بھی اسے دیکھے گا۔ دیکھتے ہی محبت کرنے لگے گا۔

(۲۲) نیلے کپڑے پر اللہ لکھ کر اس کا ایک کنارہ جلا کر آسیب زدہ کو سنگھائیں آسیب محبوس ہو جائے گا۔ اگر آسیب سے بات

Marfat.com

کرنا چاہیں یا آسیب کا قتل کرنا مقصود ہو تو اسی فیتہ سے کام چلے گا۔ اور کسی برتن میں اَللّٰہُ مکرّر لکھیں کہ برتن کا اندرونی حصّہ خالی نہ رہے۔ پھر اس برتن کو دھو کر اس کا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ آسیب جل جائے گا۔

(۲۳) اگر سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہو تو بسم اللہ حروف مقطعات کی صورت میں اور اس کے بعد

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝

لکھ کر دھو کر پلائیں۔ زہر اتر جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

(۲۴) لفظ الرَّحْمٰن لکھ کر ۱۵۰ مرتبہ یَا رَحْمٰنُ بمع بسم اللہ پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھ کر ظالم حاکم کے پاس جائیں اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

Marfat.com

# اَلقُرآن

قرآن مجید میں ۳۳۶۲۳۳ یعنے تین لاکھ چھتیس ہزار دو سو تنتیس حرُوف ہیں جن کے تمام اعداد بحساب ابجد ۹۴۹۵۸۴۳۱۴۲۲ ہوتے ہیں انہی کے حساب سے مربع نقش لکھا گیا جو جمیع مطالب دینی و دنیاوی کے لیے نہایت مفید ہے۔

اس نقش کی زکوٰۃ کا آسان طریقہ یہ ہے کہ پانچ چلہ تک ۳۵۱ نقش روزانہ بلاناغہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔ انشاءاللہ تعالےٰ چلہ ختم ہونے کے بعد یہ نقش عمل میں آجائے گا۔ پھر کسی امر کی ضرورت نہ رہے گی۔

جب کوئی مہم یا مشکل یا حاجت پیش آوے تو اس نقش مکرم کو دو ہزار پچاس دفعہ لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے وہ مشکل ضرور آسان ہو جائے گی۔ نوچندی جمعرات کو زوال سے پہلے باوضو ہو کر مشک و زعفران اور گلاب سے یہ نقش لکھ کر اور خوشبو سے معطر کر کے موم جامہ بنا کر صدق دل سے اپنے پاس رکھے یا دکان میں اونچی جگہ لٹکائے یا بچے کے گلے میں باندھے انشاءاللہ جملہ آفات و بلیات و حوادثات سے محفوظ رہیں گے۔ تمام کاروبار میں ترقی ہو گی۔ غیب سے فرشتے خریدار بن کر آئیں گے۔ جس کے پاس یہ نقش ہو گا وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

Marfat.com

جو شخص اس نقش کا پورا عامل ہو جائے اور پرہیزگاری میں کامل ہو اور تمام بدکاریوں سے بچا رہے پانچ وقت کی نماز ادا کرے تو اس پر غیبی اسرار کھل جائیں گے اور وہ دنیا میں بادشاہت کرے گا اور تمام لوگ اس کے فرمانبردار ہوں گے اور اس کی کوئی حاجت ایسی نہ ہو جائے گی اور ایسی کوئی مہم نہیں جو آسان نہ ہو۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۰۷۸۹۵۴ | ۶۰۷۸۹۶۸ | ۶۰۷۸۹۶۵ | ۶۰۷۸۹۶۲ |
| ۶۰۷۸۹۶۶ | ۶۰۷۸۹۶۱ | ۶۰۷۸۹۵۵ | ۶۰۷۸۹۶۷ |
| ۶۰۷۸۹۶۰ | ۶۰۷۸۹۶۳ | ۶۰۷۸۹۷۰ | ۶۰۷۸۹۵۶ |
| ۶۰۷۸۹۶۹ | ۶۰۷۸۹۵۷ | ۶۰۷۸۹۵۹ | ۶۰۷۸۹۶۴ |

## نقش قرآن مجید مع تمام بسم اللہ

یہ نقش معظم ہر مرض کے لیے مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر بطور تعویذ گلے میں باندھیں یا شربت خواہ پانی میں گھول کر پلانا مفید ہے اور جملہ حاجات و مہمات کے لیے اکسیر اعظم ہے اگر کسی بزرگ سے اجازت لے کر اس کی زکوٰۃ ادا کی جائے گی تو کیمیائے سلطنت ہے کوئی دنیا کا ایسا کام نہیں ہوگا جو اسکی فضیلت اور عظمت اور تاثیر سے باہر ہو۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۰۱۲۲۳ | ۶۱۰۱۲۲۶ | ۶۱۰۱۲۲۹ | ۶۱۰۱۲۱۵ |
| ۶۱۰۱۲۲۸ | ۶۱۰۱۲۱۶ | ۶۱۰۱۲۲۲ | ۶۱۰۱۲۲۷ |
| ۶۱۰۱۲۱۷ | ۶۱۰۱۲۳۱ | ۶۱۰۱۲۲۴ | ۶۱۰۱۲۲۱ |
| ۶۱۰۱۲۲۵ | ۶۱۰۱۲۲۰ | ۶۱۰۱۲۱۸ | ۶۱۰۱۲۳۰ |

طریقہ زکوٰۃ اس نقش متبرک کا ہے کہ کسی بزرگ سے اجازت لے کر چاند کے پہلے حصّہ بروز جمعہ صبح کے وقت قبل از طلوع آفتاب شروع کر کے پانچ چلہ تک بلاناغہ ہر روز تین سو باون نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا خواہ نہر میں ڈال دیا کریں پانچ چلہ گزرنے سے عمل میں آجائے گا اس کے بعد جس کام پر چاہیں استعمال کریں مگر شریعت کے دائرہ سے باہر نہ جائیں ورنہ دنیا و آخرت میں گناہ اور عذاب کے مرتکب ہوں گے تمام امراض جسمانی کے لیے مفید ہے اگر سونے یا چاندی کی تختی پر کندہ کر کے گلے میں باندھا جائے وہ گھر خیر و برکت سے معمور ہوگا کسی آفات اور جن وغیرہ کا اس پہ گزر نہ ہوگا۔

اب ہم اس باب میں قرآن مجید کی ایک سو چودہ سورتوں کے خواص و تعویذات الگ الگ لکھتے ہیں۔

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جو کوئی شرف آفتاب میں ہر دو نقش بسم اللہ شریف کے باطہارت لکھ کر پاس رکھے اور ۷۸۶ دفعہ بسم اللہ ہر روز بلاناغہ سات دن پڑھے بعد ازاں روز ۱۳۲ مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ جو مشکل ہو وہ آسان اور

Marfat.com

گشائش رزق ہوگی تمام دشمن مغلوب رہیں گے عزت و مرتبہ اور رزق دن بدن بڑھتا جائے گا اور کسی کی محتاجی نہ رہے گی جس گھر میں ہوگا برکت ہی برکت رہے گی۔ زعفران اور مشک سے پہلا نقش لکھ کر دوسرا اس کے پیچھے لکھے اور خوشبو سے معطر کر کے ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
| الرحیم | الرحمٰن | اللہ | بسم |
| اللہ | بسم | الرحیم | الرحمٰن |
| الرحمٰن | الرحیم | بسم | اللہ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۸۱ | ۲۰۲ | ۱۹۹ | ۱۹۶ |
| ۲۰۰ | ۱۹۵ | ۱۹۰ | ۲۰۱ |
| ۱۹۴ | ۱۹۷ | ۲۰۴ | ۱۹۱ |
| ۲۰۳ | ۱۹۲ | ۱۹۳ | ۱۹۸ |

## ایضاً

تمام قرآن مجید میں ۱۱۳ بسم اللہ ہیں اور ہر ایک بسم اللہ کے ۱۹ حروف ۷۸۶ اعداد اور کل کے حروف ۲۱۴۷ - اور جملہ اعداد ۸۸۸۱۸ ہوتے ہیں جن کا نقش لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے ترقی رزق اور مرتبہ بلند ہو اگر بیمار کے بازو پر باندھے تو شفا پائے اگر صدق دل سے ہر روز

بوقت صبح اس کو دیکھے عزیز الخلائق اور ذی عزت ہو خواص اس کے بہت ہیں۔ مگر مختصر لکھا گیا ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۲۰۴ | ۲۲۲۰۷ | ۲۲۲۱۰ | ۲۲۱۶۷ |
| ۲۲۲۰۹ | ۲۲۱۹۸ | ۲۲۲۰۳ | ۲۴۲۰۸ |
| ۲۲۱۶۹ | ۲۲۲۱۲ | ۲۲۲۰۵ | ۲۲۲۰۲ |
| ۲۲۲۰۶ | ۲۲۲۰۱ | ۲۲۲۰۰ | ۲۲۲۲۲ |

## دیگر

جو شخص ۶۴۵ لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کا رعب اور دبدبہ بہت ہو تمام دشمن اس کے مغلوب رہیں کوئی اس کا نقصان نہ کر سکے۔ عزت و مرتبہ بہت بڑھے۔

جو شخص ایک ہزار بار بسم اللہ پڑھ کر دو رکعت نفل پڑھے پھر ایک ہزار پڑھ کر دو رکعت ادا کرے اسی طرح بارہ ہزار ختم کرے اور ہر نفل کے بعد دعا مانگے انشاء اللہ اس کی دلی حاجت پوری ہوگی۔

جو شخص صدق دل سے بعد نماز عشاء اور فجر نو چندی روز دوشنبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ کے بعد ۷۸۶ بار بِسْمِ اللّٰہِ چالیس دن پڑھے اس کے دل کی خواہش ضرور پوری ہوگی۔

جس شخص کے سر پر قرضہ بہت ہو وہ اوّل آخر درود شریف کے بعد چند روز یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ اس کا تمام قرضہ دور ہو جائے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ

Marfat.com

اَلْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔

جس شخص کو بواسیر کا عارضہ ہو وہ اس دُعا کو کاغذ پر لکھے اور گھول کر پیئے انشاءاللہ تعالےٰ بالکل آرام ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ قَوْسٍ قَوْسٍ مَرْقُوْسٍ لَا یَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا وَّلَا زَمْھَرِیْرًا ط

# سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ

۱۔ اس سورت کو مشک و زعفران سے چینی کے پاک برتن میں لکھنا اور دھو کر بیمار کو پلانا ہر مرض جسمانی کے لیے مفید ہوتا ہے چیچک کے واسطے گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کرنا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

۲۔ سورہ الحمد کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ کا آخری میم الحمد کے لام سے ملا کر اکتالیس بار چالیس دن تک روزانہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیمار یا جس پر جادو کیا گیا ہو اس کو پلانا نہایت مفید اور شافی الامراض ہے۔

۳۔ توحیدی انوار کو درمیان سنت اور فرض نماز فجر ستر بار پڑھنا بعد ازاں اسی وقت روزانہ دس دس کم کر کے ایک ہفتہ تک پڑھنا ہر کام کے لیے مجرب ہے اگر پہلے مہینہ میں مطلب پورا نہ ہو تو دوسرے ورنہ تیسرے میں ضرور ہو گا۔

۴۔ گلاب و مشک اور زعفران سے چینی کی پیالی میں لکھنا اور دھو کر چالیس روز تک بیمار کو پلانا پورانے امراض کے لیے مجرب ہے اور سات بار پڑھ کر

Marfat.com

دم کرنا درد دانت درد سر، درد شکم و دیگر دردوں کے لیے نہایت مجرب ہے۔

۵- نماز تہجد کے وقت روز اکتالیس بار پڑھے رزق کشادہ ہوگا۔

۶- ایک سو گیارہ بار پڑھ کر بیڑی اور ہتھکڑی پر دم کرنے سے قیدی رہا ہو جائے گا۔

۷- صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر دم کرکے چہرہ اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

۸- پچھلی رات میں روزانہ اکتالیس بار پڑھنے سے بے مشقت روزی ملے

۹- اگر چالیس بار الحمد شریف پانی پر دم کرکے بخار والے کے منہ پر چھڑکا جاوے تو انشاءاللہ تعالےٰ بخار جاتا رہے۔

۱۰- نماز جمعہ میں جب امام سلام پھیرے اس وقت الحمد شریف اور قل شریف اور فلق اور سورہ والناس سات بار پڑھے تو انشاءاللہ پڑھنے والے کا دین دُنیا، اہل و عیال و اولاد آئندہ جمعہ تک ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۱۱- نماز فجر کی سنّت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے درد جاتا رہتا ہے۔

۱۲- خواب بندی کے لیے سُورہ فاتحہ ایک کاغذ پر لکھے اور لوہے کا کیل کاغذ کے درمیان رکھ کر اتنا ٹھوکے کہ کاغذ میں گھس جاوے پھر اس سُوراخ کو چوراہیہ کی مٹی سے بند کردے اس شخص کی نیند آئی بند ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَقَدْتُ نَوْمَ فلاں بن فلاں

Marfat.com

بحق اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عقدت نُوم فلاں بن فلاں بحق رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
عقدات راسہ بحق الرَّحْمٰنِ عقدت شعرہ بحق الرَّحِیْمِ
عقدت عینہ بحق مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ عقدات اذنہ بحق
اِیَّاکَ نَعْبُدُ عقدت لسانہ بحق وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ عقدات
دجہ بحق اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ عقدت یدیہ
بحق صِرَاطَ الَّذِیْنَ عقدت قلبہ بحق اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
عقدت فرجہ بحق غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ عقدت
ساقیہ بحق وَلَا الضَّآلِّیْنَ عقدت وجلیہ بحق اٰمِیْنَ
عقدت قوارہ وسکونہ بحکم اللہ عزوجل عقدت
المنوم فلاں بن فلاں ، علی حب فلاں بن فلاں

۱۳ - جو شخص غائب ہو جائے اور اس کو حاضر کرنا منظور ہو تو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار الحمد شریف اکتالیس روز پڑھے پڑھے انشاء اللہ تعالٰے بہت جلد غائب حاضر ہوگا مجرب ہے

اس نقش کو مشک و زعفران اور گلاب سے کاغذ یا چینی کی پیالی میں لکھنا دھو کر پلانا تمام بیماریوں کے لیے مفید ہے یا گلے باندھے ۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۵ | ۲۳۶۸ | ۲۳۷۱ | ۲۳۵۷ |
| ۲۳۷۰ | ۲۳۵۸ | ۲۳۶۴ | ۲۳۶۹ |
| ۲۳۵۹ | ۲۳۷۳ | ۲۳۶۶ | ۲۳۶۳ |
| ۲۳۶۷ | ۲۳۶۲ | ۲۳۶۰ | ۲۳۷۲ |

Marfat.com

جب مرض چیچک کا شروع ہو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ اس بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم اللہ الرحمن | الرحیم ع | الحمد للہ ۱۹ | رب العالمین ۹۰۰ |
| الرحمن الرحیم | مالک یوم الدین الرحمن الرحیم | ایاک نعبد ۱۲ | وایاک نستعین ۹۳ |
| اھدنا الصراط | المستقیم ۱ | صراط ۲ | الذین ۹ |
| انعمت علیھم ۳۰ | غیر المغضوب ع | علیھم ۲ع | ولا الضالین ۱ آمین |

# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اگر کسی کو دشمن کا خوف ہو تو اس سُورت کو رات کے بارہ بجے اوّل سے آخر تک پڑھے اور دل میں اپنے دشمن کا تصوّر رکھے خدا تعالےٰ اِس کی برکت سے اس کے دشمن کی برائی دفع کر دے گا اور اس کا کوئی حیلہ اس پر نہ چل سکے گا۔

جس گھر میں یہ سورت ہمیشہ پڑھی جائے اس میں شیطان کا دخل نہیں ہوتا۔

جس موسم میں بچوں کو چیچک نکلتی ہے اس میں جس لڑکے کے روبرو نہار منہ سورہ بقر نہایت خوش آواز اور صحیح پڑھ کر دم کیا جائے اس کو خدا کے فضل سے چیچک نہیں نکلتی اگر نکلے تو خطرناک نہیں ہوتی مگر شرط

Marfat.com

ہے کہ پڑھنے والا اور لڑکا دونو نہار منہ ہوں اور ڈھائی پاؤ چاول پکا کر دہی اور کھانڈ ان پر ڈال کر کسی محتاج کو صدقہ دیوے اس کا نقش مرض جنون مرگی ، برص جذام و آسیب کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۹۰۲ | ۲۳۶۹۰۵ | ۲۳۶۹۰۸ | ۳۳۶۸۹۴ |
| ۲۳۶۹۰۷ | ۲۳۶۸۹۵ | ۲۳۶۹۰۶ | ۲۳۶۹۰۶ |
| ۲۳۶۸۹۶ | ۲۳۶۹۱۰ | ۲۳۶۹۰۳ | ۲۳۶۹۰۰ |
| ۲۳۶۹۰۴ | ۲۳۶۸۹۹ | ۲۳۶۸۹۷ | ۲۳۶۹۰۹ |

# سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ

جو شخص قرضدار بہت ہو اور اس کو ادا کرنے کی قوت نہ رکھتا ہو یا قرض خواہ تنگ کرتے ہوں تو اس مقدس سورت کو ۱۳ دفعہ پڑھے خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے اس شخص کو قرضہ سے نجات دے گا بزرگوں کا آزمودہ ہے کشائشِ رزق کے واسطے اس کا تعویذ لکھ کر پاس رکھنا نہایت مفید ہے۔

اٰلِ عمران ع۳ میں سے آیت قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک جمعہ کے دن تک سبز کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر نہر کے پانی سے دھو کر نہار منہ آفتاب نکلنے سے پہلے سات جمعہ پیا اور گوشت پیاز اور بدبودار چیز سے پرہیز رکھنا حصول مراد تقویت حافظ ذہن کے لیے مفید ہے۔ نقش اگلے

پر ملاحظہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۶۲۳۱ | ۴۶۲۴۵ | ۴۶۲۴۲ | ۴۶۲ ۳۸ |
| ۴۶۲۴۳ | ۴۶۲ ۳۷ | ۴۶۲۳۲ | ۴۶۲ ۴۴ |
| ۴۶۲۳۶ | ۴۶۲۴۰ | ۴۶۲۴۷ | ۴۶۲۳۳ |
| ۴۶۲۴۶ | ۴۶۲۳۴ | ۴۶۲۳۵ | ۴۶۲ ۴۱ |

# سُوْرَةُ النِّسَآءِ

اگر عورت خاوند کے درمیان ناراضگی ہو جائے تو دونوں میں سے جو راضی کرنا چاہے وہ روزمرہ سات بار ایک ہفتہ تک اس سورت کو بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ ناراض شدہ راضی ہو جائے گا اس کا نقش لکھ کر جس مکان کی دیوار پر لٹکایا جائے وہ ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۸۴۸۱۵ | ۲۸۴۸۲۹ | ۲۸۴۸۲۶ | ۲۸۴۸ ۲۳ |
| ۲۸۴۸۲۷ | ۲۸۴۸۲۲ | ۲۸۴۸۱۶ | ۲۸۴۸ ۲۸ |
| ۲۸۴۸۲۱ | ۲۸۴۸۲۴ | ۲۸۴۸۳۱ | ۲۸۴۸۱۷ |
| ۲۸۴۸۳۰ | ۲۸۴۸۱۸ | ۲۸۴۸۲۰ | ۲۸۴۸۲۵ |

# سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

قحط کے دنوں میں اس سورت کو روزمرہ پڑھنا بہت مفید اور

Marfat.com

اس کا تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھنا کشائش رزق کے لیے فائدہ مند اور دھو کر پلانا مرض استسقا کے واسطے نافع ہے اور جس کے کسی حصہ میں کوئی تکلیف یا رنج والم ہو نہایت مفید اور تجربہ شدہ بزرگانِ دین ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۲۱۲۹ | ۲۱۲۱۴۲ | ۲۱۲۱۳۹ | ۲۱۲۱۳۶ |
| ۲۱۲۱۴۰ | ۲۱۲۱۳۵ | ۲۱۲۱۳۰ | ۲۱۲۱۴۱ |
| ۲۱۲۱۳۴ | ۲۱۲۱۳۷ | ۲۱۲۱۴۴ | ۲۱۲۱۳۱ |
| ۲۱۲۱۴۳ | ۲۱۲۱۴۳ | ۲۱۲۱۳۳ | ۲۱۲۱۳۸ |

# سُورَۃُ الاَنعَامِ

اس سورت کا اکتالیس بار پڑھنا حاجت روائی کے لیے مجرب ہے اگر یہ سورت رات کو اکتالیس دفعہ پڑھی جائے تو ہمیشہ خوشحالی رہے گی۔ جو شخص اس کو روزمرتبہ پڑھتا رہے گا اس کے مال و دولت اور عزت و مرتبہ میں ترقی ہو گی۔ اور وہ نفسانی خواہشات سے بچا رہے گا دل کی سیاہی دُور ہو جائے گی۔ بلکہ دل منور اور روشن ہو جائے گا۔ تمام کاروبار دنیاوی باآسانی پورے ہوں گے جملہ آفات اور پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ مرنے کے بعد بلا حساب جنت میں داخل ہو گا جو شخص ایک بار اس سُورت کو پڑھے تو ستر ہزار فرشتے اس کے واسطے بخشش کی دعا کرتے ہیں حل المشکلات کے لیے

Marfat.com

اس کو ہمیشہ پڑھنا نافع ہے اور تعویذ اس کا حصول عزت و مرتبہ کے لیے مفید اور سریع التاثیر ہے۔ جو شخص جس مہم اور غرض کے لیے اس سورۃ کو پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالےٰ پوری ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۳۸۳۲ | ۲۳۳۸۳۵ | ۲۳۳۸۳۷ | ۲۳۳۸۲۴ |
| ۲۳۳۸۳۷ | ۲۳۳۸۲۵ | ۲۳۳۸۳۱ | ۲۳۳۸۳۶ |
| ۲۳۳۸۳۶ | ۲۳۳۸۴۰ | ۲۳۳۸۳۳ | ۲۳۳۸۳۰ |
| ۲۳۳۸۳۴ | ۲۳۳۸۲۹ | ۲۳۳۸۲۷ | ۲۳۳۸۳۵ |

# سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

اس پاک سورۃ کے خواص تو بہت ہیں مگر سب سے بڑھ کر یہ باوضو ہو کر تین بار روزانہ پڑھے قیامت کے دن میں دوزخ کے دروازہ عذاب سے امن و امان میں رہے گا۔ بلکہ قیامت کو حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔ اللہ تعالےٰ ہر مسلمان کو توفیق عطا فرمائے کہ اس سورت کو پڑھ کر دوزخ کے جانے کا عذاب سے محفوظ رہے آمین۔ سفر میں اس نقش کو ساتھ رکھیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۳۳۹۷ | ۶۳۴۰۱ | ۶۳۴۰۴ | ۶۳۳۹۰ |
| ۶۳۴۰۳ | ۶۳۳۹۱ | ۶۳۳۹۶ | ۶۳۴۰۲ |
| ۶۳۳۹۲ | ۶۳۴۰۶ | ۶۳۳۹۹ | ۶۳۳۹۵ |
| ۶۳۴۰۰ | ۶۳۳۹۴ | ۶۳۳۹۳ | ۶۳۴۰۵ |

Marfat.com

# سُورَۃُ الْاَنْفَال

اگر کوئی شخص کسی کی قید میں گرفتار ہو تو اسے چاہیئے کہ ایسے نازک اور سختی کے وقت خود یا اس کے وارثوں میں سے کوئی اس پاک سُورت کو روزانہ سات بار پڑھے خدا چاہے تو اس سورت کی برکت سے اسے قید سے رہائی نصیب ہو روزمرہ جو پڑھتا رہے روز قیامت جناب سرورِ دوجہاں صلے اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت ضرور کریں گے اس کا نقش بنا کر اپنے پاس رکھنا حل المشکلات کے لیے اکسیر ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٠٣٠٨٦ | ١٠٣١٠٠ | ١٠١٠١٦ | ١٠٣٠٩٣ |
| ١٠٣٠٩٧ | ١٠٣٠٩٢ | ١٠٣٠٨٧ | ١٠٣٠٩٩ |
| ١٠٣٠٩١ | ١٠٣٠٩٤ | ١٠٣١٠٢ | ١٠٣٠٨٨ |
| ١٠٣١٠١ | ١٠٣٠٨٩ | ١٠٣٠٩٠ | ١٠٣٠٩٥ |

# سُورَۃُ التَّوْبَۃِ

اگر کسی شخص کو بادشاہ یا حاکم کے پاس کسی کام کے لیے جانے کا اتفاق ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو گیارہ بار پڑھ کر بادشاہ یا حاکم خواہ افسر کے حضور میں جائے اس کی برکت سے جملہ مطالب حاصل ہوں گے اور اس سُورت کو لکھ کر مال میں رکھا جائے تو وہ ڈوبنے جلنے اور چوری سے محفوظ رہے گا اس کا روزانہ ورد کرنا باعث سلامتی ایمان ہے۔ اگر تعویذ

بنا کر نقدی یا غلہ وغیرہ میں رکھا جائے تو اس میں خیر و برکت بہت ہوتی ہے۔ نقش مجرّب اور آزمودہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۵۸۹۶ | ۱۷۵۹۱۰ | ۱۷۵۹۰۶ | ۱۷۵۹۰۳ |
| ۱۷۵۹۰۷ | ۱۷۵۹۰۲ | ۱۷۵۸۹۷ | ۱۷۵۹۰۹ |
| ۱۷۵۹۰۱ | ۱۷۵۹۰۴ | ۱۷۵۹۱۲ | ۱۷۵۸۹۸ |
| ۱۷۵۹۱۱ | ۱۷۵۸۹۹ | ۱۷۵۹۰۰ | ۱۷۵۹۰۵ |

# سُوْرَۃُ یُوْنُسَ

اگر کسی شخص کے بہت سے دشمن ہوں تو یہ سُورت ان کی دشمنی رفع کرنے اور فتح و نصرت دلانے کے لیے بے نظیر ہے جو شخص اس کو اکیس بار پڑھے کوئی دشمن اس پر غالب نہ ہو سکے اگر اس سُورت کو دیو پری کی تکلیف دُور کرنے کے لیے ہرن کی جھلی پر لکھ کر بازو پر باندھے ہر قسم کے رنج و بلا سے امن میں رہے ہمیشہ پڑھنے والا موت کی تنگی سختی قبر سے محفوظ رہے گا اگر اس کا تعویذ بنا کر بچّے کے گلے میں باندھا جائے تو اس پر نظر بد کا اثر نہیں ہوتا۔

اگر کوئی مصیبت یا تنگی درپیش ہو تو اس سُورت کو تیرہ بار روزانہ تیرہ دن پڑھے وہ تکلیف رفع ہو جائے گی۔ اگر کسی پر ناحق مقدمہ پڑ گیا ہو اور وہ قید و جیل چلا گیا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ بعد نماز عصر پڑھے۔ انشاء اللہ رہائی ہو جائے گی نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۷۵۱۹ | ۱۳۷۵۳۳ | ۱۳۷۵۳۰ | ۱۳۷۵۲۶ |
| ۱۳۷۵۳۱ | ۱۳۷۵۲۵ | ۱۳۷۵۲۰ | ۱۳۷۵۳۲ |
| ۱۳۷۵۲۴ | ۱۳۷۵۲۸ | ۱۳۷۵۳۵ | ۱۳۷۵۲۱ |
| ۱۳۷۵۳۴ | ۱۳۷۵۲۲ | ۱۳۷۵۲۳ | ۱۳۷۵۲۹ |

# سُورَۃُ هُودٍ

جب کسی شخص کو کوئی مصیبت یا مشکل کام پیش آجائے تو اس مبارک سورت کو تیرہ دفعہ پڑھ کر حق تعالےٰ سے بصدق دل دعا مانگے خدا کے فضل و کرم سے مقصد حاصل ہوگا اور تکلیف و مصیبت ٹل جائے اگر اس سورت کا روزانہ ورد جاری رکھے تو ہر قسم کے رنج و آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۸۶۸۷ | ۱۲۸۷۰۱ | ۱۲۸۶۹۸ | ۱۲۸۶۹۵ |
| ۱۲۸۶۹۹ | ۱۲۸۶۹۴ | ۱۲۸۶۸۸ | ۱۲۸۷۰۰ |
| ۱۲۸۶۹۳ | ۱۲۸۶۹۶ | ۱۲۸۷۰۳ | ۱۲۸۶۸۹ |
| ۱۲۸۷۰۲ | ۱۲۸۶۹۰ | ۱۲۸۶۹۲ | ۱۲۸۶۹۷ |

# سُورَۃُ یُوسُفَ

اگر کسی شخص کو کسی مقصد کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جانے کا اتفاق

Marfat.com

ہو تو اس سورت کو تیرہ بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر کے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائے اس کی برکت سے وہ نہایت مہربانی اور شفقت سے پیش آئے گا۔ اور اس کا مطلب پورا کرے گا اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ سے معزول کیا گیا ہو تو اس کو ہمیشہ کے پڑھنے سے انشاءاللہ تعالےٰ وہ اپنے کھوئے ہوئے عہدہ پر پھر واپس بحال ہو جائے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۵۹۹۴ | ۱۲۵۹۹۸ | ۱۲۶۰۰۱ | ۱۲۵۹۸۷ |
| ۱۲۶۰۰۰ | ۱۲۵۹۸۸ | ۱۲۵۹۹۳ | ۱۲۵۹۹۹ |
| ۱۲۵۹۸۹ | ۱۲۶۰۰۳ | ۱۲۵۹۹۶ | ۱۲۵۹۹۲ |
| ۱۲۵۹۹۷ | ۱۲۵۹۹۱ | ۱۲۵۹۹۰ | ۱۲۶۰۰۲ |

# سُورَۃُ الرَّعۡدِ

اگر کوئی بچہ بکثرت روتا ہو اور بہت ضد کرتا ہو تو اس سورت کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھے۔ اس کی برکت سے رونا بند ہو جائے گا اگر لکھ کر گلے میں نہ ڈالے تو سورۃ پڑھ کر دم کرنے سے بھی وہی اثر ہو گا۔ اس تعویذ کو لکھ کر استعمال کرنا بھی نہایت مفید ہوتا ہے مگر مشک اور زعفران سے لکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۱۷۲ | ۶۱۱۷۶ | ۶۱۱۷۹ | ۶۱۱۶۵ |
| ۶۱۱۷۸ | ۶۱۱۶۶ | ۶۱۱۷۱ | ۶۱۱۷۷ |
| ۶۱۱۶۷ | ۶۱۱۸۱ | ۶۱۱۷۴ | ۶۱۱۷۰ |
| ۶۱۱۷۵ | ۶۱۱۶۹ | ۶۱۱۶۸ | ۶۱۱۸۰ |

Marfat.com

# سُورۃُ اِبْرَاھِیمَ

اگر کسی عورت نے مرد کو بزورِ جادو یا عمل سے باندھ دیا ہو یعنے نامرد کر دیا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سورت کو تین دفعہ پڑھ کر دم کرے اور دوسری ترکیب یہ کہ اس سورت کو مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر پیئے تو انشاءاللہ مرد کامل ہو جائے اگر کسی نے سفر جانا ہو تو اس کا تعویذ بنا کر بازو پر باندھے اس کی برکت سے صحیح وسالم اور صاحب دولت ہو کر بخریت اپنے گھر واپس آجائے گا۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦١۴۵۴ | ٦١۴۵٧ | ٦١۴٦٠ | ٦١۴۴٧ |
| ٦١۴۵٩ | ٦١۴۴٨ | ٦١۴۵٣ | ٦١۴۵٨ |
| ٦١۴۴٩ | ٦١۴٦٢ | ٦١۴۵۵ | ٦١۴۵٢ |
| ٦١۴۵٦ | ٦١۴۵١ | ٦١۴۵٠ | ٦١۴٦١ |

# سُورۃُ الْحِجْرِ

جو شخص اس سورت کو خرید و فروخت کے وقت پڑھے گا اسے کسی طرح کا نقصان یا خسارہ نہ پہونچے گا بالخصوص یہ سُورت تاجران اسلام کے لیے بہت مفید ہے اس لیے کہ ان کو اکثر لین دین کا معاملہ ہر وقت درپیش رہتا ہے جو شخص اس کو یہ آیت

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝

Marfat.com

زعفران سے لکھ کر کسی عورت کو پلادے اس کا دُودھ بڑھ جاوے جو اس کو لکھ کر بطور تعویذ جیب میں رکھے اس کا رعب اور دبدبہ بہت ہو گا کوئی شخص اس کی مرضی کے خلاف کام نہ کرے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۴۱۶۹ | ۴۴۱۸۳ | ۴۴۱۸۰ | ۴۴۱۷۷ |
| ۴۴۱۸۱ | ۴۴۱۷۶ | ۴۴۱۷۰ | ۴۴۱۸۲ |
| ۴۴۱۷۵ | ۴۴۱۷۸ | ۴۴۱۸۵ | ۴۴۱۷۱ |
| ۴۴۱۸۴ | ۴۴۱۷۴ | ۴۴۱۷۴ | ۴۴۱۷۹ |

# سُوْرَۃُ النَّحْلِ

جو شخص دشمن کی طرف سے نہایت فکر مند ہو اسے چاہیئے کہ صدق دل سے اس سُورت کو ایک سو آٹھ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کھینچے انشاءاللہ اس سورت کی برکت سے اس کے تمام دشمن پراگندہ اور پریشان ہوں اور اگر اس سورت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام دشمن اس کے فرمانبردار اور تابعدار ہوں گے اگر اس سورت کو لکھ کر کسی باغ میں رکھ دیا جائے تو تمام درختوں کو پھل لگ جائے گا۔ اگر مجمع میں رکھیں تو وہ منتشر اور پریشان ہوجائے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۰۰۳۹ | ۱۳۰۰۵۳ | ۱۳۰۰۵۰ | ۱۳۰۰۴۶ |
| ۱۳۰۰۵۱ | ۱۳۰۰۴۵ | ۱۳۰۰۴۰ | ۱۳۰۰۵۲ |
| ۱۳۰۰۴۴ | ۱۳۰۰۴۸ | ۱۳۰۰۵۵ | ۱۳۰۰۴۱ |
| ۱۳۰۰۵۴ | ۱۳۰۰۴۲ | ۱۳۰۰۴۳ | ۱۳۰۰۴۹ |

Marfat.com

# سُورۃ بَنِی اِسرائیل

اگر کوئی صدق اعتقاد سے اپنی دینی و دنیاوی حاجات کے لیے اس سُورت کو سات بار پڑھ کر حق تعالٰے سے دعا مانگے تو اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اگر کوئی بچہ کم بولتا ہو تو اس کے وارث کو چاہیئے کہ اس سورت کو مشک زعفران سے لکھ کر اس بچہ کو پلا دے اس کی برکت سے بچہ فصیح زبان ہو جائے گا اگر سفید حریر کے ٹکڑے پر لکھ کر کمان پر باندھے تو اس کا تیر کبھی خطا نہ جائے جن بھوت وغیرہ کا خوف دُور کرنے کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۴۵۴ | ۶۱۴۵۷ | ۶۱۴۶۰ | ۶۱۴۴۷ |
| ۶۱۴۵۹ | ۶۱۴۴۸ | ۶۱۴۵۳ | ۶۱۴۵۸ |
| ۶۱۴۴۹ | ۶۱۴۶۵ | ۶۱۴۵۵ | ۶۱۴۵۲ |
| ۶۱۴۵۶ | ۶۱۴۵۱ | ۶۱۴۵۰ | ۶۱۴۶۱ |

# سُورۃ الکھف

اگر کوئی شخص قرضدار ہو اور قرض ادا کرنے کی قوّت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ جمعہ کے دن اس سُورت کو پڑھنا شروع کرے اور دوسرے جمعہ تک برابر پڑھتا رہے اس سُورت کی برکت سے خُدا تعالٰے اسے قرضہ سے فارغ کر دے گا۔ اور خلق کی نظر میں صاحب عزّت کرے گا اگر اس سورت کو لکھ کر ایک بوتل میں بند کر کے گھر میں رکھا جائے تو اس میں رہنے والے

قرضہ دار محتاجی سے محفوظ رہتے ہیں اگر غلہ کی کوٹھی میں رکھیں تو ہر طرح سے حفاظت رہتی ہے ہر روز صبح پڑھنا باعث کشائش رزق ہے جو کوئی اس سُورت کو جمعہ کے بعد ایک بار پڑھ لیا کرے انشاءاللہ دوسرے جمعہ تک اس کا دل نور سے روشن رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۶۳ ۷۹ | ۱۲۶۳ ۸۲ | ۱۲۶۳ ۸۵ | ۱۲۶۳ ۷۱ |
| ۱۲۶۳ ۸۴ | ۱۲۶۴ ۷۲ | ۱۲۶۳ ۷۸ | ۱۲۶۳ ۸۳ |
| ۱۲۶۳ ۷۳ | ۱۲۶۳ ۸۷ | ۱۲۶۳ ۸۰ | ۱۲۶۳ ۷۷ |
| ۱۲۶۳ ۸۱ | ۱۲۶۳ ۷۶ | ۱۲۶۳ ۷۴ | ۱۲۶۳ ۸۶ |

# سُورَةُ مَرْيَمَ

اس سُورت کو اگر دولت مندی کے واسطے سات دفعہ پڑھے بے شمار دولت پائے اور پڑھنے والے کا حافظہ اسقدر بڑھ جائے کہ جس بات کو ایک مرتبہ سنے کبھی نہ بھولے بیمار لکھ کر پی لیوے تو شفا پائے اس نقش کو لکھ کر باغ کے درخت پر باندھے تو اس سال بے شمار پھول اور پھل آئیں اگر سات روز لکھ کر بیمار پیئے تو تمام امراض سے صحت پائے جس گھر میں دیو پری کا خوف ہو اس میں یہ سورت لکھکر گھر کی دیوار پر لٹکا دے تمام گھر والے امن میں رہیں گے۔ ہمیشہ پڑھنے والا جنت میں اعلیٰ مقام پاوے جو شخص روزگار کی تلاش میں حیران ہو وہ سات بار اس سورت کو پڑھ کر دعا مانگے تو انشاءاللہ روزگار مل جائے گا۔ اگر اس کو لکھ کر گھر میں رکھا

Marfat.com

جائے تو خیر و برکت ہوگی اور رزق میں کشادگی ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۲۴۰۳ | ۷۲۴۱۷ | ۷۲۴۱۴ | ۷۲۴۱۰ |
| ۵۲۴۱۵ | ۷۲۴۰۹ | ۷۲۴۰۴ | ۷۲۴۱۶ |
| ۷۲۴۰۸ | ۷۲۴۱۲ | ۷۲۴۱۹ | ۷۲۴۰۵ |
| ۷۲۴۱۸ | ۷۲۴۰۶ | ۷۲۴۰۷ | ۷۲۴۱۳ |

# سُورَۃ طٰہٰ

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو وہ خود یا اس کے وارثوں سے جو کوئی اس سُورت کو اکیس دفعہ پڑھے گا بفضل تعالےٰ بہت جلد اس کا نکاح ہو جائے گا اور جو شخص اپنے دشمنوں سے عاجز آگیا ہو اسے یہ سُورت ہر روز لکھ کر پینی چاہیئے خدا کے فضل و کرم سے دشمنوں پر غالب رہے گا اور اسے کوئی دنیاوی حادثہ پیش نہ آئے گا۔ اگر کسی بادشاہ یا حاکمِ وقت سے ملنے کا اتفاق ہو وہ اس کی عزّت و حرمت کرے گا۔ اس پر عمل کرنے والا جادو وغیرہ کے اثر سے محفوظ رہتا ہے جس مرد کے نکاح کی کوئی صورت نہ بن سکے وہ اس سورت کو حریر سبز کے کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھے بہت جلد اس کے نکاح کی صورت بن جائے گی اگر اس کی یہ دو آیتیں وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰی سے وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰی ۝ تک ایک چینی کی پیالی میں تازی سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر مقام ناف پر ملنا ہر قسم کے پھوڑا پھنسی اور زخموں کے لیے مفید ہے اگر يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ سے وَلَآ

اَمْتَاتَک سنگِ مرمر یا چینی کی پیالی میں مشک و گلاب اور کافور سے لکھ کر اور روغن بکائن سے دھو کر قدرے عنبر و کافور ملا کر پیشانی و ابروؤں پر مل کر جس کے سامنے جائیں گے وہ عزّت کرے گا خواہ وہ کیسا ہی مخالف اور دشمن ہو۔ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔ صبح صادق کے وقت اس کے پڑھنے سے نیا رزق ملے گا اور سب حاجتیں پوری ہوں گی دشمنوں پر غلبہ ہو گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۹۸۲۰ | ۹۹۸۲۳ | ۹۹۸۲۷ | ۹۹۸۱۳ |
| ۹۹۸۲۶ | ۹۹۸۱۴ | ۹۹۸۱۹ | ۹۹۸۲۴ |
| ۹۹۸۱۵ | ۹۹۸۲۹ | ۹۹۸۲۱ | ۹۹۸۱۸ |
| ۹۹۸۲۲ | ۹۹۸۱۷ | ۹۹۸۱۶ | ۹۹۸۲۸ |

# سُورَۃُ الْاَنْبِیَآءِ

جو شخص کسی رنج و غم میں مبتلا ہو اسے اس سورت کو اکثر دفعہ پڑھنا چاہیئے یا گھول کر پیئے۔ اور سجدہ میں جا کر اس آیت کو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اکتالیس مرتبہ پڑھے اللہ تعالےٰ رنج و غم سے نجات دے گا۔ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن ختم ہو جائیں گے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۵۵۵۴ | ۹۵۵۵۷ | ۹۵۵۶۱ | ۹۵۵۴۷ |
| ۹۵۵۶۰ | ۹۵۵۴۸ | ۹۵۵۵۳ | ۹۵۵۵۸ |
| ۹۵۵۴۹ | ۹۵۵۶۳ | ۹۵۵۵۵ | ۹۵۵۵۳ |
| ۹۵۵۵۶ | ۹۵۵۵۱ | ۹۵۵۵۰ | ۹۵۵۶۲ |

Marfat.com

# سُوْرَةُ الْحَجّ

اگر کسی شخص کو دریا سے پار جانے کا اتفاق ہو تو کشتی یا جہاز میں سوار ہوتے وقت بنظر سلامتی اس سورت کو پڑھے خیر و عافیت کے ساتھ منزل مقصود کو پہونچے اور امن میں رہے گا۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٩٥٥٨٥ | ٩٥٥٨٩ | ٩٥٥٩٢ | ٩٥٥٧٨ |
| ٩٥٥٩١ | ٩٥٥٧٩ | ٩٥٥٨٤ | ٩٥٥٩٠ |
| ٩٥٥٨٦ | ٩٥٥٩٤ | ٩٥٥٨٧ | ٩٥٥٨٣ |
| ٩٥٥٨٨ | ٩٥٥٨٢ | ٩٥٥٨١ | ٩٥٥٩٣ |

# سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْن

اگر کسی شخص کو نماز پڑھنے میں کاہلی ہو تو اسے آٹھ دفعہ اس سُورت کو پڑھنا چاہیئے اللہ تعالےٰ اس کی برکت سے اسے شوق عطا کرے گا۔

اور اگر کسی کو شراب پینے کی اور راگ و رنگ میں مصروف رہنے کی عادت ہو وہ یہ سورت لکھ کر گلے میں باندھے اس کی برکت سے تمام بُری عادتیں جاتی رہیں گی۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨٧٩٢٨ | ٨٧٩٣١ | ٨٧٩٣٤ | ٨٧٩٢١ |
| ٨٧٩٣٣ | ٨٧٩٢٢ | ٨٧٩٢٧ | ٨٧٩٣٢ |
| ٨٧٩٢٣ | ٨٧٩٣٦ | ٨٧٩٢٩ | ٨٧٩٢٦ |
| ٨٧٩٣٠ | ٨٧٩٢٥ | ٨٧٩٢٤ | ٨٧٩٣٥ |

Marfat.com

# سُورَۃُ النُّوْرِ

اس سُورت کو بہتان و الزام کے رفع کرنے کے لیے سات دفعہ پڑھنا چاہیئے اگر کسی کو احتلام بکثرت ہوتا ہو تو یہ سورت کاغذ پر لکھ کر بچھونے کے کنارے رکھ دے اس کی برکت سے شیطانی وسواس پاس نہ آئیں گے اور نہانے کی حاجت نہ ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۰۶۰۶ | ۱۰۰۶۲۰ | ۱۰۰۶۱۷ | ۱۰۰۶۱۴ |
| ۱۰۰۶۱۸ | ۱۰۰۶۱۳ | ۱۰۰۶۰۷ | ۱۰۰۶۱۹ |
| ۱۰۰۶۱۲ | ۱۰۰۶۱۵ | ۱۰۰۶۲۲ | ۱۰۰۶۰۸ |
| ۱۰۰۶۲۱ | ۱۰۰۶۰۹ | ۱۰۰۶۱۱ | ۱۰۰۶۱۶ |

# سُورَۃُ الْفُرْقَانِ

اگر کوئی بادشاہ یا حاکم ظالم ہو اور اپنے ظلم سے باز نہ آتا ہو تو مظلوم اور ستم رسیدہ کو ایک سو آٹھ بار یہ سُورت پڑھنی چاہیئے، اللہ تعالےٰ ظالم کے ظلم سے امن دے گا اور اسے ہلاک کر ڈالے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۲۳۸۶ | ۵۲۴۰۰ | ۵۲۳۹۶ | ۵۲۳۹۳ |
| ۵۲۳۹۷ | ۵۲۳۹۲ | ۵۲۳۸۷ | ۵۲۳۹۹ |
| ۵۲۳۹۱ | ۵۲۳۹۴ | ۵۲۴۰۲ | ۵۲۳۸۸ |
| ۵۲۴۰۱ | ۵۲۳۸۹ | ۵۲۳۹۰ | ۵۲۳۹۵ |

Marfat.com

# سُورَۃُ الشُّعَرَآءِ

اگر کسی کی لونڈی یا غلام نافرمان اولاد کو بھاگنے کی عادت ہو تو اس کے آقا کو یہ سورت سات دفعہ پڑھنی چاہیئے اور پانی پر دم کر کے اسے پلا دے نیز یہ سورت لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی برکت سے غلام، لونڈی، ہرگز نہ بھاگے گا اور ہمیشہ تابع و فرمانبردار رہے گا اور اس کے بھاگنے کی عادت جاتی رہے گی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۰۹۲۷ | ۱۰۰۹۴۰ | ۱۰۰۹۳۷ | ۱۰۰۹۳۴ |
| ۱۰۰۹۳۸ | ۱۰۰۹۳۳ | ۱۰۰۹۲۸ | ۱۰۰۹۳۹ |
| ۱۰۰۹۳۲ | ۱۰۰۹۳۵ | ۱۰۰۹۴۲ | ۱۰۰۹۲۹ |
| ۱۰۰۹۴۱ | ۱۰۰۹۳۰ | ۱۰۰۹۳۱ | ۱۰۰۹۳۶ |

# سُورَۃُ النَّمۡلِ

اگر کسی صاحب کی کوئی غرض ہو اور پوری نہ ہوتی ہو تو اس سُورت کو ایک ہفتہ تک ہر روز ایک بار بعد نماز فجر پڑھے خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے اس کا مطلب ایک ہفتہ کے اندر اندر پُورا ہو گا۔ یا یہ نقش اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۵۲۳۳ | ۸۵۲۴۶ | ۸۵۲۴۳ | ۸۵۲۴۰ |
| ۸۵۲۴۴ | ۸۵۲۳۹ | ۸۵۲۳۴ | ۸۵۲۴۵ |
| ۸۵۲۳۸ | ۸۵۲۴۱ | ۸۵۲۳۸ | ۸۵۲۳۵ |
| ۸۵۲۳۷ | ۸۵۲۳۱ | ۸۵۲۳۷ | ۸۵۲۴۲ |

Marfat.com

# سُوْرَۃُ الْقَصَصِ

جو شخص اس سورت کو ہمیشہ پڑھتا رہے اسے چند چیزیں خداوند کریم عطا فرمائے گا۔ ۱۔ ایک وہ کہ صدیقوں کے زمرہ میں شمار کیا جائے گا اور قیامت کے دن فرشتے اس کے صدق پر گواہی دیں گے۔ ۲۔ یہ سورت جس مال غلہ وغیرہ میں لکھ کر رکھی جائے وہ چوری سے محفوظ رہے گا۔ ۳۔ بیمار پر یہ سُورت دم کی جائے تو اللہ تعالیٰ اسے شفا عنایت کرے گا اور بیمار کی بیماری جاتی رہے گی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۱۷ ۷۹ | ۱۰۱۷۸۳ | ۱۰۱۷ ۸۶ | ۱۰۱۷۷۲ |
| ۱۰۱۷ ۸۵ | ۱۰۱۷۷۳ | ۱۰۱۷ ۷۸ | ۱۰۱۷۸۴ |
| ۱۰۱۷ ۷۴ | ۱۰۱۷۸۸ | ۱۰۱۷ ۸۱ | ۱۰۱۷۷۷ |
| ۱۰۱۷ ۸۲ | ۱۰۱۷۷۶ | ۱۰۱۷ ۷۵ | ۱۰۱۷۸۷ |

# سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ

درد والم اور تکلیف کے لیے اس سُورت کو سات دفعہ پڑھے حق تعالیٰ رنج وغم سے خلاصی بخشے اگر مشک وزعفران سے اس سورت کو لکھ کر اور پانی میں گھول کر پیئے غم اور مفلسی سے نجات پائے زمانہ کی مکروہات سے امن میں رہے گا۔ چوتھیہ بخار کے لیے نہایت مفید ہے۔

جس شخص کا حج کرنے کو جی چاہتا ہو اور بظاہر کوئی سامان بن نہ آتا

ہو وہ شخص تین ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو عشاء کی نماز کے بعد رو بقبلہ
با وضو ہو کر پڑھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٨٨٢٤ | ٦٨٨٢٧ | ٦٨٨٣٠ | ٦٨٨١٦ |
| ٦٨٨٢٩ | ٦٨٨١٧ | ٦٨٨٢٣ | ٦٨٨٢٨ |
| ٦٨٨١٨ | ٦٨٨٣٢ | ٦٨٨٢٥ | ٦٨٨٢٢ |
| ٦٨٨٢٦ | ٦٨٨٢١ | ٦٨٨١٩ | ٦٨٨٣١ |

# سُوْرَۃُ الرُّوْمِ

اس سورت کو دفع دشمن کے لیے اکیس دفعہ پڑھنا ہر قسم کے اندیشہ
کو دور کرتا ہے اور اگر اس سورت کو لکھ کر شیشہ میں رکھے اور شیشہ کا سر
روز مرہ ہلائے تو اس کی برکت سے سارا گھر امن میں رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٧٤٩٤ | ٦٧٤٩٧ | ٦٧٥٠٠ | ٦٧٤٨٦ |
| ٦٧٤٩٩ | ٦٧٤٨٧ | ٦٧٤٩٣ | ٦٧٤٩٨ |
| ٦٧٤٨٨ | ٦٧٥٠٣ | ٦٧٤٩٥ | ٦٧٤٩٢ |
| ٦٧٤٩٦ | ٦٧٤٩١ | ٦٧٤٨٩ | ٦٧٥٠١ |

# سُوْرَۃُ لُقْمَانَ

یہ سورت تمام شکمی امراض نیز ہر قسم کے درد شکم کے لیے اس سورت

Marfat.com

کا پڑھنا لکھ کر گلے میں باندھنا پانی میں گھول کر دینا نہایت مفید ہے بلکہ سریع التاثیر ہے چوتھیہ بخار کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۹۷۴۹ | ۳۹۷۵۳ | ۳۹۷۵۶ | ۳۹۷۴۲ |
| ۳۹۷۵۵ | ۳۹۷۴۳ | ۳۹۷۴۸ | ۳۹۷۵۴ |
| ۳۹۷۴۴ | ۳۹۷۵۸ | ۳۹۷۵۱ | ۳۹۷۴۷ |
| ۳۹۷۵۲ | ۳۹۷۴۶ | ۳۹۷۴۵ | ۳۹۷۵۷ |

# سُورَۃُ السَّجْدَۃِ

اس سورت کو سات دفعہ پڑھنا جملہ امراض کے لیے مفید ہے خاص کر جذام (کوڑھ) اور تپ کے زیادہ کارآمد ہے اگر مریض کے واسطے مشک زعفران سے چینی کے برتن میں لکھ کر اور گھول کر مریض کو پلائی جاوے تو وہی اثر ہوتا ہے اگر اس کا نقش بنا کر استعمال کیا جائے تو نہایت فائدہ مند ہوتا ہے۔ اس سورت کو لکھ کر صرع والے کے گلے میں ڈالنے سے مرگی کی مرض جاتی رہتی ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۸۳۳۲ | ۲۸۳۳۶ | ۲۸۳۳۹ | ۲۸۳۲۵ |
| ۲۸۳۳۸ | ۲۸۳۲۶ | ۲۸۳۳۱ | ۲۸۳۳۷ |
| ۲۸۳۲۷ | ۲۸۳۳۴ | ۲۸۳۳۴ | ۲۸۳۳۰ |
| ۲۸۳۳۵ | ۲۸۳۲۹ | ۲۸۳۲۸ | ۲۸۳۴۰ |

Marfat.com

# سُورَۃُ الاَحزَابِ

دشمن کو دفع کرنے کے لیے جو شخص اس سورت کو ہمیشہ پڑھا کرے خدا تعالےٰ اس کی برکت سے اسے تمام دشمنوں سے حفاظت میں رکھے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۸۸۰۷ | ۸۸۸۲۰ | ۸۸۸۱۷ | ۸۸۸۱۴ |
| ۸۸۸۱۸ | ۸۸۸۱۳ | ۸۸۸۰۸ | ۸۸۸۱۹ |
| ۸۸۸۱۲ | ۸۸۸۱۵ | ۸۸۸۲۲ | ۸۸۸۰۹ |
| ۸۸۸۲۱ | ۸۸۸۱۰ | ۸۸۸۱۱ | ۸۸۸۱۶ |

# سُورَۃُ سَبَاِ

جو شخص مبتلائے رنج و بلا ہو اسے یہ سُورت سات دفعہ پڑھنی چاہیئے بدنصیبی دور ہو زمانہ کی گردش اور ظالموں کے ظلم سے امن میں رہے جو کوئی دس بار اس سورت کو پڑھے وہ ہر ایک مصیبت اور تمام بلیات و آفات سے محفوظ رہے گا۔

جناب رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس سورت کے پڑھنے والا صاحب نصیب اور خوش قسمت ہوتا ہے قیامت کے دن تمام انبیاء اس سے ملاقات کریں اور ہاتھ سے ہاتھ ملائیں گے۔ مرض یرقان و محافظت بلیات کے لیے مفید ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٣٣٥٤ | ٦٣٣٥٧ | ٦٣٣٦١ | ٦٣٣٤٧ |
| ٦٣٣٦٠ | ٦٣٣٤٨ | ٦٣٣٥٣ | ٦٣٣٥٨ |
| ٦٣٣٤٩ | ٦٣٣٦٣ | ٦٣٣٥٥ | ٦٣٣٥٢ |
| ٦٣٣٥٦ | ٦٣٣٥١ | ٦٣٣٥٠ | ٦٣٣٦٢ |

# سُوْرَةُ فَاطِرِ

جس کسی کو بادشاہ یا حکام وقت کے پاس جانے کا اتفاق ہو اسے چاہیئے کہ حصول مطلب کے لیے اس سورت کو سات دفعہ پڑھ کر جائے اس کے تمام مطالب پورے ہوں گے اور نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦٠٦٩٣ | ٦٠٦٩٦ | ٦٠٦٩٩ | ٦٠٦٨٥ |
| ٦٠٦٩٨ | ٦٠٦٨٦ | ٦٠٦٩٢ | ٦٠٦٩٧ |
| ٦٠٦٨٧ | ٦٠٧٠١ | ٦٠٦٩٤ | ٦٠٦٩١ |
| ٦٠٦٩٥ | ٦٠٦٩٠ | ٦٠٦٨٨ | ٦٠٧٠٠ |

# سُوْرَةُ یٰسٓ

اس سورت کو حفظ ایمان کے لیے اکتالیس دفعہ پڑھنا بڑا مفید ہے مشک وزعفران سے لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جس کے جسم پر کوڑھ کے سفید داغ (برص) دھبہ ہوں تو فوراً دفع ہو جائیں اسی طرح جو شخص پیئے

Marfat.com

اس کو نور ایمان نصیب ہو اور کشف باطنی حاصل ہو دشمنوں پر فتح و نصرت پائے دوستوں میں ذی عزت شمار۔ ۲۔ جو شخص سفر میں راستہ بھول جائے تو یٰسٓ کو پڑھے تو اس کو راستہ مل جاتا ہے۔ ۳۔ جس عورت کو بچہ جننے کے وقت تنگی ہو اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو آسانی ہو جائے گی۔ ۴۔ جو شخص سات روز تک زعفران اور گلاب سے لکھے اور گھول کر پیتا رہے تو جو کچھ سن لیوے وہ اس کو یاد رہے جس کے ساتھ وہ گفتگو کرے اس پر غالب رہے ۵۔ گھول کر پلانے سے دودھ پلانے والی عورت کا دودھ بڑھ جائے گا۔ ۶۔ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر اور عرق گلاب سے دھو کر بانجھ پن عورت کو پلایا جائے تو انشاء اللہ وہ صاحب اولاد ہو۔ ۷۔ ہمیشہ پڑھنے والا جادو آسیب و دیگر بلیات و آفات سے امن میں رہے گا۔ ۸۔ روزانہ پڑھنا دین و دنیا کی حل المشکلات کے لیے مفید ہے۔ ۹۔ بیمار کو دم کرنا باعث شفا ہے ۱۰۔ اس کا نقش پاس رکھنا گلے میں باندھنا مجمع الفوائد ہے۔ ۱۱۔ جو شخص جس مطلب کے واسطے اس ختم سورہ یٰسٓ کو پڑھے خداوند کریم اس کی حاجت پوری کرے گا۔ طریقہ یہ کہ ایک یا تین خواہ پانچ یا سات آدمی مل کر بعد از نماز فجر باوضو بخلوص نیت مسجد میں بیٹھ کر پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر سورہ یٰسٓ بہتر ۷۲ بار پڑھیں۔ پھر دعائے حاجت مانگیں انشاء اللہ جلد مطلب بر آمد ہو گا۔

نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۳۴۵ | ۵۵۳۵۹ | ۵۵۳۵۵ | ۵۵۳۵۲ |
| ۵۵۳۵۶ | ۵۵۳۵۱ | ۵۵۳۴۶ | ۵۵۳۵۸ |
| ۵۵۳۵۰ | ۵۵۳۵۳ | ۵۵۳۶۱ | ۵۵۳۴۷ |
| ۵۵۳۶۰ | ۵۵۳۴۸ | ۵۵۳۴۹ | ۵۵۳۵۴ |

# سُورَۃُ الصّٰفّٰتِ

حصول حاجات کے لیے اس سُورت کو سات دفعہ پڑھنا تمام ضرورتوں اور حاجتوں کے پُورا کرنے کا سبب ہے پڑھنے والوں کی سب حاجتیں روا ہوتی ہیں شروع سے شِهَابٌ ثَاقِبٌ تک پڑھ کر دم کرنا آسیب کے لیے نہایت مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۶۱۸۱ | ۶۶۱۹۴ | ۶۶۱۹۱ | ۶۶۱۸۸ |
| ۶۶۱۹۲ | ۶۶۱۸۷ | ۶۶۱۸۲ | ۶۶۱۹۳ |
| ۶۶۱۸۶ | ۶۶۱۸۹ | ۶۶۱۹۶ | ۶۶۱۸۳ |
| ۶۶۱۹۵ | ۶۶۱۸۴ | ۶۶۱۸۵ | ۶۶۱۹۰ |

# سُورَۃُ صٓ

معتبر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح جمادات نباتات حیوانات کے اندر ایک طرح سمیت ہوتی ہے ویسے ہی بعض اشخاص کی آنکھوں میں زہر

Marfat.com

ہوتا ہے۔ جب کہ وہ کسی اچھی چیز کو تعجب یا حیرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے تو وہ خراب و برباد ہو جاتی ہے اس کو زخم چشم یا نظر بد کہتے ہیں اس نظر بد کو دفع کرنے کے لیے یہ سورت اکسیر کا حکم رکھتی ہے سات دفعہ پڑھ کر پھونکنا چاہیئے۔ یا پانی پر دم کر کے پلائیں خواہ اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں یا گھول کر پلائیں نظر بد و دیگر بلیات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۷۳۲۶ | ۵۷۳۴۰ | ۵۷۳۳۷ | ۵۷۳۳۴ |
| ۵۷۳۳۸ | ۵۷۳۳۳ | ۵۷۳۲۷ | ۵۷۳۳۹ |
| ۵۷۳۳۲ | ۵۷۳۳۵ | ۵۷۳۴۲ | ۵۷۳۲۸ |
| ۵۷۳۴۱ | ۵۷۳۲۹ | ۵۷۳۳۱ | ۵۷۳۳۶ |

# سُورَۃُ الزُّمَرِ

جو شخص از روئے اعتقاد ترقی مراتب و فراخی رزق کے لیے اس سُورت کو سات دفعہ پڑھے خدا اسے عزت و حرمت بخشے اس کو لکھ کر پاس رکھنا از حد نافع ہے۔

۷۰۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۶۶۳۸ | ۷۶۶۵۲ | ۷۶۶۴۹ | ۷۶۶۴۶ |
| ۷۶۶۵۰ | ۷۶۶۴۵ | ۷۶۶۳۹ | ۷۶۶۵۱ |
| ۷۶۶۴۴ | ۷۶۶۴۷ | ۷۶۶۵۴ | ۷۶۶۴۰ |
| ۷۶۶۵۳ | ۷۶۶۴۱ | ۷۶۶۴۳ | ۷۶۶۴۸ |

Marfat.com

# سُورۃ المؤمن

جو شخص زخموں کی کثرت سے عاجز ہو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو لکھے اور تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھے اس کی برکت سے تمام زخم درست ہو جائیں گے اور صحت حاصل ہوگی علاوہ ازیں اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو کوئی حاجت در پیش ہو تو ایسے وقت میں رنج والم سے نجات ملے اور دل کی مراد پوری ہو اس کے فوائد بہت ہیں۔ مگر چند لکھے گئے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۲۱۲۳ | ۹۲۱۳۷ | ۹۲۱۳۴ | ۹۲۱۳۰ |
| ۹۲۱۳۵ | ۹۲۱۲۹ | ۹۲۱۲۴ | ۹۲۱۳۶ |
| ۹۲۱۲۸ | ۹۲۱۳۲ | ۹۲۱۳۹ | ۹۲۱۲۵ |
| ۹۲۱۳۸ | ۹۲۱۲۶ | ۹۲۱۲۷ | ۹۲۱۳۳ |

# سُورۃ حٰمٓ السّجدۃ

جس شخص پر بادشاہ یا حاکم وقت کا قہر آلودہ غصہ نازل اسے اس سورت کو سو دفعہ پڑھنا چاہیئے خدا تعالےٰ ان کے دلوں میں رحم اور مہربانی ڈالے گا اور وہ اس کا قصور معاف کر دیں گے اور کسی قسم کی تکلیف نہ دیں گے۔

اگر کوئی بیمار ہو تو یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں تو مریض انشاء اللہ فوراً صحت یاب ہو جائے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۴۵۹ | ۶۱۴۶۲ | ۶۱۴۶۵ | ۶۱۴۵۱ |
| ۶۱۴۶۴ | ۶۱۴۵۲ | ۶۱۴۵۸ | ۶۱۴۶۳ |
| ۶۱۴۵۳ | ۶۱۴۶۷ | ۶۱۴۶۰ | ۶۱۴۵۷ |
| ۶۱۴۶۱ | ۶۱۴۵۶ | ۶۱۴۵۴ | ۶۱۴۶۶ |

# سُورَۃُ الشُّورٰی

اگر کوئی شخص اپنے دشمنوں سے بہت ہی ڈرتا ہو اسے چاہیئے کہ اس سورت کو روزمرہ تین دفعہ پڑھ لیا کرے دشمنوں کا خوف دل سے دور ہوگا اور وہ مہربانی اور شفقت سے پیش آئیں گے جو کوئی لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام لوگوں کی شرارتوں سے محفوظ رہے اگر اس سورت کے پہلے حروف حمٓ عسق کے نقش کو چاندی پر کندہ کرا کے انگوٹھی بنا دے اور اس کو پہن کر جب کسی امیر یا دشمن یا حاکم ظالم کے پاس جاوے اس کی زبان بند ہوگی اور اس پر نہایت مہربان ہوگا اور جو مطلب ہو وہ پورا کرے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۰۳۳۴ | ۵۰۳۳۷ | ۵۰۳۴۱ | ۵۰۳۲۷ |
| ۵۰۳۴۰ | ۵۰۳۲۸ | ۵۰۳۳۳ | ۵۰۳۳۸ |
| ۵۰۳۲۹ | ۵۰۳۴۳ | ۵۰۳۳۵ | ۵۰۳۳۲ |
| ۵۰۳۳۷ | ۵۰۳۳۱ | ۵۰۳۳۰ | ۵۰۳۴۲ |

Marfat.com

# سُوْرَۃُ الزُّخْرُفِ

اگر کسی کو کوئی سخت مہم اور مصیبت درپیش ہو تو اس سورت کو تین دفعہ پڑھے خداتعالیٰ غیب سے اس کے دل کی حاجت پوری کرے گا اور مشکل آسان اور ہر کام میں کامیابی ہو گی بارش کے پانی سے دھو کر پلاتا کھانسی کو نافع ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۵۱۶۶ | ۶۵۱۷۹ | ۶۵۱۷۶ | ۶۵۱۷۳ |
| ۶۵۱۷۷ | ۶۵۱۷۲ | ۶۵۱۶۷ | ۶۵۱۷۸ |
| ۶۵۱۷۱ | ۶۵۱۷۴ | ۶۵۱۸۱ | ۶۵۱۶۸ |
| ۶۵۱۸۰ | ۶۵۱۶۹ | ۶۵۱۷۰ | ۶۵۱۷۵ |

# سُوْرَۃُ الدُّخَانِ

اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر اس سُورت کو سات دفعہ پڑھے دلی مراد پوری کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے اور پڑھنے والے پر ہمیشہ تائید غیبی رہتی ہے اس کو لکھنا اور گھول کر پینا مرض زحیر پیچش کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۴۴۰ | ۲۴۴۵۴ | ۲۴۴۵۱ | ۲۴۴۴۸ |
| ۲۴۴۵۲ | ۲۴۴۴۷ | ۲۴۴۴۱ | ۲۴۴۵۳ |
| ۲۴۴۴۶ | ۲۴۴۴۹ | ۲۴۴۵۶ | ۲۴۴۴۲ |
| ۲۴۴۵۵ | ۲۴۴۴۳ | ۲۴۴۴۵ | ۲۴۴۵۰ |

Marfat.com

# سُوۡرَۃُ الۡجَاثِیَۃِ

قریب المرگ اور جان کنی کے وقت کی تکلیف میں مبتلا ہونے والے شخص کو اگر بے ایمانی کی حالت میں مر جانے کا اندیشہ ہو تو اس کے ورثہ کو تین دفعہ یہ سورت اس کے سامنے پڑھنی چاہیئے۔ اس پر جان کنی کی تکلیف آسان ہو جائے گی۔ اور خاتمہ بالخیر ہوگا نیز یہ بدگویوں اور چغل خوروں کے دفعہ کرنے کے لیے بھی اس سورت کو تین دفعہ پڑھے اس کی برکت سے وہ لوگ اپنی برائی سے باز رہیں گے اس کا تعویذ بنا کر نوزائیدہ بچے کے گلے میں باندھنے سے وہ تمام آسیب اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۷۵ ۳۸ | ۳۷۵۴۱ | ۳۷۵ ۴۴ | ۳۷۵۳۰ |
| ۳۷۵ ۴۳ | ۳۷۵ ۳۱ | ۳۷۵ ۳۷ | ۳۷۵۴۲ |
| ۳۷۵ ۳۲ | ۳۷۵۴۶ | ۳۷۵ ۳۹ | ۳۷۵ ۳۶ |
| ۳۷۵ ۴۰ | ۳۷۵۳۵ | ۳۷۵ ۳۳ | ۳۷۵۴۵ |

# سُوۡرَۃُ الۡاَحۡقَافِ

اس سورت کو تین دفعہ پڑھ کر حصار کھینچے جملہ بلیات سے محفوظ رہے گا۔ اگر مشک و زعفران سے لکھ کر بنظر احتیاط کسی کو پلا وے اس کو جادو اور نظر بد وغیرہ کا اثر نہ ہو اور ہر طرح کے بہتان اور تہمت اور جھوٹ غیبت سے بچے جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ نقش اگلے صفحہ پر

Marfat.com

دیکھئے ۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٨٤٤٣ | ١٨٤٤٦ | ١٨٤٤٩ | ١٨٤٣٦ |
| ١٨٤٤٨ | ١٨٤٣٧ | ١٨٤٤٢ | ١٨٤٤٧ |
| ١٨٤٣٨ | ١٨٤٥١ | ١٨٤٤٤ | ١٨٤٤١ |
| ١٨٤٤٥ | ١٨٤٤٠ | ١٨٤٣٩ | ١٨٤٥٠ |

# سُورَۃ مُحَمَّدٍ

اگر موقع جنگ میں اکتالیس دفعہ اُس سورت کو پڑھے دشمنوں پر فتح یاب ہو خوف وخطر رنج والم سے خلاصی ملے اگر آب زمزم میں مشک وزعفران گھول کر اس سورت کو لکھے اور چند روز تک پیئے حق تعالےٰ اس کا رتبہ بلند کرے گا اس کی بات سب لوگ مانیں گے اور وہ ہمیشہ تندرست رہے گا دولت مند ہو جائے گا اس کے دوست خوش اور دشمن پامال ہوں گے جو بات سن لے یاد رہے گی اور محبوب خلائق ہو اس کو پانی میں گھول کر غسل کرنا دافع جملہ امراض ہے ۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٤٥١٦٣ | ٤٥١٦٦ | ٤٥١٧٠ | ٤٥١٥٦ |
| ٤٥١٦٩ | ٤٥١٥٧ | ٤٥١٦٢ | ٤٥١٦٧ |
| ٤٥١٥٨ | ٤٥١٧٢ | ٤٥١٦٤ | ٤٥١٦١ |
| ٤٥١٦٥ | ٤٥١٦٠ | ٤٥١٥٩ | ٤٥١٧١ |

Marfat.com

# سُورَۃ الفَتح

جنگ و جدال کیوقت جو شخص اس سُورت کو اکتالیس دفعہ پڑھے بفضلِ خدا دشمنوں پر فتح یاب ہوگا اور تیر و تفنگ شمشیر وغیرہ کے زخم سے محفوظ رہے گا اگر اس سورت کو لکھ کر بازو پر باندھے دشمنوں کی مکاریوں سے امن میں رہے گا رمضان شریف کا چاند دیکھتے وقت تین بار پڑھنے سے سال بھر کی روزی فراخ رہے گی اس نقش مکرم کو باطہارت لکھ کر جو شخص تلوار یا نیزہ یا بندوق پر باندھ کر دشمن کے مقابل جائے تو اس کے تمام اوزار کند ہو جائیں گے اور یہ دشمن پر غالب ہوگا اگر فوج کا افسر اس نقش مکرم کو اپنے پاس رکھے گا فتح و نصرت حاصل ہو گی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۲۰۶ | ۴۷۲۱۰ | ۴۷۲۱۳ | ۴۷۱۹۹ |
| ۴۷۲۱۲ | ۴۷۲۰۰ | ۴۷۲۰۵ | ۴۷۲۱۱ |
| ۴۷۲۰۱ | ۴۷۲۱۵ | ۴۷۲۰۸ | ۴۷۲۰۴ |
| ۴۷۲۰۹ | ۴۷۲۰۳ | ۴۷۲۰۲ | ۴۷۲۱۴ |

# سُورَۃ الحُجرات

امراض شکم کے لیے اس سُورت کو سات دفعہ پڑھ کر دم کرنے سے پیٹ کی تمام بیماریوں دُور ہوں جو اسے ہمیشہ پڑھا کرے خداوند کریم اس کے ان گناہوں کو معاف کرے گا جو کسی کی غیبت یا بُرا کہنے سے اس کے ذمہ

Marfat.com

عائد ہوئے ہوں لکھ کر دیوار پہ لگائی جاوے تو آسیب نہ آوے گا اگر پلائی جاوے تو عورت کا دودھ زیادہ ہوگا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۷۱۵ | ۲۵۷۲۹ | ۲۵۷۲۶ | ۲۵۷۲۲ |
| ۲۵۷۲۷ | ۲۵۷۲۱ | ۲۵۷۱۶ | ۲۵۷۲۸ |
| ۲۵۷۲۰ | ۲۵۷۲۴ | ۲۵۷۳۱ | ۲۵۷۱۷ |
| ۲۵۷۳۰ | ۲۵۷۱۸ | ۲۵۷۱۹ | ۲۵۷۲۵ |

# سُورَۃُ قٓ

جو اس سورت کو آٹھ جمعوں تک برابر پڑھے اور ہر جمعہ کو چھ دفعہ پڑھے اس کی ہر تکلیف آسان ہو قبر روشن ہو اور فراخ ہو بہشت میں جگہ ملے جس گھر میں پڑھی جاوے وہ مال و دولت سے خوشحال ہوگا اگر اس سورت کی یہ آیت کریمہ کو تین بار نماز پنجگانہ کے بعد پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرنا نہایت ہی مفید ہے انشاء اللہ آنکھوں کی بینائی خراب نہ ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ○

بصارت درد چشم کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۴۳۳ | ۲۷۴۳۷ | ۲۷۴۴۰ | ۲۷۴۲۶ |
| ۲۷۴۳۹ | ۲۷۴۲۷ | ۲۷۴۳۲ | ۲۷۴۳۸ |
| ۲۷۴۲۸ | ۲۷۴۲۲ | ۲۷۴۳۵ | ۲۷۴۳۱ |
| ۲۷۴۳۶ | ۲۷۴۳۰ | ۲۷۴۲۹ | ۲۷۴۴۱ |

# سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰتِ

جس شخص کو رزق کی تنگی ہو اس کو چاہیئے کہ اس سورت کو پچھتر (۷۵) بار پڑھے اس کی برکت سے رزق میں فراخی ہو اور تنگ دستی جاتی رہے دولت و مال ہاتھ آئے اس سورت کو اگر واسطے درد زہ کے لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالے اس کی برکت سے بچہ بہت جلد اور آسانی کے ساتھ پیدا ہو اور جننے کے بعد جو عورت کو درد لاحق ہوتا ہے وہ بھی شدت سے نہ ہوگا مریض کے پاس پڑھنا دافع ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۹۸۸۵ | ۲۹۸۸۹ | ۲۹۸۹۲ | ۲۹۸۷۸ |
| ۲۹۸۹۱ | ۲۹۸۷۹ | ۲۹۸۸۴ | ۲۹۸۹۰ |
| ۲۹۸۸۰ | ۲۹۸۷۴ | ۲۹۸۸۷ | ۲۹۸۸۳ |
| ۲۹۸۸۸ | ۲۹۸۲ | ۲۹۸۸۱ | ۲۹۸۹۳ |

# سُوْرَۃُ الطُّوْرِ

اگر کوئی شخص مرض جذام (کوڑھ) میں مبتلا ہو اس کو چاہیئے کہ شب

Marfat.com

جمعرات کو جس قدر ہو سکے اس سورت کو پڑھے اللہ تعالےٰ اس کو صحت عطا فرمائے اور اگر کوئی شخص قید میں پڑ گیا ہو اس کو چاہیئے کہ صبح و شام اس سورت کا ورد رکھے اس کی برکت سے اللہ تعالےٰ اس کو قید سے رہائی بخشے جو شخص سفر میں پڑھے ہر طرح سے امن میں رہے اگر اس سے پانی دم کر کے بچھو پر چھڑکا جاوے وہ مر جاتا ہے مرض برص کے لیے پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا دافع مرض ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۵۳۸ | ۲۳۵۵۲ | ۲۳۵۴۸ | ۲۳۵۴۵ |
| ۲۳۵۴۹ | ۲۳۵۴۴ | ۲۳۵۳۹ | ۲۳۵۵۱ |
| ۲۳۵۴۳ | ۲۳۵۴۶ | ۲۳۵۵۴ | ۲۳۵۴۰ |
| ۲۳۵۵۳ | ۲۳۵۴۱ | ۲۳۵۴۲ | ۲۳۵۴۷ |

# سُورَةُ النَّجمِ

اگر حصول حاجت کے لیے کوئی شخص اس سورت کو اکیس بار پڑھے اس کے دل کی مراد پوری ہو اور دردِ زہ کے واسطے اگر اس سورت کو لکھ کر عورت کے سر میں باندھے بفضل خداوند کریم فوراً بچہ پیدا ہو جو شخص ہرن کی جھلی پر اس کو لکھ کر پاس رکھے تو ہر ایک پر غالب رہے گا اور عزت بہت بڑھے گی۔

ضعف بصارت کی شکایت رفع کرنے کے لیے تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ

Marfat.com

وَمَا طَغٰی ۝ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْکُبْرٰی ۝

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۸۵۹۳ | ۲۸۵۹۶ | ۲۸۵۹۹ | ۲۸۵۸۶ |
| ۲۸۵۹۸ | ۲۸۵۸۷ | ۲۸۵۹۲ | ۲۸۵۹۷ |
| ۲۸۵۸۸ | ۲۸۶۰۱ | ۲۸۵۹۴ | ۲۸۵۹۱ |
| ۲۸۵۹۵ | ۲۸۵۹۰ | ۲۸۵۸۹ | ۲۸۶۰۰ |

# سُوْرَۃُ الْقَمَرِ

بادشاہ اور حاکم ظالم کے خوف و خطرہ کے لیے ہر شب جمعہ کو صدق و خلوص کے ساتھ پڑھے فضل خدا سے کل فکر و اندیشے دُور ہوں گے اگر کسی کو تپ آتا ہو یا کسی طرح کا رنج و غم درپیش ہو یا دشمن کا خوف ہو اس سورت کو پڑھنے سے سب خوف جاتے رہتے ہیں اگر اس سُورت کو نماز جمعہ سے پہلے لکھ کر پگڑی کے اندر باندھ کر رکھنا باعث عزت و وقار ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۱۱۲ | ۳۰۱۱۵ | ۳۰۱۱۸ | ۳۰۱۰۵ |
| ۳۰۱۱۷ | ۳۰۱۰۶ | ۳۰۱۱۱ | ۳۰۱۱۶ |
| ۳۰۱۰۷ | ۳۰۱۲۰ | ۳۰۱۱۳ | ۳۰۱۱۰ |
| ۳۰۱۱۴ | ۳۰۱۰۹ | ۳۰۱۰۸ | ۳۰۱۱۹ |

# سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ

جس شخص کے تمام بدن میں درد ہوتا ہو اسے چاہیئے کہ اس سورت

Marfat.com

کو پڑھ کر مقام درد پر دم کرے انشاء اللہ صحت ہو گی اگر خود نہ پڑھ سکے تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر یا کسی سے لکھوا کر اپنے پاس رکھے بفضل خدا تمام امراض سے شفا پائے آشوبِ چشم کے لیے بھی نافع ہے لکھ کر اور دھو کر پینا بڑھی ہوئی تلی کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۳۰۳ | ۳۰۳۰۶ | ۳۰۳۰۹ | ۳۰۳۹۶ |
| ۳۰۳۰۸ | ۳۰۳۹۷ | ۳۰۳۰۲ | ۳۰۳۰۷ |
| ۳۰۳۹۸ | ۳۰۳۱۱ | ۳۰۳۰۴ | ۳۰۳۰۱ |
| ۳۰۳۰۵ | ۳۰۳۰۰ | ۳۰۳۹۹ | ۳۰۳۱۰ |

# سُورَۃُ الوَاقِعَۃِ

جو شخص فقر و فاقہ سے عاجز ہو اسے اکتالیس[۴۱] دفعہ روزانہ اس سورت کو پڑھنا چاہیئے اس کی برکت سے ذلّت و خواری اور تنگدستی جاتی رہے گی۔ مال و دولت اور عزّت بڑھے گی۔ اگر ہمیشہ پڑھتا رہے گا تو کبھی محتاج نہ ہو گا اگر کسی میّت کی قبر پر پڑھے اسے عذاب قبر سے نجات ملے گی لکھ کر عورت کے بازو پر باندھنے سے بچہ بآسانی پیدا ہو باوضو صبح و شام پڑھنا باعث برکت ہے۔ ایک مجلس میں اکتالیس بار پڑھنے سے حاجت پوری ہو گی۔ خاص کر کشائش رزق کے لیے یہ نقش نہایت ہی مفید ہے۔ جو شخص رات نماز عشاء کے بعد پڑھے۔ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔ اور غیب سے اللہ تعالیٰ روزی دے گا۔ نقش اگلے صفحہ پر۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۷۴۱ | ۲۵۷۴۴ | ۲۵۷۴۷ | ۲۵۷۳۳ |
| ۲۵۷۴۶ | ۲۵۷۳۴ | ۲۵۷۴۰ | ۲۵۷۴۵ |
| ۲۵۷۳۵ | ۲۵۷۴۹ | ۲۵۷۴۲ | ۲۵۷۳۹ |
| ۲۵۷۴۳ | ۲۵۷۳۸ | ۲۵۷۳۶ | ۲۵۷۴۸ |

# سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ

اگر ترقی روزگار کے لیے اس سورت کو ستر بار پڑھے تمام کاروبار دنیاوی بخوبی سرانجام پائیں اور ہر کام میں رونق و برکت ہو اگر بیمار پر یہ سورت پڑھی جائے بفضلِ تعالےٰ خدا صحت دیوے گا لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تیز تفنگ سے محفوظ رہے گا۔ درد اور بخار کے لیے بھی یہ نقش نہایت مفید ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۷۳۰ | ۲۴۷۳۴ | ۲۴۷۳۷ | ۲۴۷۲۳ |
| ۲۴۷۳۶ | ۲۴۷۲۴ | ۲۴۷۲۹ | ۲۴۷۳۵ |
| ۲۴۷۲۵ | ۲۴۷۳۹ | ۲۴۷۳۲ | ۲۴۷۲۸ |
| ۲۴۷۳۳ | ۲۴۷۲۷ | ۲۴۷۲۶ | ۲۴۷۳۸ |

# سُوْرَۃُ الْمُجَادِلَۃِ

اگر دو شخصوں یا دو قوموں میں بے اتفاقی ہو اور کسی طرح صلح نہ ہو سکے تو اس سورت کو خاک قبر پر تین بار پڑھ کر دشمن کی طرف اڑائے بفضلِ

Marfat.com

خدا دولوں میں صلح ہوجائے اگر بیمار کے پاس پڑھی جائے تو اس کو نیند اور سکون ہوگا اگر لکھ کر غلہ میں رکھی جائے تو اس میں کوئی بگاڑ نہ ہوگا کسی قسم کا کیڑا وغیرہ نہ لگے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨٥٥١ | ٨٥٦٥ | ٨٥٦٢ | ٨٥٥٩ |
| ٨٥٦٣ | ٨٥٥٨ | ٨٥٥٢ | ٨٥٦۴ |
| ٨٥٥٧ | ٨٥٦٠ | ٨٥٦٧ | ٨٥٥٣ |
| ٨٥٦٦ | ٨٥٥۴ | ٨٥٥٦ | ٨٥٦١ |

# سُورَةُ الحَشْرِ

جو کوئی اس سورت کو صبح کے وقت ایک بار روزانہ پڑھے دلی مراد پوری ہوگی اگر ناغہ ہوجائے تو ازسرنو شروع کرے اور جب چالیس دن پورے ہوجائیں تو چار رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورہ حشر ایک بار پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ اس کی برکت سے رزق میں کشادگی ہوگی حافظہ کے لیے چینی کی پیالی میں نقش لکھ کر دھو کر پیئں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٣٣٥٧ | ٣٣٣٧١ | ٣٣٣٦٨ | ٣٣٣٦٥ |
| ٣٣٣٦٩ | ٣٣٣٦۴ | ٣٣٣٥٨ | ٣٣٣٧٠ |
| ٣٣٣٦٣ | ٣٣٣٦٦ | ٣٣٣٧٣ | ٣٣٣٥٩ |
| ٣٣٣٧٢ | ٣٣٣٦٠ | ٣٣٣٦٢ | ٣٣٣٦٧ |

# سُورَۃُ المُمتَحِنَۃِ

جو شخص اس سُورت کو پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے تو اس کے دل میں سے شیطانی وسوسہ دُور ہو جائے گا۔ تین دن متواتر لکھ کر گھول کر پینا مرض تِلّی کو نافع ہے۔

جو عورت اپنے خاوند سے طلاق لینا چاہے اور وہ طلاق نہ دے تو وہ عورت اس سُورت کو گیارہ گیارہ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے انشاءاللہ تعالےٰ اس کی رہائی ہو جائے گی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۳۳۷ | ۲۵۳۴۰ | ۲۵۳۴۳ | ۲۵۳۳۰ |
| ۲۵۳۴۲ | ۲۵۳۳۱ | ۲۵۳۳۶ | ۲۵۳۴۱ |
| ۲۵۳۳۲ | ۲۵۳۴۵ | ۲۵۳۳۸ | ۲۵۳۳۵ |
| ۲۵۳۳۹ | ۲۵۳۳۴ | ۲۵۳۳۳ | ۲۵۳۴۴ |

# سُورَۃُ الصَّفِّ

جس کی اولاد نافرمان اور سرکش ہو اس کو چاہیئے کہ اس سُورت کو سات بار پڑھ کر دم کرے اس سورت کی برکت سے فرمانبردار اور با ادب ہو جائے گی۔ اس کو روزانہ پڑھنے والا معرفتِ الٰہی حاصل کرے گا۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے باعزّت و توقیر نصیب ہو گی۔ سورہ صف کو صبح روزانہ پڑھنے والا ناگہانی آفت اور بیماری سے محفوظ رہے گا

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۷۶۴ | ۱۴۷۶۸ | ۱۴۷۷۱ | ۱۴۷۵۷ |
| ۱۴۷۷۰ | ۱۴۷۵۸ | ۱۴۷۶۳ | ۱۴۷۶۹ |
| ۱۴۷۵۹ | ۱۴۷۷۳ | ۱۴۷۶۶ | ۱۴۷۶۲ |
| ۱۴۷۶۷ | ۱۴۷۶۱ | ۱۴۷۶۰ | ۱۴۷۷۲ |

# سُورَةُ الْجُمُعَةِ

اگر میاں بیوی کے درمیان بے اتفاقی رہتی ہو تو اس سورت کو کھانے کی چیز پر پانچ دفعہ پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلائیں انشاء اللہ دونوں کے دلوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر بروز جمعہ صدف کے ٹکڑہ پر لکھ کر مال یا غلہ وغیرہ میں رکھی جائے تو برکت اور محافظت کے لیے مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵۳۸۱ | ۱۵۳۸۴ | ۱۵۳۸۷ | ۱۵۳۷۳ |
| ۱۵۳۸۶ | ۱۵۳۷۴ | ۱۵۳۸۰ | ۱۵۳۸۵ |
| ۱۵۳۷۵ | ۱۵۳۸۹ | ۱۵۳۸۲ | ۱۵۳۷۹ |
| ۱۵۳۸۳ | ۱۵۳۷۸ | ۱۵۳۷۶ | ۱۵۳۸۸ |

# سُورَةُ الْمُنَافِقُونَ

جو کوئی اس سورت کو ایک سو آٹھ بار پڑھے چغلخوروں کی شرارتوں سے امن میں رہے گا اکثر بزرگوں کا تجربہ ہے اس کو پڑھ کر دم کرنا آنکھ کے دکھنے

Marfat.com

اور ہر قسم کے درد اور دنبل کے لیے نہایت مفید ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۳۱۳ | ۱۳۳۱۷ | ۱۳۳۲۰ | ۱۳۳۰۶ |
| ۱۳۳۱۹ | ۱۳۳۰۷ | ۱۳۳۱۲ | ۱۳۳۱۸ |
| ۱۳۳۰۸ | ۱۳۳۲۲ | ۱۳۳۱۵ | ۱۳۳۱۱ |
| ۱۳۳۱۶ | ۱۳۳۱۰ | ۱۳۳۰۹ | ۱۳۳۲۱ |

# سُورَۃُ التَّغَابُنِ

جو کوئی اس سورت کو سات مرتبہ پڑھے عمر و دولت زیادہ ہو اور چوروں سے مال محفوظ رہے گا اگر پڑھ کر دشمن کے سامنے مقابلہ کرنے کے لیے تو اس پر فتح حاصل ہوگی ورنہ پہلے ہی اس پر مہربانی اور شفقت کرے گا۔ اس مبارک آیت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہر ایک ضرورت اور حاجت کو پورا کرنے کے لیے اکسیر ہے

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۭ وَعَلَى اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

خونی مقدمہ کے فتح کے لیے اس آیت کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا تیر بہدف ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۹۳۵ | ۱۹۹۳۸ | ۱۹۹۴۱ | ۱۹۹۲۷ |
| ۱۹۹۴۰ | ۱۹۹۲۸ | ۱۹۹۳۴ | ۱۹۹۳۹ |
| ۱۹۹۲۹ | ۱۹۹۴۳ | ۱۹۹۳۶ | ۱۹۹۳۳ |
| ۱۹۹۳۷ | ۱۹۹۳۲ | ۱۹۹۳۰ | ۱۹۹۴۲ |

Marfat.com

# سُورَۃُ الطَّلَاق

جو شخص اس سورت کو تین مرتبہ پڑھے حیرانی و پریشانی دُور ہو گی دل کو اطمینان حاصل ہو گا۔ کھیت کے زیادہ غلہ اگانے کے لیے اسے ریت پر پڑھ کر دم کرے اور کھیت میں پھینک (بکھیر) دے۔ غلہ اُمید سے زیادہ پیدا ہو گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰۶۰۰۲ | ۲۰۶۰۰۶ | ۲۰۶۰۰۹ | ۲۰۹۹۵ |
| ۲۰۶۰۰۸ | ۲۰۹۹۶ | ۲۰۶۰۰۱ | ۲۰۶۰۰۷ |
| ۲۰۹۹۷ | ۲۰۶۰۱۱ | ۲۰۶۰۰۴ | ۲۰۶۰۰۰ |
| ۲۰۶۰۰۵ | ۲۰۹۹۹ | ۲۰۹۹۸ | ۲۰۶۰۱۰ |

# سُورَۃُ التَّحرِیم

جو کوئی اس سورت کو اکیس بار پڑھ کر دشمن کے پاس جائے وہ اس مہربان ہو کر پیش آئے گا اگر قرضدار ہو تو اس کا قرضہ اُتر جائے گا۔ اگر کوئی اندیشہ ہے تو جاتا رہے گا۔ مرگی والے کو آرام جائے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳۰۷ | ۱۲۳۱۱ | ۱۲۳۱۴ | ۱۲۳۰۰ |
| ۱۲۳۱۳ | ۱۲۳۰۱ | ۱۲۳۰۶ | ۱۲۳۱۲ |
| ۱۲۳۰۲ | ۱۲۳۱۶ | ۱۲۳۰۹ | ۱۲۳۰۵ |
| ۱۲۳۱۰ | ۱۲۳۰۴ | ۱۲۳۰۳ | ۱۲۳۱۵ |

Marfat.com

# سُورَۃ المُلک

جو کوئی اس سورت کو کسی کام کے لیے اکتالیس مرتبہ پڑھے اس کی تمام مشکلیں آسان ہوں گی اور ہر مقصد پورا ہوگا۔ اگر ہر شب کو سوتے وقت اس سُورت کو پڑھ کر سویا کریں تو باعثِ برکت ہے اور ہر مقصد پورا ہو۔ عذابِ قبر سے معافی ہوگی اور نورِ معرفت حاصل ہوگی اور روشن ضمیر ہوگی۔ پوشیدہ باتوں سے آگاہی ہوگی سعادت ابدی حاصل کرے دنیا کو چھوڑ کر خدا کے ساتھ تعلق پیدا کرے۔ نیا چاند دیکھتے وقت جو شخص اس کو پڑھ لیوے وہ تمام مہینہ خوش و خورم رہے اس کا نقش لکھ کر جس مطلب کے لیے پاس رکھا جائے وہ انشاء اللہ بہت جلد پورا ہو آنکھ دکھنے پر تین بار روزانہ تین روز پڑھ کر دم کرنا مفید اور دافع تکلیف ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۸۹۱ | ۲۴۹۰۴ | ۲۴۹۰۱ | ۲۴۸۹۸ |
| ۲۴۹۰۲ | ۲۴۸۹۷ | ۲۴۸۹۲ | ۲۴۹۰۳ |
| ۲۴۸۹۶ | ۲۴۸۹۹ | ۲۴۹۰۶ | ۲۴۸۹۳ |
| ۲۴۹۰۵ | ۲۴۸۹۴ | ۲۴۸۹۵ | ۲۴۹۰۰ |

# سُورَۃ القَلَم

اے میرے رب مجھ کو میری قوم نے جھٹلایا پس تو فیصلہ فرما ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ فرمانا اور نجات دے مجھ کو اور ان کو جو میرے ساتھ ہیں مومنین میں سے۔

## بُرے کی صحبت سے بچنے کی دُعا

یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے۔

(۳۶) رَبِّ نَجِّنِیْ وَاَهْلِیْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ٥

اے میرے رب تو مجھ کو نجات دے اور میرے گھرانے والوں کو ان کاموں کے

Marfat.com

وبال سے جو یہ کر رہے ہیں۔

## زیادتی علم کی دُعا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا ہے۔ از دیاد علم کے لیے یہ دُعا پڑھی جاتی ہے۔

(۳۷) رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۝ اے میرے رب میرے علم کو زیادہ کر۔

## طلب رزق کی دُعا

یہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کی دُعا ہے جو اپنی اُمت کے طلب رزق کے لیے کی تھی۔ اللہ تعالےٰ نے قبول فرما کر ان کے لیے آسمان سے کھانا نازل فرمایا کرتا تھا۔ طلب رزق کے لیے یہ دُعا پڑھنی چاہیئے۔

(۳۸) رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنۡکَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ ۝

اے ہمارے رب تو اتار ہم پر ایک خوان آسمان سے کہ وہ ہو جائے ہمارے

Marfat.com

لیے عید ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے اور ہو جائے نشانی تیری جانب سے اور ہم کو روزی عطا فرما اور تو سب دینے والوں سے بہتر دینے والا ہے۔

یہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی دعا ہے۔ طلب رزق کے لیے مجرّب ہے

(۳۹) رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ○

اے رب جو چیز بھی میری طرف نازل فرمائے میں اس کا حاجت مند ہوں۔

## طلب اولاد کی دُعا

حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کے لیے یہ دُعا مانگی تھی جس کو اللہ تعالےٰ نے قبول فرما کر حضرت یحییٰ علیہ السلام کو مرحمت فرمایا۔ طلب اولاد کے لیے یہ دعا مجرّب ہے۔

(۴۰) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○

اے ہمارے پروردگار تو عطا فرما اپنی جانب سے نیک اولاد تو ہی تو دُعا کا سننے والا ہے۔

(۴۱) رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ○

اے پروردگار تو مجھے اکیلا مت چھوڑ یو تو سب سے بہتر وارث ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دُعا ہے۔ جو طلب اولاد کے لیے کی تھی۔ قبول ہوئی۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔ طلب اولاد صالح کے لیے یہ دُعا بہت ہی مجرّب ہے۔

(۴۳) رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ ۝

اے میرے رب تو مجھے نیک اولاد عطا فرما۔

## مصیبت کے وقت کی دُعا

خدانخواستہ اگر کوئی شخص کسی نقصان میں گرفتار ہو جائے تو وہ یہ دُعا پڑھے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں اس دُعا کے پڑھنے سے اللہ تعالےٰ اس کے بدلہ میں کوئی بہتر چیز عنایت فرمادے گا۔ دعا یہ ہے۔

(۴۴) اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا ط

سب اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف جانے والے ہیں۔ الہٰی میں تجھ

سے اپنی مصیبت کا ثواب مانگتا ہوں تو اس میں مجھے نیکی عطا فرما۔ اور مصیبت کے بدلے میں اچھی چیز مرحمت فرما۔

## خوف کے وقت کی دُعاء

جب کسی کو اپنے دشمن سے خوف ہو تو اس دُعا کو پڑھے۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب کسی طرف سے خطرہ محسوس کرتے تو یہ دُعا پڑھتے

(۴۴) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِىْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ط

اے اللہ ہم تجھ کو ان دشمنوں کے مقابلہ میں پیش کرتے ہیں اور ان کی برائی سے پناہ چاہتے ہیں۔

## دوزخ سے پناہ مانگنے کی دُعا

یہ نیک بندوں کی دُعا ہے جو دوزخ کے عذاب سے پناہ مانگتے ہیں

(۴۵) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ

Marfat.com

مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا۔

اے رب تو ہم سے دوزخ کے عذاب کو ہٹا نے۔ بے شک دوزخ کا عذاب لازم ہونے والا ہے اور وہ دوزخ بُری جگہ ہے اور بہت بُرا مقام ہے۔

## عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے کی دُعا

حضرت یُونس علیہ السلام کی دعا ہے۔ اس کو ہمیشہ پڑھنا چاہیئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو اس دُعا کو پڑھے گا اس کی دُعا ضرور قبول ہوگی۔

(۴۶) لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

نہیں کوئی معبود مگر تو ہی، تیری پاکی بیان کرتے ہیں بے شک میں قصوروار ہوں۔

## طلب مدد

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دُعا اکثر پڑھا کرتے تھے۔

(۴۷) اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ

Marfat.com

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ
عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○

## پریشانیوں سے نجات کے لیے دُعا

(۴۸) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ط

اللہ ہم کو کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔ ہم نے اللہ ہی کے اُوپر بھروسہ کرلیا ہے۔

(۴۹) اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَاَنْتَ
تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا ط

اے خدا تیری ہی طرف سے آسانی اور سہولت ہے اور اگر تو چاہے تو مشکل کو آسان کردے۔

## تنگ دستی دُور کرنے کی دُعا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں جو تنگ دست اور محتاج

Marfat.com

آدمی گھر سے باہر نکلتے وقت اس دعا کو پڑھ لیا کرے تو اس کی معاشی پریشانی اور تنگدستی دُور ہو جائے گی (انشاء اللہ)

(۵۰) بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَمَالِىْ وَدِيْنِىْ ط اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِىْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِىْ فِيْمَا قُدِّرَلِىْ حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ ط

اللہ کا نام لیتا ہوں اپنے نفس اور مال اور دین پر۔ اے اللہ تو مجھے خوش کر دے اپنے قضاء و قدر (فیصلہ) سے اور جو کچھ میرے لیے مقدّر کر دیا گیا ہے۔ اس میں برکت عنایت فرما تاکہ میں دیر سویر کو نہ چاہوں

## دفع آفات کی دُعا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں جو شخص

(۵۱) مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

پڑھ لیا کرے وہ سوائے موت کے اپنے اہل وعیال اور مال میں کوئی آفت نہ دیکھے گا۔

Marfat.com

# قرض کی ادائیگی کی دُعا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر قرض دار ان دعاؤں کو پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے قرض کو ادا کرا دے گا۔

(۵۲) اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

الٰہی تو میری کفایت فرما اپنے حلال کے ذریعے اپنے حرام سے، اور اپنے فضل سے، دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

# زیارت قبور کی دُعائیں

قبروں کی زیارت کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ وہاں جا کر موت کو یاد کرے اور اپنے لیے اور مسلمان مرد اور عورتوں کے واسطے یہ دعا کرے۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ان دعاؤں کو زیارت قبور کے وقت پڑھا کرتے تھے اور صحابہ کرام رضؓ کو بھی پڑھنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔

(۵۳) اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ

Marfat.com

بِكُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ ط

سلام ہو تم پر اے (اس اجڑی بستی کے) گھرانے والو مومنو! اور مسلمانوں اور ہم بھی انشاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ اپنے اور تمہارے لیے اللہ سے عافیت چاہتے ہیں۔

۵۴ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ ط

اے قبر والو تم پر سلامتی ہو اور اللہ ہم کو اور تم کو بخش دے۔ تم ہم سے پہلے آ گئے ہو تم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔

۵۵ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ وَاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ ط

Marfat.com

مومن و مسلمان قبر والو! تم پر سلامتی ہو اور ہمارے اگلے پچھلے لوگوں پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے ہم بھی انشاء اللہ تمہارے پاس پہونچنے والے ہیں۔

# استسقاء (پانی مانگنے کی) دُعائیں

اگر بارش نہ ہونے کی وجہ سے قحط سالی لاحق ہو تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایسی حالت میں ایک دن مقرر کر کے میلے کچیلے کپڑے پہن کر نہایت عاجزی وانکساری اور تضرع کے ساتھ جنگل کی طرف نماز کو نکلیں۔ (نماز کا طریقہ اسلامی تعلیم میں ملاحظہ فرمائیے) امام پر چڑھ کر پہلے تکبیر اور اللہ کی تعریف کرنے کے بعد دعا (۳۳۱) پڑھے۔ پھر قبلہ رو ہو کر دعا (۳۳۲) سے آخر دُعا تک پڑھے اور نماز استسقاء کے علاوہ جمعہ اور پانچوں نمازوں کے وقت بھی ان ہی دُعاؤں کو پڑھا جائے۔ انشاء اللہ بارش ہو گی۔ اور قحط سالی دُور ہو گی۔ دُعائیں یہ ہیں۔

(۵۶) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ

Marfat.com

اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَآ اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ ط

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہان کو پالنے والا ہے۔ مہربان نہایت رحم والا، قیامت کے دن کا مالک ہے، نہیں ہے کوئی معبود، مگر اللہ، کرتا ہے جو چاہتا ہے، اے اللہ تو ہی معبود ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تو غنی ہے بے نیاز ہے ہم سب محتاج ہیں۔ ہمارے اوپر مینہ اتار، اور جو اتارے تو اس کو کر دے ہمارے اوپر قوتِ روزی اور ایک وقت تک کے پہنچنے کا۔

(۵۷) اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا مُّرِيْعًا نَافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ رَائِثٍ ط

اے اللہ ہمارے اوپر بارش برسا، جو فریاد کو پہنچنے والی ہو بہت ارزانی کرنے والی نفع دینے والی، نقصان پہونچانے والی نہ ہو۔ جلدی برسنے والی ہو، نہ دیر کرنے والی۔

(۵۸) اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ

Marfat.com

رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ ط

اے اللہ سیراب کر اپنے بندوں کو اور اپنے جانوروں کو، اور اپنی رحمت کو پھیلا دے اور مُردہ زمین کو سرسبز زندہ کر دے۔

(۵۹) اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا ط

اے اللہ تو اتار دے ہماری زمینوں پر اس کی زینت اور سنگھار اور اس کے سکون و آرام کو۔

(۶۰) اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا ط اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا ط اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا ط

اے اللہ ہم کو پانی پلا۔ (منہ آسمان کی طرف کر کے تین بار کہے)

(۶۱) اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ط اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ط

اے اللہ تو ہماری فریاد سن لے (منہ آسمان کی طرف کر کے تین بار کہے)

# استغفار

استغفار کے معنی معافی مانگنے کے ہیں۔ اللہ تعالےٰ استغفار یعنی معافی مانگنے سے بہت خوش ہوتا ہے اور اللہ تعالےٰ تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہے (ترمذی۔ مشکوٰۃ) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں جو ہمیشہ

Marfat.com

استغفار کرتا رہتا ہے اللہ اس کو رنج وغم وتنگی سے نجات دے کر ایسی جگہ سے روزی پہونچاتا ہے کہ جہاں سے وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔ (احمد، ابوداؤد) شیطان نے انسانوں کے گمراہ کرنے کی قسم کھا رکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لازم کر رکھا ہے کہ جب تک اس کے بندے توبہ واستغفار کرتے رہیں گے وہ معاف فرماتا رہے گا۔ قیامت کے دن لوگوں کو بڑے بڑے درجے ملیں گے۔ جن کو پاکر کہیں گے الٰہی یہ درجے ہم کو کیسے مل گئے۔ ہمارے تو ایسے اعمال نہیں تھے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تمہاری اولاد کے استغفار کی وجہ سے (احمد) اور گناہوں سے توبہ واستغفار کرنے کی وجہ سے آدمی ایسا ہوجاتا ہے گویا گناہ کیا ہی نہیں (ابن ماجہ) آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم باوجود معصوم ہونے کے دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کرتے۔ اور ذیل کی دعاؤں کو پڑھا کرتے تھے۔ اللہ ہمارے گناہوں کو معاف فرماکر نیک عمل کی توفیق عنایت فرمائے آمین۔

---

## (۶۲) رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ ط

اے پروردگار! تو مجھے بخش دے اور میرے اوپر توجہ فرما۔ تو بہت زیادہ توجہ کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔

---

Marfat.com

(۶۳) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

میں بخشش چاہتا ہوں اُس اللہ سے، جس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی جو ہمیشہ زندہ رہے گا اور قائم رہے گا اور میں اسی کی طرف متوجہ ہوں۔

(۶۴) اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ط

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا غلام ہوں اور میں تیرے وعدہ اور اقرار پر ہوں۔ جہاں تک مجھ

ہو سکتا ہے۔ اور اپنے کیے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں، اور اپنے گناہوں کا میں معترف

# نمازِ حاجت کی دُعا

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جب تم کو اللہ تعالیٰ یا کسی انسان کی طرف ضرورت ہو۔ تو اس ضرورت کو پوری کرنے کے لیے پہلے وضو کرکے دو رکعت نماز نفل پڑھو۔ پھر اللہ تعالےٰ کی تعریف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیج کر یہ دعا پڑھو۔ اللہ تعالےٰ ضرور پوری کرے گا انشاء اللہ تعالےٰ۔

(۶۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ

Marfat.com

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق مگر وہ اللہ، جو بردبار اور بزرگ ہے۔ ہم اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں جو بڑے عرش کا پروردگار ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہاں کی پرورش کرنیوالا ہے۔ اے اللہ میں تیری رحمت کے اسباب کو مانگتا ہوں اور تیری بخشش کی ضروریات کو اور غنیمت کو ہر ایک نیکی سے اور سلامتی کو ہر ایک گناہ سے مت چھوڑ کسی گناہ کو مگر تو اس کو معاف کردے اور نہ کسی فکر کو مگر اس کو دُور کردے اور نہ کسی ایسی حاجت کو جو تیری مرضی کے موافق ہو مگر اے ارحم الرحمین تو اس کو پوری کردے۔

## توبہ کی دُعا

اگر کسی سے کوئی گناہ یا خطا ہو جائے تو اس دُعا کو پڑھ کر سچے دِل سے توبہ کرے۔ اللہ تعالےٰ اس کے گناہ کو معاف فرمادے گا۔

(۶۶) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنْهَا لَا اَرْجِعُ

اِلَیْهَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ ط

الٰہی میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے اس کی طرف کبھی بھی نہیں لوٹوں گا۔ اے اللہ تیری بخشش بہت کشادہ ہے میرے گناہوں سے اور تیری رحمت کی زیادہ اُمید ہے مجھ کو میرے عمل سے۔

## ایک عظیم عمل

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ ط

فضیلت:۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص روزانہ اس دُعا کو پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھے گا اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور قیامت کے دن وہ شہیدوں میں اٹھایا جائے گا

Marfat.com

# مُتفرّق

# نُورانی دُعائیں

## توبہ کیلئے دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ
بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُبِكَ
مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا
اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ ط

اے اللہ میں تیرے غضب سے تیری رضا کی اور تیرے عذاب سے تیرے عفو کی اور تیرے غضب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ میں تیری پوری پوری تعریف نہیں کر سکتا تو نے جیسی تعریف فرمائی ہے ویسا ہی ہے۔

## کوڑھ کیلئے دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَ

Marfat.com

اَلْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَيِّئِ الْاَسْقَامِ

اے اللہ میں برص اور کوڑھ اور دیوانہ پن اور ہر بری بیماری سے تیری پناہ مانگتا ہوں

## بُرے اخلاق سے پناہ کیلئے دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ

اے اللہ میں بُرے اخلاق اور بُرے اعمال اور بُری خواہشوں اور بُری بیماریوں سے پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ

الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

اے اللہ میں بلا کی مشقت اور حصول بدبختی اور بُری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## پارسائی کے لیے دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ

Marfat.com

وَالْغِنٰی ط

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور دعا مانگتا ہوں۔

## رزق کیلئے دُعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَ

عَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ط

اے اللہ مجھ کو بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھ کو سیدھا راستہ دکھا اور مجھ کو عافیت دے اور رزق عطا کر۔

## توبہ کے لیے دُعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا

لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ○

اے ہمارے پروردگا ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے یعنی اپنے حق میں برائی کی ہے اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے

دیگر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ

Marfat.com

كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ظالم ہوں۔

دیگر وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

اور ہماری توبہ قبول فرما بے شک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ
أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

اے ہمارے رب جب تو نے ہمیں ہدایت دی تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی پیدا نہ کرنا اور ہمیں اپنے ہاں سے رحمت عطا فرما تو تو بڑا عطا کرنیوالا ہے

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ
ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ
وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے میرے رب مجھ کو اور میری اولاد کو نمازی بنا دے۔ اے میرے اللہ

Marfat.com

حساب کتاب کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کو بخش دینا۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ۝

اے رب میرے ماں باپ نے جس طرح مجھ کو بچپن میں (شفقت سے) پرورش کی ہے تو بھی ان کے حال پر رحم فرما۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اے ہمارے پرودگار ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دلوں میں کینہ پیدا نہ ہونے دے اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفیق اور مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ ط

اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ ط

اے اللہ میرے عیبوں کو ڈھانک اور مجھے ڈر سے بے خوف کر۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَجِیْرُكَ مِنَ النَّارِ ط

اے اللہ میں آگ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

اے اللہ مجھ کو حلال چیز عطا کر کے حرام سے بچا اور اپنا فضل فرما کر اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ ط

اے اللہ میں تجھ سے اپنے دین، دنیا اور گھر کے لوگوں اور مال میں معافی اور سلامتی مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ ط

اے اللہ میں تجھ سے معافی اور سلامتی مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ

Marfat.com

# شرِّ نفسی ؕ

اے اللہ میرے فائدہ کی بات میرے دل میں ڈال اور میرے نفس کی بُرائی سے مجھے بچا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْٓ اِلٰی حُبِّکَ ؕ

اے اللہ تیری محبت اور تیرے دوست کی محبّت اور وہ کام جو مجھ کو تیری محبّت تک پہنچا دے تجھ سے مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَارْزُقْنِیْ عِلْمًا تَنْفَعُنِیْ بِہٖ ؕ

اے اللہ جو تو نے مجھ کو سکھایا ہے اس سے نفع دے اور جو بات مجھے سکھا اور وہ علم جس کے سبب سے تو مجھے نفع بخشے مجھے نصیب کر۔

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَۃٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ؕ

اے اللہ اپنے دیئے ہوئے پر مجھ کو قناعت دے اور میرے لیے

Marfat.com

اس میں برکت دے اور میری جو چیز غائب ہے تو اس کی اچھی طرح حفاظت فرما۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ط

اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ط وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝

اے میرے رب مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر میں آئے اس کو اور تمام ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو بخش دے اور ظالموں کے لیے اور تباہی بڑھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْکَ مِنْھَا لَا اَرْجِعُ اِلَیْھَا اَبَدًا ط

اے اللہ میں گناہوں تیرے آگے ایسی توبہ کرتا ہوں کہ پھر کبھی ان

Marfat.com

کی طرف نہ لوٹوں گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ط

اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے اور درگزر کو دوست رکھتا ہے۔ میرے گناہ معاف فرما۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَۃٍ لَّا یُسْتَجَابُ لَھَا ط

اے اللہ! اس علم سے جو نہ نفع دے اور اس دل سے جو تجھ سے نہ ڈرے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ ہو، تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِقْمَتِکَ وَ جَمِیْعِ سَخَطِکَ ط

Marfat.com

اے اللہ میں تیری نعمت کے جانے اور تیری دی ہوئی عافیت کے بدلنے اور تیرے عذاب ناگہانی کے آنے اور تیرے ہر غضب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ ط

اے میرے اللہ میں اپنے کرتوتوں کی برائی سے اور ناکردہ گناہ کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

اے ہمارے پروردگار ہم سے (ہماری دعا اور اعمال) قبول فرما بے شک تو سننے والا اور جاننے والا ہے۔

Marfat.com

# لوحِ قرآنی

| | | |
|---|---|---|
| الٓمٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ | نٓ |
| الٓمٓصٓ | حٰمٓ | یٰسٓ |
| کٓھٰیٰعٓصٓ | قٓ | آمین |

اس کے دیکھنے والوں کی سب مشکلیں آسان ہو جائیں گی۔ صبح اس کو دیکھ کر جو کام شروع کیا جائے گا۔ پورا ہو گا اور غیبی طریقوں سے رزق کی دولت آنے لگے گی۔

انشاء اللہ تعالیٰ

Marfat.com

# مقطّعاتِ قرآنی

قرآن مجید فرقان حمید میں حروف مقطعات حسب ذیل ہیں۔

الٓمّٓ - الٓمّٓصٓ - الٓرٰ - الٓمّٓرٰ - کٓھٰیٰعٓصٓ - طٰہٰ

طٰسٓمّٓ - طٰسٓ - یٰسٓ - صٓ - حٰمٓ - عٓسٓقٓ - قٓ - نٓ

اللہ تعالیٰ نے ان حروفِ مقطعات میں بے پناہ خواص و اثرات مضمر کر رکھے ہیں اور ان کا پڑھنا بھی باعثِ برکت و ثواب ہے ان کے فضائل بے شمار ہیں۔ الٓمّٓ کے بارے میں ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص کتاب اللہ میں سے ایک حرف پڑھے تو اس کو ہر حرف کے بدلے ایک نیکی ملے گی اور ہر نیکی دس نیکیوں کے برابر ہوگی میں الٓمّٓ کو ایک حرف نہیں کہتا بلکہ الف ایک حرف ہے۔ لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے۔" (ترمذی شریف۔ دارمی)

حروف مقطعات میں بے شمار خواص پوشیدہ ہیں جن کا ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

## چشم خلائق میں معزز ہونا :-

جو کوئی چشم خلائق میں معزز ہونا چاہتا ہو تو وہ نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں سفید کاغذ پر گلاب اور زعفران کے ساتھ الٓمّٓ سے وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ تک لکھے اور اس تعویذ کو اپنی ٹوپی، پگڑی یا انگوٹھی میں نگینہ کے نیچے رکھ کر پہن لے تو انشاء اللہ تعالےٰ جس کے سامنے جائے گا، عزت و احترام سے پیش آئے گا۔

## زیادتی رزق :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے وافر مقدار میں رزقِ حلال متیسر ہو تو وہ ہر نماز کے بعد الٓمّٓ سے مفلحون تک اکیس بار اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہوں گے اور رزق کی خوب فراوانی اس کے ہاں ہو جائے گی۔

## مرضِ نسیان :-

اگر کوئی مرض نسیان میں مبتلا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو دماغی کمزوری ہو گئی ہے جس کے باعث قوت حافظہ کمزور ہو گئی ہو تو وہ جمعرات کے دن نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر گلاب اور زعفران سے توجہ و یکسوئی کے ساتھ الٓمّٓ سے مفلحون تک لکھے۔ اس کے لیے لازم ہے کہ اس دن روزہ رکھے اور افطاری کے وقت یہ پلیٹ

Marfat.com

صاف پانی سے دھو کر روزہ اس پانی سے افطار کرے تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ قوتِ حافظہ مضبوط ہو جائے گی اور دماغی صلاحیتوں میں بے پناہ اضافہ ہو گا۔

**آسیب اور نظرِ بد سے بچاؤ:-** بچوں کو نظرِ بد اور آسیب سے بچانے کی غرض سے نمازِ عصر کے بعد باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور تعویز کی شکل میں بچے کی گردن میں ڈال دے یا اس کے بازو پہ باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ آسیب اور نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔ رات کو سکون کی نیند سوئے گا۔ سوتے ہوئے چونک جانا ختم ہو جائے گا۔

## اعلیٰ ملازمت کے لیے:-

جو کوئی اعلیٰ ملازمت کے حصول کا خواہش مند ہو اور چاہتا ہو کہ جلد سے جلد اُسے یہ ملازمت اور عہدہ مل جائے تو وہ المٓصٓ سے مَا تذکرون تک باوضو حالت میں سفید کاغذ پر لکھے اور چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کے نیچے رکھ کر پہن لے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ جو لکھا ہے پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔ اور اعلیٰ عہدہ پر فائز ہو گا۔

**حکام کی تسخیر:-** حکام اور اپنے سے بلند مرتبہ عہدہ پر فائز

Marfat.com

لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنا مطیع کرنے کے لیے چاندی کی انگوٹھی پر الٓمٓصٓ کندہ کروائے اور جو کوئی انگوٹھی پر کندہ کرے وہ نیک اور اچھے کردار کا مالک ہو اور باوضو حالت میں ہو پھر یہ انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے بفضل باری تعالٰے جہاں بھی جائے گا اس کی عزت ہو گی حکام اور دیگر لوگ خوش اخلاقی سے پیش آئیں گے اور اس کی طرف خصوصی توجہ دیں گے غرضیکہ بہت سے خواص اس کی برکت سے ظاہر ہوں گے۔

## درخت پر پھل زیادہ آئیں

جو درخت کم پھل دیتا ہو تو باوضو حالت میں چار سفید کا غذوں پر الٓرٓا سے یتفکرون تک لکھے اور ایک گلاس پانی میں ڈال دے نماز عشاء کے بعد لکھے اور ساری رات پانی میں ان کو پڑا رہنے دے پھر صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد یہ پانی اس درخت پر چھڑک دے انشاءاللہ تعالٰے اس درخت پر بہت زیادہ پھل آنا شروع ہو جائیں گے۔ سوکھا درخت ہرا ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ جس کھیت کی پیداوار کم ہو گئی ہو تو یہ پانی اس کھیت کے چاروں کونوں میں ڈال دینے سے اس کھیت کی پیداوار میں بھی برکت پیدا ہو جاتی ہے اور کھیتی زمینی اور آسمانی آفات سے محفوظ رہتی ہے۔

**قوت حافظہ کے لیے:** اگر یادداشت کی کمزوری دور کرنے اور

قوت حافظ کو مضبوط کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اروی کے پتے پر زعفران اور گلاب کے ساتھ الٓر سے قدیر تک لکھے اور نہار منہ اس کو صاف پانی سے دھو کر پی لے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ بھول جانے کی عادت جاتی رہے گی۔ قوت حافظ مضبوط ہو جائے گی۔ جو چیز بھی یاد کرے گا۔ تادیر حافظے میں محفوظ رہے گی۔

## مال چوری سے بچا رہے :

اگر کسی نے اپنے گھر میں مال رکھا ہوا ور اُسے خطرہ ہو کہ کہیں چوری نہ ہو جائے تو وہ الٓر سے یتفکرون تک ایک سفید کاغذ پر لکھے اور یہ پرچہ مال میں رکھ دے اس کے علاوہ سات مرتبہ لکھے ہوئے کو پڑھ کر گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے بفضل تعالےٰ مال کے ساتھ ساتھ گھر اور دکان بھی محفوظ رہے گی اور چور چوری نہ کر سکیں گے۔ اس کلام پاک کی برکت سے گھر میں اور دکان میں خیر و برکت ہو گی۔

## چشمِ خلائق میں مقبول ہونا

اللہ تعالےٰ کی مخلوق کی نگاہوں میں مقبول و محترم ہونے کی غرض سے شعبان کے مہینہ کے ایام بیض میں خلوص نیت کے ساتھ روزہ رکھے اور افطاری کے وقت نمک سے افطار کرے اور جب کھانا کھائے تو سبزی اور جَو کی روٹی اور سرکہ سے کھائے نماز مغرب ادا کرنے کے بعد باوضو

Marfat.com

حالت میں ہی خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے بیٹھا رہے اور ایک سو گیارہ مرتبہ درُود ابراہیمی پڑھ کر توجہ و یکسوئی سے بیٹھا رہے اور اس دوران کسی سے کوئی گفتگو نہ کرے پھر عشاء کی نماز ادا کرے اور سُنّت و نوافل پڑھنے کے بعد صلوٰۃ تسبیح پڑھے اور اس نماز کو پڑھنے کے بعد سفید کاغذ پر الرا سے افلا تذکرون تک زعفران اور گلاب سے لکھے اور یہ کاغذ اپنے تکیئے میں رکھے اور اس پر سر رکھ پر سو جائے نماز فجر کے وقت اٹھے اور وضو کرنے کے بعد یہ کاغذ تعویز کی شکل میں بنائے اور اپنے بازو پر باندھے۔ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالےٰ جہاں بھی جائے گا۔ لوگوں کو اپنا مشتاق پائے گا اور لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت پیدا ہو جائے گی۔ اور چشم خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے گا۔

## غیب کی خبر:

جو کوئی یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ فلاں شخص زندہ ہے یا مُردہ تو وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر کٓھیٰعٓصٓ لکھے اور اپنے سر کے نیچے رکھ کر لیٹ جائے اور درُود شریف پڑھتا ہوا سو جائے انشاء اللہ تعالےٰ خواب میں اُسے اُس شخص کی حالت کے بارے میں معلوم ہو جائے گا خواب میں ایک شخص اُس کے سامنے آئے گا یہ اس سے جو بھی سوال کرے گا وہ اس کا بالکل درست جواب دے گا۔

## خوشی و مسرت حاصل کرنا:۔

جس کا دِل رنج و الم کی وجہ سے غمگین رہتا ہو اور وہ غم کی وجہ سے اداس رہتا ہو اور چاہتا ہو کہ اُس کے دل سے غم کا بوجھ ختم ہو جائے اور اُسے خوشی و مسرت حاصل ہو جائے تو وہ چاندی کی انگوٹھی پر کٓھٰیٰعٓصٓ کندہ کروا کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں نماز عصر کی ادائیگی کے بعد پہن لے اور ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ اس کے قلب سے رنج و الم اور غم دُور ہو جائے گا اُس کا دل خوشی و مسرت کی طرف راغب ہو گا۔

## حاجت کے لیے:

اگر کسی کی ایسی جائز اور نیک حاجت جو پُوری نہ ہوتی ہو تو وہ نمازِ تہجد ادا کر کے اکیس بار درُود شریف پڑھے اور قبلہ رُخ بیٹھ کر سفید کپڑے کے پاک صاف ٹکڑے پر زعفران اور عرق گلاب سے گیارہ بار کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور اس کپڑے کو اپنی ٹوپی یا پگڑی کے اندر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت چند دنوں میں ہی پوری ہو جائے گی اس کے علاوہ اس کی برکت سے اس کی مالی پریشانی بھی دُور ہو جائے گی اور لوگ اس کے ساتھ محبت و پیار سے پیش آئیں گے جس کے پاس یہ تعویز ہو گا وہ اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ وہ پاک صاف حالت میں رہا کرے اور باتھ روم وغیرہ میں اپنے ساتھ لے کر نہ جائے۔

Marfat.com

## فتح و نصرت کے لیے :

جو کوئی دشمن پر غلبہ پانا چاہتا ہو اور کفار کے مقابلے پر فتح و نصرت کے لیے کوشاں ہو تو وہ چاند کے مہینہ کے پہلے جمعہ کو نماز فجر کے بعد ایک سفید اور پاک و صاف کپڑے کے ٹکڑے پر عرق گلاب اور زعفران سے کٓھٰیٰعٓصٓ اکیس بار لکھے اور اکیس بار درود پاک پڑھ کر اس پر دم کرے اور اپنے بازو پر باندھ کر دشمن کے مقابلے پر جائے انشاء اللہ تعالےٰ اسے فتح و نصرت حاصل ہو گی اور دشمن مغلوب ہو گا۔

## اولاد نرینہ کے لیے :

جو کوئی اولادِ نرینہ کی نعمت سے محروم ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے ہاں اولادِ نرینہ پیدا ہو تو باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد سات بار ایک سفید کاغذ پر کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور آب زمزم یا بارش کے پانی یا پاک صاف پانی سے دھو کر میاں اور بیوی پی لیں اسی طرح سات یوم تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کی برکت سے اولادِ نرینہ حاصل ہو گی اور اللہ تعالےٰ نیک اور صالح بیٹے سے نوازے گا۔

## کاروبار میں برکت :

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو یا چلتا ہوا کاروبار رک گیا ہو دکان پر سخت مندا ہو تو وہ نماز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفہ میں ایک

Marfat.com

سفید کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب سے گیارہ بار کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور اپنے پاس رکھے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد یہ کاغذ اپنے کاروبار کی جگہ دیوار پر یا دکان کی پیشانی پر چسپاں کر دے انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں برکت پیدا ہو جائے گی اور مال خوب بکے گا جس سے وافر آمدنی ہوگی اور مال و دولت کی ریل پیل ہو جائے گی۔

## حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت

حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل کرنے کی غرض سے نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں چودہ مرتبہ طٰہٰ لکھ کر اپنے سرہانے کے نیچے رکھے اور بکثرت درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کی نیت اپنے دل میں رکھے خوشبو ضرور لگائے انشاء اللہ تعالیٰ اسے خواب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت ہوگی۔

## تسخیر حاکم کے لیے:

حاکم وقت کو اپنا گرویدہ اور مسخر کرنے کے لیے باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر طٰہٰ سے الحسنیٰ تک لکھے اور

خوشبودار تیل سے دھو کر اس میں تھوڑا سا عنبر ملا دے اس کو مکس کرنے کے بعد ایک شیشی میں ڈال دے اور جب حاکم کے سامنے جانا مقصود ہو تو اس میں سے تھوڑا سا تیل اپنی پیشانی پر مل کر جائے جیسے ہی اس کا سامنا حاکم سے ہوگا وہ عزت و احترام سے پیش آئے گا اور اس کا گرویدہ ہو جائے گا وہ جس کے سامنے بھی جائے گا وہ اس کی حسبِ منشا اس کے ساتھ سلوک کرے گا۔

## سر درد کے لیے:

اگر سر میں اچانک شدید درد شروع ہو جائے اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں سفید کپڑے کی پٹی پر باوضو حالت میں زعفران اور عرق گلاب سے اس طرح سے لکھو۔

ط ط ط ط ط ط ط ھ ھ ھ ھ ھ

ھ ھ

اور یہ پٹی اپنے سر پر باندھے اگر کوئی دوسرا شخص لکھ کر دے تو پھر بھی سر درد میں افاقہ ہوگا اور آرام آجائے گا۔

## دشمن کے شر سے محفوظ:

ظالم دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے جو کوئی نمازِ عصر کی ادائیگی کے بعد سفید کاغذ پر عرق گلاب اور

Marfat.com

زعفران سے اکیس بار طٰہٰ لکھ کر اکیس بار درُود پاک پڑھ کر اس پر دم کرے اور اس کاغذ کو تعویز کی شکل میں اپنے بازو پر باندھے بفضل تعالےٰ دشمن اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے گا اور ناکام ہو جائے گا اسے دشمن پر غلبہ حاصل ہو جائے گا۔

## جادو ختم کرنا :

جادو کا اثر دُور کرنے کی غرض سے چاند کے مہینہ کی چودہ تاریخ کو نماز عشاء کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکہتر بار یہ پڑھے۔

طٰسٓمٓ تِلْكَ اٰيَاتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ه

اس کے بعد اکہتر بار درُود پاک پڑھے پھر سفید کاغذ پر تین بار یہ کلمات لکھ کر لپیٹ دے اور جس پر جادو کیا گیا ہے۔ اس کے بازو پر باندھ دے انشاءاللہ تعالےٰ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

## خاوند یا بیوی کو مطیع کرنا :۔

اگر کسی عورت کا خاوند راہِ راست پر نہ ہو اور گھر میں ناچاقی پیدا کرتا ہو یا اگر کوئی عورت اپنے خاوند کے ساتھ لڑتی جھگڑتی رہتی ہو تو ان کے مابین ناچاقی کو دُور کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

Marfat.com

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

یہ تعویذ بارش کے پانی یا آبِ زمزم میں دھوئے اور پلاوے انشاءاللہ جو پیئے گا وہ مطیع ہو جائے گا۔ اگر اپنے کسی ملازم کو بھی پلائے تو وہ بھی مطیع و تابعدار ہو جائے اور اپنے مالک کے ساتھ وفاداری کا مظاہرہ کرے گا۔

## حکام پر ہیبت

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ حکام اور سرکاری افسران کے دلوں میں اس کی عزت پیدا ہو جائے اور وہ جب ان کے سامنے جائے تو ان پر اس کی ہیبت و رعب چھا جائے تو وہ کسی نیک فرد سے باوضو حالت میں عقیق پر طٰسٓمّٓ کندہ کرائے اور چاندی کی انگوٹھی میں یہ نگینہ جڑوا کر دائیں ہاتھ میں پہنے انشاءاللہ تعالٰے ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے گا۔

## حل المشکلات :-

ہر طرح کی مشکل اور پریشانی سے نجات اور اس سے بچاؤ کے لیے باوضو حالت میں پاک صاف اور سفید کپڑے کے ٹکڑے پر عرق گلاب اور زعفران سے طٰسٓمّٓ لکھے اور اس کو اپنے پاس رکھے بفضل تعالٰے جو بھی جائز مشکل ہو گی وہ آسان ہو جائے گی حتّٰی کہ مالی پریشانی اور مشکل بھی اس سے دور ہو جائے گی۔

Marfat.com

رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔ مال تجارت میں رکھنے سے بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

## بچے کا رونا:

اگر کوئی بچہ بلا وجہ روتا رہتا ہو اور کسی کے کہنے سے چُپ نہ ہوتا ہو صرف اپنی مرضی سے ہی رونا بند کرتا ہو تو چاہیئے کہ با وضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

طٰسٓ قف تِلْكَ اٰیَاتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ہ

اور تعویز کی شکل میں بچے کی گردن میں ڈال دے بچہ بلا وجہ رونا بند کر دے گا اور خواب میں بھی نہ ڈرے گا۔

## جلد شادی کے لیے:

اگر کسی کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جاتا ہو تو با وضو حالت میں نماز جمعہ کے بعد قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور اکیس بار درُود پاک پڑھے اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب سے یہ لکھے۔

طٰسٓ قف تِلْكَ اٰیَاتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ ہ

اس کاغذ کو تہہ کر کے رکھے اور پھر اکیس بار یہ پڑھنے کے بعد اکیس بار درُود پاک پڑھے اور جس کے لیے یہ عمل کیا ہے اُس کے حق میں دُعا مانگے اور

Marfat.com

تعویذ لڑکی یا لڑکے کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد نیک اور صالح رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی حسب منشا ہو جائے گی۔

## دکان خُوب چلے :

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور دن بدن مندے کا رجحان ہو رہا ہو تو نماز فجر کے بعد سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے گیارہ بار طٰسٓ لکھے اور اس کاغذ کو دکان کی پیشانی پر چپاں کر دے بفضل باری تعالیٰ کاروبار خوب چمکے گا اور دکان خوب چلے گی۔

## ادائیگی قرض :-

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور قرض کی جلد ادائیگی کے کوئی اسباب دکھائی نہ دیتے ہوں تو با وضو حالت میں طٰسٓ سے مُبِین تک لکھے اور اس کو اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالےٰ جلد قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اور قرض خواہ تنگ بھی نہ کریں گے۔

## فضائل یٰسین :-

اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں جن حروف مقطعات کو بیان فرمایا ہے ان میں یٰسین کا ذکر بھی آتا ہے پروردگارِ عالم نے حروف مقطعات میں بہت سے اسرار مخفی رکھے ہیں جو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اُس کے پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی بہتر طور پر جانتے ہیں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نازل کرنے

Marfat.com

کرنے والا ہے اور حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل ہوئے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"ہر چیز کا دل ہے اور قرآن کا دل سورہ یٰسین ہے پس جو شخص سورہ یٰسین کو پڑھے گا اس کے لیے دس قرآن پڑھنے کا ثواب لکھا جاتا ہے۔" (ترمذی شریف)

ایک اور حدیث پاک کے تحت حضرت عطاء بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ،

"دن کے شروع حصہ میں جو شخص سورہ یٰسین پڑھے تو اس کی حاجات پوری کردی جاتی ہیں۔" (دارمی)

اسی طرح ایک اور روایت جو حضرت معقل بن یسار مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ،

"جس شخص نے محض اللہ تعالےٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے سورہ یٰسین کو پڑھا تو اس کے اگلے گناہ معاف کیئے جاتے ہیں تو اس سورہ کو تم لوگ اپنے مردوں کے

Marfat.com

پاس پڑھا کرو۔" (بیہقی)

## بہتر یادداشت کے لیے:

جس کی یادداشت کمزور ہو بھول جانے کی عادت میں مبتلا ہو تو ہر روز نماز فجر کے بعد ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

اور پانی میں گھول کر نہار منہ پی لے اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے ان شاء اللہ تعالےٰ قوت حافظہ مضبوط ہو جائے گی۔

## مریض کی کمزوری۔

اگر کوئی مریض مرض کے باعث کمزور ہو گیا ہو اور نقاہت بہت زیادہ بڑھ گئی ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۝

اس کو تعویذ کی شکل دے کر مریض کے بازو پر باندھ دے ان شاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہو جائے گی اور مرض کے اثرات بھی ختم ہو جائیں گے اللہ تعالےٰ مکمل طور پر شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

**چشم خلائق میں معزز ہونا۔** جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جہاں بھی جائے،

Marfat.com

لوگ اس کی عزت کریں اور وہ چشم خلائق میں معزز ہو جائے تو وہ نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل اکیس بار درود پاک پڑھے اور پھر یہ لکھے۔

یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝

اس کے بعد اکیس بار مزید درود پاک پڑھے اور تحریر کردہ کاغذ اپنے پاس رکھے یا اپنی ٹوپی میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد پورا ہو گا۔

## غم دور کرنا:

اگر کوئی رنج و غم میں مبتلا ہو اور اس کے دل سے غم کا بوجھ ہلکا نہ ہوتا ہو تو عرق گلاب اور زعفران سے سفید کاغذ پر یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ لکھے اور اس کو تہہ کر کے غم زدہ کے بازو پر باندھ دے بفضل باری تعالیٰ اس کے دل سے غم کی کیفیت ختم ہو جائے گی اور قلبی سکون مل جائے گا۔

## بچے کا بلا وجہ رونا:۔

جو بچہ بلا وجہ رو رو کر چڑ چڑا ہو گیا ہو اور سوتے ہوئے چونک کر رونا شروع کر دیتا ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب سے یہ لکھے۔

صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ

اس کو تعویذ کی شکل میں تہہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے

Marfat.com

بچہ بلاوجہ رونا بند کر دے گا اس کا چڑ چڑا پن دور ہو جائے گا اور سکون کی نیند سوئے گا بچوں کے لیے یہ تعویذ گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے۔

## اولاد نرینہ کے لیے۔

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کے ہاں اولادِ نرینہ ہو تو وہ باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

صٓ قف وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ط بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝

اس کو پانی میں گھول کر عورت کو پلائے اکتالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ بیٹے کی ولادت ہوگی اس کے علاوہ اگر کسی عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو اور وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور چاہتی ہو کہ اُس کے ہاں بھی بچہ پیدا ہو تو وہ بھی ہر روز یہ پانی پیئے تو اُسے حمل قرار پا جائے گا۔ اللہ تعالےٰ نیک اور صالح اولادِ نرینہ سے نوازے گا۔

## سفر میں حفاظت کے لیے۔

ہر قسم کے بری، بحری اور فضائی سفر میں جان و مال کی سلامتی اور حفاظت کے لیے تعویذ کی شکل میں صٓ سے عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ تک لکھے اور اپنے پاس رکھ لے سفر کی حالت میں اپنے بازو پر باندھے بفضلِ باری تعالےٰ سفر حفاظت سے طے ہوگا اللہ تعالےٰ اپنی حفظ و امان میں

Marfat.com

رکھے گا اس کی برکت سے سفر کے مقاصد پورے ہوں گے سفر کامیاب ہوگا اس کے علاوہ اسے اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں کے شر سے بھی بچاؤ رہتا ہے اور دشمن مغلوب ہوتا ہے۔ چوروں اور رہزنوں کی دست بُرد سے محفوظ رہتا ہے۔

## لاتعداد خواص والا تعویز :-

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ کسی پریشانی میں مبتلا نہ ہو اور اسے کوئی ایسی مشکل پیش نہ آئے جو حل نہ ہو تو وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے پہلے گیارہ بار درُود پاک پڑھے پھر سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ ۝ کَذٰلِكَ یُوْحِیْٓ اِلَیْكَ وَ اِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ۔

اس کے بعد پھر گیارہ بار درُود پاک پڑھے اور اللہ تعالٰے سے اپنے حق میں دُعا مانگے اس کاغذ کی تعویذ کی شکل میں اپنے پاس رکھے یا اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالٰے اس کی برکت سے شیطان اس پر غلبہ نہ پائے گا کسی موذی مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔ جن اور آسیب کا سایہ اس پر نہ ہو سکے گا کبھی آگ سے نہ جُھلسے گا اور دریا میں نہ ڈوبے گا ہر طرح کی آفات و بلا سے محفوظ رہے گا۔ جہاں بھی جائے گا لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔

Marfat.com

چشم خلائق میں مقبول اور معزز ہو جائے گا اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور عنایات اس پر بے پناہ ہوں گی اور وہ نیکی کے کاموں کی طرف بہت زیادہ راغب ہو گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اس تعویذ کی برکات بے شمار ہیں اور اس کو اپنے پاس رکھنے والا بہت خوش وخرم اور مطمئن زندگی گزارے گا۔

## اچھی ملازمت کے لیے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے اچھی ملازمت مل جائے یا کوئی اچھا سا روزگار حاصل ہو جائے کاروبار میں خوب اضافہ ہو جائے تو وہ نماز تہجد ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اوّل وآخر تین تین بار درُود شریف پڑھے اور درمیان میں سات سو بار یہ پڑھے۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جس مقصد کے لیے پڑھا ہے وہ بہت جلد پورا ہو گا سات دن تک بلا ناغہ یہ عمل کرے بہت فائدہ ہو گا۔

## حاکم کی ہیبت۔

جو کوئی حاکم وقت یا اعلیٰ افسران سے ہر وقت خوفزدہ رہتا ہو ان کی ہیبت اس کے دل پر چھائی رہتی ہو جس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو

تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس بار یہ پڑھا کرے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ - لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

بفضل باری تعالیٰ اس کے دل سے لوگوں کا خوف دُور ہو جائے گا حاکم وقت اور آفسران بالا کی ہیبت اور ڈر جاتا رہے گا حاکم کے غیظ و غضب سے بچا رہے گا افسران اس پر مہربان ہو جائیں گے افسران کا منظورِ نظر ہو جائے گا۔ اور اس کی عزت و وقار میں اضافہ ہو جائے گا۔

## لڑکی کی جلد شادی کے لیے:

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی میں کوئی رکاوٹ ہو جس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو ایسی صورت میں حٰمٓ عٓسٓقٓ سے الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک زعفران اور عرق گلاب سے کاغذ پر لکھ کر لڑکی کو دے کر وہ اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی حسب منشا شادی ہو جائے گی۔ اور نیک اور صالح خاوند ملے گا۔

## قوّتِ حافظہ کے لیے:

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو وہ آبِ باراں اور زعفران سے باوضو حالت میں حٰمٓ عٓسٓقٓ سے الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک ایک سفید کاغذ پر لکھے اور آبِ زمزم میں گھول

Marfat.com

کر پلائے اکیس یوم تک روزانہ یہ پانی پیئے انشاءاللہ قوّت حافظہ مضبوط ہو جائے گی طالب علموں اور حفاظ کرام کے لیے یہ عمل بہت ہی نافع ہے۔

## درختوں پر زیادہ پھل آئیں گے:

اگر کسی کے باغ میں درختوں پر پھل بہت کم لگتے ہوں یا کسی کی کھیتی کی پیداوار میں کمی واقع ہو گئی ہو تو وہ عرق گلاب اور زعفران سے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے قٓ سے كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ تک اور پھر اس کاغذ کو آب باراں میں گھول کر یہ پانی کھیتی کے چاروں کونوں میں ڈالے یا درختوں کی جڑوں میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ درختوں پر خوب پھل آئیں گے اور کھیت کی پیداوار بھی زیادہ ہو جائے گی۔

## مال و دولت کی حفاظت کے لیے:

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر ہو کہ جہاں اسے چوروں اور ٹھگوں سے مال و دولت کا خطرہ ہو اور ٹھگ اس کے درپے ہوں تو وہ جب تک وہاں پر رہے دن میں پانچ بار اس طرح سے پڑھ کر دستک دے۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحق قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ۔

انشاءاللہ تعالیٰ چور اور ٹھگ اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے مال و دولت

Marfat.com

کی حفاظت رہے گی اللہ تعالےٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## قرض دار کے لیے:

جس کو قرض خواہ بہت تنگ کرتے ہوں اور وہ قرض کی جلد ادائیگی سے قاصر ہو تو وہ باوضو حالت میں یہ لکھے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ۔

اور اسے اپنے بازو پر تعویز کی شکل میں باندھے اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالےٰ غیب سے قرض کی جلد ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں اور قرض خواہ تقاضہ نہ کریں گے اس کے علاوہ اس کی روزی میں برکت پیدا ہو جائے گی اور کاروبار جو بھی جائز کر رہا ہے اُس میں بھی ترقی ہوگی رزق میں اضافہ ہوگا۔

## دردِ زہ کے لیے۔

جو عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو اور بہت زیادہ مشکل میں ہو تو باوضو حالت میں پانچ سو بار حروف مقطعات میں سے یہ پڑھے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۔

اور پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائے انشاءاللہ تعالےٰ دردِ زہ میں کمی واقع ہوگی اور بچے کی ولادت آسانی سے اور جلد ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ دردِ زہ میں مبتلا عورت اس کا وِرد کرتی رہے تو تب بھی اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور تکلیف میں آسانی ہوگی۔

Marfat.com

## جان و مال کی حفاظت :-

اگر کسی کی کھیتی یا باغ کو جانوروں اور پرندوں سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو یا وہ نقصان پہنچاتے ہوں اور اگر وہ اپنے باغ یا کھیت کی حفاظت کے لیے رات کو اس مقام پر قیام کرنا چاہتا ہو مگر اُسے درندوں سے اپنی بھی جان کا خطرہ ہو تو وہ باوضو حالت میں اکہتر بار یہ پڑھے۔

یَا اَللّٰہِ احفظ امۃ محمّد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحق قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ط

اور پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو کھیت یا باغ کے چاروں اطراف میں چھڑک دیں انشاء اللہ تعالیٰ جانور اور پرندے اس کی کھیتی کو نقصان نہ پہنچائیں گے اور نہ ہی اُسے کوئی نقصان پہنچا سکیں گے حتیٰ کہ اس کی برکت سے حشرات الارض بھی کسی قسم کا گزند نہ پہنچائیں گے اس کی کھیتی اور وہ خود محفوظ رہے گا۔

## باطنی صفائی کے لیے :

جس کے دل میں ہر وقت شیطانی وساوس ڈیرے ڈالے رہتے ہیں طبیعت برائی کی طرف مائل رہتی ہو قلب نجاثت میں خوش رہتا ہو تو وہ پانچ وقت کی نماز پابندی سے اور جماعت کے ساتھ پڑھنے کی عادت راسخ کرلے اور ہر نماز کے بعد ایک سو ایک بار قٓ کا ورد کرے اس کے علاوہ

Marfat.com

عرق گلاب اور زعفران سے سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ

اور تعویذ کی شکل میں اپنے بائیں بازو پر باندھ لے بفضل باری تعالیٰ اس کے دل سے شیطان کا غلبہ ختم ہو جائے گا شیطانی خیالات دل میں جگہ نہ پائیں گے باطنی صفائی ہو جائے گی۔

## بحفاظت بحری سفر:

سمندر یا دریا میں بذریعہ بحری جہاز یا کشتی سے بحفاظت سفر کے لیے باوضو حالت میں عرق گلاب اور مشک سے یہ لکھے۔

نٓ ۰ وَالْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ سے خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔

تعویذ کی شکل میں اس کو اپنے بازو پر باندھے بفضل باری تعالےٰ سفر کی صعوبتوں سے بچا رہے گا اللہ تعالےٰ اپنی حفظ دامان میں رکھے گا سفر بخیر و عافیت طے ہو گا دریا یا سمندر طے ڈوبنے سے محفوظ رہے گا اس تعویذ کی بہت سی برکات ہیں اس کو پاس رکھنے سے اگر جنگل یا بیابان میں سفر کر رہا ہو تو جانوروں کی ایذا رسانی سے بچا رہے گا۔

## حرُوف مقطّعات کا عامل ہونا:

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ حروف مقطّعات کا عامل ہو جائے اور وہ جس

Marfat.com

بھی مقصد کے لیے ان کے حوالے سے تعویذ لکھ کر دے تو حروف مقطعات کی برکت سے مطلوبہ مقصد کامیابی ہو تو وہ ہر روز صبح کے وقت باوضو حالت میں روٹی پر یہ حروف لکھے۔

الف - حا - صا - سین - کاف - عین - طا - قاف

را - ھا - نون - میم - لام - یاء -

اس روٹی کی گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلائے اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اس کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے بعد عامل ہو جائے گا اور جس بھی جائز کام کے لیے حروف مقطعات میں سے تعویذ بنا کر دے گا بفضلِ باری تعالیٰ پورا ہو گا۔

## عزت و مرتبہ کا حصول

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ جس بھی مجلس میں جائے اُسے نمایاں حیثیت ملے اس کا مرتبہ بلند ہو اور ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے لوگوں کے دلوں میں اس کے لیے کشش ہو تو وہ حروف مقطعات کا عددی نقش باوضو حالت میں رجب المرجب کے مہینہ میں پنجشنبہ کے دن اشراق کی نماز ادا کرنے کے بعد عرق گلاب اور زعفران سے لکھے۔

تعویذ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

Marfat.com

۷س ۵۸۶ اح

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ق | ۲۳۲ | ۲۲۷ | ۲۳۴ | ی |
| ع | ۲۳۳ | ۲۳۱ | ۲۲۹ | ه |
| ك | ۲۲۸ | ۲۳۵ | ۲۳۰ | ح |

؟ ۲۰ م ل

لکھنے کے بعد سات بار درُود پاک پڑھے پھر یہ دُعا پڑھے اکتالیس بار۔

بِسۡمِ اللّٰہِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِیطَانُنَا یٰسٓ سَقۡفُنَا
کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَکۡفِیۡکَھُمُ
اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ط

اس کے بعد پھر سات بار درُود شریف پڑھے اور دم کرے اس تعویذ کو چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کے ساتھ بنوائے اور دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن لے انشاءاللہ تعالےٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## رزق میں برکت :

رزق میں خیر و برکت اور آمدنی میں اضافہ کے لیے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر یہ لکھے۔ اور دکان پر لٹکائے۔

الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدُ
نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ۔

Marfat.com

# آیاتِ شفاء

یہ آیات شفاء ہیں اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کی گئی ہے کہ ان آیات کی تلاوت سے نو سو ننانوے امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

Marfat.com

۲ الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ پارہ ۱ رکوع ۱

۳ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

Marfat.com

بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا
خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

۴ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَاِنْ
تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ
بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ
مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○
اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ

Marfat.com

وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ

وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ

مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا

يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا

كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا

تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا

لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا

وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ ( پارہ رکوع ۸ )

(۵) اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ
یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ
الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ○
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً اِنَّهٗ لَا
یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ○ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ
بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ○

( یہ آیات السخرہ کہلاتی ہیں پارہ ۸ رکوع ۱۴ )

(۶) قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَیًّا مَّا

تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ
بِصَلٰوتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ
ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي
الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ
كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ (پارہ ۱۵ رکوع ۱۲)
٧ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝
فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ
الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا
مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا

Marfat.com

يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ

وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ

اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ

مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝ (پاره ٢٣ ركوع ٥)

(٨) يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ

اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُرْسَلُ

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا

تَنْتَصِرٰنِ ۝ (پاره ٢٧ ركوع ١٢)

Marfat.com

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ
لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ
اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ
الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

Marfat.com

الْحَكِيْمُ ۝ (پارہ ۲۸ رکوع)

۱۰ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ
الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝
يَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ
نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ
رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّ
اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَی اللّٰهِ
شَطَطًا ۝ (پارہ ۲۹ رکوع ۱۱ سورہ جن)

۱۱ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ
خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ پارہ ۱۳ رکوع

۱۲ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ
خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا

Marfat.com

يُبْصِرُوْنَ ○ (پارہ ۲۲ - رکوع ۱۸)

۱۳ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ
وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ
عَظِيْمٌ ○ (پارہ ۱ رکوع ۱)

اَلشَّافِىْ اَلْكَافِىْ اَلْمُعَافِىْ بِاَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○

شرجی نے لکھا ہے کہ ان آیات میں (۱ سے ۱۰ تک) سو بیماریوں سے شفاء ہے۔ محمد بن علی فرماتے ہیں کہ ہمارے ایک بوڑھے کو فالج ہو گیا تھا۔ اس پر یہ آیتیں پڑھی گئیں۔ اس کو شفا ہو گئی۔

# آیاتِ شفاء

قرآن مجید میں چھ آیتیں ہیں جن کو "آیات الشفاء" کہا جاتا ہے یہ نہایت عظیم الشان آیات ہیں۔ اگر ان کو بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اور سورۂ فاتحہ کے ساتھ چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تو مریض کو بہت جلد شفا ہوتی ہے وہ آیات یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| ① | وَيَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۝ (پارہ ۱۰ رکوع ۸) |
| ② | وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوۡرِ ۝ (پارہ ۱۱ رکوع ۱۱) |
| ③ | يَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ |
| | اَلۡوَانُهٗ فِيۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ (پارہ ۱۴ رکوع ۱۵) |
| ④ | وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ |
| | رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝ (پارہ ۱۵۔ رکوع ۹) |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ⑤ | وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ہ (پارہ ۱۹ رکوع ۹) |
| ⑥ | قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ہ |

(پارہ ۲۴ - رکوع ۹)

ان آیات کو پڑھ کر مریض پر دم بھی کیا جا سکتا ہے۔ ہر مرض کے لیے نافع ہے۔

## آیات دفع شدائد خوف

مندرجہ ذیل سات آیات وہ ہیں جن کو تلاوت سے انسان تمام آفات سے حفظ و امان میں رہتا ہے بیمار ان کی تلاوت سے بیماریوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص ان آیات کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اگر کوہ اُحد کے برابر عذاب بھی اس پر نازل ہو تو اس سے وہ نجات پائے گا۔ وہ آیات عظیمہ یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| ① | قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ہ (پارہ ۱۰ - رکوع ۱۳) |

Marfat.com

۲ وَإِن يَمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ
لَهٗٓ إِلَّا هُوَ وَإِن يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ
لِفَضْلِهٖ يُصِيبُ بِهٖ مَن يَّشَآءُ مِنْ
عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ (پارہ ۱۱ رکوع ۱۶)

۳ وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ
رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا
كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِينٍ ○ (پارہ ۱۲ - رکوع ۱)

۴ إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ
مَا مِن دَآبَّةٍ إِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا
إِنَّ رَبِّي عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○
(پارہ ۱۲ - رکوع ۵)

۵ وَكَاَيِّنْ مِّن دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا

Marfat.com

اَللّٰہُ یَرْزُقُہَا وَاِیَّاکُمْ وَہُوَ السَّمِیْعُ
الْعَلِیْمُ ۝ (پارہ ۲۱ - رکوع ۲)

٦ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ
فَلَا مُمْسِکَ لَہَا وَمَا یُمْسِکْ فَلَا
مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ وَہُوَ الْعَزِیْزُ
الْحَکِیْمُ ۝ (پارہ ۲۲ رکوع ۱۳)

٧ وَلَئِنْ سَاَلْتَہُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰہُ قُلْ اَفَرَاَیْتُمْ
مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ
اَرَادَنِیَ اللّٰہُ بِضُرٍّ ہَلْ ہُنَّ کٰشِفٰتُ
ضُرِّہٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَۃٍ ہَلْ ہُنَّ
مُمْسِکٰتُ رَحْمَتِہٖ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ

Marfat.com

# عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝

(پارہ ۲۴ رکوع ۱)

کعب الاحبار سے منقول ہے کہ "یہ سات آیتیں جب پڑھ لیتا ہوں تو پھر کسی بات کا خوف نہیں رہتا۔" بیمار اپنی بیماری کی مصیبت کے دفع ہونے کی نیت سے ان آیات کی تلاوت صبح وشام کیا کرے اور بے خوف زندگی بسر کرے۔

گرچہ بے چارہ ام، با کے نیست
کرم تست چارہ ساز ہمہ

# آیات الاستکفاء

یہ چھ آیات ہیں۔ ان کی تلاوت غم زدہ اور وظائف کے خوف و غم کے ازالہ کے لیے کافی ہیں۔ مریض ان کو پڑھتا رہے۔

(۱) اَلَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالُوْٓا
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ
عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ (پارہ ۲ رکوع ۳)

(۲) اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ
قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ
اِیْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ۝
فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ

يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ

وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ (پارہ ۴ رکوع ۹)

(۳) وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ

مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(پارہ ۱۷ - رکوع ۶)

(۴) وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا

لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ

ذِکْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ ۝ (پارہ ۱۷ رکوع ۶)

⑤ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ

بِالْعِبَادِ ۝

فَوَقٰہُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِ مَا مَکَرُوْا وَحَاقَ

بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝

(پارہ ۲۴ رکوع ۱۰)

⑥ وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْظَلَمُوْٓا

اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا

لِذُنُوْبِھِمْ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا

اللّٰہُ وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَھُمْ

یَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُھُمْ مَّغْفِرَۃٌ

مِّنْ رَّبِّھِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ

Marfat.com

تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا وَنِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِيۡنَ ○ (پارہ ۴ - رکوع ۵)

مریض خائف و مغموم کو حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے اس قول کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔

۱۔ عجبت لمن فزع من اربع کیف لا یفزع الی اربع۔

مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو چار چیزوں سے ڈرتا ہے اور پھر چار چیزوں سے دادرسی نہیں چاہتا۔

۲ عجبت لمن خاف کیف لا یفزع الی قولہ تعالیٰ۔

مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو ڈرتا ہو اور حق تعالےٰ کے اس قول میں پناہ نہیں لیتا۔

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ۔

"کافی ہے ہم کو اللہ اور کیا خوب کارساز ہے۔"

کیونکہ اس کے بعد ہی ارشاد ہوتا ہے۔

فَانۡقَلَبُوۡا بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضۡلٍ لَّمۡ يَمۡسَسۡهُمۡ سُوۡٓءٌ۔

پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور فضل سے بھرے ہوئے واپس ہوئے اور ان کو کوئی ناگواری پیش نہیں آئی۔

Marfat.com

۲ - وعجبت لمن اغتم کیف لا یفزع الیٰ قولہ تعالیٰ.

ترجمہ: مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو غمگین ہو اور حق تعالیٰ کے اس قول میں پناہ نہیں لیتا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

ترجمہ: "آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ آپ پاک ہیں بیشک میں قصوروار ہوں" کیونکہ اس کے بعد ہی کہا گیا ہے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ط

ترجمہ: "ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس کٹھن سے نجات دی اور ہم اسی طرح ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔"

۳ - وعجبت من مکر بہ کیف لا یفزع الی قولہ تعالیٰ

ترجمہ: "جس کے ساتھ مکر کیا گیا اور وہ حق تعالیٰ کے اس قول سے فریادرسی نہیں کرتا،

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰہُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِ مَا مَکَرُوْا ط

ترجمہ: "میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں خدا سب بندوں کا نگران ہے خدا تعالیٰ نے اس کو ان لوگوں کی مضر تدبیروں سے محفوظ رکھا۔"

Marfat.com

وعجبت لمن اراد الدنیا کیف لا یفزع اِلیٰ قولہ تعالیٰ۔

ترجمہ:۔ مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو دنیا کا ارادہ کرتا ہے اور حق تعالیٰ کے قول میں پناہ نہیں لیتا۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

ترجمہ "جو چاہے اللہ سو ہو۔ طاقت نہیں مگر جو دے اللہ"

کیونکہ اس کے بعد ہی کہا گیا ہے:۔

اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ٥ فَعَسٰی رَبِّیْٓ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ ۵

ترجمہ:۔ "اگر تو مجھ کو مال و اولاد میں کم تر دیکھتا ہے تو مجھ کو وہ وقت نزدیک معلوم ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو تیرے باغ سے اچھا باغ دے دے۔

Marfat.com

# آیاتِ کفایتِ مہمّات

قرآن کریم میں سات آیات اور بھی ہیں جو ساری بلاؤں سے امن کے لیے مفید ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ ان "آیاتِ سبع" سے بہتر کفایت مہمات دینوی و دنیوی کے لیے کوئی اور دُعا نہیں ہے۔ ہر روز سات بار ان کو پڑھنا چاہیئے وہ آیات یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| ① | اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبٰٓىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ |
| | نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ |
| | مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ (پارہ ۵۔ رکوع ۲) |
| ② | وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ |
| | عَلٰى بَعْضٍ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا |
| | اكْتَسَبُوْا وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا |

Marfat.com

اَكْتَسَبْنَ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ○

(پارہ ۵ - رکوع ۲)

۳ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ

تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ

لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ○ (پارہ ۵ - رکوع ۳)

۴ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ

مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّشْرِكْ

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ○

(پارہ ۵ رکوع ۴)

۵ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

Marfat.com

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ○

(پارہ ۵ - رکوع ۶)

۶ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ

ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا

رَّحِيْمًا ○

(پارہ ۵ - رکوع ۱۳)

۷ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ

وَاٰمَنْتُمْ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ○

(پارہ ۵ - رکوع ۱۸)

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ

بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

# آیاتِ الحفظ

ان آیاتِ حفظ کو جو شخص پڑھے یا لکھ کر اپنے ساتھ رکھے وہ اللہ تعالیٰ کے حفظ وامان میں اپنی زندگی بسر کرے گا اور اس کو کوئی گزند نہ پہنچے۔

| | |
|---|---|
| ① | وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ |
| | الْعَظِيمُ ۝ (پارہ ۳ رکوع ۲) |
| ② | فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ |
| | الرّٰحِمِيْنَ ۝ (پارہ ۱۳ رکوع ۲) |
| ③ | وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ |
| | (پارہ ۲۳ رکوع ۵) |
| ④ | وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ پارہ ۱۴ |

Marfat.com

٥ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

(پارہ ۲۴ ۲ رکوع ۲)

٦ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

٧ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝ اِنَّهٗ هُوَ
يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
الْوَدُوْدُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝ فَعَّالٌ
لِّمَا يُرِيْدُ ۝ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝
فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ
مُّحِيْطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ
لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

(پارہ ۳۰ رکوع ۱۰)

Marfat.com

# الآیات الخمس فی کل آیۃ عشر قافات

قرآن حکیم میں پانچ آیتیں ایسی ہیں کہ ہر آیت میں دس قاف ہیں۔ آیات
[...]ں عجیب اسرار پائے جاتے ہیں اور ان کے منافع اور فضائل بے شمار ہیں۔
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے۔

[...]ال علیہ الصلوٰۃ والسلام من کتب ھٰذہ الآیات
[ا]لخمس فیھا خمسون قافات یوم الجمعۃ فشربھا
[...]خل فی جوفہٖ الف شفاءٍ ودوآءٍ والف صحۃٍ و
[...]ف رحمۃٍ والف رافۃٍ والف یقینٍ والف قوۃٍ
[و]مائۃ الف نورٍ ونزع عنہ کل دآءٍ وغلٍ
[وا]لحزن والغم ط

[...]مہ :۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جو شخص ان پانچ
آیتوں کو جن میں پچاس قاف ہیں جمعہ کے دن لکھے گا اور ان کو

Marfat.com

(دھو کر) پی لے گا تو اس کے پیٹ میں ہزار شفا اور ہزار دوا اور ہزار صحت اور ہزار رحمت اور ہزار رافت (نرمی) اور ہزار یقین اور ہزار قوّت اور ایک لاکھ نور داخل ہو جائیں گے اور اس سے تمام بیماریاں اور غم وحزن نکال لیے جائیں گے۔

اور سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کی "یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، میں نے اپنی ساری عمر گناہ کیے ہیں، اب یہ میری عمر آخر ہے مجھے کوئی ایسی چیز سکھلائیے جس کو میں پڑھا کروں، میری عمر دراز ہو، میرے گناہ معاف ہوں اور میری مراد حاصل ہو۔"

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ پانچ آیتیں سکھلائیں اور فرمایا "جو ان آیتوں کو پڑھا کرے اس کی عمر دراز ہو گی، اس کے گناہ معاف ہوں گے اور وہ اپنی مراد کو پہنچے گا۔ (کذا فی تفسیر العرائس وتفسیر الکواشی وبعض کتب خواص القرآن)

ان آیات کے اور بھی خواص ہیں۔ جو شخص ان آیات کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ اپنے دشمنوں پر غالب ہوگا اور ان کے شر ومکر سے محفوظ رہے گا اور لوگوں کے دلوں پر اس کی ہیبت چھائی رہے گی۔ یہ شرانس وجن سے بھی حجاب کا کام دیتی ہے وہ آیاتِ جلیلہ

Marfat.com

یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

(۱) اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ
مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰی ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِیٍّ لَّہُمُ
ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ
اللّٰہِ ؕ قَالَ ہَلۡ عَسَیۡتُمۡ اِنۡ کُتِبَ
عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوۡا ؕ قَالُوۡا
وَ مَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ
وَ قَدۡ اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِیَارِنَا وَ اَبۡنَآئِنَا ؕ
فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ تَوَلَّوۡا اِلَّا
قَلِیۡلًا مِّنۡہُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ ○

(قَدِیۡرٌ عَلٰی مَا یُرِیۡدُ) (پارہ ۲ - رکوع ۱۶)

Marfat.com

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا
اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ
مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ
حَقٍّ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

(قَوِيٌّ لَا يَحْتَاجُ اِلٰى مُعِيْنٍ) (پارہ ۴ - رکوع ۱۰)

۳ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا
اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ
اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ
كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوْا
رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ
اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ قُلْ مَتَاعُ

الدنیا قلیل والاخرۃ خیر لمن

اتقی ولا تظلمون فتیلا ٥ (پارہ ٥ ۔ رکوع ٦)

(قہار لمن طغی وعصی)

④ واتل علیہم نبا ابنی ادم بالحق اذ

قربا قربانا فتقبل من احدہما

ولم یتقبل من الاخر قال لا

قتلنک قال انما یتقبل اللہ من

المتقین ٥ (پارہ ٦ - رکوع ٩)

(قدوس یہدی من یشاء)

⑤ قل من رب السموت والارض قل

اللہ قل افاتخذتم من دونہ

اولیاء لا یملکون لانفسہم نفعا

Marfat.com

وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ

اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ

فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ (پارہ ۱۳ رکوع ۸)

(قَيُّوْمُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ الْقُوَّةُ)

ہر آیت کے پڑھنے کے بعد ان اسماء کی تین مرتبہ تکرار کی جائے جو اس کے بعد باریک قلم سے لکھے گئے ہیں۔

ان آیات کا دشمنوں اور حاسدوں کے مقہور ہونے کے لیے صبح و شام تین مرتبہ یا اس سے زیادہ یا صرف ایک ہی مرتبہ پڑھنا اکسیر ثابت ہوا ہے۔[1]

---

[1] خزینۃ الاسرار ص۷۵،۷۷

Marfat.com

# آیات سکینت

قرآن مجید میں چھ ایسی آیتیں ہیں جن کو "آیات سکینت" کہا جاتا ہے
ن کی تلاوت سے سکینت کا نزول ہوتا ہے۔ قلب میں جب سکینت و
ما نیت پیدا ہوتی ہے تو قلب بھی اور جسم بھی ضرور اس سے متاثر ہوتا ہے
ر جسمانی امراض اس سے دُور ہو جاتے ہیں۔ بیمار کو ان آیتوں کی تلاوت
بح و شام نہایت مفید ہوتی ہے۔ وہ آیاتِ جلیلہ یہ ہیں۔

١ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَنْ
يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ
وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ إِنَّ
فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ

Marfat.com

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ

تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَذٰلِكَ

جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (پارہ ۱۰ رکوع ۱۰)

(۳) اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ

مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ

بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ

كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ پارہ ۱۰ - رکوع ۱۲

(۴) هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ

اِيْمَانِهِمْ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

(پارہ ۲۶ رکوع ۹)

٥ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ
يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا
فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ
وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ (پارہ ۲۶ رکوع ۱۱)

٦ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ
الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ
اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى
وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ (پارہ ۲۶ رکوع ۱۱)

Marfat.com

# آیات قرآنی کے کرشمے

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کی آیاتِ مبارکہ میں انسانوں کے لیے بہت سی مشکلات کا حل ، بے شمار امراض کا شافی علاج بھی مضمر کر رکھا ہے۔ان آیاتِ مبارکہ کو توجہ و یکسوئی کے ساتھ اور با وضو حالت میں پڑھنے سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے اللہ تعالےٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط (الاسراء ۸۲)

" اور ہم قرآن مجید میں وہ چیز آتارتے ہیں جو شفا و رحمت ہے ایمان والوں کے لیے۔"

باب ھذا میں قرآن مجید کی آیاتِ مبارکہ کے خواص و فوائد کا اجمالی و مختصر طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

## رزق کے لیے:

رزق میں فراوانی و بہتات کے لیے قرآنی سورتوں میں دی ہوئی آیت مبارکہ ہر روز نماز فجر کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے رزق کی فراوانی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(سورۃ البقرہ آیت: ۲۱۲)

ترجمہ: "اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے۔"

## صلح کے لیے:

اگر دو مسلمان بھائی آپس میں ناراض ہوں اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتے ہوں تو ان کے مابین صلح کروانے کی غرض سے چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لیے دعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اس کے بعد ان دونوں سے ملاقات کرے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں صلح پر رضامند ہو جائیں گے اور ان کے درمیان دشمنی ختم ہو جائے گی۔

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ (حجرات: ۱۰)

ترجمہ: "پس اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو۔"

Marfat.com

## یاد داشت کے لیے:

جو کوئی کند ذھن ہو بھول جائے کی عادت میں مبتلا ہو زیادہ دیر تک کسی بھی بات کو یاد نہ رکھ سکتا ہو اس کی یادداشت بہت ہی کمزور ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی کُند ذھنی کی شکایئت رفع ہو جائے گی اس کی یادداشت بہتر ہو جائے گی۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ (النساء : ۱۱۳)

ترجمہ :- "اور آپ کو وہ باتیں بتلائی ہیں جو آپ نہ جانتے تھے، اور آپ پر اللہ تعالےٰ کا بڑا فضل ہے۔"

## دشمن سے بچاؤ کے لیے:

- اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ دشمن اُسے کسی قسم کا گزند نہ پہنچا سکے تو وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکیس اکیس مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالےٰ دشمن اُسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اور اللہ تعالےٰ اُسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

Marfat.com

ترجمہ:۔ "سو اللہ تعالیٰ سب سے بڑھ کر حفاظت کرنے والا ہے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔"

## والدین کو راضی کرنا:

اگر کسی کے والدین اُس سے ناراض ہوں اور کسی بھی طرح سے راضی نہ ہوتے ہوں تو جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کے والدین اس سے راضی ہو جائیں اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد صدق نیّت سے سات مرتبہ مرتبہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے اوّل و آخر تین تین مرتبہ دُرود پاک پڑھے بفضل باری تعالےٰ والدین کی ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(الممتحنہ ۷)

ترجمہ:" اللہ تعالےٰ سے اُمید ہے کہ تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تمہاری عداوت ہے دوستی کر دے اور اللہ تعالیٰ کو بڑی قدرت ہے اور اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہے۔"

## تسخیر خلائق:

اللہ تعالےٰ کی مخلوق کو اپنا مطیع و مسخر کرنے کی غرض سے ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ ہر روز نماز عصر کے بعد اکتالیس پڑھنے سے

Marfat.com

مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (التوبہ ۱۲۸)

ترجمہ :۔ " تمہارے پاس ایک ایسے رسُول تشریف لائے ہیں جو تم میں سے ہیں جن کو تمہارے نقصان کی بات نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہارے منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں (یہ حالت تو سب کے ساتھ مخصوص ہے بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں۔"

## مال و دولت کے لیئے

مال و دولت کے حصول اور تونگری کے لیے ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ بہت ہی نافع ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کو کسی چیز کی حاجت نہ رہے اللہ تعالےٰ اُس کی ہر ضرورت پوری کردے اور اُس کے گھر میں مال و دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ چودہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ اُس کی مراد بہت جلد بر آئے گی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ (سورۃ الاعراف : ۷)

Marfat.com

ترجمہ :- "اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لیے اس میں سامانِ زندگانی پیدا کیا۔"

## برائے حُبّ :

آپس میں محبت و اُلفت استوار کرنے اور دلوں کی کدورت کو دُور کرنے کے لیے یہ آیت مبارکہ نماز عصر کے بعد ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت ہی نافع ہے۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۖ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ

(سورۃ البقرہ: ۱۶۵)

ترجمہ :- "ان سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی محبت اللہ تعالےٰ سے (رکھنا) ضروری ہے اور جو مومن ہیں ان کو (صرف) اللہ تعالےٰ کے ساتھ نہایت قوی محبت ہے۔"

## فتح و نصرت :

کسی بھی نیک کام میں کامیابی و کامرانی حاصل کرنے یا کفار کے مقابلے میں کامیابی پانے کے لیے مشکل کے وقت جس قدر بھی تعداد میں پڑھے بفضل تعالےٰ کامیابی قدم چومے گی اور فتح و نصرت حاصل ہو گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۗ (سورۂ صف ۱۳)

Marfat.com

ترجمہ :- "اللہ تعالےٰ کی طرف سے مدد اور فتح (بہت) قریب ہے۔"

## برائے مشکلات :

کسی بھی دینی و دنیاوی مشکل اور پریشانی کو دُور کرنے اور ہر جائز کام میں مطلوبہ مقصد حاصل کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد درج ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگیں انشاء اللہ تعالےٰ ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ؕ

(سورۃ التوبہ آیت ۱۲۹)

ترجمہ :- "پھر اگر یہ روگردانی کریں تو آپ فرما دیجیے (میرا کیا نقصان ہے) کہ میرے لیے (تو) اللہ تعالےٰ کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہ بڑے عظیم عرش کا مالک ہے۔

## اسقاط حمل کا خوف :

حاملہ عورت کو اگر یہ خوف و خدشہ ہو کہ اُس کا حمل قائم نہ رہے گا تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگا کرے بوقت ولادت بچہ تک ہر روز یہ

Marfat.com

عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اُس کا عمل ساقط نہ ہو گا اور اس کے دل سے اس قسم کا خوف جاتا رہے گا۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ہ

(سورۃ الرعد آیت ۸)

ترجمہ:۔ "اللہ تعالیٰ کو سب خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر شے اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے۔"

## ادائیگی قرض کے لیے:

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہو اور قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دے رہی ہو اور قرض خواہ تنگ کرتے ہوں تو اس مشکل سے نکلنے کے لیے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ پڑھ کر دُعا مانگنے سے بفضلِ باری تعالیٰ پردۂ غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْہُ لَکُمْ وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ط وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ حَلِیْمٌ ہ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ وَالشَّھَادَۃِ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ (سورۃ تغابن آیات ۱۷ : ۱۸)

Marfat.com

ترجمہ :- "اگر تم اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح (یعنی خلوص کے ساتھ) قرض دو گے تو وہ اس کو تمہارے لیے بڑھاتا چلا جائے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑا قدر دان ہے (کہ عمل صالح کو قبول فرماتا ہے اور) بڑا بردبار ہے پوشیدہ اور ظاہر (اعمال) کا جاننے والا ہے (اور) زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے۔"

## مصیبت اور اضطراب میں :-

اگر کوئی کسی مصیبت میں مبتلا ہو یا پریشانی کی وجہ سے اضطراب و بے چینی کا شکار ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکہتر مرتبہ ذیل دی ہوئی آیت مبارکہ پڑھے بفضل باری تعالیٰ اُس کی پریشانی دُور ہو جائے گی مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہوگا اور اضطراب کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ (سورہ النمل آیت ۶۲)

ترجمہ :- "یا وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سُنتا ہے جب سے وہ اس کو پکارتا ہے۔ اور (اس کی) مصیبت کو دُور کر دیتا ہے اور تم کو زمین میں صاحب تصرف بناتا ہے (یہ سُن کر اب بتاؤ کہ) کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے (مگر) تم لوگ بہت ہی کم یاد رکھتے ہو۔"

Marfat.com

## آفات وبلّیات سے بچاؤ:-

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات وبلیات سے محفوظ رہے اور کسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر روز نماز فجر کے بعد قرآن پاک کی ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اُسے کسی بھی پریشانی میں کوئی گزند نہ پہنچے گا اللہ تعالےٰ اُسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ اور اُس کا تمام دن راحت وسکون سے گزرے گا۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

(سورۃ الطلاق آیت ۲ : ۳)

ترجمہ:" اور جو شخص اللہ تعالےٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے (نقصان) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔ اور جو شخص اللہ تعالےٰ پر توکل کرے گا۔ تو اللہ تعالےٰ اس کے لیے کافی ہے۔ اللہ تعالےٰ اپنا کام (جس طرح چاہے) پورا کر کے رہتا ہے اللہ تعالےٰ نے ہر شے کا ایک اندازہ (اپنے علم میں) مقرر کر رکھا ہے۔"

## بغض وعداوت کے لیے:

اگر کسی کے دشمن باہم مل کر اُسے نقصان پہنچانے کی کوشش

میں مصروف ہوں اور ان سے خطرہ ہو کہ وہ آپس میں اکٹھے ہو کر نقصان پہنچائیں گے تو دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور ان کی آپس میں عداوت اور پھوٹ ڈالنے کی غرض سے ہر روز نماز مغرب کے بعد گیارہ مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ دشمنوں میں پھوٹ پڑ جائے گی اور وہ نقصان نہیں پہنچائیں گے۔

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط (سورۃ المائدہ آیت : ٦٤)

ترجمہ :۔ " اور ہم نے ان میں باہم قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا۔ "

## دشمن کی سرکوبی کے لیے:

جو کوئی یہ چاہے کہ دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے اور پردۂ غیب سے اس کی سرکوبی کا سبب پیدا ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر روز نماز فجر کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے۔ بفضلِ باری تعالےٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۔

(سورۃ الانفال آیت ١٧)

ترجمہ :۔ " اور اے محبوبؐ! وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی ۔ "

Marfat.com

## استقامت قلب کے لیے:-

ایمان کی سلامتی، قلب کی استقامت اور قوت کے لیے ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ ہر روز کسی بھی وقت ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگی جائے تو انشاء اللہ تعالےٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔ اللہ تعالےٰ ثابت قدمی اور قلبی استقامت عطا کرتا ہے۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَ مَنْ تَابَ مَعَكَ۔

(سورۂ ہُود آیت : ۱۱۲)

## لاعلاج امراض کے لیے

لا علاج اور ایسے امراض میں مبتلا مریض جو بیماری سے تنگ آچکے ہیں اور کوئی بھی علاج اُن پر کارگر نہ ہوتا ہو تو ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ دم کیا ہوا پانی مریض کو صبح دوپہر شام پلائیں انشاء اللہ تعالےٰ آیت مبارکہ کی برکت سے مرض میں بہت جلد افاقہ ہو گا اور بیماری جاتی رہے گی۔ اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

(سورۂ بنی اسرائیل آیت ۸۲)

ترجمہ:- "اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے۔"

Marfat.com

## اہلِ خانہ کے دِل میں محبّت :-

اگر کسی کی بیوی اور بچے اُس سے محبّت نہ کرتے ہوں بدسلوکی سے پیش آتے ہوں جس کی وجہ سے گھر میں ناچاقی کی کیفیت رہتی ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگا کرے۔ بفضلِ باری تعالیٰ بیوی اور بچوں کے دل میں اُس کے لیے محبّت والفت پیدا ہو جائے گی جس کے نتیجہ میں گھریلو زندگی پُر سکون ہو جائے گی انشاءاللہ تعالےٰ اُس کی بیوی اس کی مطیع و فرمانبردار ہوگی اور اولاد بھی اس کے ساتھ پیار و محبّت سے پیش آئے گی۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۭ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ؀ (سورہ آیت آلِ عمران ۱۴)

ترجمہ:- لوگوں کے لیے آراستہ کی گئی ان خواہشوں کی محبت عورتیں اور بیٹے اور تلے اوپر چاندی سونے کے ڈھیر اور نشان کیے ہوئے گھوڑے اور چوپائے اور کھیتی یہ جیتی دُنیا کی پونجی ہے اور اللہ ہے جس کے پاس اچھا ٹھکانہ۔“

## آمدنی میں اضافہ :-

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کی آمدنی میں اضافہ ہو جائے ،

Marfat.com

کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہو جائے دکان خوب چلے تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس عمل کو مسلسل جاری رکھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے روزی میں خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔ اور آمدنی میں خوب اضافہ ہو گا۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

(سورۂ آل عمران آیت ۷۳-۷۴)

ترجمہ:۔ "تم فرما دو کہ فضل تو اللہ ہی کے ہاتھ ہے جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔"

## حُبّ کے لیے:

دلوں میں محبت و الفت پیدا کرنے کے لیے ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ ہر روز باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور اُسے بھی کسی طرح پلا دے انشاءاللہ تعالیٰ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے پیار و محبت کے جذبات پیدا ہو جائیں گے میاں بیوی کے مابین الفت و محبت کی فضا قائم کرنے کے لیے بہت ہی آزمودہ عمل ہے۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝

Marfat.com

ترجمہ:۔ "اور میں نے تجھ پر اپنی طرف کی محبت ڈالی اور اس لیے کہ تو میری نگاہ کے سامنے تیار ہو۔"

(سورۂ طٰہٰ آیت ۳۹)

## رزق میں خیر و برکت:۔

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ تین سو بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے تو بفضلِ باری تعالےٰ اس کے رزق میں زیادتی ہو گی اور اُسے خوب رزق مہیا ہو گا۔

وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط

(سورۃ طلاق آیت ۳)

ترجمہ:۔ "اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو۔"

## کامیابی کے لیے:

کسی بھی نیک کام میں کامیابی اور فتح و نصرت کے لیے یہ آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ کامیابی مقدر ہو گی۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ه (سورۃ الفتح آیت ۱)

ترجمہ "بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرمادی۔"

## حکام کی نظروں میں معزّز

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ حاکم وقت کی نظروں

Marfat.com

میں معزز ہو جائے اور اُسے حاکم کی قربت حاصل ہو جائے تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد یہ آیات مبارکہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی منشاء پوری ہو جائے گی۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

(سورۃ الصّٰفّٰت آیات ۱۸۰ : ۱۸۲)

ترجمہ:- "پاکی ہے تمہارے پروردگار کو عزت والے رب کو ان کی باتوں سے اور سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہان کا رب ہے۔"

## سر درد کے لیے:

سر درد میں فوری آرام اور شافی علاج کے لیے باوضو حالت میں مریض کا ماتھا پکڑ کر سورۃ بنی اسرائیل کی درج ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے بفضل باری تعالیٰ درد رفع ہو جائے گی۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

(بنی اسرائیل آیت ۱۰۵)

ترجمہ:- "اور ہم نے قرآن کو حق ہی کے ساتھ اتارا اور حق ہی کے لیے اُترا اور ہم نے تمہیں نہیں بھیجا مگر خوشی اور ڈر سناتا۔"

Marfat.com

## دماغی کمزوری :-

جو کوئی دماغی کمزوری کا شکار ہو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد دس بار یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ دماغی کمزوری کی شکایت تھوڑے ہی دنوں میں ہو جائے گی۔

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ (سورہ الانبیاء آیت ۷۹)

ترجمہ :- "ہم نے وہ معاملہ سلیمانؑ کو سمجھا دیا اور دونوں کو حکومت اور علم عطا کیا اور داؤدؑ کے ساتھ پہاڑ مسخر فرما دیئے کہ تسبیح کرتے اور پرندے اور یہ ہمارے کام تھے۔"

## طوفان میں حفاظت

بارش اور طوفان میں بجلی کڑکنے اور طوفانی آفات سے محفوظ رہنے کے لیے جو کوئی اُس وقت قرآن پاک کی یہ آیت مبارکہ پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہے اور اُسے کسی قسم کی کوئی گزند نہ پہنچے گی۔

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ

ترجمہ :- "اور پڑھتا ہے گرجنے والا خوبیاں اس کی اور سب فرشتے اس کے خوف سے۔"

(الرعد : ۱۳)

Marfat.com

## زچگی میں آسانی کے لیے :

زچگی میں آسانی حاملہ خاتون کو دورانِ زچگی کسی قسم کی تکلیف کا سامنا ہو تا ہو یا پیٹ کے اندر بچہ کا کوئی مسئلہ ہو تو تین مرتبہ باوضو حالت میں یہ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور خاتون کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔ زچگی کی تکلیف نہ ہوگی اور بچے کی ولادت آسانی سے ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ۙ وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ۙ وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ ۙ وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ؕ (الانشقاق ۱تا۵)

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

" جب آسمان شق ہو اور اپنے رب کا حکم سُنے اور اسے سزاوار ہی یہ ہے اور جب زمین دراز کی جائے اور جو کچھ اس میں ہے ڈال دے اور خالی ہو جائے اور اپنے رب کا حکم سُنے اور اسے سزاوار ہی یہ ہے۔"

## سفر میں حفاظت کے لیے :

بحفاظت سفر کرنے اور سفر کے دوران ہر قسم کی آفات و بلیات

Marfat.com

اور پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لیے جب گاڑی یا کسی بھی سواری پر سوار ہونے لگے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سوار ہو اور پھر یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر عافیت طے ہوگا اور دوران سفر کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○

(سورۃ الزخرف آیات ۱۳ تا ۱۴)

ترجمہ:۔ "پاک ہے اُسے جس نے اس سواری کو ہمارے بس میں کر دیا اور یہ ہمارے بوتے کی نہ تھی اور بے شک ہمیں اپنے پروردگار کی طرف پلٹنا ہے۔

## جادو ختم کرنا:۔

اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو یا اس پر جنات کا اثر ہو یا کوئی ایسا بیمار جو نقاہت کے باعث بے ہوش ہو جاتا ہو تو باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے یا اس کے چہرے پر چھینٹے مارے انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔ اور جنات سے خلاصی ہوگی بیمار کی حالت ٹھیک ہو جائے گی اور اُسے شفائے کاملہ نصیب ہوگی جب تک مکمل آرام نہ آئے ہر روز یہ عمل کرے دن بدن افاقہ ہوگا۔

وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰى ○

Marfat.com

ترجمہ :۔ "اور ڈال تو دے جو تیرے داہنے ہاتھ میں ہے اور ان کی بناوٹوں کو نگل جائے گا وہ جو بنا کر لائے ہیں وہ تو جادوگر کا فریب ہے اور جادوگر کا بھلا نہیں ہوتا کہیں آوے۔"

(سورہ طٰہٰ آیت ۶۹)

## خاتمہ بالخیر :۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالےٰ اس کا خاتمہ بالخیر کرے ایمان کی سلامتی عطا فرمائے اور اسے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی سے درج ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگا کرے یہ آیات مبارکہ جو دُعائیہ کلمات پر مبنی ہے فرشتے اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے حق میں ان کے خاتمہ بالخیر اور جنت کے حصول کی غرض سے مانگتے ہیں اس کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

ترجمہ: "اے ہمارے رب! تیرے رحمت وعلم میں ہر چیز کی سمائی ہے تو انہیں بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ اے ہمارے رب! اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے اور اُن کو جو نیک ہوں ان کے باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں بے شک تو ہی عزت وحکمت والا ہے اور انہیں گناہوں کی شامت سے بچا لے اور جسے تو اس دن گناہوں کی شامت سے بچائے تو بے شک تو نے اس پر رحم فرمایا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔"

(سورۂ المومن آیات ۷تا۹)

## جلد شادی کے لیے:

اگر کوئی اپنی بیٹی یا بیٹے کی شادی کے معاملہ میں سخت پریشان ہو کہیں بھی رشتہ طے نہ ہوتا ہو اور نہ ہی جلد شادی ہونے کے کوئی اسباب نظر آتے ہوں تو ایسی صورت میں اُسے چاہیئے کہ وہ پاک صاف حالت میں نماز عشاء کے بعد ۳۱۳ مرتبہ یہ آیت مبارکہ اس طرح پڑھے کہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے اکتالیس یوم تک یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ منیجے یا بچی جس کے لیے بھی عمل کیا ہے بہت جلد اس کی کسی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے گی۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ○ (یٰس آیت ۳۶)

ترجمہ :- "پاکی ہے اِسے جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اُگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں۔"

## بحفاظت سفر

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کا سفر امن وامان سے طے ہو سفر کی صعوبتوں سے بچا رہے اور بخیر و عافیت اپنی منزل پر پہنچ جائے تو وہ سفر پر جانے سے (قبل) اور سفر کے دوران اکثر مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے تو بفضلِ باری (تع)الٰے اُس کا سفر باآسانی سے طے ہو گا اور وہ بحفاظت اپنی منزل پر پہنچے گا۔

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ (خَ)یْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۝

( سورہ المومنون آیت ۲۹ )

(تر)جمہ :- "اور عرض کر کہ اے میرے پروردگار! مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔"

## (ج)ادو زائل کرنا :-

جادو اور آسیب کا اثر ختم کرنے کے لیے درج ذیل آیات مبارکہ ہر روز (...) مرتبہ باوضو حالت میں چھری پر پڑھ کر دم کرے اور پھر اس چھری سے پانی کاٹ کر مریض کو پلائیں اکتالیس یوم تک ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالےٰ جادو اور آسیب کا اثر زائل ہو جائے گا۔

Marfat.com

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ لا السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(سُورۃ یونس آیات ۸۱ تا ۸۲)

ترجمہ: "پھر جب اُنہوں نے ڈالا مُوسیٰ نے کہا یہ جو تم لائے یہ جادو ہے اب اللہ اسے باطل کر دے گا اللہ مفسدوں کا کام نہیں بناتا اور اللہ اپنی باتوں سے حق کو حق کر دکھاتا ہے۔ پڑے بُرا مانیں مجرم۔"

## سحر اور حسد سے بچاؤ۔

اگر کوئی سحر کا شکار ہو گیا ہو یا کسی کے حسد کی وجہ سے بیمار ہو گیا ہو یا نظر بد کا شکار ہُوا ہو تو چاہیئے کہ با وضو حالت میں سورۂ فلق اس طرح تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے کہ اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے مریض پر اس طرح دم کرنے سے بفضل باری تعالےٰ آرام آجاتا ہے سحر کا اثر ختم ہو جاتا ہے اور حسد کی وجہ سے جو اثرات اس پر مرتب ہوئے ہیں اُس سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ لا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝

Marfat.com

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ہ (سُورہ الفلق)

ترجمہ:- " اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔
تم فرمائیں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صُبح کا پیدا کرنے والا ہے اس سب مخلوق کی شر سے اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔"

## آفات وبلّیات اور وسوسہ سے پناہ :-

اللہ تعالےٰ سے آفات وبلیات اور وسوسہ سے پناہ مانگنے کی یہ دُعا قرآن مجید میں سورۃ الناس کی شکل میں موجود ہے نہایت آزمودہ اور اثر رکھنے والی سورۃ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہ مَلِکِ النَّاسِ ہ اِلٰہِ النَّاسِ ہ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ہ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ہ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ہ (سورۃ الناس)

ترجمہ:- " تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا پروردگار سب لوگوں کا معبود، اس کے شر سے جو دل میں بُرے خطرے ڈالے اور دبک رہے وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں جن اور آدمی۔"

Marfat.com

## نزلہ و زکام :-

شدید نزلہ و زکام کی وجہ سے کثرت سے چھینکیں آتی ہوں تو با وضو حالت میں یہ آیت مبارکہ گیارہ بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مریض کو کھلائی جائے تو مرض میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ (سورۃ الکہف آیت : ۱)

ترجمہ :- "سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں اصلاً کجی نہ رکھی۔"

## کھانسی میں آرام :-

اگر کسی کو کھانسی کا عارضہ لاحق ہو اور شدید کھانسی کا دورہ پڑتا ہو تو با وضو حالت میں یہ آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر سیاہ نمک پر دم کرے اور مریض کو چٹائے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد کھانسی میں آرام آجائے گا اور مرض جاتا رہے گا۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۝ (سورہ صٓ آیت ۲۰)

ترجمہ :- "اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کیا اور اسے حکمت اور قولِ فیصل دیا۔"

Marfat.com

## سینے کے امراض :

جو کوئی سینے کے امراض میں مبتلا ہو اور کسی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں یہ آیات مبارکہ لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد مرض میں آفاقہ ہوگا اور اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِكَتِہٖ وَكُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا ط لَہَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْہَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

(البقرہ آیات ۲۸۵ تا ۲۸۶)

ترجمہ :۔ رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے پروردگار کے پاس اس پر اُترا اور ایمان والے سب نے مانا اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو یہ کہتے ہوئے کہ ہم اس کے کسی رسول پر ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے اور عرض کی کہ ہم نے سُنا

اور مانا تیری معافی ہو اے رب ہمارے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر اس کا فائدہ ہے جو اچھا کمایا اور اس کا نقصان ہے جو برائی کمائی اے رب ہمارے ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں اے رب ہمارے اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے اگلوں پر رکھا تھا اے رب ہمارے اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں سہار نہ ہو اور ہمیں معاف فرما دے اور بخش دے اور ہم پر مہر کر تو ہمارا مولیٰ ہے تو کافروں پر ہمیں مدد دے۔"

## عزت و مرتبہ کے لیے:

جو کوئی یہ چاہے کہ حاکم وقت اور مشہور لوگوں کے دل میں اس کی عزت پیدا ہو جائے۔ اور اس کے مرتبہ و عزت میں اضافہ ہو وہ جب بھی حاکم وقت کے سامنے جائے تو وہ اس کے ساتھ خوش اخلاقی اور عزت سے پیش آئے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے تو بفضلِ باری تعالےٰ اُس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(سورہ آل عمران آیت ۲۶)

Marfat.com

ترجمہ:- "یوں عرض کر اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے بے شک تو سب کچھ کر سکتا ہے۔"

## دشمن کے شر سے بچاؤ۔

ظالم دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن کو تباہ و برباد کرنے کی غرض سے ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ ہر روز ہر نماز کے بعد تین بار پڑھے تو ظالم دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا اور دشمن نیست و نابود ہو گا۔

وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَآ أَمْتًا ۝ (سورہ طٰهٰ آیات ۱۰۵ تا ۱۰۷)

ترجمہ:- "اور تم سے پہاڑوں کو پوچھتے ہیں تم فرماؤ انہیں میرا رب ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گا تو زمین کو پٹ پر ہموار کر کے چھوڑے گا کہ تو اس میں نیچا اونچا کچھ نہ دیکھے۔"

## حکومت و مرتبہ کے لیے:

جو کوئی یہ چاہے کہ اُسے کسی علاقہ کی حکمرانی مل جائے یا اس کے مرتبہ میں اضافہ ہو جائے کسی اچھے عہدہ پر فائز ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ

Marfat.com

وہ ہر نماز کے بعد عاجزی و انکساری کے ساتھ گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگا کرے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُس کو مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور اللہ تعالیٰ اُس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝

(سورۃ البقرہ آیات ۱۰۶ تا ۱۰۷)

ترجمہ:۔ ”کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی حمایتی نہ مددگار۔“

## جان کی حفاظت کے لیے:

اگر کسی کو شر پسندوں اور دہشت گردوں کی طرف سے جان کا خطرہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ اس طرح سے اکیس بار پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ شر پسندوں اور فسادیوں کے شر سے محفوظ رہے گا شر پسند اُسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

اَلَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِیْثَاقِهٖ

Marfat.com

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

(سورۃ البقرہ آیت ۲۷)

ترجمہ:۔ "وہ جو اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں پکا ہونے کے بعد اور کاٹتے ہیں۔ اُس چیز کو جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہی نقصان میں ہیں۔"

## صُلح کے لیے:۔

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ دو ناراض بھائیوں کے مابین صُلح ہو جائے جبکہ وہ صُلح پہ آمادہ نہ ہوتے ہوں یا ان میں سے ایک فریق آمادہ نہ ہوتا ہو تو درج ذیل آیت مبارکہ با وضو حالت میں ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پہ دم کرے اور دونوں فریقین کو یہ دم کیا ہوا پانی پلا دے انشاء اللہ تعالےٰ دونوں صلح پر آمادگی کا اظہار کریں گے۔ اور ان کے مابین صُلح ہو جائے گی۔

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؕ

(سُورۃ البقرہ آیت ۱۰۲)

ترجمہ:۔ "تو اس نے ان میں صُلح کرادی اس پہ کچھ گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔"

## نامردی کا علاج :

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت پر قدرت نہ رکھتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ آیات مبارکہ اکہتر مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ اُسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اکتالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اور اس دوران جب اس کی بیوی پاک صاف ہو جائے یعنی حیض سے پاک ہو جائے تو پھر اس کے قریب جائے بفضلِ باری تعالےٰ اُس کی مُراد بر آئے گی۔

فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ۖ وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ ۚ (البقرہ آیات ۲۲۲ تا ۲۲۳)

ترجمہ :- "پھر جب پاک ہو جائیں تو ان کے پاس جاؤ جہاں سے تمہیں اللہ نے حکم دیا بے شک اللہ پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں کو تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو اور اپنے بھلے کا کام پہلے کرو۔"

## خشک پستان :-

اگر کسی زچہ کے پستان ایام رضاعت میں کسی وجہ سے

Marfat.com

خشک ہو گئے ہوں یا دُودھ ٹھیک طرح سے نہ آتا ہو جس کی وجہ سے بچہ بھوکا رہ جاتا ہو تو زچہ کو چاہیئے کہ وہ اکیس یوم تک بلا ناغہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ پاکیزہ حالت میں اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے اور اپنے سینے پر دم کرے انشاءاللہ تعالےٰ اُس کا مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

(البقرہ آیت ۲۲۳)

ترجمہ :- "اور مائیں دُود پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس اس کے لیے جو دُودھ کی مُدت پوری کرنی چاہیئے :"

## حکمرانی کے لیے :-

جو کوئی حکمرانی حاصل کرنے کا خواہش مند ہو یا کسی بڑے حکومتی منصب پر فائز ہونے کی آرزو رکھتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگا کرے بفضل باری تعالےٰ بہت جلد اس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

وَاللّٰهُ یُؤْتِیْ مُلْكَهٗ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝

(سورۃ البقرہ آیت ۲۴۷)

ترجمہ :- "اور اللہ اپنا ملک جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔"

## راہِ راستی کے لیے :

جو کوئی بُری راہ اور بُرے کام چھوڑ کر راہِ راست

پر آنا چاہتا ہو مگر اس کی راہ میں بعض بُرے لوگ روڑے اٹکاتے ہوں اور اس کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہوں اُسے تنگ کر کے پھر بُرائی کی طرف مائل کرتے ہوں تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد خلوص دل کے ساتھ یہ آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اس کے دشمن اس کا پیچھا چھوڑ دیں گے۔ اور اللہ تعالےٰ کی مدد اس کے شامل حال ہو جائے گی۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ (البقرہ آیت ۲۵۷)

ترجمہ:۔ "اللہ والی ہے مسلمانوں کا انہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے۔"

## اولاد کے لیے:۔

اگر کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اس نعمت سے محروم ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ ہر روز نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور عورت کو پلائے اسی طرح نماز عشاء کے بعد بھی یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد حمل قرار پائے گا اور اللہ تعالےٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (البقرہ آیت ۶)

ترجمہ:۔ "وہی ہے کہ تمہاری تصویر بناتا ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہے

Marfat.com

اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں عزت والا حکمت والا۔"

## نافرمان اولاد:

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور راہ راست پر نہ آتی ہو تو اُس کو راہ راست پر لانے کی غرض سے یہ آیات مبارکہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے بفضلِ باری تعالےٰ اولاد نیکی کی طرف راغب ہوگی اور والدین کی مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی اس عمل کو جاری رکھنے سے اولاد نیک اور صالح ہو جاتی ہے اور والدین کی اطاعت میں رہتی ہے۔

وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ہ فَتَقَبَّلَھَا رَبُّھَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَھَا نَبَاتًا حَسَنًا لا

(سورہ آل عمران آیات ۲۶ تا ۲۷)

ترجمہ:۔ "اور میں اسے اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں راندے ہوئے شیطان سے تو اسے اس کے پروردگار نے اچھی طرح قبول کیا اور اسے اچھا داران چڑھایا۔"

## برص کے لیے:۔

برص کے مریض کو شفایاب کرنے کے لیے با وضو حالت میں یہ آیت مبارکہ تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو سارا دن میں اس پانی میں سے پلائے ہر روز یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد مریض کو افاقہ ہو گا۔

وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ۔ (پارہ ۳ آل عمران)

ترجمہ:۔ "اور میں شفا دیتا ہوں مادر زاد، اندھے اور سفید داغ والے کو۔"

## زیادتی رزق:

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اُس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے اور اس کے رزق میں زیادتی ہو جائے کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہو جائے تو وہ یہ آیات مبارکہ ہر نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھے اور پھر اپنے مقصد کے حصول کے لیے اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالےٰ اُس کے رزق میں زیادتی ہوگی۔ اور وافر مقدار میں رزق حاصل ہوگا۔

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۙ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

(آل عمران آیات ۷۳ تا ۷۴)

ترجمہ:۔ "بے شک فضل تو اللہ ہی کے ہاتھ ہے جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

## میاں بیوی کا جھگڑا:۔

اگر میاں اور بیوی کے مابین گھر میں جھگڑا رہتا ہو سخت ناچاقی کی فضا گھر میں ہو جس کی وجہ سے ان کے لواحقین پریشان ہوں تو چاہیئے کہ یہ

Marfat.com

آیت مبارکہ باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کرے یا پانی پر دم کرے اور دونوں کو پلائے سات یوم تک یہ عمل کرے اور اس دوران صلح کی بات چیت کرے اور دونوں سے آپس میں سلوک و اتفاق رہنے کی بات کرے انشاءاللہ تعالیٰ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝

(سورۃ النساء آیت ۳۵)

ترجمہ:- "اور اگر تم کو میاں بیوی کے جھگڑے کا خوف ہو تو ایک پنچ مرد والوں کی طرف سے بھیجو اور ایک پنچ عورت والوں کی طرف سے یہ دونوں اگر صلح کرنا چاہیں گے تو اللہ ان میں میل کر دے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا خبردار ہے۔

## انصاف کا حصول

اگر کسی پر کوئی ناحق مقدمہ قائم ہو گیا ہو اور اسے خطرہ ہو کہ قاضی یا جج اُس کے ساتھ انصاف سے کام نہ لے گا تو اُسے چاہیئے کہ عدالت میں جانے سے پہلے باوضو حالت میں گھر سے نکلے اور یہ آیت مبارکہ پڑھتا ہوا جائے عدالت میں داخل ہونے کے بعد بھی جج کی طرف مُنہ کر کے یہ پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ جج ناانصافی نہ کرے گا اور اس کے ساتھ انصاف ہو گا۔

Marfat.com

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ۝

(سورۃ النساء آیت ۵۸)

ترجمہ :- "اور یہ کہ جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ بے شک اللہ تمہیں کیا ہی خوب نصیحت فرماتا ہے بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔"

## مشکل کے لیے :-

اگر کوئی ایسی مشکل میں پھنس گیا ہو کہ جس سے چھٹکارا ہوتا ہوا دکھائی نہ دیتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ آیت مبارکہ اکہتر بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور اس کا کام حسب منشا ہو جائے گا

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

(سورۃ النساء آیت ۸۱)

ترجمہ :- "اور اللہ پر بھروسہ رکھو اور اللہ کافی ہے کام بنانے کو۔"

## شراب اور جوئے کی عادت سے چھٹکارا

اگر کوئی شراب نوشی اور جوئے کی حالت میں گرفتار ہو اور کسی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو تو ہر روز باوضو حالت میں یہ آیات مبارکہ سات بار

Marfat.com

پڑھ کر پانی پر یا کسی شیرینی پر دم کر کے اُسے کھلا دے اس کے علاوہ اگر ہر روز نماز مغرب کے بعد یہی آیات مبارکہ پڑھ کر اُس پر دم کر دیا کرے۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ اس کی شراب نوشی اور جوئے کی عادت جلد ہی چھوٹ جائے گی۔ چالیس یوم تک روزانہ یہ عمل کرے۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝

(سورۃ المائدہ آیات ۹۰ تا ۹۱)

ترجمہ:۔ "اے ایمان والو! شراب اور جُوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں شیطانی کام تو ان سے بچتے رہنا کہ تم فلاح پاؤ شیطان یہی چاہتا ہے کہ تم میں عداوت اور دشمنی ڈلوا دے شراب اور جوئے میں اور تمہیں اللہ کی یاد اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آئے۔"

## دکان میں خیر و برکت:

جس کسی نے نیا کاروبار شروع کیا ہو اور دکان کا آغاز کیا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر روز باوضو حالت میں دکان کھول کر جب بیٹھے تو بکثرت اس

Marfat.com

آیت مبارکہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور غیب سے رزق کے اسباب مہیا ہوں گے اللہ تعالیٰ بہتر اور وافر رزق عطا فرمائیگا۔

وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۝

(سورۃ المائدہ آیت ۱۱۴)

ترجمہ :۔ "اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔"

## ظالم کے شر سے بچاؤ :

اگر کوئی ظالم کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو اور چاہتا ہو کہ ظالم دشمن اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے تو وہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالےٰ ظالم کے شر سے بچا رہے گا اور اللہ تعالےٰ اس سے ظالم کا شر دور کر دے گا۔

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ط

(سورۃ الانعام آیت ۱۷)

ترجمہ :۔ " اور اگر تجھے اللہ کوئی برائی پہنچائے تو اس کے سوا اس کا کوئی دور کرنے والا نہیں۔"

## گمشدہ کی تلاش :۔

ایسا گمشدہ جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ وہ کدھر گیا ہے ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ آیت مبارکہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے

Marfat.com

دُعا مانگے انشاء اللہ تعالےٰ جلد ہی گمشدہ کے بارے میں اطلاع مل جائے گی کہ وہ کہاں ہے سات یوم تک برابر یہ عمل کرے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ ( الانعام ۵۹ )

ترجمہ :- "اور اسی کے پاس ہیں کنجیاں غیب کی انہیں وہی جانتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے اور جو پتا گرتا ہے وہ اسے جانتا ہے اور کوئی دانہ نہیں زمین کی اندھیریوں میں اور نہ کوئی تر اور نہ خشک جو اس روشن کتاب میں لکھا نہ ہو۔"

## سفر میں راستہ بھولنا :

اگر کوئی سفر کے دوران کسی ایسے جنگل یا بیابان میں سے گزر رہا ہو جہاں پر دُور دُور تک کوئی انسان نہ ہو اور وہ راستہ بھول گیا ہو پتہ نہ چلتا ہو کہ منزل کس سمت ہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ یہ آیت مبارکہ تین بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے تو بفضل باری تعالےٰ غیب سے راستہ ملنے کا سبب پیدا ہو جائے گا اور اُسے راستہ مل جائے گا۔

Marfat.com

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ط (سورۃ الانعام آیت ۹۷)

ترجمہ:۔ "اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے تارے بنائے کہ ان سے راہ پاؤ۔ خشکی اور تری کے اندھیروں میں۔"

## خشک سالی:۔

اگر بارش نہ ہو رہی ہو خشک سالی کے باعث بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہو اور فصلوں کا نقصان ہونے کا ڈر ہو تو چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے سات یوم تک یہ عمل کرے بفضلِ باری تعالےٰ سات یوم کے اندر اندر بارانِ رحمت ہو جائے گی اور خشک سالی جاتی رہے گی۔

وَهُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًاۢ بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ط (سورۃ الاعراف آیت ۵۷)

ترجمہ:۔ "اور وہی ہے کہ ہوائیں بھیجتا ہے اس کی رحمت کے آگے مژدہ سناتی یہاں تک کہ جب اٹھا لائیں بھاری بادل ہم نے اسے کسی مردہ شہر

Marfat.com

کی طرف چلایا پھر اس سے پانی اتارا پھر اس سے طرح طرح کے پھل نکالے۔"

## درختوں پر پھل زیادہ آئیں:-

اگر کسی پھلدار درخت پر پھل کم لگتے ہوں یا پہلے زیادہ لگتے تھے بعد میں رفتہ رفتہ پھل لگنا کم ہو گئے ہوں تو ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اکیس بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور درختوں پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ درختوں پر پھل زیادہ آنا شروع ہو جائیں گے۔

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ۔

(سورۃ الاعراف آیت ۵۸)

ترجمہ:۔" اور جو اچھی زمین ہے اس کا سبزہ اللہ کے حکم سے نکلتا ہے۔"

## بے سروسامانی میں:-

اگر کوئی بے سروسامانی کی حالت میں ہو یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں سکونت پذیر ہونے کی غرض سے گیا ہوا ہو اور اس شہر میں بھی بے سروسامانی کی حالت میں ہو اور کہیں سے رہائش و روزی کا کوئی سبب دکھائی نہ دیتا ہو تو وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ اس طرح سے گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے اور پھر روزی کی تلاش میں نکلے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مدد اللہ تعالیٰ فرمائے گا اور اس کی بے سروسامانی کی حالت ختم ہو جائے گی۔

Marfat.com

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ (سورۃ الانفال آیت ۲۶)

ترجمہ:۔ "اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے ملک میں دبے ہوئے ڈرتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں اچک نہ لے جائیں تو اس نے تمہیں جگہ دی اور اپنی مدد سے زور دیا اور ستھری چیزیں تمہیں روزی دیں کہ کہیں تم احسان مانو۔"

## دو مسلمانوں کی دشمنی:

اگر دو مسلمانوں کے مابین آپس میں دشمنی پیدا ہو گئی ہو اور جھگڑے کا خطرہ ہو تو چاہیئے کہ یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر شیرینی دم کرے اور دونوں کو کھلا دے تو انشاء اللہ تعالٰے دونوں آپس میں جھگڑنے سے گریز کریں گے اور دشمنی ختم کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے۔

وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ (الانفال ۴۶)

ترجمہ:۔ "اور آپس میں جھگڑو نہیں کہ پھر بزدلی کرو گے اور تمہاری بندھی ہوئی ہوا جاتی رہے گی اور صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔"

Marfat.com

## دولت وثروت کے لیے :۔

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالٰے اس سے محتاجی دُور فرما دے اور اسے مال و دولت سے نوازے تو وہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ چودہ بار پڑھ کر اللہ تعالٰے سے دُعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالٰے اُسے دولت و ثروت حاصل ہو گی اور محتاجی جاتی رہے گی۔

وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (التوبہ ۲۸)

ترجمہ :۔ " اور اگر تمہیں محتاجی کا ڈر ہے تو عنقریب اللہ تمہیں دولت مند کر دے گا۔ اپنے فضل سے اگر چاہے بے شک اللہ علم و حکمت والا ہے۔

## دِل کی بیماری :۔

دل کے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے یہ آیت مبارکہ شفا کی حیثیت رکھتی ہے جو کوئی دل کا مریض ہو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد سات بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اوّل و آخر تین تین بار درُود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اس کے علاوہ با وضو حالت میں سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے یہ پانی مریض کو پلانے سے مرض میں افاقہ ہوتا ہے اور بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے دل کی بیماری بہت جلد جاتی رہتی ہے۔ ہر روز توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکتالیس یوم تک یہ عمل کرنا صحت یابی کا باعث ہے

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

(سورۂ یونس آیت ۵۷)

ترجمہ:۔ "تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت آئی اور دلوں کی صحت اور ہدایت اور رحمت ایمان والوں کے لیے۔"

## بے خوابی کے لیے:۔

جس کو رات کے وقت نیند نہ آتی ہو بے خوابی کا عارضہ لاحق ہو تو وہ نمازِ عشاء کے بعد رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں بستر پر جا کر یہ آیت مبارکہ گیارہ بار اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اُسے فوراً نیند آجائے گی اور وہ سکون کی نیند سوئے گا۔ بے خوابی کی شکائیت رفع ہو جائے گی۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ (سورۂ یونس آیت ۶۷)

ترجمہ:۔ "وہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی کہ اس میں چین پاؤ اور دن بنایا تمہاری آنکھیں کھولتا۔"

## سمندری طوفان میں:۔

اگر کوئی کشتی یا جہاز میں سوار ہو اور سمندری

Marfat.com

طوفان میں گھر گیا ہو تو وہ فوراً یہ آیت مبارکہ بکثرت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سمندری طوفان سے محفوظ رہے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِى الْفُلْكِ (سورۂ یونس آیت ۷۳)

ترجمہ: "تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی۔"

## ایمان کی مضبوطی:-

اگر کسی کا ایمان متزلزل ہوگیا ہو اور وہ کسی دینی معاملہ میں شک و شبہ میں پڑ گیا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد یہ آیات مبارکہ تین بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اُس کے دل میں اسلام کی محبت جڑ پکڑے گی ایمان مضبوط ہو جائے گا اور شک و شبہ اُس کے ذہن سے نکل جائے گا۔

فَاِنْ كُنْتَ فِىْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۙ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

(سورۂ یونس آیات ۹۴ تا ۹۵)

ترجمہ: "سوائے سننے والے اگر تجھے کچھ شبہ ہو اس میں جو ہم نے تیری

طرف اتارا تو ان سے پوچھ دیکھ جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھنے والے ہیں بے شک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا تو تو ہرگز شک والوں میں نہ ہو اور ہرگز ان میں نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی آیات جھٹلائیں کہ تو خسارے والوں میں ہو جائے گا۔"

## رزق میں برکت:

رزق میں خیر و برکت اور زیادتی کے لیے ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ اکتالیس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اور اللہ تعالیٰ رزق میں برکت پیدا فرمائے گا۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا

(سورۃ ہود آیت ۶)

ترجمہ:۔" اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہ کرم پر نہ ہو۔"

## سیلاب کی آفت کے لیے:۔

مسلسل بارشوں کے باعث سیلاب کی تباہ کاریاں پھیل جانے کا خطرہ ہو تو مسلمانوں کو اجتماعی طور پر ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگنی چاہیے بفضلِ باری تعالیٰ سیلاب کا ریلا تھم جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَ

Marfat.com

غِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ۔ (سورۂ ہود آیت ۴۴)

ترجمہ:۔ "اور حکم فرمایا گیا کہ اے زمین اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان تھم جا اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام ہوا۔"

## قبولیّت دُعا:۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جائز اور نیک دُعا جلد قبول کروانے کی غرض سے دُعا سے قبل اکیس بار یہ آیت مبارکہ اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درُود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت بہت جلد دُعا قبولیت کی سند حاصل کرے گی۔

اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ۝ (سورۂ ہود آیت ۶۱)

ترجمہ:۔ "بے شک میرا رب قریب ہے دُعا سننے والا۔"

## فراخیٔ علم:۔

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُسے علم کی دولت عطا ہو اُس پر علم و ہنر کے دروازے کھل جائیں تو وہ ہر روز نماز عصر کے بعد اکتالیس بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے علم میں اضافہ ہوگا۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ط

(سورۂ یوسف آیت ۲۲)

ترجمہ:۔ "اور جب اپنی پوری قوت کو پہنچا ہم نے اسے حکم اور علم عطا فرمایا۔"

Marfat.com

## قید سے رہائی کے لیے:-

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ اس کی جلد رہائی کی صورت ممکن ہو جلئے گی اور وہ جلد با عزت طور پر رہا ہو جائے گا۔ چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اس دوران بفضلِ باری تعالےٰ اس کی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

وَمَآ اُبَرِّیُٔ نَفْسِیْ ج اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ط اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

(سورہ یوسف آیت ۵۳)

ترجمہ: "اور میں اپنے نفس کو بے قصور نہیں بتاتا بے شک نفس تو برائی کا بڑا حکم دینے والا ہے مگر جس پر میرا رب رحم کرے۔"

## حاکم وقت کی قربت:-

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ حاکم وقت کی نظروں میں معزز ہو جلئے اور اُسے حاکم کی قربت حاصل ہو جلئے حاکم اُس پر اس قدر مہربان ہو جائے کہ اُسے ملک میں کسی خاص اور اہم عہدہ پر فائز کرے تو اُسے چاہیئے کہ وہ یہ آیات مبارکہ ہر نماز کے بعد تین بار اس طرح پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین بار دُرود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ جلد

اُس کا مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهٖٓ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ○ قَالَ اجْعَلْنِي عَلٰى خَزَآئِنِ الْأَرْضِ ۚ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ○ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ ۚ

(سُورہ یوسف آیات: ۵۴ تا ۵۶)

ترجمہ:۔ ”اور بادشاہ بولا انہیں میرے پاس لے آؤ کہ میں انہیں خاص اپنے لیے چُن لوں پھر جب اس سے بات کی کہا بے شک آج آپ ہمارے یہاں معزز معتمد ہیں یوسف نے کہا مجھے زمین کے خزانوں پر کر دے بیشک میں حفاظت والا علم والا ہوں اور یُونہی ہم نے یُوسف کو اس ملک پر قدرت بخشی۔“

## بچھڑے ہوئے مل جائیں:۔

اگر کسی کا کوئی بچہ یا عزیز بچھڑ گیا ہو اور وہ اس کی جدائی میں سخت پریشان ور بے چین ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکتہر بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالےٰ بچھڑا ہوا بہت جلد مل جائے گا۔

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعًا ۚ إِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ○

(سورۂ یوسف آیت ۸۳)

Marfat.com

ترجمہ:- "تو اچھا صبر ہے قریب ہے کہ اللہ ان سب کو مجھ سے لا ملائے۔ بے شک وہی علم و حکمت والا ہے۔"

## بصارت میں اضافہ:-

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو گئی ہوں اور نظر کمزور ہو گئی ہو بینائی میں کمی واقع ہو گئی ہو تو باوضو حالت میں اکیس بار یہ آیات مبارکہ اس طرح پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کرے اس پانی سے آنکھوں پر چھینٹے مارے اور پانی زمین پر نہ گرنے دے چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ نظر کی کمزوری دُور ہو جائے گی۔ بینائی میں اضافہ ہو جائے گا اور آنکھیں خوب روشن ہو جائیں گی۔

وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ط

(سورۂ یوسف آیات ۹۲ تا ۹۳)

ترجمہ:- "اور وہ سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے میرا یہ کرتہ لے جاؤ اسے میرے باپ کے مُنہ پر ڈالو ان کی آنکھیں کھل جائیں گی۔"

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا۔ (سورۂ یوسف آیت ۹۶)

ترجمہ:- "پھر جب خوشی سُنانے والا آیا اس نے وہ کُرتا یعقوبؑ کے مُنہ

Marfat.com

پر ڈالا اُسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں۔"

## بحفاظت ہوائی سفر:-

اگر کوئی ہوائی سفر کرتے ہوئے ڈرتا ہو اور اس کا خوف کسی طرح بھی دور نہ ہوتا ہو تو وہ ہوائی جہاز میں سوار ہونے سے قبل یا جہاز میں بیٹھ کر باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ کثرت سے پڑھے اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے تو انشاءاللہ تعالےٰ اس کا ہوائی سفر بخیر و عافیت گزرے گا اور اُس کا خوف بھی جاتا رہے گا۔

اَللّٰهُ الَّذِىْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ (سورۃ الرعد آیت ۲)

ترجمہ:- " اللہ ہے جس نے آسمانوں کو بلند کیا بے ستونوں کے کہ تم دیکھو پھر عرش پر استوا فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے اور سورج اور چاند کو مسخر کیا ہر ایک ایک ٹھہرائے ہوئے وعدہ تک چلتا ہے۔"

## قلبی سکون کے لیے:-

جو کوئی قلبی سکون کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ وہ قلبی طور پر مطمئن ہو جائے اس کی بے چینی کی کیفیت ختم ہو جائے تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ بار یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اُسے قلبی

Marfat.com

سکون عطا ہوگا۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝

(سورہ الرعد آیت ۲۸)

ترجمہ:۔ "وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں سن لو اللہ کی یاد ہی دلوں کا چین ہے۔"

## سمندری سفر:۔

اگر کوئی کشتی یا بحری جہاز کے ذریعے سمندری سفر پہ جا رہا ہو اور سفر کے دوران سمندری طوفان کا خطرہ درپیش ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ بکثرت یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کشتی ڈوبنے سے محفوظ رہے گی اور اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہوگا۔ اور سمندری طوفان سے بچا رہے گا۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ۔

(سورۂ ابراہیم آیت ۳۲)

ترجمہ:۔ "اور تمہارے لیے کشتی کو مسخّر کیا کہ اس کے حکم سے دریا میں چلے۔"

## زیادہ فصل کے لیے:۔

جس کسان کی کھیتی کم پیداوار دیتی ہو جبکہ زمین اچھی ہو اور وہ محنت بھی

خوب کرتا ہو تو وہ باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ اکتالیس بار پڑھ کر تھوڑے سے پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی کھیت کے چاروں کونوں میں ڈال دے بفضلِ باری تعالےٰ اس کی فصل خوب اچھی ہو جائے گی۔

يُنۢبِتُ لَكُم بِهِ ٱلزَّرۡعَ وَٱلزَّيۡتُونَ وَٱلنَّخِيلَ وَٱلۡأَعۡنَٰبَ وَمِن كُلِّ ٱلثَّمَرَٰتِۚ (سورۃ النحل آیت ۱۱)

ترجمہ:- "اس پانی سے تمہارے لیے کھیتی اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل۔"

## بنجر زمین کے لیے:-

وہ بنجر زمین جس پر فصل کاشت نہ ہوتی ہو تو باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور زمین کے چاروں کونوں میں ڈال دے اکتالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اس کے ساتھ ساتھ زمین کو کاشت کرنے کی کوشش بھی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مردہ زمین زندہ ہو جائے گی۔ اور اس پر فصل اُگ آئے گی۔

وَٱللَّهُ أَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَحۡيَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ۔ (سورۃ النحل آیت ۶۴)

ترجمہ:- "اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا تو اس سے زمین کو زندہ کر دیا۔"

**مباحثہ میں کامیابی:** اگر کوئی کسی ایسے شخص یا گروہ سے مباحثہ

Marfat.com

کے لیے جانا چاہتا ہو جو راہ راست پر نہ ہو اور اپنے مؤقف کو ثابت کرنے کے لیے بہت سی دلیلیں بھی پیش کرتا ہو تو اس کے ساتھ مباحثہ کرنے سے قبل با وضو حالت میں توجہ و یکسوئی کے ساتھ سات مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر جائے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ ط اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِہٖ وَھُوَ اَعْلَمُ بِالْمُھْتَدِیْنَ ۝

(سورۃ النحل آیت ۱۲۵)

"ترجمہ": اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے اور ان سے اس طریقہ پر بحث کرو جو سب سے بہتر ہو بے شک تمہارا رب خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بہکا اور وہ خوب جانتا ہے راہ والوں کو۔"

Marfat.com

# کلمے

# اور اُن کی فضیلت و فوائد

ذیل میں دیئے گئے کلمات کی فضیلت و فوائد اس قدر زیادہ ہیں
کہ ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ خود بھی یہ کلمے سیکھے اور اپنے بچّوں
کو بھی سکھائے اور ان کی برکات سے مستفید ہو۔

## اوّل کلمہ طیّب :-

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

ترجمہ :- اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمّد (صلے اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسُول ہیں۔
اس پاکیزہ کلمے کو کلمۂ اخلاص بھی کہا جاتا ہے۔ اس کلمے کے فوائد اور اس
کے پڑھنے کی فضیلت بہت سی احادیث مبارکہ میں بیان ہوئی ہے چنانچہ ایک
حدیث مبارکہ میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے
ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ،
"جو شخص بھی اس حال میں انتقال کرے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی سچے دل سے گواہی دیتا ہو ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ تعالےٰ ضرور اس کی مغفرت فرما دے گا۔ (ترمذی، احمد، نسائی، طبرانی)

اس سے معلوم ہوا کہ کلمہ طیبّہ جنت کی کنجی ہے اگر غیر مسلم اس کلمہ کو صدق دل سے پڑھ لے تو وہ دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتا ہے۔ اس کلمے کا وِرد کرنے سے قلب منوّر ہو جاتا ہے دل میں نورِ ایمان کی روشنی جگمگانا شروع ہو جاتی ہے اور اللہ تعالےٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔

## دوم کلمہ شہادت :

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

ترجمہ :۔ ”میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ واحد ہے اُس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اس کے بندے اور رسُول ہیں۔“

اس کلمے کا وِرد کرنا بھی باعثِ ثواب و رحمت ہے۔ حضرت عمر فارُوق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ،

” ایسا کوئی بندہ نہیں جو بہترین طریقہ سے وضو کرے پھر آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔ اور اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے نہ کھول دیئے جاتے ہوں پھر وہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔" (مسلم شریف)

اس کلمے کو پڑھنے سے اللہ تعالےٰ کی توحید اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رسالت کی گواہی کا اقرار ہوتا ہے اس لیے اس کلمے کو ایمان کی گواہی دینے کا کلمہ بھی کہا جاتا ہے۔

## سوم کلمہ تمجید:۔

سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

ترجمہ:۔ "پاک ہے اللہ اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی قوت اور نیک کام کرنے کی طاقت نہیں ہوتی مگر اللہ تعالیٰ (کی توفیق طلب کرنے سے) جو بلند مرتبہ اور بڑی بزرگی والا ہے۔"

اس کلمے سے اللہ تعالےٰ کی بزرگی اور بڑائی کا اظہار ہوتا ہے احادیث مبارکہ میں اس کلمے کو پڑھنے کے بہت سے فوائد بیان ہوئے ہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ،

" معراج کی رات جب میری ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام کہہ دینا اور یہ کہہ دینا کہ جنت کی مٹی نہایت عمدہ پاکیزہ ہے اور بہترین پانی مگر وہ بالکل چٹیل میدان ہے اور اس کے پودے (یعنی درخت) سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہیں۔ (جو جس قدر چاہے درخت لگائے)۔

ایک حدیث مبارکہ میں اس کے بعد لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ بھی ہے۔ جبکہ دوسری حدیث میں ہے کہ ان کلموں میں سے ہر کلمہ کے بدلے ایک پودا جنت میں لگایا جاتا ہے۔ ایک اور حدیث پاک میں ہے کہ جو کوئی سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھے گا ایک پودا جنت میں لگا دیا جائے گا۔ ایک اور حدیث پاک میں ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے جا رہے تھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ ایک پودا لگا رہے ہیں۔ پوچھا کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے عرض کی پودا لگا رہا ہوں، ارشاد فرمایا، میں بتاؤں بہترین پودے جو لگائے جائیں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہر کلمہ سے جنت میں ایک

پودا لگتا ہے۔"

(ترمذی، طبرانی، ابن ماجہ)

اس کلمہ تمجید کو بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات دیتا ہے بے شمار بیماریوں کا علاج اس کلمے کو پڑھنے میں مضمر ہے۔ اللہ تعالیٰ بندے کو اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے برائی سے بچنے اور نیکی کے کاموں کی توفیق عطا فرماتا ہے اور دنیا و آخرت میں کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔

## چہارم کلمہ توحید:۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

ترجمہ:۔ " نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی حکومت ہے اور اسی کے لیے سب تعریفیں ہیں وہی زندگی دیتا ہے اور مارتا ہے وہ خود زندہ ہے اسے موت نہیں آئے گی۔ کبھی بھی (وہ) عظمت و جلال اور بزرگ شان والا ہے۔ اسی کے ہاتھ میں ساری بھلائیاں ہیں اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔"

اس کلمے کو پڑھنے سے بھی بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں جو کوئی ہر روز ایک سو بار یہ کلمہ توجہ و یکسوئی سے پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو دس غلاموں

Marfat.com

کے آزاد کرنے کے برابر ثواب عطا فرماتا ہے اس کے نامۂ اعمال میں سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کے سو گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس دن شام تک وہ شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کو پڑھنے سے اللہ تعالےٰ کی یکتائی کا اقرار ہوتا ہے۔ اس کو بکثرت پڑھنے سے پروردگار عالم کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرماتا ہے۔

## پنجم کلمہ استغفار :-

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْۢبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاءً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْۢبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْۢبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ترجمہ :- "میں اللہ تعالےٰ سے اپنے تمام گناہوں کی معافی چاہتا ہوں وہ گناہ جو قصداً اور غلطی سے خفیہ اور اعلانیہ (سرزد ہوئے) اور اس کی بارگاہ میں تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ (اے اللہ) بے شک تو غیوب کا جاننے والا ہے اور عیوب پر پردہ ڈالنے والا ہے اور گناہوں کو معاف کرنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی قوت اور نیک کام کرنے کی طاقت نہیں ہوتی مگر اللہ (کی توفیق سے) جو عالی

مرتبت اور بڑی بزرگی والا ہے۔"

اس کلمے کو پڑھنے سے اللہ تعالےٰ گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے اور بندے کے دل میں نیکی اور بھلائی کا جذبہ پیدا فرما دیتا ہے احادیث مبارکہ میں اس کلمے کے پڑھنے کے بہت سے فضائل و فوائد بیان ہوئے ہیں۔

## ششم کلمہ ردِّ کفر:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

ترجمہ:۔ یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں شریک ٹھہراؤں تیرا کسی چیز کو اس حالت میں کہ مجھے اس کا علم ہو اور میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں ہر اس گناہ کی جس کا مجھے علم نہ ہو، میں اس سے توبہ کرتا ہوں اور میں بیزار ہوں کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور فحش کاموں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں فرمانبردار ہو گیا ہوں اور ایمان لے

Marfat.com

آیا ہوں اور میں (خلوص دل سے) کہتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالےٰ کے۔ محمد (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔"

اس کلمے کو پڑھنے سے کفر و شرک اور تمام گناہوں سے بیزاری کا اظہار ہوتا ہے اس کے علاوہ اللہ تعالےٰ کی توحید اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رسالت کی گواہی کا اقرار بھی ہوتا ہے۔ اس کلمے کی فضیلت بھی بہت زیادہ ہے۔ اس کو بکثرت پڑھتے رہنے سے اللہ تعالےٰ بندے کو اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے اور ہر طرح کے گناہوں سے محفوظ رکھتا ہے ایک حدیث مبارک میں آتا ہے کہ اس کو ہر روز تین بار پڑھنے سے اللہ تعالےٰ ہر طرح کی برائی اور شرک و کفر سے بندے کو بچا کر رکھتا ہے۔

# ایمان مُجمل اور مُفصّل

ایمان مجمل یعنی مختصر الفاظ میں ایمان کا اظہار اس کلمہ سے ہوتا ہے۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ ؕ

ترجمہ :- "میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفات کے ساتھ

Marfat.com

ہے اور میں نے اس کے سب احکام قبول کیے اور اپنی زبان سے اقرار کیا اور دل سے تصدیق کی۔"

ایمان مفصّل یعنی ایمان کی باتوں کے تفصیلی اقرار کا اظہار اس کلمے سے ہوتا ہے۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط

ترجمہ :- میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور آخرت کے دن پر اور تقدیر پر کہ اس کی اچھائی اور برائی اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے اور میں ایمان لایا مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھائے جانے پر۔

Marfat.com

# ذکرِ الٰہی جلّ شانہٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا،

"اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ میرا معاملہ بندہ کے ساتھ اس کے یقین کے مطابق ہے اور میں اس کے بالکل ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے، اور اگر وہ اپنے دل میں اس طرح یاد کرے کہ کسی اور کو خبر نہ ہو تو میں بھی اس کو اسی طرح یاد کروں گا۔ اور اگر وہ دوسرے لوگوں کے سامنے مجھے یاد کرے تو میں ان سے بہتر بندوں کی جماعت میں اس کا ذکر کروں گا (یعنی ملائکہ کی جماعت میں اور ان کے سامنے)

(صحیح مسلم۔ صحیح بخاری۔ معارف الحدیث)

## ہر نیک عمل ذکرِ اللہ میں داخل ہے۔

امام تفسیر وحدیث حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ذکرِ اللہ صرف تسبیح وتہلیل اور زبانی ذکر پر منحصر نہیں بلکہ ہر عمل جو اللہ تعالےٰ کی اطاعت میں کیا جائے وہ بھی ذکر اللہ میں داخل ہے بشرطیکہ نیت اطاعت کی ہو۔ اسی طرح دنیا کے تمام کاروبار داخل ہیں۔ اگر ان میں شرعی حدود کی پابندی کا دھیان رہے کہ جہاں تک جائز ہے کیا جائے اور جس حد پر پہنچ کہ ممنوع

Marfat.com

ہے اس کو چھوڑ دیا جائے، تو یہ سارے اعمال جو بظاہر دُنیوی کام ہیں وہ بھی ذکر اللہ میں شامل ہوں گے۔ (حدیث شریف)

# آیاتِ مبارکہ باریٔ تعالیٰ

- سو میرا ذکر کرو۔ میں تمہارا ذکر کروں گا۔ اور میری شکر گزاری کرو۔ (سُورۃ البقرہ۔ ۱۵۲)
- اے ایمان والو! تم اللہ تعالیٰ کا خُوب کثرت سے ذکر کیا کرو۔ اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔ (سُورۃ الاحزاب ۴۰-۴۱)
- اور اللہ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے (سُورۃ العنکبوت۔ ۴۵)
- خُوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر (میں ایسی خاصیت ہے کہ اس) سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے۔ (سُورۃ الرعد ۲۸)
- اے ایمان والو! تم کو تمہارے مال اور اولاد، اللہ کے ذکر سے غافل نہ کرنے پائیں، اور جو ایسا کرے گا، ایسے لوگ ناکام رہنے والے ہیں۔ (سُورۃ المنافقون۔ ۹)

# احادیث مبارکہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

- حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ یا رسُول اللہ! ذکر کی مجلسوں کی غنیمت کیا ہے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجالس

ذکر کی غلیمت جنّت ہے جنّت۔ (الترغیب والترہیب جلد۲ صفحہ ۴۰۵)

- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ جب میرا بندہ میرا ذکر کرتا ہے اور میری یاد کے ساتھ ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ (الدر المنثور ج ا ص ۱۵۲)
- حضرت موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مثال اس شخص کی جو ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتا ہے اور اس شخص کی جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا زندہ اور مُردہ کی سی ہے۔ (صحیح بخاری جلد۲ صفحہ ۹۴۸)
- ذکرِ الٰہی سے بڑھ کر کوئی شے اللہ کے عذاب سے نجات دلانے والی نہیں ہے۔ (ترمذی)
- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر کرنیوالے سب پر سبقت لے گئے۔ (مسلم شریف)
- ذکر اللہ کی راہ میں سونا چاندی خرچ کرنے سے بھی افضل ہے۔ (ترمذی شریف)
- جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ذکر کرنے والوں کا اللہ تعالیٰ فرشتوں میں ذکر فرماتا ہے۔ (بخاری شریف)
- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر کرنا، اللہ کے راستے میں خرچ کرنے سے سات سو درجہ بڑھ جاتا ہے۔ (مسند امام احمد)

Marfat.com

- جناب رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ذاکر پر اللہ تعالیٰ اپنا سایہ رکھتا ہے۔ (بخاری شریف)
- آپ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ذکر کرنے والوں کی برائیاں نیکیوں میں بدل جاتی ہیں (الدر المنشور)
- جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں شفاء ہے اور لوگوں کی باتوں میں بیماری۔

(کنز الایمان)
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ہمیشہ ذکر الٰہی کرنے والے کو اللہ تعالٰے کے عرش کے نور میں ڈھانپا جاتا ہے۔

(الترغیب والترہیب)
- آپ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جہاں اللہ تعالٰے کا ذکر ہوتا ہے وہ زمین دوسری زمین پر فخر کرتی ہے۔ (مجمع الزوائد)

---

# فضائل مجالس "ذکرِ الٰہی" حدیث کی روشنی میں

- حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اللہ کے ذکر کی ایک مجلس بیس لاکھ بری مجالس کا کفارہ ہوتی ہے۔
- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! اللہ تعالٰے کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ منافق لوگ تجھے مجنون کہنے لگیں۔

(مسند امام احمد بن حنبل جلد ۱ صفحہ ۱)

Marfat.com

- حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز اللہ تعالےٰ بعض قوموں کا حشر اس طرح فرمائے گا کہ ان کے چہروں پر نور چمکتا ہو گا وہ موتیوں کے منبروں پر بیٹھے ہوں گے لوگ ان پر رشک کریں گے وہ لوگ انبیاء اور شہداء نہ ہوں گے۔ ایک دیہاتی نے گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر عرض کیا، یا رسُول اللہ! ان کا حال بیان فرما دیجیئے تاکہ ہم ان کو پہچان لیں۔ آپ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں سے مختلف خاندانوں سے آکر ایک جگہ جمع ہو گئے ہوں اور اللہ تعالےٰ کے ذکر میں مشغول ہوں۔

(مجمع الزوائد منبع الفوائد جلد ۱ ص ۷۷)

- حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے پاس ایک فرشتوں کی جماعت ہے جو ہر وقت چلتی پھرتی رہتی ہے جو ذکر کے حلقوں کو تلاش کرتی ہے اور جب ان کو پا لیتی ہے۔ تو اُن کو اپنے پروں سے گھیر لیتی ہے۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ ان کو میری رحمت کے ساتھ ڈھانپ لو، یہ اہل مجلس ایسے ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا کبھی بدبخت نہ ہو گا۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد جلد ۲ ص ۳۹۲)

- جناب رسُول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو قوم جمع ہو کر اللہ تعالیٰ

کا ذکر اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کرتی ہے ۔ ان کو آسمان سے ایک فرشتہ پکارتا ہے کہ تم لوگ بخش دیئے گئے ، اور تمہاری برائیاں نیکیوں سے بدل دی گئیں ۔

(الترغیب والترہیب)

- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے صحابہؓ جب جنت کے باغوں پر گزرو تو خوب چرو ۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ۔ یا رسول اللہ ! جنت کے باغ کیا ہیں تو آپؐ نے فرمایا ذکر کے حلقے ۔

(محفل ذکر الٰہی) (الجامع الصغیر)

- رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز اللہ تعالٰے فرمائے گا ، آج محشر والے عنقریب جان لیں گے کہ اہل کرم کون ہیں ؟ پوچھا گیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (جن پر اللہ تعالٰے انعام فرمائے گا) کون ہیں ؟ آپؐ نے فرمایا مساجد میں ذکر کی محفلیں لگانے والے ۔

(مسند امام احمد بن حنبلؒ جلد ۳ ۔ صفحہ ۶۸)

## مقالاتِ حکمت

✳ ذکر الٰہی جہادِ اکبر ہے ۔ ✳ جہادِ اکبر میں نہ ڈرنا حرام ہے نہ مرنا حرام ہے ، بھاگنا حرام ہے ۔

# فضائلِ اذکارِ جمیلہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

✵ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس دُعا سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جاتی ہے وہ رَد نہیں کی جاتی۔

✵ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر ذی شان کام جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے، ادھورا اور بے برکت ہوتا ہے۔

✵ رسولِ کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے گا تو اللہ تعالےٰ اس کے ہر حرف کے بدلے چار چار ہزار نیکیوں کا ثواب لکھے گا اور چار ہزار خطاؤں کو معاف کر دے گا اور چار ہزار درجے بلند فرمائے گا۔

✵ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ، سے روایت ہے کہ جو آدمی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پڑھے گا اُسے بخش دیا جائے گا۔

✵ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ، سے روایت ہے کہ جس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ترک کیا گویا اُس نے اللہ کی کتاب میں سے ایک سو چودہ آیتوں کو ترک کر دیا۔

(تفسیر الکشاف الجزء الاوّل)

Marfat.com

## سُبْحَانَ اللهِ :-

✱ حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سُبحان اللہ کہے سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام کے وقت اُس کو اس شخص کے برابر ثواب ملے گا جس نے سَو حج کیے ہوں۔

(ترمذی شریف - مشکوٰۃ شریف)

## اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ :-

✱ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا جو شخص اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام کے وقت اس کو اس شخص کے برابر ثواب ملتا ہے جس نے سو مجاہدوں کو اللہ کی راہ میں گھوڑوں پر سوار کیا ہو۔

(ترمذی شریف ، مشکوٰۃ شریف)

## لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ :-

✱ حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام کو تو اس کو اس شخص کے برابر ثواب ملتا ہے جس نے سو غلام حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی اولاد سے آزاد کیۓ ہوں۔

(مشکوٰۃ شریف)

✱ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کلمہ کا اللہ سے کوئی پردہ نہیں یہ اُس کے پاس (بلا روک ٹوک) پہنچ جاتا ہے۔

Marfat.com

## اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

✳ حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ شام کو تو قیامت کے دن اس شخص سے زیادہ ثواب کوئی نہیں لائے گا مگر وہ شخص جس نے کہا ہو اان کلمات کو اتنی مرتبہ یا اس سے زیادہ۔ (مشکوٰۃ شریف، ترمذی)

## سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ط

✳ حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سبحان اللہ وبحمدہٖ کہے ایک مرتبہ تو اس کے لیے جنّت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ اور جس شخص نے دن میں سُبْحَانَ اللّٰہِ وبحمدہٖ سو مرتبہ کہا اُس کے تمام گناہ دُور کیے جاتے ہیں اگرچہ اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (حصن حصین)

✳ جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص صبح و شام سو سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہٖ کہے تو قیامت کے دن اس شخص کے عمل سے بہتر کسی کا عمل نہ ہوگا بلکہ اس شخص کا جس نے اس کی مانند یا اس سے زیادہ کیا۔ (مشکوٰۃ شریف)

✳ جناب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص (بیماری وغیرہ کی بناء پر) بے چینی سے رات گزارے یا مال خرچ کرنے میں بخل کرے یا دشمن میں لڑنے میں بُزدلی دکھائے تو اسے چاہیئے کہ ان کلمات

سُبحانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ کو کثرت سے پڑھے (اس سے یہ بات جاتی رہے گی) کیونکہ یہ کلمہ اللہ تبارک و تعالےٰ کو سونے کے اس پہاڑ سے بھی زیادہ پسند ہے جو اس کی راہ میں خرچ کیا جائے۔ (حصن حصین)

* رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ایک مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہٖ کہتا ہے جنّت میں اس کے لیے ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

# اَللّٰہُ الصَّمَدُ
# فَضَائِل سُوْرَۃُ اِخْلَاص

* جس شخص کا اس حال میں وصال ہوا کہ وہ ان دو سورتوں کو پڑھا کرتا تھا اس پر حساب نہ ہوگا۔ پہلی سورۃ الکافرون اور دوسری سورۃ اخلاص (کنز العمال)

* حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ مرسلاً روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دس مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یعنی سورۃ اخلاص پڑھے اللہ تبارک و تعالیٰ اس کے لیے اس کے سبب سے جنّت میں ایک محل بنا دیتے ہیں۔ جو شخص بیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اس کے لیے دو محل بنائے جاتے ہیں۔ اور جو شخص تیس مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کرے اس کے لیے اللہ تعالےٰ جنت میں تین محل بنا دیتے ہیں۔ یہ سُن کر حضرت عمر بن

Marfat.com

الخطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا۔ قسم ہے اللہ تبارک وتعالےٰ کی اس طرح تو ہم بہت سے محل جنّت میں بنالیں گے۔ رسُول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تبارک وتعالےٰ کی رحمت اس سے بہت زیادہ وسیع ہے۔ یعنی اس کا فضل بہت فراخ و وسیع ہے۔

(دارمی، مشکوٰۃ شریف، جلد ا صہ ۳۶۶)

✲ فرمایا جناب رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص پڑھے روزانہ دو سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ دُور کیئے جاتے ہیں اُس کے پچاس برس کے گناہ مگر قرض کا گناہ معاف نہ کیا جائے گا۔ اور ایک روایت میں دو سو مرتبہ کی بجائے پچاس مرتبہ کے الفاظ ہیں اور اس روایت میں قرض کا ذکر نہیں ہے۔

(مشکوٰۃ شریف)

✲ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے ہوئے سُنا اور فرمایا واجب ہوئی۔ میں نے پوچھا کیا چیز واجب ہوئی آپؐ نے فرمایا، اس شخص کے لیے جنت واجب ہوئی۔

(مشکوٰۃ شریف)

✲ فرمایا رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم میں سے کوئی شخص رات میں تہائی قرآن نہیں پڑھ سکتا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا، یارسُول اللہ تہائی قرآن کیونکر پڑھا جائے آپؐ نے فرمایا قل ھو اللہ احد (پوری سورہ) تہائی قرآن کے برابر ہیں۔ (مشکوٰۃ)

Marfat.com

## اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ :-

حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ یعنی استغفار کو اپنے اُوپر لازم کرے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو ہر غم اور تکلیف سے نجات دے گا، اور اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا کرے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا اور جو شخص استغفر اللہ کہے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہوا ہو۔
(سنن ابن ماجہ، مشکوٰۃ شریف)

## یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ :-

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہتے ہوئے سُنا تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تجھے مقبولیت حاصل ہوئی پس جو چاہے مانگ۔

## یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ :-

حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہٗ کا ارشاد ہے کہ جنگِ بدر میں مَیں لڑتا ہوا حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ سرورِ کائنات، فخرِ موجودات سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں سر مبارک رکھے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھ رہے تھے، پھر میں چلا گیا اور لڑائی میں شریک ہوگیا۔ دوبارہ پھر خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدستور

Marfat.com

اسی طرح سجدہ میں سر مبارک رکھے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھے جا رہے تھے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ نے آپ صلے اللہ علیہ وسلم کو فتح کی خوشخبری سُنا دی۔ (حصن حصین)

# دل کا اصلی شغل اللہ کا ذکر ہے

## سات چیزیں ذکر ہیں

- نماز پڑھنا ذکر ہے۔
- قرآن کریم کی تلاوت کرنا ذکر ہے۔
- اللہ تعالےٰ کی تسبیح و تحمید و تہلیل و تکبیر ذکر ہے۔
- حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا ذکر ہے
- اللہ کی بارگاہ میں مسنون دُعائیں کرنا ذکر ہے۔
- مامورات و منہیات کے مطابق چلنا ذکر ہے۔

Marfat.com

## برائے حاجت :-

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز حاجت جو کسی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو وہ ہر روز بلا ناغہ سات یوم تک سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

## تسخیر حُب کے لیے :-

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں محبوب ہو جائے ہر کوئی اس کے ساتھ پیار و محبت سے پیش آئے تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد با وضو حالت میں آٹھ سو اسّی مرتبہ یہ پڑھے

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک پڑھے بفضل باری تعالےٰ سات یوم کے بعد ہی اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی اور ہر کوئی اس کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئے گا۔

## مطلوب حاضر ہو :-

اگر کوئی کسی جائز مقصد کے لیے یہ چاہے کہ مطلوب اس کے پاس حاضر ہو تو اُسے چاہیئے کہ با وضو حالت میں خوشبو سلگا کر ایک ہزار مرتبہ یا اگر مطلوب کی والدہ کا نام جانتا ہو تو طالب و مطلوب کے نام معہ والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق ہر روز بلا ناغہ اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

Marfat.com

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

انشاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر مطلوب حاضر ہوگا اور جو بھی جائز مقصد ہے وہ پورا ہوگا۔

## آخرت کی فکر سے نجات :-

جو کوئی ہر وقت اسی فکر میں مبتلا ہو کر پریشان ہو کہ آخرت میں اس کے ساتھ کیا سلوک ہوگا اور اس فکر کے باعث اُس کی بے چینی بہت بڑھتی جا رہی ہو تو وہ ذیل میں دی ہوئی حدیث مبارکہ کے مطابق عمل کرے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، میں کیسے عیش و آرام اور بے فکری کی زندگی گزار سکتا ہوں جبکہ حال یہ ہے کہ اسرافیل علیہ السلام، صُور منہ میں لیے ہوئے، کان لگائے، پیشانی جھکائے انتظار کر رہے ہیں کہ کب حکم ہوتا ہے صُور پھونکنے کا۔ لوگوں نے پوچھا یا رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، یہ پڑھتے رہو،

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

(اللہ ہم کو کافی ہے اور وہ بہتر کارساز و سرپرست ہے)

(ترمذی شریف)

## برائی سے بچاؤ

اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ شرِ شیطان سے محفوظ

رہے اور اس کے دل میں نیکی کی رغبت پیدا ہو جائے تو وہ ہر روز نماز مغرب کے بعد ایک ایک سو مرتبہ سبحان اللہ اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر ہی اس کا مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

## قبولیت دُعا کے لیے:۔

جو کوئی کسی جائز دُعا کی جلد قبولیت کا خواہاں ہو وہ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے اور تین بار یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

اس کے بعد دُعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں قبولیّت کا شرف حاصل کرے گی۔

## دولت مندی کے لیے:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی غربت دُور ہو جائے اُس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہو جائے اور وہ دولت مند ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ اشراق کے وقت باوضو حالت میں تین سو بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور تین سو مرتبہ دُرود پاک پڑھے چالیس یوم تک اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد اس کے ہاں دولت کی فراوانی ہو جائے گی۔

## رنج وغم سے نجات:

اگر کوئی کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ بار یہ کلمات پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ رنج وغم سے نجات حاصل ہوگی۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا مَلْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔

## مصیبت دُور ہو:۔

جو کوئی کسی ایسی مصیبت میں مبتلا ہوگیا ہو کہ جس سے نجات کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے اور یہ آیت مبارکہ ایک سو گیارہ بار پڑھ لیا کرے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

انشاءاللہ تعالےٰ ہر طرح کی مصیبت سے خلاصی ہوجائے گی اور اللہ تعالیٰ راحت نصیب فرمائے گا۔

## ہر مراد کے لیے:۔

جو بھی کوئی کسی بھی جائز مراد کو حاصل کرنے کی غرض سے ہر فرض نماز کے بعد سُبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر پڑھ لیا کرے تو انشاءاللہ تعالےٰ اس کی ہر مراد پوری ہوگی جیسا کہ ایک حدیث پاک میں حضرت کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ "چند پیچھے آنے والے (کلمات) ایسے ہیں جن کا کہنے والا

Marfat.com

نامراد نہیں ہوتا وہ یہ ہیں کہ ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہ
۳۳ مرتبہ الحمد للہ (اور) ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ (مسلم)

## دشمن کے شر سے بچاؤ :-

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے اور دشمن کو جان کے لالے پڑ جائیں تو وہ ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل۔ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ؕ

اللہ تعالٰے کے فضل وکرم سے دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالٰے اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

## لا علاج بیماری میں :

اگر کوئی کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو کہ اس پر کوئی دوائی اثر نہ کرتی ہو ڈاکٹر اور حکیم اس کے علاج سے عاجز آچکے ہوں تو اُسے چاہیئے کہ وہ جمعہ کے دن عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد با وضو حالت میں اُسی جگہ پر بیٹھے اور مغرب کی نماز تک یَا اَللّٰہ یا رحمان یا رحیم پڑھتا رہے۔ اکیس یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے اللہ تعالٰے کے فضل وکرم سے مرض میں افاقہ ہوگا۔ اللہ تعالٰے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور اسے آسانی حاصل ہوگی۔

Marfat.com

## ترقی رزق :-

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہو اس کا افلاس و غربت ختم ہو جائے تو وہ ہر وقت لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بکثرت پڑھنے کا معمول بنائے انشاء اللہ تعالٰے اس کی غربت و تنگدستی دُور ہو جائے گی اس کا رزق فراخ ہو جائے گا۔

## قید سے رہائی کے لیے :-

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور اُسے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو تو وہ بکثرت یہ کلمات پڑھتا رہے۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ○

انشاء اللہ تعالٰے اُسے باعزت طور پر قید سے رہائی حاصل ہو گی۔ اور حاکم وقت اُسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## خاتمہ بالخیر کے لیے :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اُس کا خاتمہ بالخیر ہو اللہ تعالٰے اُسے جنّت میں داخل فرمائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر وقت مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط پڑھتا رہے بفضلِ باری تعالٰے

اس کا انجام ٹھیک ہوگا اور اللہ تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے اُسے جنّت میں داخل فرمائے گا۔

## بیماری سے حفاظت

اگر کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالےٰ اُسے موذی مرض سے محفوظ رکھے اور وہ کسی بھی موذی مرض کا شکار نہ ہو تو وہ ہر ماہ جب بھی نیا چاند دیکھے تو باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر سات سو مرتبہ کلمہ طیّب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگا کرے تو اللہ تعالےٰ اسے ہر موذی مرض سے حفاظت میں رکھے گا اور اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

## ظالم کے شر سے محفوظ رہے :-

اگر کسی کو کسی ظالم شخص سے کوئی کام ہو اور وہ اس بات سے ڈرتا ہو کہ وہ ظالم اسے کوئی نقصان نہ پہنچائے تو وہ باوضو حالت میں نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیّب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھ کر اُس کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا اور ظالم پر اُسے غلبہ حاصل ہوگا۔

*

Marfat.com

## ہر مشکل کے لئے :-

جو کوئی کسی ایسی مشکل میں گرفتار ہو کہ جو کسی طرح بھی حل نہ ہوتی ہو تو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ یہ ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ،

اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے جو بھی مشکل ہوگی آسان ہو جائے گی۔

## ناگہانی مصیبت میں :-

اگر کوئی کسی ناگہانی مصیبت میں مبتلا ہوگیا ہو یا اُسے کوئی ایسا نقصان یا دکھ پہنچا ہو کہ جس کے صدمہ سے وہ نڈھال ہوگیا ہو اور اُسے کسی طرح صبر نہ آتا ہو تو وہ فوری طور پر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ اُسے قلبی سکون عطا ہوگا اور اللہ تعالےٰ اجرِ عظیم سے نوازے گا جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضوری نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی بندے کا کوئی بچہ مرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اپنے فرشتوں سے پوچھتا ہے۔ کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی جان قبض کر لی؟ وہ کہتے ہیں کہ ہاں۔ پھر وہ ان سے پوچھتا ہے، تم نے اس کے جگر کے ٹکڑے کی جان قبض کر لی؟ وہ کہتے ہیں کہ ہاں۔

Marfat.com

پھر وہ ان سے پوچھتا ہے کہ میرے بندے نے کیا کہا؟ وہ کہتے ہیں کہ اس مصیبت پر اس نے تیری حمد کی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ تب اللہ تعالےٰ ان سے کہتا ہے کہ میرے اس بندے کے لیے جنّت میں ایک گھر بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد (تشکر کا گھر) رکھو"
(ترمذی شریف)

## مقناطیسی قوّت :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اُس کی آنکھوں میں ایسی مقناطیسی قوّت پیدا ہو جائے کہ وہ جس کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہے اُس کی طرف نگاہ کرے تو وہ خود بخود اس کی طرف کھینچا چلا آئے تو وہ چالیس روز تک بلا ناغہ طلوع آفتاب کے وقت سورج کی طرف اپنی نگاہ جما کر توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ چالیس یوم کے بعد اس کی آنکھوں میں انشاءاللہ تعالیٰ ایسی مقناطیسی قوّت پیدا ہو جائے گی کہ وہ جس کسی پر بھی ایک نگاہ ڈال کر چند مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے گا وہ دل میں یہ خیال کرے گا۔ کہ فلاں شخص میری طرف کھینچ کر چلا آئے تو وہ شخص اُس کی طرف خود بخود آجائے گا۔
اس مقناطیسی قوّت کو قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہر روز بلاناغہ نماز ظہر یا نماز عشاء کے بعد ایک سو بار یعنی کسی ایک وقت مقررہ کا تعیّن کر کے پڑھ لیا کرے سورج نکلنے پر پڑھنے کی پابندی نہیں ہے۔

## فراخی رزق کے لیے :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا رزق فراخ ہو جائے عیب

Marfat.com

سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہو جائیں اور اللہ تعالےٰ اس کی معاشی و مالی پریشانی ختم کر دے تو وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے اور پانچ سو مرتبہ یہ پڑھے۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اگر کوئی اس کو بلا ناغہ پڑھنے کا معمول بنائے تو بفضلِ باری تعالےٰ اس کو غیب سے روزی مہیّا ہو گی۔

## ہر مشکل کے لیے تیر بہدف :-

اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ مستجاب الدعوات ہو جائے جو بھی مشکل ہو اللہ تعالےٰ اسے فوری طور پر آسان فرما دے تو وہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں ایک ایک سو مرتبہ یہ کلمات مبارکہ پڑھ لیا کرے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۝

انشاء اللہ تعالےٰ جو بھی حاجت ہو گی وہ پوری ہو جائے گی اور اللہ تعالےٰ مشکل کو حل کر دے گا۔

## کبھی تھکاوٹ نہ ہو :-

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جتنا بھی پیدل سفر کرے اُسے تھکاوٹ کا

Marfat.com

احساس تک نہ ہو تو وہ چلنے سے قبل باوضو حالت میں ۳۳ بار سبحان اللہ ۳۳ بار الحمدللہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور اپنے سر سے لے کر اپنے پاؤں تک دونوں ہاتھوں کو پھیرے اور پھر روانہ ہو جائے جس قدر بھی پیدل سفر کرے گا انشاء اللہ تعالےٰ قطعی طور پر تھکاوٹ نہ ہو گی۔

## متکبر کو موم کرنا:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ فلاں مغرور اور متکبر شخص اس کے حق میں موم ہو جائے اس کی سخت دلی اس کے ساتھ نرم دلی میں بدل جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ اپنے نام کے موافق اعداد کے مطابق یہ اسمائے مبارکہ پڑھ کر اس کے سامنے جائے۔

یَا عَزِیْزُ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَکَبِّرُ ۰

انشاء اللہ تعالےٰ متکبر کا دل نرم ہو جائے گا اور وہ اس کے ساتھ ترقی سے پیش آئے گا اگر کوئی ہر نماز کے بعد اپنے نام کے موافق اعداد کے مطابق پڑھنے کا معمول بنائے تو اُس کے دل میں بھی عاجزی و انکساری پیدا ہو جائے گی۔

## گمشدہ چیز کا ملنا:۔

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی تو اور مل نہ رہی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس بار اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز جلد ہی اُسے مل جائے گی۔ نہایت آزمودہ عمل ہے۔

Marfat.com

# مُجَرّب
# وظائف، عملیات، تعویزات

## ملازمت کے حصُول کے لیے :-

اچھی اور حسب منشاء ملازمت حاصل کرنے اور بیروزگاری سے جلد نجات حاصل کرنے کے لیے ہر روز نماز ظہر کے بعد باوضو حالت میں گیارہ سو بار یہ پڑھے

یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درُود پاک پڑھے۔ پھر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے بفضل باری تعالےٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یہ وظائف جاری رکھیں۔ یہ وظیفہ اکتالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ کرے۔

## تنخواہ میں اضافہ :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنخواہ میں اضافہ ہو جائے تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ؕ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد اس کی تنخواہ میں اضافہ ہو جائے گا پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا مانگے قبول ہو گی۔

Marfat.com

## برائے حُبّ :-

کسی جائز مقصد کی خاطر دوسرے کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کی غرض سے درج ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سو گیارہ بار پڑھ کر کسی بھی میٹھی چیز پر دم کرے اور مطلوب کو کھلا دے انشاءاللہ تعالےٰ مطلوب کے دل میں شدید محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ فریفتہ ہو جائے گا اس مقصد کے لیے یہ عمل نہایت کارگر اور آزمودہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ لِقُلُوْبِهِمْ فِیْ لَیْلٍ وَنَهَارٍ وَفِیْ سَاعَةٍ وَشَهْرٍ عَلٰی حُبِّهِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا فلان بن فلان علیٰ حبّ فلاں بن فلاں

اس آیت مبارکہ کو پڑھنے کے ساتھ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ اور مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لے۔

## فراخیٔ رزق :-

معاشی پریشانی میں مبتلا افراد کے لیے یہ عمل نہایت مؤثر ہے جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں زیادتی و وسعت ہو تو وہ چاند کی پہلی تاریخ کو نمازِ عشاء کے بعد ایک ہزار بار سورۃ فاتحہ پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ

یہ پڑھے۔

رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ پھر اکیس بار یہ پڑھے۔

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط

اس کے بعد اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے بفضل باری عیب سے رزق کی فراخی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اللہ تعالےٰ حلال رزق نصیب فرمائے گا۔

## جذام اور برص کا عارضہ:۔

اگر کسی کو جذام یا برص کا عارضہ لاحق ہو اور کسی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں مٹی کے نئے برتن میں تازہ پانی ڈالے اور یہ کلمات مبارکہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور پانی مریض کو پلائے اور ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک اسی طرح کرے اور مریض کو متواتر پانی پینے کے لیے دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چالیس دن کے اندر اندر مرض

Marfat.com

جاتا رہے گا اور اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الرَّحِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

## پریشانی کے لیے :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالےٰ اُسے اپنی حفظ و امان میں رکھے اُس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے ہر طرح کی پریشانی سے محفوظ رکھے تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ بار ذیل میں دیے ہوئے کلمات مبارکہ پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالےٰ اُسے ہر قسم کے نقصان اور پریشانی سے محفوظ رکھے گا۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰہِ نَاظِرَۃٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰہِ لَا یُقْدَرُ عَلَیْنَا ط

**متعدی مرض** اگر کوئی بچہ یا بڑا کسی وبائی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو یا

مرض میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہو تو باوضو حالت میں سورۃ الرحمٰن پڑھیں اور جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچیں تو ایک نیلے رنگ کے دھاگے پر پھونک مار کر اسے گرہ لگائیں اور پھر اس سے آگے پڑھیں۔ اس طرح جہاں بھی فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ آئے گرہ لگاتے جائیں۔ جب سورۃ پوری پڑھ لیں تو یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالےٰ جلد ہی مرض میں افاقہ ہو گا اگر وبائی امراض کے حملہ کا خطرہ ہو گا تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کے حملے سے بچا رہے گا۔

## تبادلہ کے لیے:۔

وہ ملازم جو اپنا تبادلہ اپنی حسب منشاء جگہ پر کروانا چاہتا ہو اور باوجود کوشش کے اپنا تبادلہ کروانے میں کامیاب نہ رہتا ہو تو وہ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ ہر روز نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد گیارہ سو بار پڑھے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اکیس یوم تک بلاناغہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالےٰ حسبِ منشا جگہ پر تبادلہ ہو جائے گا اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ وظیفہ ہے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ذَرُوۡا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰۤوا اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ۝

**حسبِ منشا شادی**:۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اُس کی پسند کی جگہ پر

اُس کی شادی ہو جائے جبکہ اُسے یہ خدشہ بھی ہو کہ جہاں وہ شادی کا خواہش مند ہے وہ لوگ اس کے شادی کے پیغام کو منظور نہ کریں گے اور اس پر رضامند نہ ہوں گے تو چاہیئے کہ کسی نیک اور اچھے کردار کے بزرگ سے یہ آیت مبارکہ لکھوا کر اُس کے بازو پر باندھ دے جو کہ نکاح کا پیغام لے کر جائے انشاءاللہ تعالےٰ رشتہ منظور ہو جائے گا اور حسب منشا جگہ پر بہت جلد شادی ہو جائے گی آیت مبارکہ یہ ہے

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ سے وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ تک۔

## چور تلاش کرنا:۔

جس کسی کی چوری ہو گئی ہو اور اُسے مختلف افراد پر شبہ ہو مگر یہ پتہ نہ چلتا ہو کہ اصلی چور کون ہے تو وہ باوضو حالت میں پہلے گیارہ بار درود پاک پڑھے اور پھر یہ نقش لکھے۔

۶۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱۰ | ۲۰۲ | ۲۰۸ |
| ۲۰۴ | ۲۰۷ | ۲۰۹ |
| ۲۰۶ | ۲۱۱ | ۲۰۳ |

اس نقش کو تازہ پانی میں گھولے اور ہر ایک مشتبہ کو پلا دے جو بھی ان میں سے چور ہو گا وہ انشاءاللہ تعالیٰ اُس دن سے سات دن تک ضرور شدید بیمار ہو جائے گا اور خود ہی چوری کا اقرار کرے گا۔

Marfat.com

## برائے حاجت :-

جو بھی جائز حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو باوضو حالت میں اوّل و آخر سات بار درُود پاک پڑھے اور یہ دُعا پڑھنے کے بعد اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں دُعا مانگے تو بفضل باری تعالےٰ بہت جلد دُعا قبولیّت کا شرف حاصل کرے اور حاجت پوری ہو۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ھِیَ لَکَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

## معاشی ترقی کے لیے :-

معاشی طور پر خوشحال ہونے اور کاروبار میں خیر و برکت کے لیے جو کوئی جمعہ کی نماز کے بعد جب نماز سے فارغ ہو جائے تو اکیس بار درُود شریف پڑھے اور پھر زعفران و مشک سے سفید کاغذ پر نہایت توجہ و یکسوئی

Marfat.com

سے یہ لکھے۔

وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

اس کاغذ کو اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ اونچے مقام پر چسپاں کرے انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار دنوں میں ہی خوب پھلے پھولے گا اور غیب سے روزی میں فراخی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

## مقدمہ میں کامیابی:۔

اگر کسی کو ناحق کسی مقدمہ میں گرفتار کیا گیا ہو یا اُسے مخالفین سے خدشہ ہے کہ اُسے کسی بھی جھوٹے مقدمہ میں ملوّث کردیا جائے گا تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد اوّل و آخر سات سات بار دُرود پاک پڑھے اور گیارہ بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مقدمہ سے جلد با عزت خلاصی ہوئی اور دشمنوں کے عزائم خاک میں مل جائیں گے دشمن اُس کی طرف کسی غلط ارادہ میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔

## دنوں میں ملازمت ملے:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اُسے فوری طور پر کسی جگہ پر ملازمت مل جائے۔

Marfat.com

تو وہ ملازمت کے حصول کی دیگر کوشش کے ساتھ ساتھ ہر روز نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد گیارہ روز تک بلاناغہ یہ پڑھے۔

یَا مُفَتِّحَ الْاَسْبَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَرْشِدْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ یَا رَبُّ وَاُفَوِّضُ یَا رَبُّ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط انشاءاللہ تعالےٰ گیارہ دنوں کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی اگر گیارہ یوم تک مقصد حاصل نہ ہو تو پھر اکیس یوم تک پڑھے۔ پڑھنے کے بعد اللہ تعالےٰ کے حضور سجدہ ریز ہو کر دعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ چند دنوں میں ہی ملازمت حاصل ہو جائے گی۔

## بخار میں شفاء :-

ایسا بخار جس میں کوئی افاقہ نہ ہوتا ہو بخار کی وجہ سے نقاہت پیدا ہو گئی ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش تین کی تعداد میں لکھ کر دے اور ایک نقش مزید لکھے اور ہدایت کرے کہ ہر روز ایک نقش پانی میں گھول کر مریض کو پلایا جائے جبکہ ایک نقش مریض کے بازو پر باندھے بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی بخار کی شدت میں کمی واقع ہو جائے گی اور شفائے کاملہ حاصل ہو گی۔ نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| قلنا یا نار کونی بردا ۷۳۶ | وسلاما علی ابراھیم ۴۰۷ | واراد وابه کیدا ۲۶۰ | فجعلنا ھم الاخسرین ۱۲۳۱ |
| ۲۲۱۶ | ۱۲۳۰ | ۷۳۷ | ۴۰۶ |
| ۱۲۲۹ | ۲۴۸ | ۷۴۰۹ | ۷۳۸ |
| ۴۰۸ | ۷۳۹ | ۱۲۲۸ | ۲۴۹ |

## چشم خلائق میں مقبول:-

چشم خلائق میں معزز و مقبول ہونے کی غرض سے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور کھجور سے افطار کرے پھر مغرب کی نماز پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر عشاء کی نماز پڑھ کر جب سونے کے لیے لیٹے تو باوضو حالت میں لیٹے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا ہوا سو جائے جب فجر کی نماز کے لیے اُٹھے تو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد پھر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور ایک سفید کاغذ پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے اور اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ - جہاں بھی جائے گا لوگ اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں گے اور وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے گا۔

Marfat.com

## برائے استقرار حمل :-

اگر کوئی عورت یہ چاہے کہ دورانِ حمل اُسے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ ہو اور حمل ٹھیک طرح سے قرار پائے تو اس مقصد کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد لکھ کر دیوے اور چاندی کے خول میں بند کر کے عورت کے گلے میں ڈالے بفضلِ باری تعالیٰ حمل قرار پائے گا اور حمل کے دوران کسی قسم کی پریشانی اور گبھراہٹ نہ ہو گی وضع حمل میں بھی آسانی ہو گی اور اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا جو بھی بچہ یا بچی پیدا ہو گی وہ تابعدار اور فرمانبردار ہو گی اور اللہ تعالےٰ اسے طُول عمر عطا کرے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۲۱ | ۲۴ | ۱۰ |
| ۲۳ | ۱۱ | ۱۶ | ۲۲ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۱۹ | ۱۵ |
| ۲۰ | ۱۴ | ۱۳ | ۲۵ |

## قرض خواہ تنگ نہ کریں :-

اگر کوئی قرض خواہوں کے تقاضوں سے پریشان ہو جبکہ قرض کی ادائیگی کی اُسے کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ ہر روز نماز فجر کے بعد سات بار یہ پڑھ لیا کرے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْ قَدَرِكَ وَ اَرْضِنِیْ بِمَا قَضَیْتَ حَتّٰی لَآ اُحِبُّ تَعْجِیْلَ شَیْءٍ اَخَّرْتَ وَتَاْخِیْرَ شَیْءٍ عَجَّلْتَ

اللہ تعالے کے فضل وکرم سے قرض خواہ تنگ نہ کریں گے پریشانی رفع ہوجائے گی جو بھی جائز کاروبار کررہا ہے اللہ تعالے اس میں خیر وبرکت پیدا فرمادے گا اور قرض کی ادائیگی جلد ہونے کے اسباب بھی پیدا ہوں گے۔

## تسخیر خلائق کا تیر بہدف عمل:-

یہ عمل کسی بھی مطلوب کو اپنی محبت میں گرفتار کرنے اور اُسے حاضر کرنے کے لیے نہایت تیر بہدف ہے اس مقصد کے لیے ہر روز نماز تہجد کے بعد باوضو حالت میں بارہ دن تک بلاناغہ بارہ ہزار بار چاند کے مہینہ کی ابتدائی تاریخوں میں کسی ایسی جگہ پر تنہائی میں بیٹھ کر ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ پڑھے کہ جہاں پر کسی کا گزر نہ ہو۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔

پڑھتے ہوئے اس کا تصوّر اپنے دل میں رکھے جس کے لیے پڑھ رہا ہے اگر اُس کی شکل سے ناآشنا ہو تو فلاں بن فلاں کہہ کر تصوّر کرے انشاء اللہ تعالے جب عمل پورا ہوجائے گا تو مطلوب حاضر ہوجائے گا۔

Marfat.com

اس کے علاوہ اگر کوئی یہ چاہے کہ فوری طور پر مطلوب اس کا مطیع ہوجائے تو وہ اس آیت مذکورہ کا عامل ہوجائے جس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ رجب کے مہینہ کی ابتداء میں یہ عمل اس طرح سے شروع کرے کہ بلا ناغہ ایک سال تک نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد یہ آیت مبارکہ گیارہ سو بار اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درُود پاک پڑھے ایک سال گزرنے پر جس کسی پر بھی تین بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر پھونک مارے گا وہ مطیع و فرمانبردار ہوجائے گا اور اس قدر گرویدہ ہوگا کہ دیکھنے والا حیران رہ جائے گا اس کے عامل میں یہ تاثیر بھی پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ اگر کسی جانور پر بھی تین بار پڑھ کر پھونک مار دے تو جانور بھی مطیع ہوجائے اس کے عامل کو یہ فائدہ بھی ہوتا ہے کہ اگر دشمن پر غلبہ پانا چاہتا ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکنے سے وہ بھی مغلوب و مطیع ہوجاتا ہے اور دشمنی سے باز رہتا ہے اور کوئی نقصان نہیں پہنچانے کی کوشش کرتا۔

## جنونی حالت :-

اگر کسی کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہو جس کی وجہ سے اُس کی حالت جنونی ہوگئی ہو یا کوئی ہذیانی کیفیت میں مبتلا ہو تو اس کو ہر روز روٹی کے ایک ٹکڑے پر یہ لکھے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ سے رُوَيْدًا ۝ تک یہ روٹی کا ٹکڑا متاثرہ فرد کو کھلا دے چالیس یوم تک

Marfat.com

بلاناغہ اسی طرح لکھ کر کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ آرام آجائے گا اور جنوبی کیفیت ختم ہوجائے گی۔

## پیٹ درد کے لیے:-

پیٹ درد کے لیے شدید عارضہ میں مبتلا شخص کو ذیل میں دیے گئے دو نقش باوضو حالت میں لکھے اور تازہ پانی میں گھول کر پلادے بفضلِ تعالےٰ فوری طور پر درد میں افاقہ ہوگا اور اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یَاخَبِیْرُ | یَا حَیُّ | یَا قَیُّوْمُ | یَا اَحَدُ |
| یَا صَمَدُ | یَاعَزِیْزُ | یَا بَصِیْرُ | یَا لَطِیْفُ |
| یَا کَرِیْمُ | یَا بَارِیُٔ | یَاجَلِیْلُ | یَا قَرِیْبُ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ع | ی | م |
| ۱۱ | ۲۹ | ۱۹۷ | ۷ |
| ۲۲ | ۱۲ | ۶ | ۱۹۸ |
| ۷ | ۱۹۹ | ۳۱ | ۱۲ |

## سنگدلی دُور:-

اگر کسی ملازم کا انچارج افسر یا کسی فیکٹری میں

Marfat.com

کام کرنے والے واکر کا مالک یا انچارج نہایت سنگدل ہو معمولی معمولی بات پر خفا ہو جاتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا یہ نقش باوضو حالت میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ہر نماز کے بعد اکیس بار درود پاک پڑھنے کا معمول بنائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جب بھی سنگدل اس کی شکل دیکھے گا۔ نرمی سے پیش آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

## ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے:

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے تو وہ اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنہ کا یہ نقش مبارک باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد لکھے اور اپنے گلے میں ڈالے یا اپنے بازو پر باندھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۴۶۱ | ۸۴۶۵ | ۸۴۶۸ | ۸۴۵۴ |
| ۸۴۶۷ | ۸۴۵۵ | ۸۴۶۰ | ۸۴۶۶ |
| ۸۴۵۶ | ۸۴۷۰ | ۸۴۶۳ | ۸۴۵۹ |
| ۸۴۶۴ | ۸۴۵۸ | ۸۴۵۷ | ۸۴۶۹ |

Marfat.com

## شہرت کے لیے :-

جو کوئی شہرت کا دلدادہ ہو کسی خاص شعبہ میں ماہر ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی اس حوالے سے شہرت عام ہو جائے تو وہ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ کو اپنے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد پڑھ لیا کرے بفضل باری تعالےٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کی اچھی شہرت ہو جائے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

## کاروبار خوب چمکے :-

یہ عمل ہر طرح کے جائز کاروبار کو چمکانے کے لیے انتہائی مجرب آزمودہ ہے اس کا عامل جس بھی کام میں ہاتھ ڈالتا ہے اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے کامیاب ہوتا ہے کاروبار میں اس قدر آمدنی ہوتی ہے اور بے شمار روپے پیسے ہاتھ لگتے ہیں کہ انسان حیرت زدہ رہ جاتا ہے اگر کوئی وکیل، ڈاکٹر یا اس قسم کے پیشے سے وابستہ کوئی بھی صدق دل اور خلوص کامل کے ساتھ یہ عمل کرے تو اس کی آمدنی میں بے پناہ اضافہ ہو۔ یہ عمل کرنے کیلئے سورۃ رحمٰن زبانی یاد کرنا پڑتی ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز جب سورج طلوع ہو اور جب ایک نیزہ بلند ہو جائے تو باوضو حالت میں سورج کی طرف چہرہ کر کے سورہ الرحمٰن پڑھنا شروع کرے اور جب پڑھتے

Marfat.com

ہوئے۔ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو دائیں
ہاتھ انگشت شہادت سے سورج کی طرف ایک اشارہ کرے اسی طرح سورۃ
رحمٰن پڑھتے ہوئے جب بھی فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے
تو اپنی انگشت شہادت سے سورج کی طرف ایک اشارہ کرے اسی طرح سورۃ
رحمٰن پوری کرے۔ سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے مگر یاد رہے کہ یہ عمل
کرنا موسم گرما میں زیادہ مناسب رہتا ہے اس لیے کہ موسم گرما میں سورج اپنی
پوری آب و تاب کے ساتھ چمکتا ہے جبکہ دوسرے موسموں میں سورج کی
شعاعیں پوری طرح نہیں پھیلتی ویسے جس بھی موسم میں پڑھنا چاہے پڑھ
سکتا ہے پس یہ خیال کرے کہ اُن دنوں میں پڑھے جب سورج ہر روز
ٹھیک طرح سے طلوع ہوتا ہو اور ابر کی حالت نہ ہو اگر ابر کی حالت میں
سورج کے سامنے یہ عمل کرے گا تو عمل کمزور ہو گا اور وہ فائدہ نہ ہو گا
جس کے لیے عمل کیا ہے۔

جب اس عمل کو کرتے ہوئے سات یوم گزر جاتے ہیں تو مخلوق
کی آمد شروع ہو جاتی ہے مگر یہ زکوٰۃ ہے آپ التفات نہ کریں اور آنے
والی مخلوق کو خوش اخلاقی سے بٹھائیں اور اچھے اخلاق کا مظاہرہ کریں
چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کریں جب ایک چلہ ختم ہو جائے تو پھر دوسرا
چلہ کریں اسی طرح چار چلے مکمل کریں۔ پہلے چلے میں عام مخلوق کی آمد شروع
ہو گی جبکہ دوسرے چلہ میں خاص الخاص لوگوں کی آمد و رفت ہو گی تیسرے
چلہ میں جاگیرداروں، سرکاری حکام اور رؤسا حضرات کی آمد ہو گی چوتھے
چلہ میں دن رات لوگوں کی آمد و رفت ہو گی۔ اس عمل کا عامل ان لوگوں سے

جو کچھ کہے گا وہ سب تعمیل کریں گے اگر کاروباری ہے اور مال خریدنے کے لیے ان کو کہے گا تو وہ سب خریداری کریں گے اس طرح کاروبار خوب چمکے گا ہر کوئی خود بخود عامل کی دکان یا کاروباری جگہ کی طرف کھینچا چلا آئے گا اور گاہک بن جائے گا۔ اس کا عامل اگر کسی حاکم یا سرکاری افسر کے پاس کسی کام سے جائے تو تین بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھے اور پھر سلام کر کے گفتگو کرے یہ عمل فراخیٔ رزق کے لیے بہت ہی اچھا اور بڑا عجیب و غریب عمل ہے۔

## افسر کو راضی کرنا:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا افسر اس سے راضی رہے اور اس پر عتاب نہ کرے تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ بار اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ افسر خوش اخلاقی سے پیش آئے گا اور اس پر خصوصی شفقت کرے گا۔

## دشمن پریشان ہو

ایسا ظالم شخص جس کے شر سے لوگ تنگ اور پریشان ہوں اور وہ دشمنی کرنے اور نقصان پہنچانے کی کوشش میں رہتا ہو ہر ایک کو ناجائز تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی باز نہ آتا ہو تو نماز ظہر کے بعد سات سو چھیاسی بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود پاک پڑھے اس کے بعد ستر بار یہ پڑھے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْهُ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ هَلَاكِ فلاں بن فلاں یَا قَهَّارُ یَا قَاهِرُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا مُنْتَقِمُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

اس میں فلاں بن فلاں کی جگہ ظالم دشمن کا نام ہے، گیارہ یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ ظالم کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

## احتلام کے لیے:-

جس کسی کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو اور وہ اس شکائیت کی وجہ سے بہت پریشان ہو کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر پانی میں گھولے اور رات کو سونے سے قبل پی لے جبکہ ایک نقش مزید لکھے اور اپنے سینے پر باندھ کر سو جائے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۶ | ۲۶۰ | ۲۵۷ | ۲۵۴ |
| ۲۵۸ | ۲۵۳ | ۲۴۷ | ۲۵۹ |
| ۲۵۲ | ۲۵۵ع | ۲۶۲ | ۲۴۸ |
| ۲۶۱ | ۲۴۹ | ۲۵۱ | ۲۵۶ |

Marfat.com

اس نقش کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ شیطانی وساوس سے محفوظ رہے گا اور زیادہ اختلام کی شکائیت رفع ہوجائے گی گیارہ روز تک بلاناغہ اسی طرح کرے۔

## تنگ دستی کے لیے :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے گھر سے تنگدستی جاتی رہے اس کے گھر میں رزق کی فراوانی ہوجائے تو وہ باوضو حالت میں ذیل میں دی ہوئی دُعا ایک ہزار نوسو بار پڑھ کر اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ تنگ دستی ختم ہوجائے گی اور اللہ تعالیٰ سے کسی کا محتاج نہ رکھے گا۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ۔

## آسیب کے لیے :-

اگر کسی پر آسیب ہو اور اُس کو تنگ کرتا ہو جس کی وجہ سے اس کے گھر والے بہت پریشان ہوں تو یہ نقش باوضو حالت میں لکھ کر ہر روز پلائے اور ایک اس کے بازو پر باندھے۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۸۳ | ۱۰۸۶ | ۱۰۸۹ | ۱۰۷۶ |
| ۱۰۸۸ | ۱۰۷۷ | ۱۰۸۲ | ۱۰۸۷ |
| ۱۰۷۸ | ۱۰۹۱ | ۱۰۸۴ | ۱۰۸۱ |
| ۱۰۸۵ | ۱۰۸۰ | ۱۰۷۹ | ۱۰۹۰ |

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آسیب کا اثر ختم ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## مؤکل حاضر کرنا :-

مؤکل حاضر کرنے کے لیے یہ عمل نہایت آزمودہ ہے اس مقصد کے لیے ہر روز نماز عشاء کے بعد قبرستان میں جائے اور با وضو حالت میں دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر ۳۶۵ بار یہ پڑھے۔

بَحقِّ اِهْيَا اِشْرَاهِيَا اَجِيْبُوْلِيْ وَاْتُوْنِيْ هُوَالَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَى الْعَرْشِ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ

اُس کو پڑھتے ہوئے بالکل نہ گھبرائے اور نہ ہی کوئی خوف محسوس کرے۔

Marfat.com

اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اکیسویں دن مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔
اور اس دن ہمزاد برہنہ حالت میں اس طرح سے آئے گا کہ اس کے کپڑے
علیحدہ رکھے ہوئے ہوں گے اور وہ دونوں قبروں کے مابین لیٹا ہوا ہو گا
عامل کو چاہیئے کہ وہ برابر وظیفہ پڑھتا رہے اور اس کی طرف کوئی توجہ نہ
دے اگر وہ پکارے یا مخاطب کرے تو ہرگز جواب نہ دے اور نہ ہی
کپڑے پہن کر عامل کے سامنے کھڑا ہو جائے گا اور کہے گا کہ کیا حکم ہے
عامل اس سے یہ کہے کہ وہ اس عمل کے مؤکل کو حاضر کرے اور فوری طور
پر حاضر کرے یہ سُن کر وہ وہاں سے غائب ہو جائے گا اور تھوڑی ہی دیر
میں مؤکل حاضر ہو جائے گا۔ مؤکل اس سے پوچھے گا کہ میرے لیے کیا حکم
ہے عامل اس کو جو بھی حکم دے گا وہ اس کی تعمیل کرے گا۔ اس سلسلہ میں
ایک بات یاد رکھے کہ جب مؤکل روبرو حاضر ہو تو اُس سے کہے کہ مجھے
اپنے طلب کرنے کا طریقہ بتاؤ جب تک وہ نہ بتائے تو عامل اُس وقت
تک اُس کو جانے کی اجازت نہ دے اور جب تک عامل جانے کی اجازت
نہ دے گا وہ نہیں جائے گا جب وہ اپنی طلبی کا طریقہ بتا دے تو پھر اس
کو اپنا کام بتائے اور مزید کوئی حکم دے عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ
عمل کے دوران مچھلی۔ گوشت اور انڈے سے پرہیز کرے۔ عمل کی شرائط
پوری کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## جھگڑا ختم کرنا:۔

اگر کسی جگہ پر دو گروہوں کے مابین جھگڑا ہو رہا ہے۔

Marfat.com

تو فوری طور پر اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے اور درمیان میں ایک تسبیح انگلیوں پر پڑھ کر پوری کرے اور یہ پڑھے یَا رَءُوفُ یَا رَءُوفُ ابھی وظیفہ مکمل بھی نہ ہو گا کہ دونوں گروہ جھگڑا ختم کر دیں گے اور اُن کا غصّہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔

## امتحان میں کامیابی کے لیے :-

اچھے نمبروں سے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے یہ وظیفہ نہایت آزمودہ ہے اس مقصد کے لیے امتحان کی تاریخ سے اکتالیس یوم قبل ہر نماز کے بعد ہر روز بلا ناغہ اس طرح پڑھے کہ فجر کی فرض نماز سے قبل یعنی فرض اور سُنّت نماز کے درمیان، نماز عصر سے قبل دو رکعت نفل نماز پڑھنے کے بعد، ظہر، مغرب اور عشاء کی نماز سے بعد سجدہ کی حالت میں یہ پڑھے۔

۱۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّةَ اِلَّا بِہٖ۔

۲۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَکَرَّمَ بِہٖ۔

۳۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِہٖ۔

۴۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَہٗ۔

۵۔ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالْمَنِّ۔

Marfat.com

۶۔ سُبْحَانَ ذُوالْعِزَّةِ وَالتَّكْرِيْمِ۔

۷۔ سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالْحُكْمِ اَسْئَلُكَ بِمَاذَرَّ عِزُّكَ وَعَرْشُكَ وَمُنْتَهٰى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَايُجَاوِزُهُنَّ بِرٌّ وَّلَافَاجِرٌ مَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ط

پھر جب سجدہ سے سر اُٹھائے تو بارگاہِ الٰہی میں اس طرح سے دُعا مانگے کہ یا اللہ! مجھے امتحان میں کامیابی عطا فرما میرے پرچوں کی پڑتال کرتے ہوئے اگر پرچوں میں کوئی غلطی ہو تو ممتحن کی نظروں سے اس غلطی کو دُور فرما اور اسے صحیح دکھلا۔ یہ وظیفہ اگر کوئی طالب علم خود نہ کر سکے تو اُس کا کوئی سرپرست یا والدین بھی پڑھ سکتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ طالب علم اپنی پڑھائی پر بھی توجہ دے اور خوب محنت کرے بفضل باری تعالےٰ امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہو گا۔

## مالی فائدہ کے لیے:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اُسے مالی پریشانی نہ رہے اور جو بھی معاشی پریشانی ہے وہ دُور ہو جائے تو وہ باوضو حالت میں ذیل میں دیا ہوا نقش

Marfat.com

لکھے اور اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
| الرحیم | الرحمٰن | اللہ | بسم |
| اللہ | بسم | الرحیم | الرحمٰن |
| الرحمٰن | الرحیم | بسم | اللہ |

اس نقش پاک کی برکت سے اگر دکاندار ہے تو دکان میں خوب خیر و برکت پیدا ہوگی اگر کسی جگہ پر ملازم ہے تو اس کی تنخواہ میں اضافہ ہوگا اور جو کام بھی کرتا ہے اس کے ذریعے سے خوب آمدنی ہوگی۔

## رنج و غم سے نجات:۔

اگر کسی کو کوئی ایسا صدمہ پہنچا ہو جس کی وجہ سے شدید رنج و غم میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی طرح دل کو قرار نہ ہوتا ہو تو وہ سات یوم تک ہر روز بلا ناغہ بکثرت یہ کلمات پڑھے۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا ۝

ان کلمات کو پڑھنے کے لیے وقت کی کوئی قید نہیں جب بھی چاہے اٹھتے بیٹھتے یا چلتے پھرتے پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ قلبی

Marfat.com

سکون حاصل ہوگا اور رنج و غم کی کیفیت جاتی رہے گی۔

## پریشانی کے لیے تیر بہدف عمل :۔

ہر طرح کی پریشانی اور مشکل کو دُور کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک بار اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ سے سُورہ مومنون کی آخری آیات مبارکہ تک نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے بفضل باری تعالےٰ پریشانی رفع ہو جائے گی اس کے علاوہ اگر یہ آیات مبارکہ کسی آسیب زدہ پر باوضو حالت میں پڑھ کر دم کیا جائے تو آسیب دُور ہو جائے گا۔

## سردی کا بخار :۔

جس کسی کو بھی سردی سے بخار ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو بیری کی لکڑی پر یہ آیت مبارکہ لکھے اور مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار میں افاقہ ہوگا اور آرام آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

## بے اولادی کا علاج :۔

اگر کوئی اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور اس معاملے میں مایوس ہو گیا ہو تو اس مقصد کے لیے کسی نیک سیرت بزرگ کے پاس جائے دو انڈوں کو اُبال کر اُن کے چھلکے اتارے ایک انڈے پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا

بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھائے یہ انڈا مرد کھائے جبکہ دوسرے انڈے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمَاھِدُوْنَ لکھوائے اور یہ انڈا عورت کو کھلادے ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک اسی طرح کرے اس دوران مرد اپنی بیوی سے چند بار ہم بستری بھی کرے اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگا اللہ تعالےٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا۔

## نظر بد کے لیے:۔

اگر کسی بچے کو بہت شدید نظر بد لگی ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں اس طرح سے تعویذ بنائیں یعنی ذیل میں دیے ہوئے نقش کے اُوپر یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ہ

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

یہ تعویذ لکھنے کے بعد اس کو لوبان کی دُھونی دیں اور تعویز

کی شکل میں بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں بفضل باری تعالےٰ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا اور آئندہ بچہ نظر بد کا شکار نہ ہوگا۔

## زبان بندی کے لیے :-

جو کوئی زبان بندی کے لیے ذیل میں دیے ہوئے دو نقش لکھ کر ایک اپنے بازو پر باندھے اور دوسرا قبرستان میں جا کر قبر میں مُردے کے دائیں طرف دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ اور وہ مخالفت کرنے سے باز آجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ | ۱۸ | ۲۳ |
| ۲۰ | ۲۲ | ۲۴ |
| ۲۱ | ۲۶ | ۱۹ |

## لوگوں کو گرویدہ کرنا :-

جو کوئی یہ چاہے کہ لوگ اس کے مطیع ہو جائیں اس کو اچھی نظر سے دیکھیں وہ جہاں بھی جائے لوگ بڑی محبت سے پیش آئیں اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کریں تو وہ درج ذیل کلمات دن میں ایک بار کسی بھی نماز کے بعد باوضو حالت میں پانچ بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَالْخَلْقُ

Marfat.com

عَجَزُ وعَن ذَالِكَ - اَللّٰهُمَّ سَدَّ لِسَانَ اَعۡدَائِیۡ وَلَا
تُشۡمِتۡ بِهِ الۡاَعۡدَآءَ واَظۡفِرۡلِیۡ عَلٰی جَمِیۡعِ الۡاَعۡدَآءِ
قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِهِ السِّحۡرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ
اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ۝ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ
وَلَوۡ کَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ
خَلۡقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِیۡنَ ط بِرَحۡمَتِکَ
یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ط

## بھاگا ہوا واپس آئے :-

اگر کوئی کسی کو بھگا کرلے گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ کہاں ہے یا کسی کا بچہ گم ہوگیا ہو گھر والے سخت پریشان ہوں تو باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھے پھر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی لکھے اس کے بعد اَللّٰهُمَّ سے یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ لکھے۔ ان کو لکھنے کے بعد یہ آیت مبارکہ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ لکھے۔

اَوۡ کَظُلُمٰتٍ فِیۡ بَحۡرٍ لُّجِّیٍّ یَّغۡشٰهُ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ مَوۡجٌ
مِّنۡ فَوۡقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعۡضُهَا فَوۡقَ بَعۡضٍ اِذَآ

Marfat.com

خرج یدہ لم یکد یراھا و من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور ہ ومن ورائھم برزخ الی یوم یبعثون۔ وضرب لنا مثلا و نسی خلقہ واللہ من ورائھم محیط ہ بل ھو قراٰن مجید فی لوح محفوظ ہ

پھر ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھنے سے قبل درُود پاک پڑھے اور پھر دُعا پڑھے تحریر کردہ کاغذ کو تہہ کرے اور ایک کپڑے میں لپیٹ کر اندھیری کوٹھڑی میں اُونچی جگہ پر دو پتھروں کے درمیان دبا دے اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے چند دنوں میں بھاگا ہوا واپس آجائے گا یا اس کے بارے میں اطلاع مل جائے گی کہ وہ کہاں ہے دُعا یہ ہے۔

اللّٰھم انی اسئلک بحق ھٰذہ الاٰیات ان تصلی علی نبیک سیدنا محمد وّ اٰلہٖ وصحبہٖ وسلم ان تود العبد الی مولاہ برحمتک یا ارحم الراحمین

## خاوند کی محبّت حاصل کرنا:۔

اگر کسی کا خاوند اپنی بیوی سے اچھا سلوک نہ کرتا ہو اُس کے ساتھ ترش مزاجی سے پیش آتا ہو اور گھر میں لڑائی جھگڑا کرتا رہتا ہو یا ایسی عورت

Marfat.com

جو اپنے خاوند کی فرمانبردار نہ ہو اپنے خاوند کو اچھا نہ سمجھتی ہو تو جو کوئی ذیل میں دیا ہوا تعویز لکھ کر اپنے پاس رکھے گا انشاءاللہ تعالےٰ مطلوبہ مقصد میں کامیاب ہوگا اگر مرد اپنے پاس رکھے گا تو عورت اس کی گرویدہ ہو جائے گی اور اس کی تابعداری کرے گی اگر عورت اپنے پاس رکھے گی تو شوہر جب اس کے سامنے آئے گا تو محبت کی نگاہوں سے دیکھے گا اور خوش مزاجی کا مظاہرہ کرے گا۔ اس کے علاوہ اس تعویز کے بارے میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ اگر یہ تعویز عورت کے پاس ہو تو کوشش کرے کہ اس کے خاوند کی نظر تعویز پر نہ پڑھے اسی طرح اگر مرد کے پاس تعویز ہو تو وہ عورت کی نظروں سے اس کو بچائے اس تعویز کو چاند کے مہینہ کی چودہ تاریخ سے اکیس تاریخ تک کسی بھی شب یعنی نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد عرق گلاب ، زعفران ، مشک ، بارش کا پانی اور آب زمزم ملا کر لکھے۔ تعویز یہ ہے۔




Marfat.com

## قیدی کی رہائی :-

اگر کوئی قید سے جلد رہائی حاصل کرنا چاہتا ہو یا اگر کسی کو پھانسی کی سزا کا حکم سنایا گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ پھانسی کا حکم تبدیل ہو جائے اس کو چند برس قید کی سزا ہو جائے اور پھانسی نہ ہو تو اس مقصد کے لیے چند آدمی نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں مسجد میں بیٹھ کر ۴۶ ۷ ۵ بار سورۃ والناس پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں اکیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کریں اس دوران اگر مطلوبہ مقصد پورا نہ ہو تو مزید اکیس یوم تک پڑھیں انشاء اللہ تعالےٰ ضرور بالضرور پھانسی کا حکم تبدیل ہو جائے گا اور قیدی کی جلد رہائی عمل میں آ جائے گی۔

## فوری اثر والا عمل :-

جو کوئی یہ چاہے کہ دشمنوں کی زبان بندی ہو دشمنوں کے شر سے محفوظ ہے دشمن کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے تو وہ ذیل میں دنیا ہو منتر ہر روز پچیس بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ بہت فائدہ ہو گا دشمن کسی قسم کی ایذا نہ پہنچا سکے گا اللہ تعالےٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا یہ منتر ایک بنگالی جادوگر کا آزمودہ اور مجرب ہے جو یہ ہے۔

Marfat.com

نظر بند کے بجر بند۔ شاہ علی کا بجر بند، کیدا بند۔ تلوار بند۔ سرکار بند۔ سرکار کی زبان بند۔ سانپ بند۔ سانپ کی زبان بند۔ اُپر بند۔ اُپر کی زبان بند۔ اگاڑی بند۔ پچھاڑی بند۔ کھانے کی آنی بند۔ بہتر کوس کے جیو جنتر بند۔ بحق کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

## بے چینی دُور ہو :-

جو کوئی کسی غیر عورت پر فریفتہ ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے اس کا دل میں ہیجانی کیفیت اور بے چینی پیدا ہو گئی ہو یا اگر کوئی شخص کسی بچے یا عورت کو بہکا کر اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہو تو چاہیئے کہ اوّل و آخر سات سات بار درُود پاک پڑھ کر ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے قلبی بے چینی دُور ہو جائے گی سات یوم تک بلا ناغہ یہ کرے اور اگر اُس پر دم کرے جو بہک کر بھاگنا چاہتا ہو تو بفضل باری تعالےٰ وہ نہیں بھاگے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے مَا یَشَآءُ تک اور یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے الْاَدْبَارَ تک

## اولادِ نرینہ کے لیے :-

اگر کسی کے ہاں لڑکیوں کی ہی پیدائش ہوتی ہو اور وہ اولادِ نرینہ کی خواہش مند ہو تو چاہیئے کہ حاملہ عورت کا خاوند باوضو حالت میں اس کے پیٹ پر ایک گول دائرہ کھینچے اور ستّر بار یَامَتِیْنُ پڑھ کر دم کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بیٹا پیدا ہوگا۔

## دشمنوں میں تفریق ڈالنا :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دشمنوں کا آپس میں اتفاق ختم ہو جائے اور ان کے مابین تفریق پیدا ہو جائے اور اس کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے سے باز رہیں تو اُسے چاہیئے کہ وہ شرعی حدود سے تجاوز نہ کرتے ہوئے باوضو حالت میں اس طرح سے تعویز بنائے یعنی پہلے یہ آیت لکھے۔

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ط اس کے بعد اس کے نیچے یہ نقش لکھے۔



اس نقش کے نیچے اُن دونوں اشخاص کے نام لکھے یعنی یہ لکھے کہ فلاں فلاں کے مابین تفریق ہوجائے۔ اس کے بعد یہ تعویذ تہہ کرکے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کردے۔ دونوں میں پھوٹ پڑجائے گی اور وہ ایک دوسرے سے علیحدہ ہوجائیں گے۔

## جھوٹا مقدمہ :-

اگر کسی کو جھوٹے مقدمے میں ملوث کردیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیئے کہ وہ ہر روز نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد بارہ سو بار یہ پڑھا کرے۔

یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَ رَاحِمَہٗ یَا رَحْمَانُ۔

اگر کسی وجہ سے خود نہ پڑھ سکتا ہو تو اس کے والدین، بھائی، بہن یا کوئی بھی اس کے لیے پڑھ سکتا ہے پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد باعزت طور پر رہا ہوجائے گا۔ اکیس یوم تک بلاناغہ یہ وظیفہ کرے اکیس یوم کے اندر اندر رہائی عمل میں آجائے گی۔

## نوکری کا حصول :-

اچھی اور پرکشش ملازمت کے حصول کے لیے

Marfat.com

جس شخص کی کوئی سفارش نہ ہو جبکہ وہ مطلوبہ معیار پر پورا اُترتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ ہر روز نماز عشاء یا نماز تہجد کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ بَاْسُنَا تَبَارَکَ حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

Marfat.com

چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ وظیفہ کرے اس دوران انشاء اللہ تعالیٰ حسب منشا ملازمت حاصل ہو جائے گی مگر ملازمت ملنے کے بعد بھی چالیس یوم اس کے پورے کرے اور درمیان میں ہی نہ چھوڑ دے۔ نہایت مجرب اور آزمودہ وظیفہ ہے۔

## جنّات گھر سے بھاگ جائیں:۔

اگر کسی کے گھر میں جنّات کا داخلہ ہو اور وہ تنگ کرتے ہوں تو جنّات کو گھر سے بھگانے کی غرض سے چار لمبی کیلیں لے کر باوضو حالت میں

یہ آیت مبارکہ ہر ایک کیل پر اکتالیس بار دم کرے اور مکان کے چاروں کونوں میں ان کیلوں کو گاڑھ دے اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے جنات چلے جائیں گے اور پھر کبھی اس مکان میں داخل ہو کر تنگ نہ کریں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۝

## مقدمہ میں کامیابی کے لیے

جُھوٹے مقدمہ میں گرفتار وملوث شخص کے لیے یہ وظیفہ بہت ہی مفید ہے پیشی پر جانے سے پہلے جب طلوع وآفتاب ہو جائے اور اشراق کا وقت شروع ہو تو یہ کلمات مبارکہ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالےٰ جب عدالت میں حاضر ہو گا تو با عزت بری ہو جائے عدالت میں جاتے ہُوئے بھی پڑھتا جائے۔ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَسَھِّلْ یَا اِلٰھِیْ کُلَّ صعب بحرمت سَیِّدِ الْاَبْرَار سَھِّلْ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ الیس اللّٰہ بِکَافٍ عَبْدَہٗ۔ ھُوَالنَّبِیُّ الْکَرِیْم ھوالاوّل والآخر ط اس کے علاوہ ان کلمات

Marfat.com

کو طلوع آفتاب کے بعد ایک سفید کاغذ پر لکھے اور ساتھ ہی ذیل میں دیے ہوئے نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے بفضلِ تعالےٰ جب بھی حاکم یا قاضی کے سامنے پیش ہوگا اور اچھے اخلاق سے پیش آئے گا اور اس کے ساتھ خصوصی شفقت اور اچھے سلوک کا مظاہرہ کرے گا۔ نقوشِ یہ ہیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ع | ۲۰ | ۲۷ |
| ۲۶ | ۲۴ | ۲۳ |
| ۲۲ | ۲۸ | ۲۹ |

## دوسروں کو اپنا مطیع کرنا:-

اگر کوئی یہ چاہے کہ دوسرے اس کے مطیع ہو جائیں وہ لوگوں میں ہر دلعزیز ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ شعبان المعظم کے مہینہ میں ایام بیض کے روزے رکھے جب آخری روزہ ہو تو افطاری کے وقت نمک، ساگ جَو کی روٹی اور سرکہ سے روزہ افطار کرے پھر مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد اپنی جگہ پر بیٹھا رہے اور عشاء کی اذان تک ذکر الٰہی کرتا رہے اور درُود پاک پڑھتا رہے پھر زعفران اور عرق گلاب سے ایک سفید کاغذ پر یہ آیاتِ مبارکہ جو کہ قرآن پاک کے پارہ ۱۱ کے چھٹے رکوع کی ہیں لکھے یعنی الٓرٰ سے اَفَلَا تَذَكَّرُونَ ع تک۔ جب ان آیاتِ

مبارکہ کو لکھے تو جب نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد بستر پر لیٹے تو کاغذ کا یہ پرچہ اپنے سر کے نیچے رکھ کر لیٹے جب تک نیند نہ آئے مسلسل ذکر الٰہی کرتا رہے اور اسی طرح سو جائے نماز فجر کے وقت یہ پرچہ نکال لے پھر صبح کے وقت یہ پرچہ اپنے پاس رکھے جہاں بھی جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی خوب عزت ہوگی سب لوگ اس کے مطیع و گرویدہ ہو جائیں گے

## خود بخود برائی سے باز آئے:-

اکثر لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ غیبت اور چغلی کے ذریعے ایک دوسرے کو لڑا کر بہت خوش ہوتے ہیں ان کی اس عادت کی وجہ سے کافی جھگڑے ہو جاتے ہیں ان کی یہ عادت ان کو معاشرے میں بدنام کر دیتی ہے ہر کوئی ان کے سامنے کسی بھی قسم کی بات کرنے سے کنی کتراتا ہے اور ایسے شخص کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی یہ بُری عادت ختم ہو جائے مگر باوجود کوشش کے اپنی عادت کو چھوڑنے میں کامیاب نہ ہوتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد باسٹھ بار یَا حَمِیْدُ پڑھا کرے اس کے ساتھ ہی ایک سو بار اللہ اللہ کا وِرد بھی کرے سات یوم کے اندر اندر اس کے دل کی اصلاح ہو جائے گی وہ جو بھی بات کرے گا خُوب سوچ سمجھ کر کرے گا جب

بھی اُس کا دل اُسے لڑائی جھگڑے یا فساد پیدا کرنے والی بات پر اُبھارے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوری طور پر اس کے دل میں ایک کھٹکا پیدا ہوگا اور اُسے یہ احساس ہوگا کہ یہ میں کیا کرنے والا ہوں چنانچہ اس سوچ کے ساتھ ہی وہ اپنی گفتگو کو اچھائی میں بدل دے گا اور اچھی بات کرے گا اس طرح رفتہ رفتہ اُس کی بُری عادت ختم ہو جائے گی اس وظیفہ کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر کوئی اس وظیفہ کو باقاعدگی سے پڑھنے کی عادت ڈال دے تو اس وظیفہ کے اثرات کے باعث اُس میں یہ خوبی پیدا ہو جائے گی کہ دوسرے کے خیالات کو وہ فوری طور پر بھانپ لے گا اُس کا دل آئینہ کی مانند ہو جائے گا جس پر دوسروں کے خیالات اس کے دل پر منعکس ہو جائیں گے اس سے دوسرے لوگ اس کی خوب عزت کریں گے۔

## سحر ختم کرنا:۔

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اور وہ ٹھیک نہ ہوتا ہو تو اس کا سحر ختم کرنے کی غرض سے مٹی کا ایک گھڑا لیں اور ایسے کنویں سے پانی لیں جس سے کوئی نہ بھرتا ہو اس کے بعد سات ایسے درختوں کے پتے لیں جس کا پھل کھایا نہ جاتا ہو پھر بارش کا پانی گھڑے میں ڈالیں اور دونوں پانی ملا دیں اس کے

Marfat.com

بعد اس میں پتے ڈال دیں اب ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ آیاتِ مبارکہ لکھیں یعنی

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک

(پ۱۱ ع ۶) یہ لکھا ہوا کاغذ اُس گھڑے والے پانی سے دھوئیں اور جس پر سحر کیا گیا ہے اس کو دریا کے کنارے پر لے جاکر پانی میں کھڑا کریں اور اس کو غسل دیں اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے سحر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## اچھا رشتہ ملے :۔

اگر کسی کی شادی اس وجہ سے نہ ہوتی ہو کہ اس کے لیے کوئی بھی اچھا رشتہ نہ آتا ہو یا پھر کہیں سے بھی پیغام نہ آتا ہو تو چاہیئے کہ چاند کے مہینہ کی چودھویں تاریخ کو نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں وہ خود اور اس کے گھر والے یا احباب مِل کر ایک جگہ پر بیٹھیں اور اکتالیس بار سُورۂ یٰسین پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگیں اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے بہت جلد رشتہ آجائے گا اور شادی بھی ہو جائے گی۔

## باہمی دشمنی ختم کرنا :۔

جو کوئی یہ چاہے کہ دو اشخاص یا دو گروہوں کے مابین دشمنی ختم ہو

جائے اوران کے درمیان جو عداوت ہے اس کا مکمل طور پر خاتمہ ہو جائے تو وہ قرآن پاک کے پارہ ۱۲ سے وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ سے بِمَا کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ہ تک ایسی برفی یا کسی بھی میٹھی چیز پر باوضو حالت میں لکھے۔ اور دونوں کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دونوں کے مابین دشمنی ختم ہو جائے گی۔ ان کا نفاق دور ہو جائے گا۔ اور دونوں آپس میں محبت و پیار سے رہیں گے۔

## دشمن نقصان نہ پہنچا سکے :۔

اگر کسی کو دشمن یا بدخواہ کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو۔ اور دشمن ظالم و حاسد ہو اور نقصان پہنچانے اور بد زبانی کرنے کا کوئی بھی موقع سے نہ جانے دیتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا وظیفہ ہر روز ایک بار نماز فجر کے بعد اور نماز مغرب کے بعد ایک بار پڑھ لیا کرے بفضل باری تعالےٰ دشمن کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا جو کوئی بھی اس کے ساتھ زبان درازی کرنے کی کوشش کرے گا اس کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ دشمن کے شر سے بچا رہے گا۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ صد ہزار بار گرد بگرد من و گرد دوستان من حصار باد محمد الرسول اللہ بر من و بر دوستان بار باد۔ بستم دست پا زبان چشم عقل و ہوش و گوش کسانیکہ در ہیچ دہ ہزار عالم آدمیان و ذرائے ناترسان و ناحقان و ناشکران آدمیان و دیوان عقل و پریان کسانیکہ مارا دوستان مارا

بدگویند و بدخواہند و بد بدانند و بداندیشند بحرمت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

## بیوی کا چڑچڑاپن :-

اگر کسی کی بیوی بہت بدمزاج اور چڑچڑی ہو گھر میں ہر وقت خاوند سے جھگڑتی رہتی ہو تو خاوند کو چاہیئے کہ وہ ہر روز بلاناغہ اکیس یوم تک ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ بار یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

اِنَّ وَلِیِّ یَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ○

یہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو کر دعا مانگے کہ یا اللہ! میری بیوی کی بدمزاجی دُور فرمادے اس کو میرا مطیع اور فرمانبردار بنادے انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر بیوی اپنے خاوند سے اس قدر محبت اور پیار سے پیش آئے گی کہ خاوند خود حیران رہ جائے گا۔

# سُورۂ اخلاص کے نقش کے لاتعداد فوائد:۔

ذیل میں دیے ہوئے سُورہ اخلاص کے فوائد، خواص واثرات اس قدر زیادہ ہیں کہ شمار نہیں کیے جا سکتے اور یہ سب آزمودہ اور مجرّب ہیں کوئی بھی فائدہ ایسا نہیں ہے کہ جس کا تجربہ نہ کیا گیا ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جبرائیلؑ — میکائیلؑ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد |
| هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم |
| الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد |
| احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم |
| الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن |
| الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له |
| لم | یلد | ولم | یُولد | ولم | یکن | له | کفوًا |
| یلد | ولم | یُولد | ولم | یکن | له | کفوًا | احد |

اسرافیلؑ — عزرائیلؑ

سُورہ اخلاص کا عددی نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمادیں۔

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۰ | ۲۵۳ | ۲۵۶ | ۲۴۳ |
| ۲۵۵ | ۲۴۴ | ۲۴۹ | ۲۵۴ |
| ۲۴۵ | ۲۵۸ | ۲۵۱ | ۲۴۸ |
| ۲۵۲ | ۲۴۷ | ۲۴۶ | ۲۵۷ |

ان نقوش کے فوائد کے ضمن میں تجربہ شدہ بات یہ ہے۔ کہ جو کوئی ان سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہو۔ اور اس کا عامل ہونا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے۔ کہ وہ ان نقوش کی زکوٰۃ اس طرح سے دے کہ چاند کے مہینہ کے آغاز میں عددی یا عربی دونوں میں سے کوئی ایک نقش باوضو حالت میں ہر روز لکھے اور ہر روز بلاناغہ آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے چالیس یوم تک اس طرح کرے اور جب چالیس دن پورے ہو جائیں تو اپنے ہاتھ سے میٹھے چاول پکا کر فاتحہ پڑھے اور دریا پہ لے جائے تھوڑا سا اس میں سے خود کھائے باقی دریا میں ڈالے تاکہ مچھلیاں وغیرہ کھائیں اس طرح عمل کرنے سے اس نقش کا عامل ہو جائے گا اور پھر جو چاہے گا مقصد حاصل کرے گا مگر اس کے لیے ایک شرط یہ بھی ہے کہ باوضو حالت میں لکھے۔ اگر یہ چاہے کہ کسی غائب کو فوری طور پر بلانا ہے تو یہ نقش لکھ کر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر سورج کی تپتی ہوئی دھوپ میں یا چولھے کے نزدیک رکھے انشاء اللہ غائب

Marfat.com

جلد ہی حاضر ہو جائے گا۔

اس کے علاوہ اگر یہ چاہے کہ کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہے اور اس کی جلد رہائی مقصود ہے تو ہرن کی جھلّی پر جمعرات کے دن لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھے تو بفضل باری تعالےٰ قیدی کی رہائی اس نقش کی برکت سے جلد عمل میں آجائے گی۔ اگر کسی کو جذام کا عارضہ لاحق ہو یا ٹی بی کے مرض میں ایسا مبتلا ہو کہ اس کے منہ سے تھوک کے ساتھ خون بھی آتا ہو کوئی دور کارگر نہ ہوتی تو باوضو حالت میں سورۂ اخلاص کا عربی نقش چالیس کی تعداد میں لکھے اور چالیس یوم تک مریض کو پانی میں گھول کر پلائے چند دنوں میں ہی مرض میں افاقہ ہوگا اور اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ اگر کسی حاملہ عورت کا حمل گر جاتا ہو تو ایک عددی نقش لکھ کر حاملہ کو دے کہ وہ اسے کمر میں باندھے تو فوری طور پر خون بند ہو جائے گا اور کوئی نقصان نہ ہوگا۔ اگر کسی کی چوری ہو گئی ہو اور چور کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ چور کون ہے تو ایک نقش لکھ کر قرآن پاک میں رکھے اور باوضو حالت میں درود پاک پڑھتا ہوا سو جائے تو اُس کو چور کی شکل خواب میں دکھائی دے گی اور اُسے معلوم ہو جائے گا کہ چور کون ہے۔ غرضیکہ یہ نقش جس بھی جائز اور نیک مقصد کے لیے لکھ کر دے گا۔ خلوص دل توجہ اور یکسوئی سے لکھے گا تو بفضلِ باری تعالیٰ فوری طور پر اثر

Marfat.com

ہو گا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## چور کی تلاش :۔

جس کسی کو چند افراد پر چوری کا شبہ ہو مگر وہ یقین کے ساتھ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ ان میں سے چور کون ہے تو ذیل میں دیا ہوا نقش روٹی پر لکھے اور اس روٹی کی چوری بنا کر سب مشتبہ افراد کو کھلائے ان میں سے جو چور ہو گا تو لقمہ اس کے گلے سے نیچے نہیں اُترے گا اس طرح چور کو آسانی کے ساتھ شناخت کر لیا جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۴۱ | ۱۳۴۵ | ۱۳۴۸ | ۱۳۳۱ |
| ۱۳۴۷ | ۱۳۳۵ | ۱۳۴۰ | ۱۳۴۶ |
| ۱۳۳۶ | ۱۳۵۰ | ۱۳۴۳ | ۱۳۳۹ |
| ۱۳۴۴ | ۱۳۳۸ | ۱۳۳۷ | ۱۳۴۲ |

## شب و روز سکون رہے :۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے شب و روز سکون و آرام سے گزریں اور اسے کسی طرف سے کوئی گزند نہ پہنچے تو اُسے چاہیئے کہ وہ رات کو باوضو حالت

Marfat.com

میں بستر پر لیٹے اور سونے سے قبل یہ کلمات پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ حَرِّقْ قَلْبِی بِنَارِ عِشْقِكَ وَارْزُقْنِی ازْدِیَادَ مُحَبَّتِكَ حَتّٰی لَا یَبْغٰی شَیْءٌ فِی قَلْبِی غَیْرُكَ ط

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قلبی سکون حاصل ہوگا اور کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔

## عمل حاضرات :-

یہ عمل ہر طرح کے پوشیدہ معاملات کو جاننے اور فوائد حاصل کرنے کے ضمن میں نہایت آزمودہ ہے اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ ہر روز تین دن تک بلا ناغہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کسی بھی پاکیزہ جگہ پر قبلہ رُخ بیٹھ جائیں پہلے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر گیارہ بار درُود وسلام بھیجیں اس کے بعد نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ چھ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ہ

بحق حضرت سلیمان علیہ السلام بن حضرت داؤد علیہ السلام۔ پھر گیارہ بار

درود پاک پڑھے۔ ختم کرنے کے بعد مٹی کے دو پیالے لے کر تھوڑا سا کافور اور تھوڑا سا عطر گلاب بھی لے لے۔ اس کے بعد مذکورہ بالا آیت مبارکہ ساٹھ ساٹھ بار پڑھ کر دونوں پیالوں پر دم کرے پھر ساٹھ مرتبہ کافور پر پڑھ کر دم کرے اور کافور ایک پیالے میں رکھ کر دیا سلائی سے اس کو جلائے اور اس کے اوپر دوسرا پیالہ ذرا اونچا کر کے رکھ دے تاکہ اوپر والے پیالہ میں اس کے دھوئیں سے کاجل تیار ہو جائے جب کافور سے کاجل تیار ہو جائے تو اس میں گلاب کا عطر ملائے اور کسی ڈبیہ میں ڈال کر محفوظ کرے۔

پھر جب بھی کبھی کسی معاملے کے بارے میں معلوم کرنے کی ضرورت درپیش ہو تو چاہیئے کہ کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی جو کہ نیک سیرت اور اچھے کردار کے ہوں اُس کے انگوٹھے پر یہ خوشبودار کاجل تھوڑا سا لگا دیں یعنی اس قدر لگائیں کہ جس سے ناخن سیاہی سے چھُپ جائے اب اس کو قبلہ رُخ دوزانو بٹھا دیں پھر عامل کو چاہیئے کہ وہ لڑکے کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر سات یا گیارہ مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر دم کرے اس کے بعد وہ لڑکا کلام کرے کہ ہمارے سامنے فوری طور پر دو شخص حاضر ہوں وہ شخص جب اس کو سامنے دکھائی دیں تو ان کو حکم دے کہ میدان کو صاف کر کے پانی چھڑکو اور جلدی سے فرش بچھا دو۔ جب فرش بچھا دیا جائے تو پھر بادشاہ کو

Marfat.com

طلب کرے بادشاہ جب حاضر ہو جائے تو اس کو پہلے تو سلام کرے پھر اس سے پوچھے کہ اس وقت آپ کو کوئی کام تو نہیں ہے جب وہ یہ جواب دے کہ اس وقت مجھے کوئی کام نہیں ہے تو پھر ان سے جو کچھ بھی پوچھنا ہو پوچھے مثال کے طور پر یہ کہ فلاں شخص ہمیں بہت تنگ کرتا ہے اس کی کیا تدبیر کی جائے۔ یا فلاں شخص آسیب زدہ ہے آپ آسیب کو جلا دیجیئے یا گرفتار کر لیجیۓ یا اس سے خلاصی کروا دیجیئے اور آئندہ کے لیے اس سے وعدہ لے لیجیۓ پھر وہ نہیں آئے گا۔ یا یہ سوال بھی پوچھ سکتا ہے کہ فلاں شخص بیمار ہے وہ کب تک صحت یاب ہو گا۔ یا یہ کہ فلاں مقام پر دفینہ ہے یا نہیں اگر ہے تو بتا دیجیئے۔

اس عمل حاضرات کے ذریعے ہر طرح کی معلومات اور فائدہ مند باتیں پوچھی جا سکتی ہیں مگر چوری کے حالات کے بارے میں اگر پوچھا جائے تو معلوم نہ ہو گا۔ جب اپنا مقصد پورا ہو جائے اور پوشیدہ حالات کے بارے میں علم ہو جائے تو پھر یہ کہے کہ آپ کو میں نے بہت تکلیف دی ہے براہ کرم اب آپ تشریف لے جا سکتے ہیں۔

## دشمن کو مطیع کرنا:۔

جو کوئی یہ چاہے کہ دشمن کے دل سے اس کی دشمنی ختم ہو جائے اور

Marfat.com

اس کا غلبہ دشمن پر ہو جائے تو وہ ہر روز باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورۂ طٰہٰ پڑھ لیا کرے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی عورت یہ چاہے کہ اس کا خاوند اس کے ساتھ محبت سے پیش آئے تو وہ بھی ہر روز پڑھ لیا کرے اس کا شوہر سختی نہ کرے گا اور سورۂ طٰہٰ کی برکت سے اس کا دل نرم ہو جائے گا۔

## دشمن اندھا ہو جائے :-

اگر کسی کا دشمن بہت ظالم ہو ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے ہو اور اس کوشش میں ہو کہ کسی طرح گزند پہنچائی جائے اس مقصد کے لیے دشمن نے اپنے آدمی اس کو نقصان پہنچانے کی غرض سے اس کے پیچھے لگا دیے ہوں اور وہ اس تاک میں ہوں کہ اس کو جانی نقصان پہنچایا جائے یا کوئی ایسا موقع آگیا ہو کہ دشمن نے اس بات کا تہیہ کر لیا ہو کہ وہ ضرور اس کو جانی نقصان پہنچائے گا دشمن نے اپنے آدمیوں کو اس کے تعاقب میں روانہ کیا ہو کہ جیسا بھی ہو اس کو نقصان پہنچایا جائے اور اگر راستے میں اتفاق سے دشمن یا دشمن کے آدمیوں سے اس کا سامنا ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ دشمن کو دیکھتے ہی فوری طور پر **یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ** بار بار پڑھنا شروع کر دے اگر دشمن کے آدمی اس پر حملہ آور ہونے کے لیے مقابلے پر آگئے ہوں اور وہ ان کو دیکھ کر دہشت زدہ ہو گیا ہو اور اس نے

Marfat.com

یہ سمجھ لیا ہو کہ اب دشمن اپنے مقصد میں کامیاب ہونے والا ہے تو اس صورت حال میں بھی وہ برابر **یَا نَاصِرُ یَا حَافِظُ** پڑھنا شروع کر دے۔ اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے دشمن کو کچھ دکھائی نہ دے گا اور وہ اندھا ہو جائے گا اس طرح کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا اس مقصد کے لیے یہ وظیفہ نہایت مجرّب و آزمودہ ہے۔

## نوزائیدہ بچّہ کی زندگی کے لیے :-

جس کسی عورت کا بچّہ پیدائش کے تھوڑی مدّت بعد ہی انتقال کر جاتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ دوشنبہ کے روز دوپہر کے وقت سیاہ مرچ اور اجوائن لے کر اس پر چالیس بار سورۂ والشمس اس طرح سے پڑھ کر دم کرے کہ اوّل و آخر تین تین بار درُود پاک پڑھے اور جب تک بچّہ دُودھ پینا نہ چھوڑے اُس وقت تک ہر روز بلا ناغہ اجوائن اور سیاہ مرچ کے چند دانے کھاتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ طویل عمر پائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے گا۔

## آسیب بھگانا :-

اگر کسی کو جنّات نے قابو کیا ہو اور کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتے ہوں تو

Marfat.com

عامل کو چاہیئے کہ با وضو حالت میں بلند آواز سے ایک بار سُورہٗ جن پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ آسیب اُتر جائے گا اس کے بعد چار بار سُورہ یٰسین پڑھے اور گھر کے چاروں کونوں کی طرف دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ گھر ہمیشہ کے لیے آسیب سے محفوظ ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ چاہیئے کہ سُورہٗ جن لکھ کر تعویذ کی شکل میں اپنے بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## زہر نقصان نہ پہنچائے:۔

اگر کسی کے سامنے کھانا یا کوئی مشروب پیش کیا گیا ہو اور اُسے اس بات کا شُبہ ہو کہ اس میں زہر ملا دیا ہوا ہے تو وہ کھانے سے قبل ایک بار سورہ لِاِیْلٰف پڑھ کر دم کرے یا ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ تین بار دم کر کے کھانا شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

## غربت دُور ہو:۔

مفلسی و غربت دُور کرنے کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش نہایت

مفید ہے اس مقصد کے لیے جمعہ کو نماز تہجّد کی ادائیگی کے بعد بہتّر بار یہ نقش لکھے اور نماز فجر کے بعد دریا میں چھوڑنے کے لیے جائے سات دنوں تک یعنی صرف جمعہ کے دن سے یہ عمل کرے اللہ تعالٰے غیب سے روزی کے اسباب پیدا فرمائے گا جب غربت و افلاس دُور ہو جائے تو پھر صرف ایک مرتبہ روزانہ یہ نقش لکھ کر رکھتا جائے اور ساتویں دن دریا میں چھوڑ دے اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے کبھی غربت گھر میں نہ آئے گی غربت کو دُور کرنے اور رزق میں خیر و برکت کے لیے یہ نقش نہایت مجرّب ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۴۸ | ۱۸ |
| ۳۶ | ۲۴ | ۱۲ |
| ۳۰ | | ۴۲ |

## حاکم کو راضی کرنا :-

اگر کسی کو حاکم یا افسر اعلٰی کی خفگی کا ڈر ہو یا حاکم وقت اس سے ناراض ہو گیا ہو تو اُسے چاہیئے کہ باوضو حالت میں سب سے پہلے سات بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ پڑھے پھر سات بار درُود پاک پڑھے اس کے بعد کٓھٰیٰعٓصٓ کے ہر حرف کو اس طرح سے پڑھنا شروع کرے کہ پڑھنے:

ہوئے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی کو ہر حرف پر بند کرتا جائے جب پانچواں حرف پڑھے گا تو اس کی مٹھی بند ہو جائے پڑھتے وقت یہ خیال رکھے کہ ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی سے پہلا حرف شروع کرے پھر اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر حمعسق کے ہر حرف کو پڑھتا جائے اور اپنی انگلیاں بند کرتا جائے اس طرح اس کی دونوں مٹھیاں بند ہو جائیں گی۔ اس کے بعد دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے اسی طرح کھیعص سے ہر حرف کو پڑھتے ہوئے اپنا داہنا ہاتھ کھول دے اس طرح بائیں ہاتھ کی انگلیاں بھی حمعسق پڑھتے ہوئے کھول دے پھر کسی طرح حاکم یا افسر سے نظر بچا کر چاہے اس کے قریب ہو یا دور اس کی طرف پھونک دے پھر اس کے سامنے جائے اور اس کو سلام کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم اور افسر کی ناراضی ختم ہو جائے گا اور وہ مہربانی سے پیش آئے گا۔

## حمل قائم رہے:۔

اگر کسی عورت کو دورانِ حمل کوئی خرابی پیدا ہو جاتی ہو یا اس کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو چاہیئے کہ حاملہ عورت کے قد کے برابر ایک نیلے رنگ کا دھاگہ لے کر اس میں نو گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر ایک بار سورۃ الکافرون اور ایک بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔

Marfat.com

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ٥ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ٥

اس کے بعد یہ دھاگہ حاملہ عورت کو دیں کہ وہ اس کو اپنے پیٹ پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا حمل بالکل ٹھیک رہے گا اور بچہ بھی تندرست حالت میں پیدا ہوگا پھر جب بچہ ہو جائے تو اس کی کمر کے گرد باندھا ہوا دھاگہ اتار لیا جائے۔

## لکنت دُور کرنا :-

اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو اور وہ ہکلا کر بولتا ہو اس کی زبان کی گرہ نہ کھلتی ہو تو چاہیئے کہ وہ ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں لکھے اور سارا دن جب بھی پانی پیئے اس نقش کو پانی میں گھول کر یہ پانی پی لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ زبان کی لکنت ختم ہو جائے گی اور ذہن بھی کشادہ ہو جائے گا۔

علاج :- ایک چمچہ شہد لے کر تین گری بادام لے کر باریک کر کے شہد میں ملا کر روزانہ صبح نہار منہ استعمال کریں۔ لکنت جاتی رہے گی۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦١٣ | ٦١٧ | ٦٣٠ | ٦٠٦ |
| ٦١٩ | ٦٠٧ | ٦١٢ | ٦١٨ |
| ٦٠٨ | ٦٢٢ | ٦١٥ | ٦١١ |
| ٦١٦ | ٦١٠ | ٦٠٩ | ٦٢١ |

## تلی کا علاج :-

جس کسی کو تلی کا عارضہ لاحق ہو تو چاہیئے کہ نماز فجر کے بعد اوّل اکیس بار درود پاک پڑھے پھر ذیل میں دیا ہوا تعویز لکھ کر مریض کو دیں کہ وہ اس کو اپنے گلے میں ڈال لے۔ تعویز کے لیے یہ کلمات لکھے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ج وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَھُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ط اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ہ یَا طِحَالُ اِرۡجِعۡ مَکَانَکَ بِحَقِّ اَصۡحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ ط

اس تعویذ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ طحال کا عارضہ جاتا رہے گا۔ اور مرض میں بہت جلد افاقہ ہو گا۔ اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

Marfat.com

## عورت کے دودھ میں زیادتی :-

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو یا دودھ خشک ہو گیا ہو جس کی وجہ سے اس کا شیر خوار بچہ بھوکا رہ جاتا ہو تو چاہیئے کہ با وضو حالت میں ہر روز بلا ناغہ سات یوم تک خمیری روٹی پر یہ آیت مبارکہ لکھ کر عورت کو کھلا دیا کرے ۔

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں زیادتی ہو جائے گی اور دودھ خشک ہو جانے کی شکایت رفع ہو جائے گی ۔

## چوری سے بچاؤ :-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے گھر میں چور کبھی بھی چوری نہ کر سکیں تو وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد اپنے گھر میں بیٹھ کر قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا سے آخر سورۃ تک پڑھ لیا کرے اور اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ چور اس کے گھر میں کوئی چوری نہ کر سکے گا اس کے علاوہ اگر کوئی یہ آیت مبارکہ با وضو حالت میں لکھ کر اپنے مال میں رکھے گا تو بفضلِ تعالیٰ وہ مال بھی محفوظ رہے گا ۔

Marfat.com

## نکھٹو شوہر سے چھٹکارا:۔

اگر کسی عورت کا خاوند نکھٹو ہو گھر میں ہر وقت جھگڑا اور فساد برپا کرتا رہتا ہو کوئی کمائی نہ کرتا ہو کہ جس سے گھر کا خرچہ چلے عورت اپنے خاوند کی عادات و حرکات سے اس قدر تنگ آگئی ہو کہ اس سے چھٹکارے کے بغیر اسے اور کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جبکہ نکھٹو خاوند اپنی عورت کو چھوڑ دینے پر کسی صورت تیار نہ ہوتا ہو اور عورت کو مسلسل اذیت و تکلیف میں رکھنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے کہ عورت ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے نکھٹو شوہر سے چھٹکارا مل جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ ہ

## دشمن کی زبان بندی:۔

اگر کسی کا اپنے دشمن سے کسی جگہ پر آمنا سامنا ہو جائے اور وہ چاہے کہ دشمن کی زبان بندی ہو جائے تو وہ دشمن کو دیکھتے ہی یہ کہے۔

Marfat.com

اَللّٰہُ الْغَالِبُ اللّٰہُ الْقَاھِرُ مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ قَاھِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ وَ بِہِ الْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ ۔

انشاءاللہ تعالیٰ ان کلمات کے کہتے ہی دشمن پر اس کی ہیبت طاری ہو جائے گی اور وہ اس کے خلاف زبان سے کچھ بھی نہ بول سکے گا۔

## سانپ نقصان نہ پہنچائے :۔

اگر کوئی ایسی جگہ پر ہو کہ جہاں اسے سانپ اور دیگر خطرناک قسم کے کیڑوں سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اور اس نے اس مقام پر رات بسر کرنا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ نماز عشاء کے بعد جب سونے لگے تو پہلے گیارہ بار دُرود پاک پڑھے اور پھر یہ پڑھے۔

اَعُوْذُ بِرَبِّ الْبَلِیَّۃِ مِنْ شَرِّ عَقْرَبٍ وَحَیَّۃٍ۔

پڑھنے کے بعد پھر گیارہ بار دُرود پاک پڑھے اور سو جائے اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے کوئی بھی چیز اُسے نقصان نہ پہنچائے گی اور وہ آرام کی نیند سوئے گا۔

**خوف جاتا رہے :۔** اگر کوئی کسی ظالم شخص سے خوفزدہ ہو

اور اس بات سے خوف کھاتا ہو کہ وہ اسے کوئی نقصان پہنچائے گا تو جب وہ اس شخص کے سامنے جانا چاہے تو یہ آیت مبارکہ پڑھ کر جائے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ط وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ج وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

انشاء اللہ تعالےٰ اس کا خوف جاتا رہے گا اور وہ شخص اسے کوئی تکلیف نہ پہنچائے گا۔

## مرگی کا فوری علاج :۔

جس کسی کو مرگی کا دورہ پڑ گیا ہو تو اُس کو ٹھیک کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں ایک پیالہ پانی کا لے کر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، ایک مرتبہ سورۂ الفلق اور ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کو مریض کے چہرے اور سر پر چھڑکے انشاء اللہ تعالیٰ مرض دُور ہو جائے گا اور مریض کو ہوش آجائے گا۔

## پوشیدہ حال پوچھنا :۔

اگر کوئی یہ چاہے کہ عورت کو جو راز معلوم ہے وہ بتادے جبکہ وہ بتلانے سے گریزاں ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ کا عامل بنے تاکہ

Marfat.com

اس آیات مبارکہ کی برکت سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو۔ عامل بننے کے لیے یہ آیات مبارکہ ایک چلّہ میں سوا لاکھ پوری پڑھے آیات یہ ہیں۔

یَا بَنِیۡٓ اِسۡرَآءِیۡلَ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَتِیَ سے اَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ۝

تک۔ جب اس کا عامل ہو جائے تو پھر ایک نابالغ لڑکی جسم کے کپڑے کو دھو کر خشک کرے اور اس پر دو شنبہ کی شب باوضو حالت میں یہ آیات مبارکہ لکھے اور جس عورت سے کوئی پوشیدہ بات دریافت کرنا چاہتا ہے جب وہ سوئی ہوئی ہو تو اس کے سینہ پر رکھ دے تو اُس نے جو کچھ بھی کیا ہو گا یا جو کچھ وہ جانتی ہو گی سب کچھ بتا دے گی۔ اس کے عامل کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ صرف اور صرف اُن جائز کاموں کے لیے یہ عمل کرے جس کی شریعت مطہرہ نے اجازت دی ہے ناجائز اور غیر شرعی کام کرنے سے پرہیز کرے۔

## برائے حُبّ کے لیے:۔

کسی کے دل میں اپنی محبّت پیدا کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں بیٹھے اور پہلے گیارہ مرتبہ دُرود پاک پڑھے پھر گیارہ مرتبہ سُورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد یہ شعر پڑھے۔ ے

بدل دے اور دل اس دل کے بدلے
الٰہی تُو تو رب العالمین ہے!

Marfat.com

یہ شعر ایک سو بار پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کرے اُس کو کھلائے جس کے دِل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہتا ہے انشاء اللہ تعالےٰ سات یوم کے اندر اندر مطلوب اس کا گرویدہ ہو جائے گا اور اس کے دل میں اس کی خوب محبت و اُلفت پیدا ہو جائے گی۔

## اولاد نرینہ کے لیے:-

اگر کسی کے ہاں صرف بیٹی ہی ہوتی ہو اور وہ اولاد نرینہ کی نعمت سے محروم ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں ایک تعویز اس طرح سے سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھے کہ اوّل گیارہ بار درود پاک پڑھے اور پھر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ لکھے۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ط اس کے بعد یہ آیت مبارکہ لکھے۔

یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اِسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا۔

یہ لکھنے کے بعد یہ لکھے۔ بحق مَرْیَم وَعِیْسٰی اِبْنًا صَالِحًا

Marfat.com

طَوِیْلُ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

یہ تعویز لکھنے کے بعد حاملہ کو دے کہ وہ اسے باندھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے ہاں نیک اور صالح بیٹا پیدا ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ تعویز اگر چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر ہر روز حاملہ کو پلایا جائے تو اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ سے نوازے گا۔

## ادائیگی قرض کے لیے:-

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہو جائے جبکہ اُس کے پاس قرض کی ادائیگی کے لیے کچھ بھی نہ ہو تو وہ ہر روز نماز فجر یا نماز ظہر کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دُعا مانگے سات یوم کے اندر اندر انشاءاللہ تعالےٰ قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

## خواب میں کوئی بات معلوم کرنا:-

اگر کوئی خواب میں کسی بات کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہو یا کسی دفینہ کے بارے میں جاننا چاہتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو اُسے چاہیئے کہ آدھی رات کے بعد کثرت سے یہ پڑھے یَا هَادِیَ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنِ ط

Marfat.com

جب ایک سو مرتبہ پڑھ چکے تو پھر یہ کہے اِھْدِنِیْ یَا ھَادِیْ۔ اَخْبِرْنِیْ یَا خَبِیْرُ ط وَ بَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ ط اس کے بعد جس چیز کے بارے میں دریافت کرنا ہو اس کا نام لے اسی طرح پڑھتے ہوئے جب اس پر نیند کا غلبہ ہو جائے تو سو جائے اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے خواب میں اسے وہ بات معلوم ہو جائے گی جس کے لیے وظیفہ کیا ہے۔ باوضو حالت میں سوئے۔

## نظر بد کے لیے:۔

اگر کوئی بچہ یا بڑا نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو اور اُسے بہت جلد نظر لگ جاتی ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہُوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا اور نظر بد کا شکار نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۱۱ | ۶۱۴ | ۶۱۷ | ۶۰۴ |
| ۶۱۶ | ۶۰۵ | ۶۱۰ | ۶۱۵ |
| ۶۰۶ | ۶۱۹ | ۶۱۲ | ۶۰۹ |
| ۶۱۳ | ۶۰۸ | ۶۰۷ | ۶۱۸ |

Marfat.com

## مقدمہ میں کامیابی :-

جو کوئی کسی مقدمہ میں ناجائز طور پر بے گناہ ملوث کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے تاکہ اُسے باعزّت طور پر خلاصی حاصل ہو تو وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد یہ نقش مبارک لکھے اور اپنے بازو پر باندھے جب تک مقدمہ چلتا رہے گا وہ قلبی طور پر مطمئن رہے گا اور انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۲ | ۱۰۵ | ۱۰۸ | ۹۴ |
| ۱۰۷ | ۹۵ | ۱۰۱ | ۱۰۶ |
| ۹۶ | ۱۱۰ | ۱۰۳ | ۱۰۰ |
| ۱۰۴ | ۹۹ | ۹۷ | ۱۰۹ |

## زیادتی دُودھ

زچگی کی حالت میں جس عورت کے پستان خشک ہو گئے ہوں یا اس کے پستانوں میں دُودھ کم ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ ایک پلیٹ پر باوضو حالت میں یہ لکھے۔ اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

Marfat.com

لَّمُهۡتَدُوۡنَ ۝

اس پلیٹ کو تازہ پانی سے دھوکر عورت کو پلائے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ عورت کے دودھ میں زیادتی ہوجائے گی۔

## زہریلے کاٹے کا علاج:۔

اگر کسی کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا ہو تو فوری طور پر باوضو حالت میں تین بار یا سات بار یہ پڑھے۔

قَرِیۡبٌ مِلۡحَۃٌ فَقۡطَا بَحۡرُ ابحَقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اور پانی پر دم کرکے اس شخص کو پلائے انشاءاللہ تعالےٰ فوری طور پر افاقہ ہوگا۔

## تسخیر حُبّ:۔

تسخیر حُب کے لیے یہ وظیفہ نہایت آزمودہ ہے اس مقصد کے لیے جُمعہ کے دن فرض نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ پڑھے اور اپنے اُوپر دم کرے سات جمعہ تک برابر یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالےٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## کشائش رزق:۔

جو کوئی اپنے رزق میں کشائش کے لیے ہر روز

Marfat.com

نماز مغرب کے بعد اوّل و آخر تین تین مرتبہ درُود پاک پڑھے اور درمیان میں ایک سو چالیس مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ یَا رَزَّاقُ ط

اللہ تعالےٰ اس کے رزق میں فراخی عطا فرمائے گا۔

## ظالم دشمن کی بربادی کے لیے:-

جو کوئی یہ چاہے کہ ایسا ظالم دشمن شخص جو ہر کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے در پے ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں ذیل میں دیا ہوُا نقش لکھے اور اپنے بازو پر باندھے دشمن کے سامنے جائے گا تو دشمن کے اوسان خطا ہو جائیں گے اگر کسی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا تو خود ہی کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا۔

۷۸٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٦۷۷ | ٦۸۰ | ٦۸۵ | ٦۷۰ |
| ٦۸۴ | ٦۷۱ | ٦۷٦ | ٦۸۱ |
| ٦۷۲ | ٦۸۷ | ٦۷۸ | ٦۷۵ |
| ٦۷۹ | ٦۷۴ | ٦۷۳ | ٦۸٦ |

## حاکم کو مہربان کرنا:-

حاکم وقت یا جس کسی کو بھی اپنے حق میں مہربان

کرنا مقصود ہو تو چاہیئے کہ نماز اشراق کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جب بھی حاکم کے سامنے جائے گا وہ اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے گا اور اس کا جو بھی جائز کام ہوگا فوراً ہو جائے گا اس کے علاوہ اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے دشمن کی زبان بندی ہو جاتی ہے۔ اور دشمن کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی ہمت نہیں رکھتا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| حَسْبُنَا | اللّٰهُ | وَنِعْمَ | الْوَكِيْلُ |
| الْوَكِيْلُ | وَنِعْمَ | اللّٰهُ | حَسْبُنَا |
| اللّٰهُ | حَسْبُنَا | الْوَكِيْلُ | وَنِعْمَ |
| وَنِعْمَ | الْوَكِيْلُ | حَسْبُنَا | اللّٰهُ |

## چشمِ خلائق میں مقبول :۔

اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں مقبول ہو جائے اور ہر کوئی اس کے ساتھ محبت و اخلاق سے پیش آئے تو وہ باوضو حالت میں عرق گلاب، مشک اور زعفران کو ملا کر اس سے ذیل میں دیا ہوا نقش لکھے اور اپنے پاس رکھے

Marfat.com

اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے تو بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۰۶۱۷ | ۵۰۶۳۲ | ۵۰۶۲۷ | ۵۰۶۲۴ |
| ۵۰۶۲۸ | ۵۰۶۲۳ | ۵۰۶۱۸ | ۵۰۶۳۱ |
| ۵۰۶۲۲ | ۵۰۶۲۵ | ۵۰۶۳۴ | ۵۰۶۱۹ |
| ۵۰۶۳۳ | ۵۰۶۲۰ | ۵۰۶۲۱ | ۵۰۶۲۶ |

## بے گناہ کی رہائی کے لئے:-

اگر کسی بے گناہ کو قید میں ڈال دیا گیا ہو تو اُس کی جلد رہائی کے لیے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ انفال پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ دُعا قبول فرماتا ہے اور بے گناہ کی رہائی جلد عمل میں آجاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے یہ نہایت آزمودہ اور مجرّب عمل ہے۔

## صالح لوگوں میں شمار ہو:-

جو کوئی یہ چاہے کہ اُس کا شمار اللہ تعالےٰ کے برگزیدہ بندوں میں ہو جائے اور قیامت کے دن اس کا حشر نیک اور صالح بندوں کے ساتھ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یہ پڑھا کرے۔

Marfat.com

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور اس کے درجات میں اضافہ کرے گا۔

## حفظِ قرآن کے لیئے :-

اگر کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اُسے قرآن مجید جلد حفظ ہو جائے تو وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں یہ آیات مبارکہ پڑھ لیا کرے تو بفضل باری تعالیٰ وہ جتنا بھی قرآن مجید یاد کرے گا اُسے حفظ ہو جائے گا اور بہت جلد حفظ ہو گا۔

وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ پ ۲ رکوع ۴

# زیارت

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ نیک کردار ہو شریعت مطہرہ کا پابند ہو بُرے افعال سے اجتناب کرتا ہو اور نیکی کی طرف رغبت کرتا ہو پاکیزہ حالت میں رہتا ہو اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شوق رکھتا ہو۔ جن خوش نصیب ہستیوں کو حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی ان کے اقوال کی روشنی میں چند استخارے اس مقصد کے حصول یعنی حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہونے کے لیے ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں۔

(۱) جو کوئی جمعہ کو نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو ایک سو مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَ

Marfat.com

صَحْبِهٖ وَسَلَّمْ ط

انشاء اللہ تعالےٰ تین جمعہ تک اس طرح پڑھنے سے خواب میں زیارت سے مشرف ہوگا۔

(۲) جمعہ کی شب نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد صاف ستھرے بستر پر بیٹھے اور ایک ہزار مرتبہ سُورۂ کوثر پڑھ کر سوجائے انشاء اللہ تعالےٰ خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

(۳) جمعہ کی شب غسل کرے پاک صاف کپڑے پہنے نماز عشاء کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ اِنِّىْ مُشْتَاقٌ بِجَمَالِ رَسُوْلِكَ وَعَلٰى كَثِيْرٍ يَا اللّٰهُ

پھر چالیس مرتبہ یہ اشعار پڑھے۔

نسیما جانب بطحا گزر کن ❊ بگو آں نازنین شمشاد مارا
بہ تشریف قدوم خود زمانے ❊ مشرف کن خراب آباد مارا
کہ بے تشریف تو اسباب شادی ❊ نشاید خاطر ناشاد مارا

اس کے بعد پاک صاف بستر پر لیٹ جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں زیارت کی سعادت حاصل ہوجائے گی۔

Marfat.com

(۴) ہر روز نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں سونے سے پہلے پاکیزہ کپڑے پہنے اور خوشبو لگا کر یہ درود پاک ایک سو مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ ط

انشاء اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی روز ضرور زیارت سے مشرف ہو گا

(۵) جو کوئی جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھے،

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ۔

اس کے بعد سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہو گا۔

(۶) جو کوئی جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر سوئے تو خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کی سعادت حاصل ہو گی۔

(۷) جو کوئی جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ

Marfat.com

(۷) آیتہ الکرسی، گیارہ مرتبہ سُورۂ اخلاص پڑھے اور دوسری رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ اِذَا جَاءَ نَصرُ اللہ اور گیارہ مرتبہ سُورہ اخلاص پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو ایک سو مرتبہ یہ دُرُود پاک اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّی وَاٰلِہٖ پڑھ کر سو جائے انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں زیارت حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سعادت حاصل ہوگی۔

# کشف القبور

کشف القبور کے عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ باکردار نیک اور صالح ہو شریعت مطہرہ کا پابند ہو پاک صاف حالت میں رہتا ہو اور خوشبو لگا کر رکھتا ہو اس بات کا لحاظ رکھے کہ عمل کرنے کے لیے کسی نیک بزرگ کی قبر پر جائے اور عورت کی قبر پر بیٹھ کر مکاشفہ نہ کرے اس لیے کہ اللہ جانے کس حالت میں ہو اس لیے کہ شریعتِ مطہرہ میں اس کا پردہ شدید ہے اور اسے دیکھنا جائز نہیں ہے اس عمل کو بچوں کا کھیل نہ بنائے اور سنجیدگی اور سوچ سمجھ کر عمل کرے۔

اس کے عامل کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے نماز عشاء یا نماز تہجد کے بعد باوضو حالت میں مسجد میں یا اپنے گھر کے کسی کونے میں پاکیزہ جگہ پر جائے نماز بچھا کر پہلے روز پانچ ہزار مرتبہ یَاصَمَدُ یَاصَمَدُ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے اگلے روز چار ہزار تیسرے روز تین ہزار مرتبہ اس کے بعد ہر روز ایک تسبیح کم کرتا جائے۔ یہاں تک کہ ایک تسبیح پر آجائے اس دوران اس کے قلب پر اس قدر رقت طاری ہوگی کہ پڑھنا مشکل ہو جائے گا اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں گے۔ قلبی حالت قابو میں نہ رہے گی مگر جس طرح بھی ہو عمل مکمل کرے جب عمل مکمل ہو جائے تو پھر ہر روز ایک تسبیح پڑھے اور اس کا معمول بنائے یہ یاد رکھے کہ اگر قلب پر رقت طاری نہ ہو تو پھر سمجھ لے کہ اس کا قلب کثیف ہے اور اس کی صفائی کی ضرورت ہے۔ جب اس کا عامل ہو جائے تو پھر جس صاحبِ قبر کے حالات دریافت کرنا چاہے گا بخوبی معلوم کرے گا۔

اس مقصد کے لیے اگر کوئی کسی صاحبِ قبر سے ہمکلام ہونا چاہتا ہے تو اس کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ وہ رات کو ایک بجے کے بعد کسی ولی اللہ کے مزار پر حاضری دے مزار پر حاضر ہو کر فاتحہ پڑھے پھر سرہانے کی قبلہ سمت گھومتے ہوئے اقامت والی اذان دے اور گھومتے ہوئے جب دوبارہ اسی

Marfat.com

جگہ پر پہنچے جہاں سے اذان کا آغاز کیا تھا تو اقامت ختم ہو جائے اس طرح قبر کے ارد گرد سات مرتبہ اذان کہے۔ ساتویں اذان کے بعد قبر کی طرف اپنی نظریں جمائے اور کعبہ کی طرف پشت کر کے مکمل توجہ اور یکسوئی کے ساتھ کہ تصور کسی اور طرف ہرگز نہ ہو کھڑے رہیں پھر تھوڑی دیر کے بعد نظریں جمائے ہوئے ہی یہ کہیں۔

یَا عَبْدَ اللّٰہِ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ انظرونی فی سبیل اللّٰہ

انشاء اللہ تعالیٰ صاحبِ مزار سے ہمکلام ہو گا اُس کے ساتھ جو بھی گفتگو کرنی چاہتا ہے کرے جو پوچھے گا اُس کا جواب ملے گا کشف القبور کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ قبر کے پاس باوضو حالت میں اس طرح سے بیٹھے کہ اس کا چہرہ قبلہ رُخ ہو آنکھیں بند کر کے یہ پڑھنا شروع کرے۔

یَا صَمَدُ ۔ یَا صَمَدُ ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ

انشاء اللہ تعالیٰ پانچ تسبیحات پوری ہونے سے پیشتر ہی قبر صندوق کی مانند کھلنا شروع ہو جائے گی اور وہ اپنی آنکھوں سے سب کچھ دیکھے گا صاحب قبر کو دل میں سلام کرے جواب ملے گا۔ پھر جو بات پوچھنا چاہے دل ہی دل میں پوچھے اس کو جواب ملتا جائے گا اگر صاحبِ مزار کسی بات کا جواب نہیں دینا چاہتے تو وہ خاموشی اختیار کریں گے اس لیے عامل کو چاہیئے کہ وہ ایک یا دو مرتبہ سے زیادہ اصرار نہ کرے۔ اس مرحلہ کو طویل نہ کرے چند منٹ تک

Marfat.com

سوال کرے اور پھر اجازت دے دے اور اپنی آنکھیں کھول دے۔

# ہمزاد کو تابع کرنا

ہمزاد کو تابع کرنے کے لیے ضروری ہے کہ پاکیزہ حالت میں رہا جائے عمل کے دوران ترک حیوانات کا لحاظ رکھا جائے۔ مباشرت سے پرہیز کیا جائے اس کے علاوہ لہسن، پیاز، گھی، مکھن، دودھ، دہی وغیرہ کو بھی استعمال میں نہ لایا جائے۔

(ا) ہمزاد کو تابع کرنے کا عمل یہ ہے کہ کسی پاک صاف جگہ پر وضو حالت میں بیٹھے سب سے پہلے آیتہ الکرسی سے اپنا حصار کرے پھر مشک، لوبان اور عطر وغیرہ کی خوشبو اپنے پاس رکھے اس کے بعد ایک چراغ جلائے اس کو پس پشت رکھ کر اپنی نگاہ چراغ کے سائے پر رکھے اور اسی خلوت میں ۳۶۰ مرتبہ یہ پڑھے۔

یَا هَمْزَادُ وَالْمُسَخَّرَاتُ بِحَقِّ یَا لَطِیْفُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَبِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔ چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ

Marfat.com

نماز عشاء کے بعد یہ عمل کرے چالیسویں دن انسانی شکل میں ہمزاد ظاہر ہو گا اور حاضر ہو کر پوچھے گا کہ کیا کام ہے۔ عامل اُسے یہ جواب دے کہ میں جس وقت طلب کروں فوراً حاضر ہو اور جس چیز کی مجھے ضرورت ہو لا کر دو اور جو میں پوچھوں بالکل سچ بیان کرو اور جو حکم میں دوں فوری طور پر اس کی تعمیل کرو۔ ہمزاد اقرار کرے گا اور ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔

(۲) ہمزاد کو تابع کرنے کا ایک عمل یہ بھی ہے کہ باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد ایک کمرہ میں تنہا بیٹھے جہاں پر کسی کی مداخلت نہ ہو ایک چراغ جلائے اور اسے اپنے پس پشت رکھ کر اس کے سائے پر اپنی نظریں جمائے اور ۳۸۲ مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی سے یہ پڑھے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ الْاَرْوَاح بحق حضرت سلیمان علیہ السلام بن داؤد علیہ السلام اَحْضَرُوْا اَحْضَرُوْا اَحْضَرُوْا يَا قَوْمِ هَمْزَادِ حَاضِرْ شَوَدْ بحق يَا حَيُّ يَا قَيُّوْم بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

تین یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اس دوران ایک خالی بوتل بھی اپنے پاس رکھے تیسرے دن ہمزاد حاضر ہو جائے گا اگر اتفاق سے حاضر نہ ہو تو تین دن تک مزید یہ عمل کرے حتیٰ کہ نو دن تک یہ عمل پورا کرے جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے صرف یہ کہے کہ اے ہمزاد! اس

Marfat.com

بوتل میں گھس جائے وہ بوتل میں گھس جائے گا عامل اسے مضبوط کارک سے بند کردے اور پھر اس سے کہے کہ تم عہد کرو کہ جب میں ضرورت کے وقت بلایا کروں گا تم حاضر ہو جانا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو ہمزاد عہد کرے گا اور اپنے بُلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا اس کے بعد عامل بوتل کا ڈھکن کھول دے تاکہ وہ چلا جائے ۔

# استخارہ کرنا

استخارہ کے لغوی معنی ہیں نیکی طلب کرنا ، بھلائی چاہنا جس کام میں تردد ہو اور اللہ تعالیٰ سے اپنے کام کی اصلاح لینا مقصود ہو نماز پڑھ کر ایک خاص دُعا مانگنا اس نماز کو نماز استخارہ کہتے ہیں اور دُعا کو دُعائے استخارہ کہا جاتا ہے ۔ استخارہ کرنا مسنون ہے جب بھی کبھی کوئی ایسی مشکل پیش آئے جس کے بارے میں کچھ سمجھ میں نہ آتا ہو تو چاہیئے کہ استخارہ کیا جائے علماء و مشائخ عظام نے استخارہ کرنے کے مختلف طریقے بیان فرماتے ہیں اُن میں سے جو زیادہ معروف ہیں اُن کا بیان یہاں پر کیا جاتا ہے ۔

استخارہ کرنے کی غرض سے نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد

Marfat.com

سورۃ الکافرون پڑھے دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر نہایت توجہ ویکسوئی سے یہ دُعائے استخارہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَاۤ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَاۤ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ط

اس دُعا کو پڑھتے ہوئے جب اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچے تو

یہ الفاظ کہنے کی بجائے اپنا مطلب بیان کرے جس مقصد کے لیے استخارہ کر رہا ہے یا اس وقت اپنے ذہن میں اس کام کا تصوّر کرے دُعا پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں کسی سے گفتگو کیے بغیر صاف سُتھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے لیٹ جائے اور سو جائے انشاء اللہ تعالےٰ اس کے پڑھنے سے اس کے حق میں جو بھی اچھا ہو گا اُس کے دل میں آجائے گا۔ اگر پہلے دن مقصد حاصل نہ ہو تو دوسری رات اسی طرح استخارہ کرے اسی طرح سات تک دن استخارہ کرنے سے ضرور بالضرور اس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

(۲) استخارہ کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعۃ المبارک کی شب نماز عشاء ادا کرنے کے بعد سونے سے قبل تین سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اس کے بعد بسم اللہ کے ساتھ سورۂ الم نشرح اکیس بار پڑھے اور اپنے سینے پر دم کرنے کے بعد کہے یا اللہ! میرے حق میں جو بھی بہتر ہو وہ مجھے خواب میں دکھاوے پھر ایک سو مرتبہ دُرود پاک پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ط

اس کے بعد سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اُسے اشارہ ہو جائے گا۔

(۳) ایک طریقہ مشائخ عظام نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد سات سو چھیاسی مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے پھر

چار رکعت نماز استخارہ کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ والشمس، دوسری میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ واللیل، تیسری میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ والضحیٰ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح پڑھے اور ہر ایک سورہ کو سات سات مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد قبلہ کی طرف منہ کرکے پاک صاف بستر پر سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا سات شب تک اس طرح استخارہ کرنے سے ضرور خواب میں معلوم ہو جاتا ہے۔

(۴) استخارہ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد پاک صاف بستر پر لیٹے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے اَلنُّوْرُ الظَّاهِرُ اَلْبَاسِطُ اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک کہ نیند نہ آئے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

Marfat.com

# قصیدہ غوثیہ

اللہ تعالےٰ نے حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پر جو عنایات و نوازشات فرمائیں اسرار و رموز و معرفت کے جو خزینے آپ کو عطا فرمائے جو مرتبہ و فضیلت آپ کو عطا فرمائی اُن سب کا اظہار آپ نے اپنی زبان حق سے قصیدہ غوثیہ کی شکل میں اُس وقت کہا جب آپ عشق حقیقی اور حقیقت و معرفت میں مستغرق تھے۔ قصیدہ غوثیہ میں حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ اولیاء کرام اور صوفیائے عظام سے مخاطب ہیں اور اس منصب والا کی طرف اشارہ فرماتے ہیں جو آپ کو بارگاہِ الٰہی اور بارگاہِ نبوت سے تفویض کیا گیا ہے۔

قصیدہ غوثیہ پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں جو کوئی ہر روز دن میں ایک مرتبہ باوضو حالت میں اس کو پڑھنے کا معمول بنائے تو اللہ تعالیٰ اس کو قلبی سکون عطا فرمائے گا اس کی یادداشت بہتر ہو جائے گی چشم خلائق میں معزز و مقبول ہو گا ہر کوئی اس کے ساتھ محبت و اخلاق سے پیش آئے گا اور اس کی عزت کرے گا۔ جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ کی قربت نصیب ہو دل میں برائی سے نفرت اور نیکی کی رغبت پیدا ہو وہ رات اور دن میں ایک بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ

اور اس کے محبوب و مقبول بندوں کی محبت پیدا ہوگی اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اس کے درجات میں بلندی اور ہر کام میں اس کی مدد فرمائے گا پردہ غیب سے اس کی دستگیری ہوگی۔ غرضیکہ قصیدہ غوثیہ پڑھنے سے بے شمار دینی و دنیاوی فوائد حاصل ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ فیوض و برکات سے نوازتا ہے۔

ذیل میں قصیدہ غوثیہ منظوم ترجمہ کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے تاکہ عام قاری بھی قصیدہ غوثیہ کے مفہوم و مطالب و معانی سے بخوبی طور پر آگاہ ہو سکے۔

# قصیدہ غوثیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| سَقَانِی الْحُبُّ کَاسَاتِ الْوِصَالِ | فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِ |
| ساغر بھرے ہیں عشق نے بزم وصال کے | لا جس قدر بھی خم ہیں شراب جمال کے |
| سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُئُوْسٍ | فَهِمْتُ بِسُکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ |
| ساغر بھرے ہوئے میری جانب رواں ہوئے | میں ہوں میان حلقہ یاران حال کے |

Marfat.com

فقلت لسائر الاقطاب لمّوا ۔۔۔ بحالی وادخلوا انتم رجالی

آواز دے رہا ہوں کہ اقطاب دہر آؤ ۔۔۔ خواہاں ہو تم اگر ابھی اصلاح حال کے

وهمّوا واشربوا انتم جنودی ۔۔۔ فساقی القوم بالوافی ملالی

ہمت کرو، بڑھو، چلے آؤ، اٹھاؤ سجام ۔۔۔ یہ خم پہ خم بھرے ہیں شراب وصال کے

شربتم فضلتی من بعد سکری ۔۔۔ ولا نلتم علوّی واتّصالی

میری بچی شراب تو پی تم نے دوستو! ۔۔۔ لیکن ابھی تو دور ہیں زینے وصال کے

مقامکم العلی جمعاً ولکن ۔۔۔ مقامی فوقکم ما زال عالی

تم سب کا بھی بلند اگرچہ مقام ہے ۔۔۔ شایاں نہیں ہو تم مری شان کمال کے

انا فی حضرة التقریب وحدی ۔۔۔ یصرّفنی وحسبی ذوالجلال

میں تو غریق جلوۂ حسن قدیم ہوں ۔۔۔ کافی کرم ہیں مجھ کو مرے ذوالجلال کے

انا البازیّ اشهب کلّ شیخ ۔۔۔ ومن ذا فی الرّجال اعطی مثالی

ہوں جرہ باز سارے شیوخان دہر کا ۔۔۔ کس کو ملے ہیں اوج یہ فضل وکمال کے

کسانی خلعة بطراز عزم ۔۔۔ وتوّجنی بتیجان الکمال

پہنے ہوئے ہوں عزم وعزیمت کی خلعتیں ۔۔۔ کتنے ہی تاج ہیں میرے سر پر کمال کے

Marfat.com

وَأَطْلَعَنِیْ عَلٰی سِرٍّ قَدِیْمٍ — وَقَلَّدَنِیْ وَأَعْطَانِیْ سُؤَالِیْ

راز قدیم سے مجھے آگاہ کر دیا — مجھ پر عطائیں کی ہیں عوض ہر سوال کے

وَوَلَّانِیْ عَلَی الْأَقْطَابِ جَمْعًا — وَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالٍ

والی بنایا ہے مجھے اقطاب دہر کا — نافذ ہے میرا حکم اب ہر اک کے حال کے

فَلَوْ أَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ — لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ

پانی سمندروں میں نہ باقی رہے کہیں — میں ان پر کھول دوں جو رموز اپنے حال کے

وَلَوْ أَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ جِبَالٍ — لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ

ہو جائے ان پر فاش میرا راز عشق گر — ہو جائیں ریزہ ریزہ یہ تودے جبال کے

وَلَوْ أَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ — لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ

میں گر کروں بیان محبت کی داستاں — ہو جائے آگ سرد بغیر اشتعال کے

وَلَوْ أَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ — لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی

مردہ اگر سنے جو کبھی میرے راز کو — جی اٹھے یہ کرم ہوں مرے ذوالجلال کے

وَمَا مِنْہَا شُہُوْرٌ أَوْ دُہُوْرٌ — تَمُرُّ وَتَنْقَضِیْ إِلَّا أَتَالِیْ

مستقبل جہان کے منظر ہیں سامنے — پردے تمام اٹھ گئے ماضی و حال کے

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَأْتِیْ وَیَجْرِیْ — وَتُعْلِمُنِیْ فَأَقْصِرْ عَنْ جِدَالٍ

آگاہ کرتے ہیں یہ زمانے مجھے مدام — یارو عبث ہیں قصد یہ بحث جدال کے

Marfat.com

مُرِیدِی هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ | وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ فَالْاِسْمُ عَالِ

ہے تشنگی میں لطف کہ عین غنا ہے وہ | میرے مرید نام ہے بس ذوالجلال کے

مُرِیدِی لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّی | عَطَانِی رِفْعَةً نِلْتُ الْمُنٰی لِی

اللہ ربی، خوف نہ کر اے مرے مرید | ہے منزل مراد قریں میرے حال کے

طُبُوْلِی فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ | فِی وَشَاوُسُ السَّعَادَةِ قَدْ بَدَا لِی

میرے جلو میں خیر و کرم کے نقیب ہیں | چرچے ہیں آسماں سے زمیں تک کمال کے

بِلَادُ اللّٰهِ مُلْکِی تَحْتَ حُکْمِی | وَوَقْتِی قَبْلَ قَلْبِی قَدْ صَفَا لِی

اللہ کے شہر و ملک ہیں سب میری ملکیت | محکوم ہیں یہ سب میرے ماضی و حال کے

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا | کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ

سب ملک میرے سامنے یوں ہیں کہ خاک پر | پھینکے ہوں جیسے رائی کے دانے اچھال کے

وَکُلُّ وَلِیٍّ لَهٗ قَدَمٌ وَّاِنِّی | عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ

رکھتے ہیں اولیائے تقلید نقش پا | رہبر میرے ہیں چاند، جہانِ کمال کے

مُرِیدِی لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّی | عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

جاسوسِ شاہ سے، بھلا ڈرتا ہے کیوں مرید | جوہر نہاں ہیں مجھ میں بدال و قتال کے

اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیِ الدِّیْنِ اِسْمِی | وَاَعْلَامِی عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ

جیلی ہوں اور دین کا محی لقب میرا | کوہ و جبل پہ نصب ہیں پرچم جلال کے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمُخْدَعُ مَقَامِیْ | وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالِ |
| میرا بڑا گھرانا ہے دادا حسن میرے | ہیں پاؤں گردنوں پہ تمامی رجال کے |
| وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْهُوْرُ اِسْمِیْ | وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالِ |
| موسوم ہوں میں بندہ قادر کے نام سے | جد میرے تاجدار ہیں عین الکمال کے |

# اسمائے مبارکہ

حضرت سیّد عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ذیل میں دیے ہوئے حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اسمائے مبارکہ اپنے اندر بے شمار اثرات و خواص رکھتے ہیں ان کو وظیفہ کے طور پر پڑھنے سے اللہ تعالےٰ ہر جائز مشکل کو آسان فرما دیتا ہے اور پڑھنے والے پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرماتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَ قُطْبُ الَّذِیْ لَا قُطْبَ اِلَّا هُوَ عَبْدُ الْقَادِرُ

جِیْلَانِیْ هُوَ الْغَوْثُ الَّذِیْ لَا غَوْثَ اِلَّا هُوَ

سَیِّدٌ مُؤَیَّدٌ کَرِیْمٌ عَظِیْمٌ شَرِیْفٌ ظَرِیْفٌ اِمَامٌ

Marfat.com

مؤمن مھیمن سالک صالح منعم مکرم

طیب مطیب جواد مرفاد صائم قائم

عابد زاھد ساجد واجد ماجد جلی خفی

تقی نقی کامل بارز صفی زکی حمید ناصر

مناصر سعید رشید منجی غوث قطب نقیب

نجیب خاشع خاضع برھان صاحب ثاقب

وارث وارع بارع فائق لائق راسخ شامخ

ولی خفی ظاھر باطن طاھر مطھر مطیع مجیب

اجیب شاھد راشد زاید قائم بصیر منیر

سراج تاج مقرب محدث خلیل دلیل

صادق عادل سلطن حسنی حسینی حنبلی

شافعی عالم حاکم عادل معین مبین

Marfat.com

| |
|---|
| مِصْبَاحُ مِفْتَاحُ شَاکِرٌ ذَاکِرٌ مُلَاذٌ مُعَاذٌ رَافِعٌ |
| نَاصِحٌ وَاصِحٌ وَاضِحٌ حَافِظٌ وَلَدُ رَسُوْلِ |
| اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا |
| کَثِیْرًا کَثِیْرًا ط بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ |

# گیارہ اسمائے مبارکہ

## حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے گیارہ اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر ان کے وسیلہ سے بارگاہ الٰہی میں مانگی ہوئی دُعا قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہے ہر طرح کی حاجات کے لیے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درُود پاک پڑھے اور حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالےٰ حاجت روائی ہو گی۔

اسمائے مبارکہ معہ درُود پاک کے یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِجَمَالِكَ وَجَمَالِ
حَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ وَشَفِیْعِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

(۱) اِلٰھِیْ بِعِزَّۃِ وَحُرْمَۃِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ
غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتِ
الْحَسَنِیّ وَالْحُسَیْنِیّ قُطْبِ رَبَّانِیْ غَوْثُ
الصَّمَدَانِیْ مَحْبُوْبِ حَقَّانِیْ سَرْچَشْمَۂِ سُلْطَانِیْ
سُلْطَانْ سَیِّدِ مُحْیُّ الدِّیْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ
قُطْبُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ قَدَّسَ
اللّٰہُ الْعَزِیْزِہٗ

(۲) اِلٰھِیْ بِعِزَّۃِ وَحُرْمَۃِ قُطْبُ الْاِقْطَابِ
غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتْ شَاہ

Marfat.com

مُحیّ الدِّینِ عبدُ القَادِرِ جیلانی شیخُ الجنِّ

وَالانس والملٰئِکَۃِ قدَّسَ اللّٰہُ العزیزہٗ

(۳) اِلٰھی بعزّۃِ حرمۃِ قُطبُ الاقطاب غوثُ

الثقلینِ غوثُ الاعظم حضرت شاہ مُحیّ الدِّینِ

عبدُ القَادِرِ جیلانی قُطبُ البرِّ والبحرِ قدَّسَ

اللّٰہُ العزیزہٗ

(۴) اِلٰھی بعزّۃِ وحرمۃِ قُطبُ الاقطاب

غوثُ الثقلینِ غوثُ الاعظم حضرت شاہ

مُحیّ الدِّینِ عبدُ القَادِرِ جیلانی قُطبُ المشرقینِ

والمغربینِ قدَّسَ اللّٰہُ العزیزہٗ

(۵) اِلٰھی بعزّۃِ وحرمۃِ قُطبُ الاقطاب

غوثُ الثقلینِ غوثُ الاعظم حضرت شاہ

Marfat.com

مُحیُّ الدِّیْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیلَانِی قُطْبُ النُّجُوْمِ وَالشِّهَابِ قَدَّسَ اللّٰهُ الْعَزِیْزَهٗ

(٦) اِلٰهِی بِعِزَّةِ وَحُرْمَةِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتْ اَوْلِیَاءِ مُحیُّ الدِّیْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیلَانِی قُطْبُ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ قَدَّسَ اللّٰهُ الْعَزِیْزَهٗ

(٧) اِلٰهِی بِعِزَّةِ وَحُرْمَةِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ مُحیُّ الدِّیْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیلَانِی قُطْبُ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِی قَدَّسَ اللّٰهُ الْعَزِیْزَهٗ

(٨) اِلٰهِی بِعِزَّةِ وَحُرْمَةِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتْ

دَرْوِیْشِ مُحْیِّ الدِّیْنَ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِیْ قُطُبُ

اللَّوْحِ وَالْقَلَمْ قَدَّسَ اللّٰہُ الْعَزِیْزَہٗ

⑨ اِلٰہِیْ بِعِزَّۃِ وَحُرْمَۃِ قُطُبُ الْاَقْطَابَ

غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتِ فَقِیْرِ

وَلِیْ مُحْیِّ الدِّیْنَ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِیْ قُطُبُ

الْفَوْقِ وَالْاَرْضِ وَتَحْتَ الثَّرٰی قَدَّسَ

اللّٰہُ الْعَزِیْزَہٗ

⑩ اِلٰہِیْ بِعِزَّۃِ وَحُرْمَۃِ قُطُبُ الْاَقْطَابَ

غَوْثُ الثَّقَلَیْنِ غَوْثُ الْاَعْظَمْ حَضْرَتِ غَرِیْبِ

مِسْکِیْنُ مُحْیِّ الدِّیْنَ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِیْ رَاکِبُ

الْمَلٰٓئِکَۃِ صَاحِبَ الْمِعْرَاجْ تَابِعِ النَّبِیَّ صَلَّی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

Marfat.com

(۱۱) یَا ھَمرَایِیْلُ یَا لَوْمَائِیْلُ یَاطَنَاۤئِیْلُ بِحَقِّ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ یَا مُحَمَّدُ اِفْتَحِ الْاَبْوَابَ اَخْبِرْنِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

# اسمائے مبارکہ

## حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

جو کوئی ذیل میں دیے ہوئے اسمائے مبارکہ کو اس طرح سے پڑھ کر اللہ تعالٰے سے دُعا مانگے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھے تو بفضل باری تعالٰے ان اسمائے مبارکہ کی برکت سے دُعا قبول ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ہر مشکل اور مصیبت کو ٹال دیتا ہے۔ اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔ جو اگلے صفحہ پر درج ہیں۔

Marfat.com

یَا سَیِّدُ مُحیُّ الدِّیْنِ اَمِیْرُ اللّٰہِ ط

یَا شَیْخُ مُحیُّ الدِّیْنِ فَضْلُ اللّٰہِ ط

یَا اَوْلِیَاءِ مُحیُّ الدِّیْنِ اَمَانُ اللّٰہِ ط

یَا مَوْلٰنَا مُحیُّ الدِّیْنِ نُوْرُ اللّٰہِ ط

یَا غَوْثُ مُحیُّ الدِّیْنِ قُطْبُ اللّٰہِ ط

یَا سُلْطَانُ مُحیُّ الدِّیْنِ سَیْفُ اللّٰہِ ط

یَا خَوَاجَہ مُحیُّ الدِّیْنِ فَرْمَانُ اللّٰہِ ط

یَا مَخْدُوْمُ مُحیُّ الدِّیْنِ بُرْھَانُ اللّٰہِ ط

یَا دَرْوِیْشُ مُحیُّ الدِّیْنِ اَمَانُ اللّٰہِ ط

یَا مِسْکِیْنُ مُحیُّ الدِّیْنِ قُدْسُ اللّٰہِ ط

یَا فَقِیْرُ مُحیُّ الدِّیْنِ شَاھِدُ اللّٰہِ ط

قَدَّسَ اللّٰہُ سِرَّہُ الْعَزِیْز ط

Marfat.com

# ختم غوثیہ

جو کوئی کسی بھی جائز مقصد کے حصول کی خاطر اور اپنی جائز مراد کو بارگاہِ الٰہی سے پُوری کرانے کی غرض سے ختم غوثیہ کروائے اور پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کی دلی حاجت کو پوری فرمائے گا۔

ختم غوثیہ کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ یہ ختم گیارہ افراد کی مجلس میں ہر ماہ چاند کی دس تاریخ کو نماز عصر کے بعد پڑھا جا سکتا ہے پڑھنے کی غرض سے گیارہ افراد باوضو حالت میں ایک ساتھ بیٹھ کر اس طرح سے پڑھیں کہ ہر شخص گیارہ گیارہ مرتبہ ہر سورۂ مبارکہ، درُود شریف، آیۃ الکرسی اور دیگر اوراد پڑھے۔ اگر کسی وجہ سے دس تاریخ کو نہ پڑھے جا سکے تو پھر اگلے روز گیارہ تاریخ کو شام پانچ بجے سے قبل ختم کر لینا ضروری ہے۔ ختم غوثیہ پڑھنے کے بعد بارگاہ الہٰی میں اُس مقصد کے لیے دُعا کی جائے جس کے لیے اہتمام کیا ہے۔ ختم غوثیہ پڑھنے والوں میں اگر کسی کی کوئی مراد ہو تو وہ بھی دُعا کے دوران یہ کہہ دے کہ اگر میری مراد پوری ہو گی تو میں ختم غوثیہ کراؤں گا اور پھر جب اس کی مراد پوری ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ بھی اسی طرح سے ختم غوثیہ کرائے اور اسی طرح

سے کرائے جس طرح کہ طریقہ بیان کیا گیا ہے۔

طریقہ کار یہ ہے

۱۔ درود شریف ———— ۱۱ مرتبہ

۲۔ سُوْرَۃُ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ———— ۱۱ مرتبہ

۳۔ سُوْرَۃُ الکفرون ———— ۱۱ مرتبہ

۴۔ سورہ اخلاص ———— ۱۱ مرتبہ

۵۔ سورہ الفلق ———— ۱۱ مرتبہ

۶۔ سورہ النّاس ———— ۱۱ مرتبہ

۷۔ سورہ الفاتحہ ———— ۱۱ مرتبہ

۸۔ ایۃ الکرسی ———— ۱۱ مرتبہ

Marfat.com

۹۔ الٓمٓ سے مُفْلِحُوْن تک ـــــــ ۱۱ مرتبہ

۱۰۔ سیّد و سلطانِ فقر و خواجہ مخدوم الغریب
پادشاہ و شیخ و درویش و ولی مولانۂ
میر صالح فاطمہ ثانی اسامی والدین
بوسعید پیر ایشانِ مردِ حق مردانۂ
زنیب و بی بی نصیبہ خواہرانِ حضرت اند
ایں آسامی پاک را باید کہ ہر فرزانۂ
۱۱ مرتبہ

۱۱۔ یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ ۱۱ مرتبہ

۱۲۔ دُرود شریف ـــــــ ۱۱ مرتبہ

جب بھی کسی مصیبت و بلا یا خوفناک امر کے پیش آنے کا اندیشہ ہو یا کسی بہت بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو کثرت سے اس کا وِرد کرے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا

Marfat.com

## ختم شریف

# کبیر غوثیہ عالیہ وقادریہ

یہ ختم شریف ہر مہینہ چاند کی گیارہ تاریخ کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک مجلس میں باوضو حالت میں جس قدر بھی افراد ہوں بیٹھ کر پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان فرماتا ہے توجہ و یکسوئی سے پڑھنا اس مجلسِ ختم شریف میں شریک ہر ایک پر اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم نازل فرماتا ہے اور اس کی حاجت روائی فرماتا ہے پڑھنے کے بعد اللہ تعالےٰ سے جو بھی جائز دعا مانگی جائے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ختم شریف کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

۱- ختم شروع کرتے وقت درود شریف ۱۳۵ مرتبہ

۲- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْحَالَنَا
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا

(ایک سو گیارہ مرتبہ ۱۱۱)

۳- سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

(ایک سو گیارہ مرتبہ ۱۱۱)

Marfat.com

۴- خُذْ بِيَدِىْ شَيْئًا لِّلّٰهِ يَا حَضْرَتْ سُلْطَانْ شَيْخْ سَيِّدِ عَبْدُ الْقَادِرْ جِيْلَانِىْ الْمَدَدْ

(ایک سو گیارہ مرتبہ (۱۱۱))

۵- سُورہ یٰسٓ مع بِسْمِ اللّٰہِ شریف (ایک مرتبہ)

سُورہ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بِسْمِ اللّٰہِ شریف (۱۴ مرتبہ)

۶- يَا بَاقِىْ اَنْتَ الْبَاقِىْ (ایک سو گیارہ مرتبہ (۱۱۱))

۷- يَا حَضْرَتْ شَاہ مُحْیِ الدِّیْن مُشْکِلْ کُشَا بِالْخَیْرِ

(ایک سو گیارہ مرتبہ (۱۱۱))

۸- يَا غَوْثُ اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰهِ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

۹- سَهِّلْ فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِىْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ (ایک سو گیارہ مرتبہ (۱۱۱))

۱۰- امداد کن امداد کن از بندِ غم آزاد کن در دین و دنیا شاد کن

یا شیخ عبدالقادرؒ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

۱۱- مشکلات بے عدد داریم ما
شیئاً للہ یا غوث اعظم پیر ما (ایک سو گیارہ مرتبہ)

۱۲- صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

۱۳- لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط (ایک سو گیارہ مرتبہ)

Marfat.com

۱۴- صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَسَلَّمْ عَلَيْكَ
يَا حَبِيْبَ اللهِ —— (ایک مرتبہ)

۱۵- ختم میں درود شریف —— (۲۵۱ مرتبہ)

---

## نوٹ :-

جس وقت ختم پڑھنا شروع کریں اوّل گیارہ گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھ لیا کریں اور باطہارت لباس پاک ، مکان پاکیزہ اور خوشبو عطر وغیرہ لگائیں اور تصورِ شیخ سے آئینہ دل کے زنگار دُور کر اور اجازت شیخ ہو تو سُونے پر سہاگہ ہے۔

**گمشدہ مال کا ملنا:۔** ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی گمشدہ مال بازیاب ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ وظیفہ نہایت مجرب ہے۔

**بانجھ پن:۔** باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر ا ل ل ہ ر ح م ن ن لکھے اور عرق گلاب میں حل کر کے بانجھ عورت کو پلائے تین ماہ تک روزانہ عورت پیئے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔

**مثانہ کی تکلیف:۔** اگر کسی کے مثانہ میں تکلیف ہو یا اُس کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ کاغذ پر لکھے اور پانی میں دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی دن میں اثر ہو گا۔ آیت یہ ہے

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاکَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْہُ اثْنَتَا عَشْرَۃَ عَیْنًا۔

**برائے حب** باہمی محبت و اُلفت کے لیے ذیل میں دی ہوئی

Marfat.com

آیت مبارکہ باوضو حالت میں کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اکیس یوم تک یا اکیس مرتبہ کھلائے نہایت مؤثر ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخۡفٰى عَلَيۡهِ شَىۡءٌ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۝ هُوَ الَّذِىۡ يُصَوِّرُكُمۡ فِى الۡاَرۡحَامِ كَيۡفَ يَشَآءُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

## ڈائن اور چڑیل کو بھگانا

ہر طرح کے آسیب ڈائن اور چڑیل وغیرہ کو دُور کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا پلیتہ لکھے اور چراغ کی لو میں اس طرح سے جلائے کہ اس کا دھواں مریض کی ناک میں آئے اور مریض چراغ کی لو کی طرف نظریں جمائے بفضل باری تعالیٰ آسیب دُور ہو جائے گا نہایت مؤثر و آزمودہ ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ابلیس لعین | لعین | نمرود | شداد لعین | لعین | ةون | لعین |
| | فرعون | بخت نصر | لعین | نصر لعین | عاد لعین | نمرود لعین | سفاک لعین |
| ہامان | لعین | علیقا | ملیقا | انت تعلم | ما فی قلوبہم | خلقا | شیاطین |
| کلہم اجمعین | شیطان لعین | احضروا | احضروا | ا | احضروا | بہم | |
| | | دیو | و پری | | | | |
| جن خاک | کردم | پری | دیو | بھوت | سوختم | خاکستر | کردم |

Marfat.com

**بواسیر:-** باوضو حالت میں درج ذیل کلمات سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھے اور تعویز کی شکل میں مریض کے دائیں ہاتھ کی کلائی پر باندھے انشاءاللہ تعالےٰ مرض میں افاقہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا شَفِیْقُ یَا رَزَّاقُ یَا مُحِیْطُ یَا مُجِیْبُ یَا مُغِیْثُ یَا مُعِیْنُ یَا مُذِلُّ سُبْحٰنَکَ لَآ اِلٰہَ اَنْتَ ط

## برائے دفع دشمن

جو شخص اس دعا کو ہمیشہ درمیان فرض و سنّت فجر دس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور کاغذ پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو کوئی دشمن اس پر غالب نہ آوے۔ دعا یہ ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْقَوِیِّ الْکَافِیْ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ عَدُوِّیْ ھُوَ اَقْوٰی مِنْہُ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِئِیْنَ اَللّٰھُمَّ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

Marfat.com

## تسخیر خلائق و ترقی تجارت کے لیے

ایک سفید کاغذ پر باوضو حسبِ ذیل بروز جمعرات ساعتِ سعید میں گلاب و زعفران اور نئے قلم سے لکھ کر دُکان کے صدر دروازے پر لگا دیں۔ اس کا رخ سڑک کی جانب رہے اور جس دن یہ دعا دُکان کے دروازے پر لگائی جائے اُس دن دکان کے اندرونی حصے میں یعنی دُکان کے تمام گوشوں میں لوبان کی دھونی دیں۔ اس کے بعد روزانہ دکان کھولنے سے پہلے دکان کے صدر دروازے پر ایک کٹورا پانی کی چھینٹیں دکان کھولنے سے پہلے دے دیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ برکت ہوگی دعا باوضو لکھی جائے۔

اللّٰهم حسبنی فی قلوبِ عبادِك وامائك

## حلِّ مشکلات

اگر کوئی انسان کسی بھی مشکل اور پریشانی کا شکار ہو اور کسی بھی طرح اگر اُسے مصائب و مسائل سے نجات حاصل نہ ہوتی ہو تو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا دریافت کردہ یہ عمل کرے انشاء اللہ اُسے مشکلات اور مصائب سے فوراً چھٹکارا نصیب ہوگا۔ اگر یہ مشکلات کسی خارجی اثر یعنی جادو ٹونے وغیرہ یا کسی سازش وغیرہ کے ذریعہ سے مسلط کی گئی ہوں گی تب بھی ان سے نجات مل جائے گی۔

عمل کے کلمات باوضو سفید کاغذ پہ لکھ کر ان پر سفید ریشمی کپڑا چڑھا کر چلتے پانی میں ڈال دے۔ عبارت گلاب و زعفران سے لکھی جائے اور لکھتے

Marfat.com

وقت اگربتی جلالی جائے۔ تو بہت بہتر ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ من عبد الذلیل الیٰ رب الجلیل رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

اس عبارت کے نیچے اپنا مقصد لکھیں مثلاً مجھے فلاں چیز سے نجات دے۔ مجھے فلاں دشمن سے محفوظ رکھ۔ مجھے قرض سے نجات دے۔

جس وقت اس عبارت کو چلتے پانی میں ڈالیں تو یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَحُجَّۃَ الْمُرْضِیْنَ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

یہ فارمولا بہت ہی عجیب ہے اور اس کے نتائج حیرتناک حد تک بہت جلد برآمد ہوتے ہیں۔

## دُعا کی قبولیت کے لیے

اگر کسی صاحب کو یہ وہم ہو کہ ان کی دعا قبول نہیں ہوتی تو فوراً دعا قبول ہونے کے لیے ایک عمل درج کیا جاتا ہے۔ عمل کریں اور کرشمۂ قدرت دیکھیں۔

کسی بھی دن بعد نمازِ مغرب مکمل تنہائی میں دو نفل پڑھنے کے بعد اپنی ٹھوڑی کو اپنی دائیں ران پر رکھ کر تین سو مرتبہ یہ پڑھیں۔ سَھْلًا بِفَضْلِكَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ " اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنی خواہش اپنے رب کے حضور میں رکھیں۔ انشاءاللہ بہت

جلد آپ کو خوشخبری سننے کو ملے گی۔ اگر ہمت ہو تو اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ ورنہ تین دن لازماً کریں۔ اور پھر نتائج کا انتظار ایمان و یقین کے ساتھ کریں۔ مجرب ہے۔

## روزگار کے حصول کے لیے

اگر کاروبار نہ چلتا ہو۔ یا روزی نہ ملتا ہو اور باوجود کوشش کے کوئی ملازمت نہ ملتی ہو عروج ماہ میں ہفتے کے دن روزہ رکھیں اور رات کو عشاء کے بعد خالی مکان میں یا مسجد کی چھت پر آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ یَا وَهَّابُ پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ لگاتار سات دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آٹھویں دن سے کاروبار چل پڑے گا یا ملازمت مل جائے گی۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ پورے یقین کے ساتھ کریں۔ مجرّب ہے۔

Marfat.com

# فالنامہ

یہ فالنامہ بیسیوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے اور نہایت صحیح کسی مشکل یا کسی مشکل یا کسی قسم کے خطرہ کے وقت مسلمان کو چاہیئے کہ پہلے تین دفعہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرکے اللہ کو حاضر و ناظر جان کر انگلی کو نقش معظم کے کسی حرف پر رکھے اور دل میں مطلب کا خیال ہو جس حرف پر انگلی پڑے ذیل میں اس کا مطلب تلاش کرے جواب باالصواب انشاء اللہ تعالیٰ صحیح ملے گا۔ دیگر مذاہب کے لوگ اپنے اپنے عقیدے کے مطابق جواب دیکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د |
| ھ | و | ز | ح |
| ط | ی | ک | ل |
| م | ن | س | ع |
| ف | ص | ق | ر |
| ش | ت | ث | خ |
| ذ | ض | ظ | غ |

Marfat.com

(ا) فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے۔ یا کسی چیز کی تلاش ہے کامیابی کے آثار ہیں۔ نا امید نہ ہو۔ نشانی مانگتے ہو۔ دیکھو تمہاری بائیں آنکھ سُرخ ہے۔

(ب) فال اچھی نہیں اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض مر جائے یا دیر میں صحت ہو گی۔ سفر کا سوال ہے تو نقصان ہو گا۔ بعد چار مہینے کامیابی یقینی ہے

(ج) اس کام کی ابتداء میں بہت مشکلات ہیں دشمنوں سے شکست کھاؤ گے۔ جو ارادہ تمہارے دل میں ہے اس کے پُورا ہونے کی اُمید نہیں تمہارا مستقبل نہایت شاندار ہے مگر ابھی وقت اچھا نہیں ہے۔

(د) تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے۔ کامیابی کے آثار پیدا ہو چکے ہیں۔ نشانی چاہتے ہو تو یہ ہے کہ تم نے آج کسی خوبصورت چیز کو دیکھا ہے۔

(ھ) بہت اچھی فال ہے ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں جو ارادہ ہے پورا ہو گا۔ مقدمہ ہے تو فتح، بیماری ہو تو شفا، سفر ہے تو مبارک تمہارا ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے۔ اس سے بچتے رہو

(و) جلد شادی ہو گی۔ تمہارے گھر میں دکھن کے کونے میں ایک سانپ ہے اس کو مارنا نہیں ورنہ نقصان ہو گا۔ وہاں کچھ دفینہ بھی ہے۔ مگر ملنے والا نہیں۔

Marfat.com

(ز) عنقریب تم کسی بڑے امتحان میں کامیاب ہوگے۔ جس کی وجہ سے تم کو اعلیٰ ترقی ملنے والی ہے۔ فال نیک ہے۔ اور جو مقصد تمہارا ہے کامیابی ہوگی۔

(ح) خبردار کسی پر بھروسہ مت کرنا۔ تمہارے ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں۔ تھوڑے دن صبر کرو۔ نشان یہ ہے کہ تمہارے سر میں آج سخت درد ہے۔

(ط) غفلت مت کرو، وقت ہوشیاری کا ہے تمہاری کامیابی کا وقت قریب ہو چکا ہے۔ ایک مہینہ آٹھ دن اور نحوست کے باقی ہیں۔ اس کے بعد تمہاری کامیابی یقینی ہے۔ نشانی چاہتے ہو تو تمہارے داہنے ہاتھ میں کوئی شے رکھی ہے۔

(ی) ابھی تھوڑا زمانہ موافق نہیں۔ جس پر امید ہے قابل اعتماد نہیں۔ نہ فی الحال تجارت میں کامیابی کی اُمید ہے۔ چار مہینہ سات دن اور تم پر سخت ہیں۔ اس کے بعد کامیابی ہے۔

(ک) جلد نہ کرو ایک ماہ بعد کامیابی یقینی ہے۔ بگڑے کام بن جائیں گے نشانی یہ ہے کہ تم نے آج کسی سے جھگڑا کیا ہے۔ یا کہیں سفر پر جانے والے ہو۔

(ل) سفر میں نقصان ہے، ملازمت جلد ملنے والی ہے، خوشی ہوگی۔

Marfat.com

تمہارے ہر سوال کا جواب اس فال میں ہے۔ نشانی یہ ہے کہ تم اس وقت غمگین ہو۔

(م) تم کو بیماری نہیں ہے کوئی آسیب ہے۔ روحانی علاج کراؤ، تم کو کوئی اچانک نقصان ہونے والا ہے۔ جس سے جان کا خطرہ ہے۔ مسلمان ہو تو کسی نیک فقیر کو اور غیر مسلم ہو تو سادھو کو روٹی کھلاؤ فائدہ ہوگا۔

(ن) تم کو عنقریب ہی کسی حاکم سے نفع ہونے والا ہے۔ جس کو تم چاہتے ہو جلدی ملنے والا ہے تین روپے کا تیل مسجد کے چراغ میں ڈال دو

(س) فال بہایت اچھی ہے۔ جس کو چاہتے ہو ملے گا۔ تم اپنے مقصد میں جلد کامیاب ہونے والے ہو۔ نشانی یہ ہے کہ تمہارے سینے پر تل ہے۔

(ع) اللہ کا نام لیکر تیار ہو جاؤ کامیابی تمہارا انتظار کر رہی ہے مگر دشمنوں سے ہوشیار رہو۔ تمہاری تاک میں ہیں۔ نشانی یہ ہے کہ تمہاری کمر میں درد ہے۔

(ف) فی الحال دن اچھے نہیں۔ تمہارا ستارہ گردش میں ہے۔ صبر کرو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ نشانی یہ ہے کہ آج صبح ہی کوا دیکھا ہے۔

(ص) نہیں، نہیں ایسا خیال دل سے نکال دو، صبر کرو۔ تھوڑے ہی دن اور باقی ہیں۔ پھر سب بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔ دریافت کرتے ہو کب تک؟ دیکھو تم اس وقت کس سمت بیٹھے ہو اس سمت کے

Marfat.com

جتنے حروف ہوں بس اتنے ہی مہینے۔

(ق) فال نہایت ہی معتبر ہے۔ لڑکا ہوگا۔ کاروبار میں نفع ہوگا۔ جلد ہی کوئی خبر باہر سے آنے والی ہے۔ تمہاری پیشانی پر تل ہے۔

(س) بھول کر ایسا خیال بھی دل میں نہ کرنا وقت نازک ہے ستارہ گردش سے نکل چکا ہے۔ صبر کرو۔ نشانی یہ ہے کہ تم کہیں سفر سے آرہے ہو

(ش) اللہ پر بھروسہ رکھو گھبرانے سے کچھ نہیں ہوتا۔ دشمن تمہارا کچھ نہیں کر سکتے۔ صدقہ و خیرات کرو جو کچھ تم سے ہو سکے نشانی یہ ہے کہ تمہارے بائیں بازو پر تل ہے۔

(ت) وہ جھوٹا ہے اس کی باتوں میں مت آنا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔ جو قدم اٹھاؤ گے۔ سوچ سمجھ کر اٹھانا۔ دنیا بڑی مکر کی ہے۔ تمہارا مستقبل بہت شاندار ہے، پیشانی پر تل ہے۔

(ث) گھبراؤ نہیں صبر سے کام لو۔ دل کی مضبوطی سے تمہارا ستارہ اس وقت نہایت ٹھیک چال سے چل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی مدد کرو۔ سب کام اسی پر ہو جائے گا تمہارے داہنے ہاتھ میں قمر کا نشان ہے۔

(خ) تم جس کو جانتے ہو وہ تم سے منحرف ہے۔ اس کا قابو میں آنا مشکل ہے اور کاموں کے لیے فال نیک ہے شادی جلد ہوگی تم کو امسال

Marfat.com

زر نقد حاصل ہوگا۔ نشانی یہ ہے کہ ابھی ہنس رہے تھے۔

(ذ) تمہاری نحوست کے ابھی تین دن باقی ہیں۔ اس کے بعد تمہاری کامیابی ہے۔ عنقریب غیب سے راحت و عزت کا دروازہ تم پر کھلنے والا ہے۔ تمہارا مستقبل بہت اچھا ہے۔

(ض) اس کام سے باز آؤ ذلت ہوگی۔ تمہارا ستارہ نحوست میں ہے۔ اس وقت تکلیف ہے صبر کرو۔ جلد ہی غیب سے انتظام ہونے والا ہے۔ نشانی یہ ہے تمہاری ران میں تل ہے۔

(ظ) تمہاری کامیابی تمہارے استقلال پر منحصر ہے۔ اس کام میں بے حد مشکلات کا سامنا ہوگا۔ استقلال کو ہاتھ سے نہ جانے دو۔

(غ) فال نیک ہے صبح و شام کامیابی ہے۔ روزگار جلد ملنے والا ہے اگر بیمار ہو تو جلد شفا ہوگی۔ سفر کروگے تو فائدہ ہوگا۔

Marfat.com

# علم الاعداد سے چور پکڑنے کا طریقہ

جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ خود یا اس کی جانب سے جو شخص معلوم کرنا چاہے تو وہ یا کسی نابالغ بچے سے یہ کہہ کر کہ فلاں شخص کا مال کون لے گیا ہے اور کس سمت لے گیا ہے ملے گا یا نہیں؟ پھر بچے سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھوا کر مندرجہ ذیل نقشہ کے کسی ایک خانے پر اس کی انگلی رکھوائے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۸ | ۱۴ | ۱۹ | ۲۳ | ۲۶ | ۲۸ |
| ۸ | ۲ | ۹ | ۱۵ | ۲۰ | ۲۴ | ۲۷ |
| ۱۴ | ۹ | ۳ | ۱۰ | ۱۶ | ۲۱ | ۲۵ |
| ۱۹ | ۱۵ | ۱۰ | ۴ | ۱۱ | ۱۷ | ۲۲ |
| ۲۳ | ۲۰ | ۱۶ | ۱۰ | ۵ | ۱۲ | ۱۸ |
| ۲۶ | ۲۴ | ۲۱ | ۱۷ | ۱۲ | ۶ | ۱۳ |
| ۲۸ | ۲۷ | ۲۵ | ۲۲ | ۱۸ | ۱۳ | ۷ |

جس خانہ پر وہ اُنگلی رکھے اس میں دیکھے کہ کیا ہندسہ ہے جو ہندسہ لکھا ہوا ہو اُس کو اسی سے ضرب دیکر جو اعداد حاصل ہوں انہیں (۸) پر تقسیم کرے جو عدد باقی بچے اس کو مندرجہ ذیل نقشے میں دیکھے جس خانے میں وہ عدد اس عدد کے نیچے سمت درج ہے۔

Marfat.com

# سمت معلوم کرنے کا نقشہ

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مال مشرق کی طرف گیا ہے | مال شمال کی طرف گیا ہے | مال مغرب کی طرف گیا ہے | مال جنوب مغرب کی طرف گیا ہے | مال جنوب کی طرف گیا ہے | مال جنوب مشرق کی طرف گیا ہے | مال شمال کی طرف گیا ہے | مال شمال مغرب کی طرف گیا ہے |

نوٹ :- جو اعداد تقسیم سے خارج قسمت ہوں ان کو نصف کر لیجئے اگر برابر تقسیم ہو جائیں تو چوری گیا ہوا مال مل جائے گا۔ اور اگر وہ برابر تقسیم نہ ہوں تو مال ہرگز نہ ملے گا۔

## چور کا نام کیا ہے

مندرجہ بالا قاعدہ یہی ہے کہ باقی القسمت کو تقسیم کرنے والے عدد کو نو سے ضرب دیجیے اور جو حاصل ہو اسے اٹھائیس سے تقسیم کیجیے، جو باقی بچے اس کو نقشہ مندرجہ ذیل میں دیکھیں کہ اس عدد سے کونسا حرف متعلق ہے پس جو حرف بھی متعلق ہو گا وہی چور کے نام کا پہلا حرف ہے۔

نقشہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیے

Marfat.com

# چور کے نام کا پہلا حرف معلوم کرنے کا نقشہ

| بقیہ اعداد | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف | ا | ب پ | ت ٹ | ث | ج چ | ح | خ |
| بقیہ اعداد | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| حروف | د ڈ | ذ | ر ڑ | ز ژ | س | ش | ص |
| بقیہ اعداد | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |
| حروف | ض | ط | ظ | ع | غ | ف پھ | ق |
| بقیہ اعداد | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ |
| حروف | ک گ | ل | م | ن | و | ھ | ی |

## چوری کا مال کہاں پر ہے

مندرجہ بالا طریقہ چور کا نام کیا ہے ۲۸ کی تقسیم سے جو کچھ باقی بچے اس کو چار پر تقسیم کیجئے اگر ایک باقی رہے تو مال بہت قریب ہے۔ یعنی اسی جگہ محلہ یا شہر میں ہے۔ اگر دو باقی بچیں تو مال ایک جگہ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلا گیا ہے اگر کچھ بھی باقی نہ بچے تو مال بہت دُور جا چکا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## چور مرد ہے یا عورت

اسی خارج قسمت کے جو اعداد ہوں انہیں باقی القسمت سے ضرب دے کر نَو پر تقسیم کریں۔ اگر باقی القسمت عدد جفت ہو تو کسی عورت کی سازش سے چوری ہوئی ہے یا خود عورت چور ہے اور اگر اعداد طاق ہوں تو چور مرد ہے۔

Marfat.com

## چور کی عمر کیا ہے

مندرجہ بالا قاعدہ سے چور مرد ہے یا عورت مجموعہ اعداد تقسیم کے بعد باقی بچیں یعنی اگر باقی القسمت ایک دو تین ہو تو چور کم عمر بے ریش ہے اور اگر باقی القسمت چار پانچ چھ ہو تو چور نوجوان وطاقتور ہے اور اگر باقی القسمت ۷، ۸، ۹ ہو تو چور سن رسیدہ ہے۔ یعنی بوڑھا آدمی ہے۔

## بفضلِ عالم الغیب معلومات حاصل کرنے کا دائرہ

طریقہ:۔ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بسم اللہ آنکھیں بند کرکے دائرے کے حروف پر اپنی شہادت کی انگلی رکھ دیں۔ اس کے بعد حروف کے اعتبار سے نیچے دیکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رہنمائی جو بھی حاصل ہوگی وہ درست ہوگی۔




| | |
|---|---|
| اب | یہ بیمار اچھا ہو جائے گا بحکم اللہ تعالیٰ جو کچھ میسر ہو صدقہ دیا کرو۔ |

Marfat.com

اسس کو عارضہ دل کا ہے۔ حرارت و خشکی ہے۔ جسم اس کا بھاری رہتا ہے۔ بھوک کم ہے۔ نظر بھوت پلید کی ہو گئی ہے۔ سُورہ والشمس زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور یہ تعویذ دھو کر پلا دیں اور ماش سیاہ کنجد سیاہ اور کچھ کپڑا مریض کا اور تھوڑا لوہا کسی محتاج کو دے دیں۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٢٢٣ | ١٦ | ٢١ |
| ١٨ | ٢٠ | ٢٢ |
| ١٩ | ٢٤ | ١٧ |

**طج** اس کو نظر خبیث کی ہو گئی ہے۔ کبھی ہنستا ہے اور کبھی بیہوش ہو جاتا ہے اور کچھ بڑبڑانے لگتا ہے۔ کمر میں درد اور بخار رہتا ہے اور وہ خبیث نظر آتا ہے۔ سُورَہ والشمس زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور ایک جانور سیاہ رنگ اور کچھ کپڑا لیکر اس کے کونے سیاہ کریں اور ایک کونے میں ہلدی اور ایک کونے میں لوہا۔ ایک میں روٹی ایک کونے میں کوئلہ باندھ کر کہیں کسی کو دیدیں۔ اور یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٩ | ٢ | ٧ |
| ٤ | ٦ | ٨ |
| ٥ | ١٠ | ٣ |

**دی** چند روز اس پر بھاری ہیں۔ ایک خبیث کی نظر ہو گئی ہے۔ اس

Marfat.com

سبب ہے سُست رہتا ہے۔ جسم میں خارش ہوتی ہے۔ بھوک کم ہے اور تپ بھی ہے خوابیں پریشان دیکھتا ہے اور آنکھوں میں سُرخی اور منہ میں خشکی رہتی ہے اور منہ کا مزہ خراب رہتا ہے اور سوتے وقت آنکھوں میں ریزے سے معلوم ہوتے ہیں اور کبھی کبھی پیشاب میں جلن معلوم ہوتی ہے۔ کپڑے بدل کر باہر گیا تھا۔ اس راستہ سے جنات جا رہے تھے۔ اس پر جنات کی نظر ہو گئی ہے۔ چاہیئے کہ سُورہ جنّ ہرن کی جھلی یا کاغذ پر زعفران یا گلاب سے لکھ کر دھو کر مریض کو پلا دیں اور دُودھ کی کھیر پکا کر محتاجوں کو کھلا دیں یا روٹی پر گھی و شکر ڈال کر کھلا دیں۔ دہی چاول اور کپڑا پہنا ہوا بیمار کا کسی کو دے دیں اور یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ نقش معظم یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

**ل ه** اس مریض نے نہاتے وقت آسمان کی طرف دیکھا تھا۔ اس پر ایک پری کی نظر پڑ گئی ہے۔ بدن سست حرارت و خشکی و کھانسی تپ۔ درد کمر اور درد سر ہو گا اور کبھی جی بھی متلاتا ہو گا اور کبھی دست اور قبض بھی رہتا ہو گا۔ چاہیئے کہ کھانا پکا کر کسی کو کھلا دیں۔ ہلدی اور سندھور اس کے سر پر لگا دیں۔ اور ایک مرغی کا بچہ سیاہ اس پر اتار کر چوراہے پر چھوڑیں۔

Marfat.com

اور یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یا حفیظ | یا حفیظ | یا حفیظ |
| یا حفیظ | یا حفیظ | یا حفیظ |
| یا حفیظ | یا حفیظ | یا حفیظ |

**ئ د** اس پر ایک چڑیل کی نظر ہو گئی ہے۔ سوتے میں یہ اس سے ڈر گیا ہے سستی بدن میں رہتی ہے اور جسم میں آگ سی معلوم ہوتی ہے۔ سوا گز زرد رنگ اور ہلدی چاول کسی محتاج کو دے دیں اور یہ تعویذ لکھ کر گلے میں مریض کے ڈالیں نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | |
| ۲ | ۹ | ۴ |

**خ ز** یہ خواب میں ڈر گیا ہے کبھی جی متلاتا ہے۔ کبھی قبض کبھی دست آتے ہیں۔ جسم سست بھوک کم اور جسم میں کھجلاہٹ ہو گی اور خوابیں پریشان دیکھتا ہو گا اور جسم میں لرزہ سا معلوم ہوتا ہو گا۔ ایک بچہ مرغ کا اور کچھ تل کسی کو دیدیں اور تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

تعویذ اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یا احد | یا حی | یا خبیر |
| یا لطیف | یا بصیر | یا کبیر |
| یا قدیر | یا جلیل | یا بادئ |

**ن م** کسی نے کسی پر جادو کیا تھا۔ یہ اس کے سایہ میں آگیا ہے۔ پیٹ میں درد رہتا ہے۔ خوابیں پریشان دیکھتا ہے اور فکرمند رہتا ہوگا اور جمائیاں آتی ہوں گی اور کبھی تمام جسم میں درد رہتا ہوگا اور سر اور آنکھیں بھاری رہتی ہوں گی اور منہ کا مزہ خراب رہتا ہوگا۔ آردِ گندم و دال مسور، و روغن زرد کسی کو دے دیں اور یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ شفا حاصل ہوگی۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ | ۱۶ | ۲۳ |
| ۲۲ | ۲۰ | ۱۸ |
| ۱۷ | ۲۴ | ۱۹ |

**س ع** اس نے قے کی تھی اور اس کے سبب بخار اور جسم و سر اور ٹانگوں میں درد رہتا ہے اور پیاس بھی ہے الم ترکیف زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں اور پیاز و ہینگ کی دھونی دلویں اور کسی محتاج کو دودھ کی کھیر پکا کر کھلادیں اور مہندی کے پھول اس پر اتار کر گورستان بھیج دیں۔ اللہ تعالیٰ صحت دے گا۔

Marfat.com

# فالنامہ حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ

فالنامہ حکیم حضرت لقمانؒ جو کہ مشہور حکمائے یونان سے تھے جو شخص اپنی دلی مراد رکھتا ہو، پہلے صدقِ دل سے ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور تین بار وَاللّٰہُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ کہہ کے سانس روک کے اور آنکھیں بند کر کے اس نقش میں انگلی رکھے جس خانے میں انگلی شہادت کی ہو اس کے بیان کو ملاحظہ کر کے اپنا مطلب دلی دریافت کرے۔




Marfat.com

**شکل اوّل** اے صاحب فال تیرے واسطے نیک ہے جو تو نے نیت کی ہے بر آوے گی اگر سفر کرے خوش و خرم رہے۔ اولاد پیدا ہو فرزندوں کی راحت ہمیشہ احوال نیک ہو امیروں اور رئیسوں سے ملاقات ہو جائے اور جلد مقصد حاصل ہو اور جو خواب دیکھے اس کی تعبیر اچھی ملے، شادی اور خوشی شامل حال رہے۔

**شکل دوم** اے صاحب فال جو تیری نیت ہے وہ پوری ہو۔ اگر مال کی خواہش ہے جلد ملے اگر جانب مشرق سفر کرے بہت فائدہ اٹھاوے اور چالیس روز میں مقاصد تیرے پورے ہوں گے۔ لیکن گھوڑے کے روزگار میں تجھ کو فائدہ ہو گا۔

**شکل سوئم** اے صاحب فال یہ دن تیرے بہت نحس ہیں۔ جس چیز کی خواہش رکھتا ہے وہ حاصل نہ ہو گی۔ بلکہ تہمت لگے گی۔ اگر جمعرات کو علی الصبح کوئی فقیر تیرے مکان پر آوے تو اس کو دو روٹیاں گیہوں کی اور سوا روپیہ اور ایک تولہ ہلدی کی دے دیجیو۔

**شکل چہارم** یہ فال تیرے واسطے اچھی نہیں۔ اگر غائب کی خبر دریافت کرنا ہے تو ایک سال کے بعد واپس آوے گا۔ اگر بیمار ہو تو تکلیف اٹھائے۔ تجھ کو ایک ماہ تک صبر لازم ہے۔ تاکہ اجر نیک پاوے اور سب مرادیں بر آدیں۔

Marfat.com

**شکل پنجم** یہ فال نیک ہے جو مراد تیری ہے برآوے۔ اور ایسی چیز کو ملے کہ طبیعت خوش ہو جاوے اور چند دن کے اندر جو جو خواہش دل کی ہیں بہت جلد برآویں گی۔

**شکل ششم** یہ فال تیری جلدی کو منع کرتی ہے۔ ہر کام میں توقف کر کیونکہ خوف طالع بد کا ہے۔ آج کل تجھ کو بہت پریشانی اور مصیبت ہے۔ جب خدا تجھ پر رحم کرے تو پچیس ۲۵ دن تک خیرات کر۔ اگر پچیس دن خیریت سے گزریں تو بہتر ہے۔

**شکل ہفتم** اے صاحب فال تجھ پر یہ دن نہایت سخت گزرتے ہیں اور تو سخت مصیبت میں ہے۔ تیرا دل بہت گھبراتا ہے۔ اگر شادی کا ارادہ ہو تو ابھی نہ کرنا۔ تجھ کو ابھی کوئی کام نہ کرنا چاہیئے۔ اگر کوئی کام کرے گا تو نقصان پائے گا۔ اور تہمت سے بچ۔ ہر شنبہ کو اندیشہ مضرت ہے۔ کیونکہ کسی درخت کے نیچے سوتا تھا اور خواب میں دیکھ کر ڈر گیا تھا۔ اب تو پیر کے دن کسی فقیر کو پانچوں دالیں اور سوا روپیہ اور آدھ پاؤ گڑ شب کو دے دیجیؤ۔ توکل بلاؤں سے بچ جائے گا۔ اور اکیس روز تک کوئی کام نہ کرنا۔ کیونکہ یہ دن تجھ پر نحس ہیں۔

**شکل ہشتم** اے صاحب فال یہ فال نحس ہے کوئی کام نہ کیجیو اور جس چیز کی تو خواہش رکھتا ہے۔ اس میں اندیشہ ہے تو پندرہ روز تک تامل کر۔

**شکل نہم** | یہ فال تجھ پر نیک ہے۔ خبر خوش سُن۔ جس چیز کی تمنا ہے وہ بلا وقت ملے جس کام کا مقصد کرے وہ حسب دل خواہ انجام کو پہنچے اگر سفر کرے راحت پائے۔ مراد دلی بر آئے۔ شادی اور تقریبات میں خوشی اور دِلی مسرت حاصل ہو۔

**شکل دہم** | یہ فال سعد ہے۔ اگر ان دنوں میں شادی کرے۔ تو خوشی حاصل ہو کسی امیر کے پاس جائے تو فائدہ پائے خرید و فروخت میں نفع حاصل ہو۔

**شکل یازدہم** | اے صاحبِ فال تجھ کو مبارک ہو۔ دھوم دھام سے شادی کرا۔ سوداگری میں تجھ کو نہایت فائدہ ہوگا۔ اور جو کام کرے گا نیک ہوگا۔

**شکل دوازدہم** | یہ فال نہایت نیک ہوگی۔ صاحب فال بڑا نصیب والا ہے۔ جس کام کا قصد کرے گا مراد دِلی پائے گا۔ لیکن چار پائے سے نقصان ہوگا۔

**شکل سیزدہم** | یہ فال تجھ پر نیک ہے اگر کسی بیمار کے لیے پوچھتا ہے تو عرصہ میں شفایاب ہوگا۔ تیرا دشمن ضرر پائے گا۔ جب تو اس سے لڑے گا۔ ضرر رعیت پائے گا۔

**شکل چہاردہم** | یہ فال نیک ہے ملائع مشتری سے نسبت رکھتی ہے۔

Marfat.com

اہلِ قلم سے فائدہ ہوگا۔ ہر کام نیک ہو۔ بادشاہ وقت سے مرتبہ بلند پائے گا اور مال بلا وقت سے غم جہاں دور ہو۔ خوشی حاصل ہو اور سرور رہو۔

## شکل پانزدہم

یہ فال نیک ہے۔ عطارد سے نسبت رکھتی ہے۔ اہلِ قلم سے فائدہ ہوگا اور ہر کام نیک ہو۔ ایک مہینے میں جملہ مقاصد دِلی برآویں گے۔ تجھ کو لازم ہے کہ بدھ کے روز پاؤ بھر آٹا اور ہلدی کے رنگ کا ایک کپڑا اور گیارہ روپے کسی محتاج کو دے دے۔

## شکل شانزدہم

یہ فال نہایت نیک ہے۔ بہت سے کاموں میں نفع حاصل ہو۔ اگر شادی کرے تو فائدہ اُٹھائے معشوق پری پیکر ہاتھ آئے۔ اولاد نیک ہے۔ یہ فالنامہ نہایت مجرب ہے۔ ہو بہو حال سائل کا بتا دیتا ہے۔ حضرت حکیم لقمان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی عقل کے زور سے بنایا تھا۔

Marfat.com

# روح سے ملاقات کرنیکا عمل

اگر آپ یہ چاہیں کہ اپنے کسی مردہ دوست یار رشتے دار سے ملاقات ہو جائے اور وہ آپ کو خواب میں نظر آجائے کہ وہ کس حال میں ہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ یہ ۳ دن تک عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ اُس کی یہ مراد پوری ہوگی اور آپ کا دوست یار رشتے دار خواب میں آکر آپ سے ضرور ملے گا۔ یہ عمل بدھ، جمعرات اور جمعہ کو کرنا چاہیئے اور ایسے بدھ، جمعرات اور جمعہ کو کرنا چاہیئے جو چاند کی ۹ اور ۱۵ کے درمیان پڑ رہے ہوں۔

اس عمل کے لیے ایسے کمرے میں سونا چاہیئے جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو مکمل تنہائی ہو ——— اور بستر وغیرہ بالکل پاک صاف ہو کمرے میں کسی طرح کی خوشبو بھی ضرور بسا لینی چاہیئے۔ اگر بتی وغیرہ جلائیں تو بہتر ہے۔

سونے سے پہلے آپ مندرجہ ذیل نقش کو اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیں ——— اور بستر ہی پر بیٹھ کر ۳ مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ سورۃ تکاثر پھر سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پھر درود شریف پڑھ کر سو جائیں۔ جب تک نیند کا غلبہ نہ ہو۔ درود شریف بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ تین دن

Marfat.com

تک روزانہ کریں۔

روزانہ نیا نقش لکھیں اور نقش کے نیچے اس شخص کا نام معہ والدہ لکھیں جس سے ملاقات کی خواہش ہو ——— صبح کو اُٹھ کر یہ نقش آٹے میں گولی بنا کر پانی میں پھینک دیں ——— کسی نہر یا تلاب یا کنوئیں میں پھینک دیں ——— انشاء اللہ تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں ملاقات ہو جائے گی۔

یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں ——— یہ عمل صرف درحقیقت بارگاہِ خداوندی میں یہ درخواست ہے کہ ہماری ملاقات خواب میں فلاں مرنے والے سے کرادیں۔ تو بحکم الٰہی اس کی رُوح خواب میں آجاتی ہے۔

نقش یہ ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | س | م | ط | ق | ن |
| | | | | | ن | س | م | ط | ق |
| | | | | | ق | ن | س | م | ط |
| س | م | ط | ق | ن | ط | ق | ن | س | م |
| | | | | | م | ط | ق | ن | س |

نام ——— معہ والدہ ———

Marfat.com

# انگوٹھی، نگینہ اور پتھر

## کے استعمال کا رواج بہت قدیم ہے

## یہ نبیوں کی سُنّت بھی ہے

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ انگوٹھی پہننا معیوب ہے جبکہ بعض لوگ اس کو سلسلہ توہمات ہی کا ایک حصہ سمجھتے ہیں ایسے لوگ پتھروں کی تاثیر کے بھی قائل نہیں حالانکہ انگوٹھیاں پہننے کا رواج حضرت آدم علیہ السلام سے چلا آرہا ہے۔ اور پتھروں کی تاثیر نہ صرف احادیث سے بلکہ بعض آیات قرآنی سے بھی ثابت ہے۔ یاقوت، سچے موتی اور مرجان کا ذکر قرآن حکیم میں بڑی صراحت کے ساتھ آیا ہے اور خود خالق کائنات نے ان کی افادیت اور تاثیرات کی نشاندہی کی ہے۔

☆ انگوٹھی پہننا صرف یہ کہ انبیاء کی سنّت ہے بلکہ ایک قسم کا اسلامی رواج بھی ہے۔ بڑے بڑے فلاسفر جو روحانیت کے قائل نہیں تھے اور توہمات کے خلاف ہمہ وقت علم بغاوت بلند رکھتے تھے انہوں نے بھی انگوٹھیوں میں نگینے جڑواکر پہنے ہیں اور پھر انہوں نے ان کی افادیت اور تاثیر کا اعتراف بھی کیا ہے ارسطو کے ہاتھ میں جو انگوٹھی تھی اس پر "العظمت اللہ" کندہ تھا۔

Marfat.com

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ارادہ
فرمایا کہ کسریٰ و قیصر اور نجاشی کو تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں خطوط لکھے جائیں
تو کسی نے بتایا کہ اُمرا لوگ بغیر مہر کے کسی کی تحریر کو تسلیم نہیں کرتے۔ کہیں
ایسا نہ ہو کہ وہ آپ کے وفد کو عام سے آدمی کا وفد سمجھ کر نظر انداز کر دیں
اور خط لکھنے کا مقصد ہی فوت ہو جائے اُس وقت آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی جس میں یہ نقش تھا۔ "محمد رسول
اللہ" امام بخاریؒ نے وضاحت کی ہے کہ نیچے سے اُوپر پہلی سطر میں محمد
دوسری میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تیسری سطر میں اللہ کندہ تھا۔ بالکل
اس طرح اس انداز میں یہ حکمت تھی کہ




رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے
اللہ کے نام کو اُوپر رکھا حالانکہ اُصولاً اُوپر
سے نیچے کی طرف لکھنا چاہیئے تھا۔ آپ نے ازراہ ادب و احترام
نیچے سے اُوپر کی طرف لکھوایا۔ اور اللہ کے نام کی عظمت پہچانی اس
لئے آپ کو اللہ نے وہ عظمت عطا کی جو اللہ کے بعد کسی اور کے حصے
میں نہیں آئی۔ یہ بات سچ ہے کہ جو ادب کرتا ہے ایک دن اس کا بھی
ادب کیا جاتا ہے اور بے ادب اور گستاخ انسان جو اپنے بڑوں کی توقیر
نہیں کرتا ایک دن وہ اپنے چھوٹوں کے ہاتھوں ذلیل ہوتا ہے۔ مہر نبوت

Marfat.com

ہمیں اس بات کی تعلیم دیتی ہے کہ ہم بڑوں کی بڑائی اور اہمیت کو تسلیم کریں اور اپنے بڑوں کے مقام کو پہچان کر زندگی گزاریں۔

- صحیح بخاری کی ایک دوسری روایت میں یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک اور انگوٹھی پہنی ہے اس کا نگینہ قدرے کالا تھا۔ اس کو آپ دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے اور نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔

- حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ والی انگلی اور شہادت کی انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔

- صحابہؓ نے وضاحت کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کن انگلی کی برابر والی انگلی میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک صاحب پیتل کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا بات کہ تم سے بت پرستی کی بو آتی ہے۔ انھوں نے فوراً وہ انگوٹھی اتار کر پھینک دی۔ پھر اگلے دن لوہے کی انگوٹھی پہن کر آئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ کیا بات ہے کہ تم دوزخیوں کا زیور پہنے ہوئے ہو۔ اُن صاحب نے لوہے کی انگوٹھی بھی فوراً اتار کر پھینک دی اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں کس چیز کی انگوٹھی

بنواؤں ؟ فرمایا چاندی کی انگوٹھی بنواؤ اور اس کا وزن ساڑھے چار ماشے سے کم نہ ہو۔

شریعت اسلامیہ کی رو سے مسلمان کو سوائے چاندی کے کسی اور دھات کی انگوٹھی پہننا جائز نہیں ہے۔ تانبے کا چھلہ کسی بیماری کو رفع کرنے کے لیے پہنا جاسکتا ہے۔ شوقیہ پہننا جائز نہیں ہے البتہ عورت چاندی کے علاوہ سونے کی انگوٹھی پہن سکتی ہے جبکہ مرد کے لیے سونے کی انگوٹھی حرام ہے۔

چاندی کی انگوٹھی میں ہر قسم کا نگینہ اور پتھر جائز ہے اور چاندی کی انگوٹھی پر کلماتِ عالیہ نقش کرا کر پہننا اکابرین کی سنّت رہی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی پر یہ نقش کندہ تھا۔

" نعم القادر "

امام جعفر صادقؓ سے ایک شخص نے ملاقات کی اور فرمایا نہ مجھے کسی ظالم کا خوف ہے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے ہلاک نہ کردے۔ امام علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ جاؤ ایک انگوٹھی تیار کراؤ۔ وہ شخص انگوٹھی بنوا کر لایا تو آپ نے اس انگوٹھی پر سطر اول میں اعوذ باللہ۔ دوسری سطر میں اٰمنت باللہ، تیسری سطر میں واثق باللہ ورسولہ چوتھی سطر میں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ کندہ کردیا۔ اور فرمایا کہ اس انگوٹھی کو

Marfat.com

پہن لو ہر ظالم کے ظلم سے انشاء اللہ محفوظ رہو گے۔

حضرت امام جعفر صادق بہ نفس نفیس ایک انگوٹھی پہنا کرتے تھے جس پر "العزۃ اللہ" کندہ تھا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ "درنجف" کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ درنجف سفید رنگ کا ایک بلوری اور چمکدار پتھر ہوتا ہے۔ نجفِ اشرف میں یہ پتھر آج بھی دستیاب ہے۔ حضرت علیؓ کی انگوٹھی کے بارے میں یہ تک مشہور ہے کہ یہ حق تعالیٰ کی طرف سے ہدیہ کی گئی تھی۔ لیکن صحیح روایات میں اس کا ذکر نہیں ملتا۔ البتہ یہ بات ثابت ہے کہ حضرت علیؓ درنجف کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے اور یہی انگوٹھی سیّدنا امام حسنؓ کی انگلی میں بھی دیکھی گئی۔

روایت میں آتا ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں پھینکنے کی تیاری کر لی گئی تو پروردگار عالم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعہ زمرد کی انگوٹھی بھجوائی جس پہ یہ کلمات نقش تھے۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ فوضت امری الی اللہ اسندت ظہری الی اللہ حسبی اللہ۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ انگوٹھی پہن لی۔ اور اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

حکم سے آگ گلزار میں تبدیل ہو گئی۔

دورِ قدیم کے اولیاء نگینہ زمرد میں یہ کلمات کندہ کرا کر پہنا کرتے تھے۔

"محمد رسول اللہ لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین"

اور بعض حضرات یہ کلمات کندہ کراتے تھے۔

"اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ"

دورِ قدیم میں بانجھ عورتوں کو چاندی کی انگوٹھی میں فیروزہ پر یہ آیت کندہ کراتے تھے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فیروزہ پر یہ کندہ کرا کر ایک انگوٹھی بنوائی تھی۔ " اللہ الملک الحق " اور یہ انگوٹھی بھی آخیر عمر تک آپ کے پاس رہی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر یہ کلمات کندہ تھے۔

سبحانہ من الانس والجن بکلماتہ۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی مستقل چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتی تھیں۔ اور ان کی انگوٹھی پر " اَمَنَ المتوکلون " کندہ تھا۔

سیّدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی پر "حسبی اللہ" کندہ تھا۔

Marfat.com

❊ سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ دو انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ ایک انگوٹھی پر "الحمد للہ" کندہ تھا اور دوسری پر "ان اللہ بالغ امرہٖ۔"

❊ حضرت امام زین العابدینؑ کی انگوٹھی پر "الحمد للہ العلی" کندہ تھا۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ آپ کے پاس ایک انگوٹھی ایسی بھی تھی جس پر یہ عبارت نقش تھی "خزی و شقی قاتل الحسین ابن علی"

❊ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی ایک انگوٹھی پر یہ عبارت کندہ تھی۔ "اللہ خالق کل شیء"

❊ حضرت امام موسیٰ کاظمؒ کی انگوٹھی پر یہ عبارت لکھی ہوئی تھی۔ "الملک للہ وحدہ"

❊ حضرت امام موسیٰ کاظمؒ کی ایک انگوٹھی خاندانی انگوٹھی کہلاتی تھی اور یہ تقریباً سبھی خاندان کے افراد استعمال کرتے تھے اس پر یہ عبارت کندہ تھی۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

## حضرت آدمؑ نے حوّا کو انگوٹھی پہنائی

بہرکیف انگوٹھی اور نگینوں کا استعمال اسی دور کی رسم نہیں ہے بلکہ یہ

Marfat.com

دورِ قدیم سے چلی آرہی ہے اور انبیأ اور اولیأ نے انھیں استعمال کر کے ان کی حقانیت کا ثبوت دیا ہے۔ ایک روایت سے یہ ثابت ہے کہ حضرت آدمؑ نے حضرت حوّا سے نکاح کرنے سے پہلے انھیں انگوٹھی دی۔ اور ان کی یہ سنّت آج تک برقرار ہے اور منگنی کی انگوٹھی کا رواج ان کی تمام اولاد میں پایا جاتا ہے۔

**مقطعات** اکابرین نے حروفِ مقطعات کی انگوٹھی بطورِ خاص استعمال کی ہے اور یہ انگوٹھی ماہ رجب کی خاص تاریخ میں تیار ہوتی ہے۔ اور اسے تیار کرنے کی بھی خاص شرطیں ہیں اور انگوٹھی تیار کرنے کے بعد بھی اس پر ایک عمل پڑھا جاتا ہے۔ جس سے اس کی افادیت بڑھ جاتی ہے اکابرین کا ایجاد کردہ یہ سلسلہ پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے اور خدا کی مخلوق اس سلسلۃ الذہب سے پوری طرح مستفیض ہو رہی ہے۔ علاوہ ازیں مختلف مسائل میں کام آنے والے مختلف نقوش انگوٹھیوں پر کندہ کیے جاتے ہیں اور یہ مخصوص مسائل میں بے حد مجرّب ثابت ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس سلسلے کو توہمات میں شمار کرنا قطعاً نادانی اور کم علمی کی بات ہے۔

ہم عرض کر چکے ہیں کہ انگوٹھی کا سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہننا سنّت ہے۔ اور سنّت یہ بھی ہے کہ انگوٹھی کو کن انگلی کے برابر والی انگلی میں پہنا جائے صحیح روایات سے یہ ثابت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام

Marfat.com

حضرت اسماعیل علیہ السلام ، حضرت اسحٰق علیہ السلام ، حضرت الیاس علیہ السلام حضرت ایوب علیہ السلام ، حضرت لقمان علیہ السلام ، حضرت عیسٰی علیہ السلام اور حضرت رحمتِ دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائیں ہاتھ ہی میں انگوٹھی پہنی ہے ۔ تمام انبیاءؑ کی انگوٹھی کا نگینہ چوکھٹا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگوٹھی کا نگینہ گول تھا ۔

Marfat.com

# طبِ نبویؐ

Marfat.com

# طبِّ نبوّی

انسانی صحت کو برقرار رکھنے اور بے شمار امراض کا علاج طبِ نبوّی سے کرنا بہت جلد شفائے کاملہ حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ چنانچہ ذیل میں قرآن و حدیث کی روشنی میں مختلف غذاؤں کی اہمیت اور بیماریوں کا شافی علاج پیش کیا جاتا ہے۔

## انار

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں انار کا ذکر کرتے ہوئے سورۂ رحمٰن میں ارشاد فرماتا ہے

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

ترجمہ:- "ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔"

ابونعیم کی روایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے انار کے بارے میں پوچھا تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (دنیا میں) ایسا کوئی انار نہیں ہوتا جس میں کہ جنت کے اناروں میں سے دانہ شامل نہ ہو۔

**علاج :** معدے کے امراض:- انار کھانے سے معدہ کا زخم، معدہ کی

Marfat.com

درد، سوزش ختم ہو جاتی ہے۔

**موٹاپا** موٹاپا کم کرنے کے لیے انار کا جوس پینا نہایت مفید ہے دل کو تقویت دیتا ہے۔

**بواسیر** انار کے جوس میں ادرک اور لونگ باریک پیس کر ملا کر پینے سے بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔

**مثانہ کے امراض** انار کھانے سے مثانے کی گرمی، پیشاب کی خرابی اور دیگر امراض دُور ہو جاتے ہیں۔

**پیچش** انار کا جوس عرق سونف کے ساتھ پینے سے آرام آ جاتا ہے۔ انتڑیوں کے زخم کے لیے نہایت مفید ہے۔

# انجیر

اس پھل کی اہمیت کے بارے میں قرآن پاک کی سورۂ والتّین میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ط

ترجمہ: "قسم ہے انجیر اور زیتون کی"

**بواسیر اور گنٹھیا کا علاج** ابن جوزی کی روایت میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کہیں سے انجیر سے بھرا ہوا تھال لاکر پیش کیا گیا آپ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ہم سے ارشاد فرمایا، کہ کھاؤ۔ چنانچہ ہم نے اس میں سے کھایا۔ اس کے بعد پھر ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی یہ کہے کہ کوئی پھل جنت سے زمین پر اُتر سکتا ہے تو میں کہوں گا کہ یہی وہ (پھل) ہے اس لیے کہ بلاشبہ (انجیر) جنت کا میوہ ہے اس میں سے کھاؤ۔

**علاج** :- کیونکہ یہ بواسیر کو ختم کر دیتی ہے اور گنٹھیا کے مرض میں مفید ہے۔

**کمی حیض** حیض کے خون کی کمی انجیر کھانے سے دُور ہو جاتی ہے۔ ایام حیض میں درد وغیرہ نہیں ہوتی۔

**پھیپھڑوں کی سوزش** اس مرض میں انجیر بہت مفید ہے۔ سوزش کو ختم کرتا ہے۔

**دانت کا درد** انجیر کے درخت کے دُودھ میں تھوڑی سی روئی بھگو کر دانت کے سُوراخ میں رکھنے سے دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔ اور ریشہ ختم ہو جاتا ہے۔ سوزش ختم ہو جاتی ہے۔

**گردوں کی پتھری** ہر روز بلا ناغہ انجیر کھانے سے گردوں کی پتھری جلد خارج ہو جاتی ہے۔

**خون کی کمی** انجیر کھانے سے خُون کی کمی دُور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

**بلڈ پریشر** | جن افراد کو بلڈ پریشر کا عارضہ لاحق ہو اُن کے لیے انجیر کھانا بہت مفید ہے۔

**قبض** | دائمی قبض کی شکایت انجیر متواتر کھانے سے دُور ہو جاتی ہے نہار منہ کھانے سے شوگر ختم ہو جاتی ہے۔ گیس کو ختم کرتی ہے

**منہ کے چھالے** | ۔ صبح نہار منہ تازہ انجیر کھانے سے منہ اور زبان کے چھالے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

---

# بیر

قرآن پاک کی سورۂ واقعہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔

وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ۔ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ۔ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ۔ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ۔ وَّ مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ۔ وَّ فَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ۔ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ؕ

ترجمہ :۔ " اور جو داہنے (ہاتھ) والے ہیں وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں وہ اُن باغوں میں ہوں گے جہاں بے خار بیریاں ہوں گی اور تہ بتہ کیلے ہوں گے اور لمبا لمبا سایہ ہو گا اور چلتا ہوا پانی ہو گا اور کثرت سے میوے ہوں گے جو ختم نہ ہوں گے۔

بخاری شریف کی حدیث مبارکہ ہے کہ بیری کے پھل کا کسی اور سے کیا موازنہ کہ

Marfat.com

اس کے تین اہم خواص ہیں اس کا سایہ ٹھنڈا اور گھنا اس کا پھل کھانے میں لذیذ اور اس سے اچھی خوشبو آتی ہے۔

## علاج :

**صفراوی امراض** | ایسے امراض میں بیروں کا کھانا نہایت فائدہ مند ہے

**تلی کا علاج** | بیروں کا جوشاندہ پینے سے بڑھی ہوئی تلی کے مرض میں بہت فائدہ مند ہے۔

**ہاضمے کی خرابی** | بیروں کا استعمال نظام ہضم کی خرابی کے لیے نہایت مفید ہے۔

**خارش** | بیر مصفیٰ خون ہیں خون کی خرابی اور خارش میں نہایت مفید ہیں

**حلق کی سوزش** | اس مرض میں بیر کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

**زخموں کے لیے** | زخموں کو جلد مندمل کرنے کے لیے بیری کے پتے باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر مرہم زخموں پر لگائی جائے اس سے زخموں کی سوزش بھی رفع ہو جاتی ہے۔

**پیٹ کے امراض** | بیر کھانے سے پیٹ کے اکثر امراض ختم ہو جاتے ہیں پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔

Marfat.com

# سفرجل

سفرجل کو بہی بھی کہا جاتا ہے۔ ابن ماجہ کی حدیث ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سفرجل کھاؤ کیونکہ اس سے دل کا دورہ دُور ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی ایسا نہیں مبعوث فرمایا کہ جس کو جنّت کا سفرجل نہ کھلایا ہو کیونکہ یہ فرد کی طاقت کو چالیس افراد کے برابر کر دیتا ہے۔

**علاج :۔**

**حاملہ کے لیے** حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی حاملہ عورتوں کو سفرجل کھلایا کرو اس لیے کہ یہ دل کے امراض کو درست کرتا ہے اور بچے کو خوبصورت بناتا ہے۔

**قوّت باہ** سفرجل کھانے سے مردانہ کمزوری دُور ہو جاتی ہے یہ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

**دِل کے امراض :** امراض قلب کے مریضوں کے لیے سفرجل کھانا بہت زیادہ مفید ہے۔

**جریان** اس سے جریان کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے۔

**آنتوں کا السر :** سفرجل کا مرتبہ کھانے سے آنتوں کا السر ختم ہو جاتا ہے۔

**دِل کی سوزش** سفرجل کے گودے کو خشک کرکے باریک پیس کر اس میں شہد ملا کر کھانے سے دل کی جھلیوں میں موجود سوزش ختم ہو جاتی ہے۔

**مالیخولیا** اس کے درخت کی چھال کا جوشاندہ مالیخولیا اور دماغی کمزوری کے عارضہ میں انتہائی فائدہ مند ہے۔

**سانس کی رکاوٹ** سفرجل کو شہد کے ساتھ کھانے سے سانس میں پیدا شدہ رکاوٹ ختم ہو جاتی ہے۔ سانس کی گھٹن دُور ہو جاتی ہے۔

# جَو

جَو کی اہمیّت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے گھر والوں میں سے جب کوئی بیمار ہوتا تھا تو ارشاد فرماتے تھے کہ اس کے لیے جَو کا دلیہ تیار کیا جائے، پھر ارشاد فرماتے تھے کہ یہ مریض کے دل سے غم کو دُور کر دیتا ہے اور اس کی کمزوری کو ایسے اتار دیتا ہے جیسے کہ تم میں سے کوئی اپنے چہرے کو پانی سے دھو کر اس سے غلاظت اتار دیتا ہے۔

## علاج :

**جِلدی امراض** جَو کا استعمال جِلدی امراض میں نہایت مفید ہے۔

## حافظہ کی کمزوری کے لیے

جَو کا باقاعدگی سے استعمال کرنا حافظہ کی کمزوری کو دُور کرتا ہے۔ مرضِ نسیان کے لیے نہایت مفید ہے اس سے بھُول جانے کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔

## بلڈ پریشر

جَو کے ستو کا شربت پینے سے بلڈ پریشر میں افاقہ ہوتا ہے اس کا استعمال پیشاب آور ہے۔

## پٹھوں کی کمزوری

جَو کا استعمال پٹھوں کی کمزوری کو دُور کر کے مضبوطی پیدا کرتا ہے۔

## دماغی قوت

دماغی کام کرنے والوں کر کے صُبح نہار منہ جَو کا دلیہ کھانا مفید ہے۔

## گلے کی سوزش

اس مرض میں جَو کا گرم جوشاندہ پینے سے آرام آجاتا ہے، اور سوزش رفع ہو جاتی ہے۔

## گردے کی پتھری

جَو کے ٹھنڈے جوشاندے میں شہد مِلا کر پینے سے پتھر بہت جلد خارج ہو جاتی ہے اس کے علاوہ یہ جوشاندہ پینے سے پیشاب کے راستے پیپ اور خون کی شکایت بھی دُور ہو جاتی ہے۔

## معدے کی جلن

جَو کا جوشاندہ پینے سے معدے کی گرمی اور جلن ختم ہو جاتی ہے۔

# دُودھ

قرآن پاک کی سُورۂ محمدؐ میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ۔

ترجمہ:۔ "اس میں ایسی نہریں ہیں جن میں خوشذائقہ پانی اور دُودھ کی نہریں ہیں جن کا ذائقہ نہیں تبدیل ہوگا۔"

طبرانی کی حدیث مبارکہ ہے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ گائے کے دُودھ سے علاج کرو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں شفا رکھی ہے کیونکہ یہ ہر قسم کے درختوں پر چرتی ہے۔

## علاج:۔

**ٹی بی** تپ دِق کے مریضوں کے لیے روزانہ ایک لِٹر دُودھ پینا نہایت مفید ہے۔ لیکن اس کے گوشت میں بیماری ہے۔

**سِل اور دِق** اس مرض میں بکری کا دُودھ پینا فائدہ مند ہے۔

**پیٹ کا السر** دُودھ پینے سے پیٹ کے السر میں افاقہ ہوتا ہے۔

**جگر اور دِل** اس کے استعمال سے جگر اور دِل کو تقویت حاصل ہوتی ہے

**شوگر** دُودھ پینا شوگر کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔

**خشک خارش** ہر روز دودھ پینے سے خشک خارش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ مصفا خون ہے۔

**دماغی قوّت** دودھ کا استعمال دماغ کو تقویّت پہنچاتا ہے۔

**مرض استسقاء** اس مرض میں دودھ پینا نہایت مفید ہے۔

**پیٹ کی تیزابیّت** دودھ پینے سے پیٹ کی تیزابیّت میں کمی ہوتی ہے۔

# زیتون

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے زیتون کی قسم کھائی ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ہ

"قسم ہے انجیر اور زیتون کی"

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیتون کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ روغن زیتون کو کھاؤ اور اس سے بدن کی مالش کرو کہ یہ ایک مبارک درخت سے ہے۔

**علاج:۔**

**فالج کے لیے** روزانہ روغن زیتون سے فالج زدہ حصوں پر مالش کرنے

Marfat.com

سے بہت جلد شفائے کاملہ حاصل ہوتی ہے۔

## پائیوریا کا علاج

روغن زیتون میں نمک ملا کر مسوڑھوں پر ملنے سے پائیوریا کے مرض سے نجات مل جاتی ہے اور مسوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں۔

## چنبل کے لیے

چنبل اور ایگزیما کے مریضوں کے لیے زیتون کے تیل کی مالش کرنا مفید ہے۔

## عرق النساء

اس مرض میں روغن زیتون کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

## پیٹ کا سرطان

روغن زیتون پینے سے پیٹ کا سرطان ختم ہو جاتا ہے اور ہمیشہ روغن زیتون پینے والے کو پیٹ کا کینسر نہیں ہوتا۔

## دائمی کھانسی

اس کے استعمال سے پرانی کھانسی کے مریضوں کو بھی افاقہ ہوتا ہے۔

## جلد کی خشکی

جلد پر زیتون کا تیل ملنے سے خشکی ختم ہو جاتی ہے تیل گرم ہوتا ہے۔ جسم کو ہوا نہیں لگنی چاہیئے۔

## مردانہ کمزوری

روغن زیتون کا مسلسل استعمال مردانہ کمزوری کو دُور کرنے کا باعث ہے قوّت باہ کو تقویّت حاصل ہوتی ہے،

# شہد

قرآن مجید میں شہد کے شفائی خواص کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ؕ

ترجمہ :۔ "تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھی پر یہ بات وحی کر دی کہ پہاڑوں اور درختوں اور ٹیلوں پر چڑھائی ہوئی بیلوں میں اپنے چھتے بنا اور ہر طرح کے پھلوں کا رس چوس اور اپنے پروردگار کی ہموار کی ہوئی راہوں پر چلتی رہ اس مکھی کے اندر سے رنگ برنگ کا ایک شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے یقیناً اس میں بھی ایک نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں۔"

حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم شہد کی افادیت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کہ جو کوئی ہر مہینہ میں کم از کم تین دن صبح نہار منہ شہد چاٹ

لے اس کو اس مہینہ میں کوئی بڑی بیماری نہ ہو گی۔

## علاج :-

**اسہال** اس مرض میں شہد پینے سے بیماری ختم ہو جاتی ہے اور آرام آجاتا ہے۔

**معدہ کا السر** شہد کا استعمال معدہ کے السر کو ختم کر دیتا ہے۔

**گردے کی پتھری:** روغن زیتون میں تھوڑا سا عرق لیموں اور شہد ملا کر پلانے سے مریض کو بہت افاقہ ہوتا ہے۔

**جسمانی کمزوری** ایک کپ تازہ پانی میں شہد ملا کر صبح نہار منہ پینا جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

**دمہ** نیم گرم پانی میں شہد خالص ملا کر دن میں کئی بار مریض کو پلایا جائے تو دمہ کے مرض میں بہت افاقہ ہوتا ہے۔

**یرقان** اس مرض میں روزانہ شہد پینے سے شفا حاصل ہے۔ پانی میں ملا کر استعمال کرنا فالج کا بہترین علاج ہے۔

**قوتّ باہ** خالص شہد کے باقاعدگی سے استعمال کرنا قوتِ باہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ قوتّ باہ میں خوب اضافہ ہوتا ہے۔

**لقوہ** لقوہ کے مریضوں کو شہد پلانے سے بہت فائدے مند ہوتا ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| **ہیضہ** | اس بیماری میں شہد کا استعمال نہایت مفید ہے۔ |
| **سوزاک** | پانی میں شہد گھول کر دن میں کئی بار پیا جائے تو چند دنوں کے بعد سوزاک کے مرض میں افاقہ ہوتا ہے۔ |
| **امراضِ دل** | شہد کا باقاعدگی سے استعمال کرنے والے کو عارضہ قلب لاحق نہیں ہوتا۔ |
| **تپ دق** | شہد گرم دودھ میں ملا کر پینا تپ دق کے مریضوں کے لیے نہایت اکسیر ہے۔ |
| **احتلام** | ہر روز ایک چمچہ شہد پانی میں گھول کر پینے سے کثرت احتلام کی شکایت جاتی رہتی ہے۔ |
| **لیکوریا** | شہد میں پسی ہوئی ملٹھی ملا کر کھانے سے لیکوریا کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے۔ |

# کھجور

قرآن پاک کی سورۃ الرحمٰن میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔

فِیْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ (سورۃ الرحمٰن آیات ۶۹-۶۸)

Marfat.com

ترجمہ:۔ "ان دونوں میں پھل ہوں گے کھجور اور انار۔ پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ پرانی کھجور کے ساتھ تازہ کھجور ملا کر کھاؤ کہ شیطان جب کسی کو ایسا کرتے ہوئے دیکھتا ہے تو افسوس کرتے ہوئے کہتا ہے کہ پرانی کے ساتھ نئی کھجور کھا کر آدمی تنو مند ہو گیا۔ (نسائی)

## علاج:۔

**لاغرپن** روزانہ بلاناغہ کھجوریں کھانے سے جسم کا لاغرپن ختم ہو جاتا ہے۔ بدن میں قوت پیدا ہوتی ہے۔

**پیٹ کے کیڑے** صبح کے وقت نہار منہ چند دانے کھجوریں کھانے سے پیٹ کے کیڑے اور بہت سی امراض دور ہو جاتی ہیں۔ کیڑے مر جاتے ہیں۔

**قولنج** کھجوریں کھانے سے قولنج کا عارضہ لاحق نہیں ہوتا۔

**دل کا دورہ** ہارٹ اٹیک کی صورت میں مدینہ طیبہ کی مشہور کھجور عجوہ کا استعمال بہت ہی مفید ہے اس سے مرض میں افاقہ ہوتا ہے۔

**معدہ کی سوزش** اس مرض میں انار کا جوس کھجوروں کے ساتھ

Marfat.com

استعمال کرنے سے معدہ کی سوزش ختم ہو جاتی ہے۔

**جگر کی خرابی** جگر کے تمام امراض میں شفا حاصل کرنے کے لیے کھجوریں کھانا نہایت مفید ہے۔

# کلونجی

کلونجی کی افادیت کا ذکر کرتے ہوئے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ کلونجی میں ہر بیماری کا علاج ہے سوائے موت کے۔ (مسلم)

علاج:۔

**دائمی قبض** کلونجی کے استعمال سے دائمی قبض کا خاتمہ ہو جاتا ہے اس مقصد کے لیے روغن کلونجی نہایت مفید ہے۔

**قوتِ باہ** کلونجی کے استعمال سے قوتِ باہ میں خوب اضافہ ہوتا ہے۔

**گنٹھیا کے لیئے** اس مرض میں کلونجی کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ بانجھ پن کے لیے بہت مفید ہے۔

**بلغمی امراض** کلونجی کا استعمال بلغمی امراض کے لیے بے حد مفید ہے۔

Marfat.com

## گُردے اور مثانے کی درد کے لیے

ایک چمچ کلونجی کے بیج پیس کر ایک گلاس نیم گرم پانی میں ملائیں پھر دو چمچ خالص شہد ملائیں اور مریض کو دن میں دو بار پلائیں اس سے گُردے اور مثانے کی پتھری بہت جلد خارج ہو جائے گی اور درد جاتی رہے گی۔

## حیض میں رکاوٹ

کلونجی کے استعمال سے حیض کے خون کی کمی بھی دُور ہو جاتی ہے۔

## شوگر

اس مرض میں بھی کلونجی کے بیجوں کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ صبح نہار منہ پانی کے استعمال کریں۔

## بواسیر

کلونجی کے بیج باریک پیس کر پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا کریں اور مریض کو روزانہ پلائیں بواسیر کا عارضہ دُور ہو جائے گا۔ خونی بادی بواسیر کے لیے دونوں کے لیے مفید ہے۔

## قوتِ حافظہ

صبح نہار منہ کلونجی کھانے سے قوّت حافظہ مضبوط ہو جاتی ہے دماغی کمزوری دُور ہوتی ہے۔

## گیس

ریح اور گیس کی صورت میں کلونجی کا استعمال نہایت مفید ہے۔

Marfat.com

# مٹی سے علاج

جہاں دیگر طریقہ علاج سے جسمانی امراض کا علاج کیا جاتا ہے وہاں مٹی بھی اپنے اندر شفائی خواص و اثرات رکھتی ہے اور اس سے بھی بہت سی بیماریوں کا شافی علاج کیا جاتا ہے چنانچہ ذیل میں مٹی سے مختلف امراض کے علاج کا بیان کیا جاتا ہے۔

**کن پیڑے** یہ تکلیف دہ مرض عموماً چھوٹے بچوں کو ہوتا ہے اس میں بچوں کے دونوں کانوں کے قریب دونوں طرف گھومڑ سے نکل آتے ہیں جس سے کھچاؤ اور تناؤ ہو جاتا ہے تکلیف کی شدت سے بچے بخار میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں ان پر سُرخ یا چکنی مٹی کا لیپ چند روز تک کرنے سے کن پیڑے ختم ہو جاتے ہیں اور بچے کو آرام آجاتا ہے۔

**حیض کی تکلیف** اگر حیض کا خون تکلیف کے ساتھ آئے اور رحم میں شدید درد ہو تو ماہواری کے ایام میں ناف کے مقام پر پیٹ کے اُوپر چکنی مٹی کے لیپ سے آرام آجاتا ہے

**بے خوابی** بے خوابی کے شکار افراد کے پاؤں کے تلوؤں اور کنپٹیوں پر روزانہ سُرخ مٹی کا لیپ کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ

بے خوابی کی شکایت جاتی رہے گی۔

**آشوبِ چشم** اگر آنکھیں دُکھتی ہوں آشوب چشم کی شکایت ہو تو آنکھوں کے حلقوں کے اِرد گرد مٹی کا لیپ کرنے سے بہت جلد آرام آجاتا ہے۔

**بخار** بخار کی حالت میں پیڑو پر مٹی کا لیپ کیا جائے بخار اُتر جائے گا جب بخار اُتر جائے تو ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں پر مٹی کا لیپ کیا جائے تاکہ اندر کی گرمی بھی خارج ہو جائے۔

**شہد کی مکھی اور بھڑ کا کاٹنا** شہد کی مکھّی، بھڑ یا کسی اور کیڑے کے کاٹنے کی وجہ سے شدید درد ہوتا ہو تو ڈنگ کی جگہ پر مٹی کا لیپ کیا جائے دَرد دُور ہو جائے گا۔

**خارش** جسم پر خارش کی صُورت میں متاثرہ حِصّے پر مٹی کا لیپ ہر روز تین دن تک کریں مٹی خشک ہونے پر پانی سے دھوئیں خارش دُور ہو جائے گی

**پھوڑا** گندے پھوڑے پر مٹی کا لیپ کر کے کپڑے سے باندھیں اس سے گندا مواد خارج ہو جائے گا جب پھوڑا پھوٹ جائے تو تو لیپ کرنے سے تمام فاسد مواد مٹی اپنی طرف کھینچے گی اور آرام آجائے گا

Marfat.com

**سر درد**
سر کے چاروں اطراف مٹی کا لیپ کرنے سے سر درد میں آرام آجاتا ہے۔

**خسرہ**
خسرہ کو جسم کے اندر سے باہر نکالنے کے لیے گیرو مٹی کو شہد یا پانی میں ملا کر بچوں کو دیا جائے تو اس سے خسرہ باہر نکل آتا ہے اس کے علاوہ اس مٹی کا لیپ جسم پر کرنے سے خسرہ ختم ہو جاتا ہے۔

**ہسٹریا**
اس مرض میں سمندر کے کنارے کی ریت ملی مٹی کا لیپ ناف کی جگہ پر پیٹ کے اُوپر ہر روز چند یوم تک کیا جائے دوسرے دن لیپ کرنے سے پہلے اس جگہ کو نیم گرم پانی سے دھو کر صاف کر لیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مرض دُور ہو جائے گا۔

**آگ سے جلنے کا درد**
اس درد کو دُور کرنے اور جلن کو رفع کرنے کے لیے متاثرہ حصّہ پر ملتانی مٹی یا لال مٹی کا لیپ کیا جائے۔

**کیل مہاسے**
چہرے کے کیل مہاسے دُور کرنے کے لیے ہر روز لال مٹی کا لیپ چہرے پر کیا جائے خشک ہونے پر تازہ پانی سے دھو لیا جائے۔ تو چہرے کی جلد بھی شگفتہ ہو جاتی ہے۔

**عصبی درد**
متاثر حصّہ پر گیری مٹی باریک پیس کر پانی میں گھول کر لیپ کیا جائے تو درد رفع ہو جائے گی۔

Marfat.com

**نکسیر** اس مرض کو دُور کرنے کے لیے سر کے عین درمیان میں اور کنپٹیوں پر مٹی کا لیپ کیا جائے۔

**بواسیر** بواسیر کے عارضہ سے نجات حاصل کرنے کے لیے ہر روز ایک بار بواسیر کے مسّوں پر مٹی کا لیپ کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے اس مقصد کے لیے لال مٹی کو استعمال میں لایا جائے۔

**پِت** موسم گرما میں پِت کو دُور کرنے کے لیے جسم پر ملتانی مٹی کا لیپ کیا جاتا ہے۔

**طاعون** اس مرض میں طاعون کی گلٹیوں پر لال مٹی کا لیپ کرنے سے طاعون کی گلٹیاں تحلیل ہوجاتی ہیں۔

# پانی سے علاج

بے شک پانی ایک بہت بڑی نعمت رَبِّ جلیل ہے ہر زندہ چیز کی بنیاد پانی سے ہے زندگی کو قائم رکھنے اور پرورش و نشوونما کے لیے پانی ایک اہم اور لازمی جزو ہے پانی سے بے شمار بیماریوں کا علاج بھی ممکن ہے۔ اس کے استعمال سے شفا حاصل ہوتی ہے مختلف امراض کا پانی سے شافی علاج کرنے کے طریقے بیان کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

**دانت درد** دانت میں درد ہونے کی صورت میں نیم گرم پانی میں نمک ملائیں اور کلیاں کریں اس سے دانت درد فوری طور پر دُور ہو جائے گا۔

**موٹاپا** موٹاپے سے پریشان لوگ ہر روز بلاناغہ مناسب مقدار میں پانچ چھ مرتبہ پانی پی لیا کریں انشاءاللہ تعالیٰ موٹاپے میں کمی واقع ہو جائے گی۔

**خسرہ کا علاج** جس مریض کا جسمانی درجہ حرارت ۱۰۳ ڈگری ہو تو وہ دس منٹ تک ۹۵ ڈگری کے پانی سے غسل کرے اور ہر چار گھنٹے کے بعد غسل کرے ہر مرتبہ پانی کا درجہ حرارت پانچ ڈگری کم کرتا جائے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا اگر غسل کرنا ممکن نہ ہو تو کسی بڑے ٹب میں پانی ڈال کر اُس میں مریض کو بٹھا دیں۔

**گنج کا علاج** گنج کو دُور کرنے اور بالوں کی مضبوطی کے لیے ہر روز تازہ پانی سے سر دھوئے اور کھوپڑی کو انگلیوں کے کناروں سے خوب اچھی طرح رگڑے اور نلکے کے نیچے بیٹھ کر سر پہ پانچ منٹ سے پندرہ منٹ تک پانی دھار باندھ کر گرائے اس کے بعد سر کو کسی کھردرے تولیئے سے رگڑ کر خشک کرے۔

**قبض کا علاج** صبح کے وقت نہار منہ ایک گلاس تازہ پانی پیئے

Marfat.com

سے کھل کر اجابت ہوتی ہے اور قبض کی شکایت نہیں رہتی۔

**بھوک بڑھانا** کھانے سے پیشتر کنویں کا پانی تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد تقریباً ایک گلاس بھر کر پی لیا جائے تو اس سے بھوک تیز ہو جاتی ہے۔

**عارضی بدہضمی** اگر کسی کو عارضی بدہضمی لاحق ہو گئی ہو تو وہ کچھ نہ کھائے بلکہ ہر دو گھنٹہ کے بعد ایک گلاس پانی پی لے انشاء اللہ تعالیٰ عارضی بدہضمی دُور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

**طبیعت کا متلانا** طبیعت متلانے کی صورت میں پانی میں لیموں کا رس نچوڑیں اور پی لیں متلی کی کیفیت دُور ہو جائے گی اور متلی نہیں آئے گی۔

**کھانسی** اگر کسی کو کھانسی کا عارضہ لاحق ہو تو وہ رات کو سونے سے قبل نصف کپ نیم گرم پانی میں ایک چھوٹا چمچہ چھوٹی مکھی کا شہد ملا کر پی لے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی کھانسی دُور ہو جائے گی۔

**مُنہ کی بدبُو** منہ کی بدبو دُور کرنے کی غرض سے چُونے کے نتھرے ہوئے پانی سے غرغرے کریں چند دنوں تک ایسا کرنے سے مُنہ کی بدبُو دُور ہو جائے گی۔

Marfat.com

## امراضِ قلب کے لیے

اگر قلب کی حرکت ٹھیک نہ ہو تو باریک کپڑے کو تہہ کر کے ٹھنڈے پانی میں بھگو کر قلب پر رکھیں اس کے اُوپر ربڑ کی ایک تھیلی میں برف ڈال کر رکھ دیں اُوپر فلالین کی پٹی باندھ دیں انشاءاللہ تعالیٰ قلب کو سکون حاصل ہو گا۔

## تیز بخار کے لیے

تیز بخار میں ٹھنڈے پانی کی پٹیاں مریض کی پیشانی پر رکھیں اور پاؤں کے تلوؤں کی مالش کریں یہ مالش بھی ٹھنڈے پانی کی پٹی سے کریں۔

## زخم اور چوٹ

جسم کے کسی بھی حصّہ پر چوٹ لگ جائے بظاہر زخم نہ آئے اور نیل پڑ جائے گوشت چوٹ کی وجہ سے سُوج جائے یا ایسا سخت پھوڑا جس کی وجہ سے شدید تکلیف ہوتی ہو تو گرم پانی میں بورک ایسڈ ڈال کر ایک ربڑ کی تھیلی میں ڈال کر متاثرہ حصّہ پر ٹکور کریں اس طرح چند دن میں کئی بار کرنے سے آرام آ جائے گا۔

## درد کے لیے

اگر جسم کے کسی بھی حصّہ میں درد ہو تو فلالین کے کپڑے کی دو تین تہیں کر کے اُبلتے ہوئے پانی میں ڈال کر باہر نکالیں اور خُوب اچھی طرح نچوڑ کر درد کے مقام پر تھوڑی سی ویزلین لگانے کے بعد فوراً رکھ دیں اُوپر کوئی موٹا کپڑا اوڑھا دیں ہر پندرہ منٹ کے بعد پٹی تبدیل کرتے رہیں انشاءاللہ تعالےٰ درد رفع ہو جائے گا۔

Marfat.com

# ہوا سے علاج

ہوا زندگی کے لیے سب سے زیادہ ضروری عنصر ہے اس لیے کہ غذا کے بغیر تو انسان چند دن زندہ رہ سکتا ہے مگر ہوا کے بغیر وہ چند منٹ بھی زندہ نہیں رہ سکتا ہوا کے بغیر سانس لینا ناممکن ہے ہماری صحت کو قائم رکھنے کے لیے تازہ ہوا بہت ہی ضروری ہے یہ بے شمار بیماریوں میں اپنے شفائی اثرات دکھاتی ہے اور مرض میں افاقہ ہوتا ہے چنانچہ ذیل میں ہوا سے بیماریوں کے علاج کا بیان کیا جاتا ہے۔

تندرستی اور جسمانی توانائی کے لیے سب سے زیادہ مفید ہوا وہ ہے جو طلوع آفتاب سے تقریباً تین چار گھنٹے قبل ساحل سمندر، دریاؤں، نہروں اور جھیلوں کے کنارے موجود گھنے جنگلات، باغات اور ذخیروں میں چلتی ہے یہ صحت بخش ہوا طلوع آفتاب سے کچھ دیر پہلے تک چلتی رہتی ہے اور بہترین قدرتی معالج ہے اس ہوا میں سانس لینے سے بے شمار امراض میں شفا حاصل ہوتی ہے۔

## خوبصورت بچہ کی ولادت

اگر حاملہ عورت نطفہ کے رحم میں جنین بن جانے کی صورت میں چالیس یوم تک بلاناغہ اس ہوا میں کم از کم ایک گھنٹہ تک ہوا خوری کرے تو بچہ بہت

Marfat.com

خوبصورت پیدا ہوگا۔

**ٹی بی** ٹی بی کے ایسے مریض جن کے دونوں پھیپھڑے بالکل بیکار ہو چکے ہوں تو وہ بلاناغہ دو ماہ تک تقریباً دو گھنٹے روزانہ اس ہوا میں گزاریں انشاء اللہ تعالےٰ افاقہ ہوگا۔

**شوگر** شوگر کے مریض ہر روز اس ہوا میں چہل قدمی کریں۔ خاص کر صبح کے وقت تقریباً ایک میل تازہ ہوا میں سیر کریں۔ شوگر میں افاقہ رہے گا۔

**بلڈ پریشر** خون کی حدت کو اعتدال پر رکھنے کے لیے یہ ہوا اکسیر ہے خاص کر صبح کے وقت تازہ ہوا۔

**تبخیر معدہ** معدہ کی تمام بیماریوں کے شکار مریض اس ہوا میں ہر روز کچھ دیر تک ہوا خوری کریں۔

**خون کا کینسر** اس مرض میں مبتلا مریضوں کے لیے یہ ہوا بہترین مسیحا ہے۔

**خون کی خرابی** اس مرض کے لیے تازہ ہوا میں ہر روز چہل قدمی کرنے سے خون کے فاسد اور تیزابی مادے دُور ہوتے ہیں صالح اور مصفیٰ خون پیدا ہوتا ہے پھوڑے پھنسیوں سے نجات ملتی ہے۔

**قوّتِ باہ** کمزوریٔ باہ کے مریض ہر روز اس ہوا میں دو گھنٹہ چہل قدمی کریں۔ صحت کے لیے نہایت مفید ہے

**دمہ** دمہ کے مرض میں تازہ ہواخوری کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

**اعصابی تکالیف** اعصابی کھچاؤ اور دیگر اعصابی تکالیف کو دُور کرنے کے لیے ایک ماہ تک روزانہ ایک گھنٹہ بلاناغہ ہواخوری کریں۔

**بالوں کی چمک کے لیے** یہ ہوا سر کے بالوں میں قدرتی چمک پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہے

**بینائی کے لیے** بینائی میں اضافہ کرنے کے لیے اس ہوا میں ہر روز چہل قدمی ضروری ہے۔

**گلے کے امراض** گلے کے جملہ امراض میں مبتلا مریض دو ماہ تک ہر روز ایک گھنٹہ تک ہواخوری کریں انشاءاللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

**مالیخولیا** اس مرض میں یہ ہوا اکسیر کی حیثیت رکھتی ہے خاص کر تازہ ہوا دماغ کو معطر کرتی ہے۔

**آشوبِ چشم** جو کوئی آشوبِ چشم کا شکار ہو وہ چند یوم تک بلاناغہ ہواخوری کرے تو مرض دُور ہو جائے گا۔

Marfat.com

## نسوانی امراض

وہ خواتین جو لیکوریا، حیض کی بندش، اندام نہانی کی سوزش فرج کا ورم اور دیگر نسوانی بیماریوں میں سے کسی مرض کا شکار ہوں وہ ہر روز ایک گھنٹہ تک اس ہوا میں لمبے لمبے سانس لے کر چہل قدمی کریں بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

## بے خوابی

جن افراد کو نیند نہیں آتی وہ شام کے وقت پُر فضا مقامات پر چلنے والی بادِ شمیم میں ہر روز تھوڑی دیر تک چہل قدمی کریں تو ان کو رات کو خوب نیند آتی ہے اور کھانا بھی بہت جلد ہضم ہوتا ہے۔

## صحت کے لئے

جو کوئی اپنی صحت کو بہتر اور برقرار رکھنا چاہتا ہے یا بیماری سے جلد شفا چاہتا ہے وہ ہر روز صبح سورج نکلنے سے قبل چلنے والی بادِ نسیم میں پُر فضا مقامات باغات وغیرہ میں ہوا خوری کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام جسمانی امراض میں جلد شفا حاصل ہوتی ہے اور دن بدن صحت بہتر ہوتی جاتی ہے۔

# رنگ اور روشنی سے علاج

سُورج میں سات رنگ موجود ہوتے ہیں ان رنگوں کے اثرات کو عام پانی میں شامل کرکے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کو جس مطلوبہ رنگ کا پانی استعمال کروانا مقصود ہو اس کو تیار کرنے کے لیے اسی رنگ کی بوتل میں سادہ پانی بھر کر دوپہر کے وقت دھوپ میں رکھ دیا جاتا ہے اس طرح سُورج کی روشنی سے جو پانی تیار ہوتا ہے اسے رنگین پانی کہتے ہیں ذیل میں رنگ اور روشنی سے امراض کا علاج پیش کیا جاتا ہے۔

**موٹاپا دُور کرنا:** موٹاپا دُور کرنے کے لیے سیاہ رنگ کا پانی پینے اور سیاہ رنگ کی شعاعیں ڈالنے سے آفاقہ ہوتا ہے۔

**بڑھا ہوا پیٹ** غیر ضروری طور پر بڑھا ہوا پیٹ کم کرنے کے لیے زرد رنگ والا پانی تین تین گھنٹے کے بعد پلایا جائے۔

**شوگر کے لیے** شوگر کے مریض کے گُردوں، جگر اور پھیپھڑوں پر زرد یا سفید اور پیڑو پر سفید و آسمانی رنگ کی روشنی ڈالی جائے اگر گُردوں میں تحریک زیادہ ہو تو دماغ، پیڑو اور گردوں پر آسمانی رنگ کی روشنی ڈالیں۔

Marfat.com

**خسرہ کے لیے** خسرہ کے مریض کو سُرخ رنگ کا پانی پلانے سے مرض دُور ہو جاتا ہے۔

**کالی کھانسی** اس مرض میں مریض کو سبز رنگ کا پانی پلایا جائے تو کھانسی دُور ہو جاتی ہے۔

**احتلام** احتلام کی زیادتی کی صورت میں جامنی رنگ کا پانی دن میں تین مرتبہ پلایا جائے اور اسی رنگ کی روشنی کولھوں اور ریڑھ کی ہڈی پر ڈالی جائے۔

**قبض** پرانی سے پرانی قبض دُور کرنے کے لیے صبح وشام زرد رنگ کا پانی ایک اونس کی مقدار میں پلائیں۔

**فالج** فالج زدہ کو دن میں تین باز زرد رنگ کا پانی ایک ایک اونس کی مقدار سے پلایا جائے اور جسم کے مفلوج حصّہ پر سُرخ رنگ کی شعاعیں ڈالی جائیں۔

**بواسیر** بواسیر کے مرض میں مریض کو صبح و شام نارنجی رنگ کا پانی پلایا جائے اور مسوں پر نارنجی رنگ کی شعاعیں ڈالی جائیں۔

**رسولی** رسولی کو جلد تحلیل کرنے کے لیے مریض کو نیلے یا سبز رنگ کا پانی پلائیں اس کے علاوہ نیلے یا سبز رنگ کی روشنی رسولی پر ڈالیں۔

**سر درد** شدید قسم کے سر درد کو فوری طور پر دُور کرنے کے لیے

Marfat.com

سبز رنگ کی شعاعیں مسلسل پانچ منٹ تک سر پر ڈالیں۔

## سرسام

مریض کو زرد رنگ کا پانی پلایا جائے اگر بے ہوشی طاری ہو تو ہر گھنٹہ بعد اس کے سر پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالی جائیں اگر نبض کی رفتار سست ہو تو صبح و شام ایک ایک اونس سرخ پانی پلائیں۔ معمولی سرسام کی صورت میں نارنجی رنگ کا پانی پلائیں۔

## ناسور

ناسور کو ختم کرنے کی غرض سے مریض کو سبز رنگ کا پانی استعمال کروائیں اور سبز رنگ کی شعاعیں ناسور پر ڈالیں۔

## یرقان

ہر روز صبح و شام ایک ایک اونس کی مقدار میں آسمانی یا سبز رنگ کا پانی پلائیں اور ہر روز نصف گھنٹہ تک آسمانی سبز شعاعیں ڈالیں۔ یرقان جاتا رہے گا۔

## شہوت کی زیادتی

شہوت کی جنونی کیفیت کو ختم کرنے کے لیے آسمانی یا نیلے رنگ کا پانی پلایا جائے۔

## خناق

مریض کو دن میں تین بار نیلے رنگ کا پانی پلایا جائے انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## دانت درد

مریض کو زرد یا نارنجی رنگ کا پانی ایک ایک اونس کی مقدار میں صبح و شام پلائیں اس کے علاوہ زرد یا نارنجی رنگ کے پانی سے غرغرے کرائیں۔ دانت درد دور ہو جائے گا۔

Marfat.com

**جریان**
صبح و شام دن میں دو مرتبہ سُرخ یا نیلے رنگ کا پانی ایک ایک اونس کی مقدار میں پلائیں۔

**آشوبِ چشم**
آنکھوں کے تمام امراض یعنی سوزش، ککرے، گوہانجنی درد، زخم اور سُرخی وغیرہ میں آرام کے لیے مریض کی آنکھوں پر ہلکے نیلے رنگ، ہلکے سبز رنگ یا آسمانی رنگ کی عینک لگائیں اس کے علاوہ مریض کے چہرے پر نیلے رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**ہائی بلڈ پریشر**
مریض کو نیلے یا آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اور نیلی یا آسمانی رنگ کی روشنی میں لٹائیں۔

**ریح کی درد**
اس مرض میں صبح و شام سُرخ رنگ کا پانی پلائیں اور سُرخ رنگ کی شعاعیں درد کے مقام پر ڈالیں اس کے علاوہ نارنجی رنگ پانی پلانا اور درد کے مقام پر نارنجی رنگ کی شعاعیں ڈالنا بھی بہت مفید ہیں۔

**ملیریا بخار**
مریض کو صبح و شام آسمانی رنگ کا پانی ایک ایک اونس کی مقدار میں پلائیں اور مریض پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**نکسیر کے لیے**
نکسیر کا خون فوری طور پر بند کرنے کے لیے نیلے رنگ کا پانی ناک میں چڑھائیں۔ پرانی نکسیر کے مریض نیلے رنگ کا پانی ہر روز بلاناغہ پندرہ دن تک استعمال کریں۔

Marfat.com

**بے خوابی** بے خوابی کو دُور کرنے کے لیے آسمانی رنگ کا پانی صبح و شام پلائیں اور سر پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**سُرعت انزال** مریض کو ہر روز بلا ناغہ سبز رنگ کا پانی استعمال کرائیں ایک ماہ تک استعمال کرنے سے مرض دُور ہو جائے گا

**ہذیان کے لیے** صبح و شام ایک ایک اونس کی مقدار میں ارغوانی رنگ کا پانی پلائیں اور نیلے رنگ کی گدیاں ماتھے پر رکھیں

**اختناق الرحم** اس ہسٹریا کے مرض میں آسمانی رنگ کا پانی پلانے اور آسمانی رنگ کی روشنی ڈالنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

**لیکوریا** مریضہ کو صبح کے وقت جامنی رنگ کا پانی ایک اونس پلائیں جبکہ شام کو سبز رنگ کا پانی پلائیں اس کے علاوہ مریضہ کو جامنی رنگ کے پانی کا ہر روز ڈوس کرائیں۔

**کینسر** مریض کو صبح و شام ایک ایک اونس کی مقدار میں سُرخ رنگ کا پانی پلائیں اور ہر روز مریض پر ایک گھنٹہ تک سُرخ شعاعیں ڈالیں مریض کا لباس، بستر، کمرے کی دیواریں اور پردے بھی سرخ رنگ کے رکھیں۔

**چنبل کے لیے** صبح و شام نیلے اور زرد رنگ کا پانی پلائیں اور متاثرہ حصّہ پر دن میں ایک بار گھنٹہ تک نیلے رنگ کی شعاعیں ڈالیں

Marfat.com

**استسقاء کے لیے** مریض کو صبح و شام سفید اور زرد رنگ کا پانی پلائیں اور سفید رنگ کی شعاعوں میں مریض کو لٹائیں۔

**السر کے لیے** مریض کو دن میں دو بار زرد اور آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اس میں زرد رنگ کی مقدار زیادہ ہونی چاہیئے اس کے علاوہ معدے کے مقام پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**نمونیا** صبح و شام مریض کو نیلے رنگ کا پانی ایک ایک اونس مقدار میں پلائیں اور ہر روز نصف گھنٹہ تک آسمانی رنگ کی شعاعیں مریض کے پھیپھڑوں پر ڈالیں۔ انشاءاللہ شفا ہو گی۔

**قولنج کے لیے** قولنج کے معمولی حملہ کی صورت میں نارنجی رنگ کے پانی کی تین خوراکیں پلائیں اگر حملہ شدید ہو تو ہر پندرہ منٹ کے بعد ایک اونس پلائیں۔

**سکری کے لیے** سکری کو دور کرنے کے لیے نیلے رنگ کا پانی پیا جائے اور ہر روز اسی رنگ کے پانی سے سر دھویا جائے۔

**اختلاج قلب** اس مرض میں مریض کو صبح کے وقت آسمانی رنگ کا پانی ایک اونس پلائیں جبکہ شام

کے وقت سبز رنگ کا پانی ایک اونس پلایئں ۔ اور دل کے مقام پر صبح و شام بیس منٹ تک آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں ۔

**داد کے لیے** داد کو دُور کرنے کے لیے چند دنوں تک نیلے رنگ کا پانی پلایئں اور داد پر نیلے رنگ کی شعاعیں ڈالیں ۔

**بالوں کا جھڑنا** اگر بال وقت سے پہلے سفید ہونا شروع ہو جایئں یا بال جھڑنا شروع ہو جایئں تو صبح و شام دو دو اونس کی مقدار میں نارنجی رنگ کا پانی پلایئں اور دن میں ایک مرتبہ نصف گھنٹہ تک سر پر نارنجی شعاعیں ڈالیں بال جھڑنے بند ہو جایئں گے ۔

**خون کی کمی** مریض کو صبح کے وقت سُرخ رنگ کا پانی ایک اونس پلایئں شام کو نارنجی رنگ کا پانی ایک اونس پلایئں ۔ خون کی کمی دور ہو جائے گی ۔

**خنازیر** مریض کو صبح و شام زرد رنگ کا پانی پلایئں اور ہر روز گلٹیوں پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں ۔

**تشنج** دن میں دو مرتبہ آسمانی رنگ کا پانی ایک ایک اونس کی مقدار میں پلایئں اور جسم پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں ۔

**لقوہ** صبح و شام مریض کو دس دس گرام سُرخ رنگ کا پانی پلایئں اور دن میں ایک مرتبہ ایک گھنٹہ تک سُرخ شعاعیں ڈالیں ۔

Marfat.com

**کوڑھ** مریض کو صبح و شام ایک ایک اونس کی مقدار میں بنفشی رنگ کا پانی پلایئں اور اس رنگ کے پانی سے متاثرہ حصّہ کو دھویئں اور بنفشی رنگ کی شعاعیں دن میں ایک بار ڈالیں۔ کوڑھ کا عارضہ جاتا رہے گا۔

**پاگل پن** ایک ایک اونس نیلے رنگ کا پانی صبح و شام مریض کا پلایئں اور ہر روز نصف گھنٹہ تک مریض کے سر پر نیلے رنگ کی شعاعیں ڈالیں انشاء اللہ فوراً ٹھیک ہو جائے گا۔

**بچھو کا کاٹا** مریض پر فوری طور پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں متاثرہ حصّہ پر آسمانی رنگ کا کپڑا باندھیں اور آسمانی رنگ کا پانی پلایئں ہر زہریلے کے کاٹے کا یہی علاج ہے۔

**حمل کے دوران** اگر حاملہ کی طبیعت متلاتی ہو، دست یا بخار کا عارضہ لاحق ہو تو آسمانی یا نیلے رنگ کا پانی پلایئں

**سوکھا پن** سوکھڑے میں مبتلا بچوں کو صبح و شام ایک ایک چھوٹا چمچہ نارنجی رنگ کا پلایئں اور دن میں ایک مرتبہ ایک گھنٹہ تک نارنجی رنگ کی شعاعیں بچے پر ڈالیں۔

**دردِ شقیقہ** ہر روز آسمانی رنگ کا پانی ایک اونس کی مقدار میں پلایئں اور پانچ پانچ منٹ تک نیلے اور سبز رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ فوراً آرام آجائے گا۔

Marfat.com

**آنتوں کا ورم** صبح نہار منہ مریض کو زرد رنگ کا پانی پلائیں اور پیٹ پر زرد رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**گنج پن** گنج کو دُور کرنے اور بالچر کے خاتمہ کے لیے سر پر روزانہ نیلے رنگ کی شعاعیں ڈالیں اور نیلے رنگ کا پانی پلائیں اس کے علاوہ نیلے رنگ کے پانی سے سر دھویا جائے۔

**کان کا بہنا** مریض کو دن میں دو مرتبہ آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اور آسمانی رنگ کے پانی سے کان میں پچکاری کریں۔

**خونی پیچس** مریض کو صبح و شام ایک ایک اونس زرد یا نارنجی رنگ کا پانی پلائیں مرض میں بہت جلد افاقہ ہوگا

**ماسخورہ** ماسخورہ دُور کرنے کی غرض سے صبح و شام نارنجی رنگ کا پانی ایک ایک اونس پلائیں اور نارنجی رنگ کے پانی سے غرارے کرائیں۔

**بدہضمی** بدہضمی کو دُور کرنے کے لیے زرد رنگ کا پانی دن میں ۲ دو مرتبہ پلائیں بہت آرام آئے گا۔

**خارش** دن میں دو مرتبہ نیلے یا آسمانی رنگ کے پانی سے متاثرہ حصّہ کو دھوئیں اور ایک مرتبہ ایک گھنٹہ تک جسم پر اسی رنگ کی شعاعیں ڈالیں

Marfat.com

**جریان** صبح و شام چار چار اونس جامنی رنگ کا پانی پلائیں اور دن میں ایک مرتبہ پندرہ منٹ تک ریڑھ کی ہڈی اور کولھوں پر جامنی رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**اندام نہانی کا ورم** صبح و شام مریضہ کو جامنی رنگ کا پانی پلائیں چند دنوں میں ورم دُور ہو جائے گا۔

**مرگی** مریض کو صبح و شام بیس بیس گرام آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اور سر پر دن میں ایک بار ایک گھنٹہ تک آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ جلد آفاقہ ہو گا۔

**گلے کی سوزش** دن میں دو مرتبہ نیلے رنگ کا پانی پلائیں اور نیلے رنگ کے پانی کے غرارے کرائیں۔

**نامردی** نامردی کو دُور کرنے کے لیے صبح و شام مریض کو سُرخ رنگ کا پانی پلائیں اور دن میں ایک دو گھنٹے تک مسلسل عضو مخصوص پر سُرخ رنگ کی شعاعیں ڈالیں۔

**سوزاک** مریض کو صبح و شام دس دس گرام بینگنی رنگ کا پانی پلائیں اور صبح و شام بینگنی رنگ کے پانی سے پچکاری کریں عارضہ جاتا رہے گا۔

**بچوں کے دانت نکلنا** دانت نکلنے کی تکالیف کو دُور کرنے

Marfat.com

کے لیے بچے کو صبح و شام دو دو ڈرام آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اور بچے کو ہر روز نیلی روشنی میں لٹائیں۔

**سر چکرانا** صبح و شام ایک ایک اونس آسمانی رنگ کا پانی پلائیں اور سر پر آسمانی رنگ کی شعاعیں دن میں ایک بار ایک گھنٹہ تک ڈالیں سر چکرانا ختم ہو جائے گا۔

**دمہ** مریض کو صبح و شام نارنجی رنگ کا پانی ایک ایک اونس پلائیں اور دن میں ایک مرتبہ ایک گھنٹہ تک سینے پر نارنجی رنگ کی شعاعیں ڈالیں

**تبخیر معدہ** زرد رنگ کا پانی ایک ایک اونس کھانا کھانے کے بعد مناسب وقفہ کے بعد دو بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ آفاقہ ہو گا۔

**کان درد** دونوں کانوں میں آسمانی رنگ کا پانی ڈراپر سے دو دو قطرے ڈالیں اور آسمانی رنگ کا پانی ایک اونس پلائیں۔ درد جاتا رہے گا۔

**سکتہ** سکتہ کی حالت میں نیلے رنگ کا پانی پلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

**حیض کا درد** حیض کی زیادتی، کمی یا حیض درد سے آنے کی شکایت میں صبح و شام ایک ایک اونس جامنی اور بینگنی رنگ کا پانی پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔

Marfat.com

# روغنیات سے علاج

بیماریوں کے شفا بخش علاج کے ضمن میں روغنیات کا استعمال بھی نہایت مفید و مؤثر ثابت ہوا ہے بے شمار امراض کا تسلی بخش علاج ان سے کیا جاتا ہے چنانچہ ذیل میں مختلف امراض کا علاج روغنیات سے کیسے جانے کا بیان کیا جاتا ہے۔

**دائمی قبض**
رات کو سونے سے قبل ایک چمچہ روغن زیتون پینے سے دائمی قبض کا خاتمہ ہو جاتا ہے چند یوم کے استعمال سے ہی افاقہ ہوتا ہے۔

**بالوں کا گرنا**
ہر روز سر پر روغن بادام کی مالش کرنے سے بال گرنا بند ہو جاتے ہیں اور ان میں مضبوطی آجاتی ہے۔

**خارش کے لیے**
خارش، چنبل اور داد کے لیے باریک پسی ہوئی ہوئی آملہ سار گندھک میں روغن بادام ملائیں اور یہ آمیزہ متاثرہ حصہ پر لگائیں آرام آجائے گا۔ اس کے علاوہ روغن زیتون میں پسی ہوئی آملہ سار گندھک ملا کر لگانے سے بھی بہت جلد افاقہ ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

**جلد کی خشکی** روغن زیتون کی جسم پر مالش کرنے سے جلد کی خشکی دُور ہو جاتی ہے۔

**گنج پن** پیاز کے رس میں روغن زیتون ملا کر روزانہ سر پر لگانے سے گنجہ پن دُور ہو جاتا ہے اور گنج پر بال آجاتے ہیں۔

**سوزاک** اس مرض کے لیے روغن صندل کا استعمال بہت زیادہ مفید ہے۔

**دماغی قوّت** دماغی قوّت کے لیے روغن آملہ کی سر پر مالش کی جائے اس روغن آملہ کا استعمال بالوں کو وقت سے پہلے سفید نہیں ہونے دیتا بینائی کو بھی تیز کرتا ہے اور گنجہ پن بھی دُور کرتا ہے۔

**چنبل، داد** اس مرض میں ایک فیصد مصفیٰ گندھک روغن بادام میں ملا کر جسم کے متاثرہ حصہ پر لگائیں آرام آجائے گا۔

**ایگزیما** جسم کے متاثرہ حصّوں پر روزانہ روغن بادام کی مالش کرنے سے بہت جلد افاقہ ہوتا ہے اس کے علاوہ روغن زیتون کا استعمال بھی فائدہ دیتا ہے۔

**سُستی نامردی** اس مرض کو دُور کرنے کے لیے لہسن کی ایک گٹھی چھیل کر اس کو کوٹ لیں اور باریک کپڑے کی پوٹلی میں

Marfat.com

**انفلوئنزا** اس عارضہ میں روغن سفیدہ سے علاج کرنا بہت مفید ہے۔ سفیدہ کے پتے بہت مفید ہوتے ہیں۔

**پیٹ کے امراض** پیٹ کے امراض میں روغن پودینہ اکسیر ہے اس کے استعمال سے بدہضمی دُور ہوتی ہے۔ گیس رفع ہو جاتی ہے ریح کو خارج کرتا ہے پیشاب آور ہے۔

**پستانوں میں دُودھ جمنا** اس صورت میں چیل یا گدھ کا انڈا روغن بادام میں جلا کر پستانوں پر لگانے سے شکائیت دُور ہو جاتی ہے۔

**قبض کے لیے** قبض کو دُور کرنے کے لیے رات کو سونے سے قبل نصف چمچہ روغن ارنڈی یا روغن بادام استعمال کیا جائے قبض دُور ہو جاتی ہے۔

**بے خوابی** رات کو سونے سے پہلے روزانہ سر پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے خوب نیند آتی ہے۔

**اعصابی کمزوری** جسم کے متاثرہ حصے پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے اعصابی کمزوری دُور ہو جاتی ہے۔

**خنازیر** اس مرض میں پھولی ہوئی غدودوں اور گلٹیوں پر ہر روز روغن زیتون لگائیں چند دنوں میں ہی افاقہ ہو گا۔

Marfat.com

ڈال کر روغن زیتون میں رکھیں روغن زیتون اتنا ہو کہ پوٹلی اس میں ڈوب جائے برتن کے نیچے ہلکی آنچ جلائیں جب روغن خوب گرم ہو جائے اور لہسن کا آمیزہ جل کر سیاہ ہو جائے تو آگ سے الگ کر کے روغن نتھار کر محفوظ کر لیں اور ہر روز استعمال کریں۔

**خصیوں کی خارش** اس صورت میں ہر روز چند دنوں تک روغن زیتون لگائیں خارش دُور ہو جائے گی اس مقصد کے لیے روغن بادام بھی مفید ہے۔

**کان کی خشکی** روغن زیتون میں لہسن کوٹ کر اس قدر ڈالیں کہ لہسن اس میں ڈوب جائے ہلکی آنچ پر اس قدر گرم کریں کہ لہسن سیاہ ہو جائے آگ سے الگ کر کے نتھاریں اور محفوظ کر لیں روزانہ دو تین قطرے نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ کان کی خشکی کے علاوہ بہرہ پن بھی دُور ہو جائے گا۔

**سوزش** جلد کی سوزش پر روغن زیتون لگائیں اور اُوپر پٹی باندھ دیں آرام آجائے گا اس کے علاوہ جوڑوں کی ہڈیوں اور گوشت کی سوزش میں بھی روغن زیتون کی مالش کرنا مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے روغن بادام بھی مفید ہے۔

**رسولی** اگر رسولی ابتدائی حالت میں ہو تو اس پر روزانہ دن میں

کئی بار روغن زیتون کی مالش کرنے سے رسولی تحلیل ہو جاتی ہے۔

**اعصابی کھچاؤ** روغن زیتون کی مالش کرنے سے اعصابی تناؤ اور کھچاؤ ختم ہو جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے روغن بادام کی مالش بھی مفید ہے۔

**جوڑوں کا درد** اس مرض میں روغن بابونہ کی مالش ہر روز کرنے سے درد میں بہت جلد آفاقہ ہوتا ہے۔

**آتشک** اس مرض میں روغن کافور کا استعمال اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ شفاء ہوتی ہے (انشاء اللہ)

**فالج** جسم کے متاثرہ حصہ پر روغن زیتون، روغن کنجد اور روغن بادام کے آمیزے کی مالش کرنا بہت فائدہ مند ہے۔

**ترگنج** متاثر حصہ کو خوب اچھی طرح دھو کر روغن زیتون میں ایک فیصد بورک ایسڈ ملائیں اور بیماری کی جگہ پر لگائیں نہایت مفید ہے

**بالچر** روغن زیتون میں لہسن کو کھرل کر کے اس میں تھوڑی سی انڈے کی سفیدی ملائیں اور سر پر لگائیں نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

**جسمانی کمزوری** جسم کا لاغر پن دُور کرنے کے لیے زیتون کے تیل کی مالش روزانہ کریں چند دنوں میں ہی مثبت اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

**پھٹی ہوئی ایڑیاں**
سردی کے موسم میں پاؤں کی پھٹی ہوئی ایڑیاں ٹھیک کرنے کے لیے پاؤں گرم پانی سے دھو کر صاف کریں اور اُوپر روغن زیتون لگائیں۔ چند دنوں تک ایسا کرنے سے پھٹی ہوئی ایڑیاں ٹھیک ہو جائیں گی۔

**حافظ کی کمزوری**
روزانہ سر پر روغن زیتون کی مالش کرنے سے حافظ کی کمزوری دُور ہو جاتی ہے۔ یادداشت بہتر ہو جاتی ہے۔ اور رات کو سوتے بادام روغن دُودھ میں ایک چمچہ ملا کر روزانہ استعمال کریں

**جلاب کے لیے**
رات کو سونے سے پہلے روغن ارنڈی پی لینا مطلوبہ مقصد کو پورا کرتا ہے۔

**چہرے کی چھائیاں**
روزانہ چہرے پر رات کو سونے سے پہلے روغن بادام کی مالش کرنے سے چھائیاں دُور ہو جاتی ہیں۔

**دردِ ریح**
اس مرض میں روغن زیتون کی مالش کرنا اکسیر ہے۔

**سینے اور پسلی کا درد**
اس صورت میں سینے اور پسلی پر نیم گرم زیتون کی مالش کرنا بہت فائدہ مند ہے یہ آزمودہ اور مجرب ہے۔

**چھالے**
ہونٹوں پر چھالے پڑنے کی صورت میں روغن زیتون لگانا

Marfat.com

نہایت مفید اور آزمودہ ہے۔

**نسیان** اس مرض میں روزانہ روغن دھنیہ سر پر مساج کرنے سے دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

**ہاضمہ کے لیے** بدہضمی کو دُور کرنے کے لیے روغن الائچی کا استعمال بہت مفید ہے یہ قے کو بھی روکتا ہے۔

**دانت درد** اس درد کو دُور کرنے کے لیے متاثرہ جگہ پر روغن لونگ لگائیں نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

**جلے کا زخم** اس زخم کو کینڈولا لوشن سے دھو کر اس پر روغن بادام لگانے سے زخم بہت جلد ٹھیک ہو جاتا ہے

**سردی کی کھانسی** سردی کے موسم میں ہونے والی کھانسی میں روغن زیتون میں لہسن کی تُریاں ڈال کر برتن آگ پر رکھیں اور ہلکی آنچ پر لہسن کو سیاہ کریں پھر نتھار لیں اور روغن زیتون محفوظ کر لیں یہ روغن سینے پر ملنے سے کھانسی دُور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

# جنسیات و پوشیدہ امراض مردانہ و زنانہ

**قوّت باہ کے لیے** شہد، زعفران، عقرقرحا، افیون، لونگ اور بچھ جائے پھل۔ یہ سات اشیاء ہموزن لیں۔ شہد کے علاوہ تمام اشیاء کو الگ الگ پیس لیں پھر پسی ہوئی اشیاء کو شہد میں ملا کر مکس کریں اور اس کی گولیاں بنا لیں اپنی بیوی کے نزدیک جاتے وقت ایک گولی کھا لیں خوب امساک اور قوت باہ پیدا ہو گی۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

**احتلام کی زیادتی** خشک دھنیہ اور کاہو کے بیج پچاس پچاس گرام وزن میں لے کر باریک پیس لیں اور ان کو ایک سو گرام شکر میں ملا کر مکس کر لیں صبح و شام پانچ گرام وزن میں استعمال کریں شکایت جاتی رہے گی۔

**ایضاً**:۔ اس مقصد کے لیے ببول کا گوند، تالمکھانہ اور ثعلب مصری بیس بیس گرام وزن میں لے کر باریک پیس لیں پھر اس میں ساٹھ گرام اسبغول کا چھلکا ملائیں اور ساتھ ہی ۱۵۰ گرام شکر ملا کر مکس کر دیں صبح و شام چائے کی نصف ورچمچہ استعمال کریں۔

## امساک کے لیے

خشخاش۔ خولنجان، سیاہ موصلی، قرنفل عقر قرحا، بھوئیں پھلی، کبابہ، اسگند، ان تمام اشیاء کو ہم وزن لیں اور باریک پیس کر ہموزن شہد خالص میں ملاکر خمیر کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں جو کوئی ہر روز صبح نہار منہ اور شام کو ایک ایک گولی کھائے گا۔ قوّت باہ میں زیادتی ہوجائے گی اور امساک میں خوب اضافہ ہوگا۔ نہایت مجرّب نسخہ ہے۔

## رحم کا باہر نکلنا

روغن گل اور ہلدی ہم وزن لے کر پسی ہوئی ہلدی روغن گل میں ملا لیں پھر اس میں تھوڑی سی روئی کا ٹکڑا ملائیں اور اس پر جب آمیزہ لگ جائے تو مریضہ اسے مہبل میں رات کو سونے سے قبل رکھے اور صُبح کے وقت نکال لے چند دنوں میں رحم واپس اپنی جگہ پر چلا جائے گا اور کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

## لیکوریا

اس مرض میں آرام کے لیے موصلی سینبھل اور سنگھاڑا خشک پچاس پچاس گرام لے کر باریک پیس لیں پھر ان میں ایک سو گرام شکر ملا کر مکس کریں صبح وشام پانچ پانچ گرام پانی کے ساتھ استعمال کریں لیکوریا کی شکایت رفع ہوجائے گی۔

## ماہواری کا رکنا

ابہل، شکر اور مجیٹھ دس دس گرام وزن میں لیں جبکہ املتاس کا چھلکا تیس گرام لیں اس کے بعد شکر

Marfat.com

کے علاوہ تمام اجزاء کو نصف لٹر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ پانی آدھا رہ جائے اب اس کو چھان کر اس میں شکر ملائیں اور صبح وشام مریضہ دو دو کھانے کے چمچ پی لے۔

**ایضاً:۔** میتھی کے بیج، مولی کے بیج، سوئے کے بیج، گاجر کے بیج چاروں ہموزن کم اس قدر پانی میں ڈالیں کہ خوب اچھی طرح اس میں ڈوب جائیں اور اس قدر جوش دیں کہ پانی کی مقدار نصف رہ جائے اس کے بعد چھان لیں اور صبح وشام دو دو کھانے کے چمچ پی لیے جائیں تشکائیت جاتی رہے گی نہایت مجرّب و مؤثر نسخہ ہے۔

**باہ کے لیے**

جو کوئی ادرک اور پیاز کا رس، مرغی کے ایک انڈے کی سفیدی، گائے کا خالص گھی اور شہد ہم وزن لے کر مکس کر کے ہر روز صُبح کے وقت کھالیا کرے تو اُس کی قوّتِ باہ میں کبھی کمی واقع نہ ہوگی اور خوب امساک پیدا ہوگا۔

**جریان کے لیے**

پچاس گرام لسوڑھے کی کونپلیں لے کر ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں اور اس قدر پانی میں ڈالیں کہ پانی میں ڈوب جائیں رات بھر اسی طرح پڑی رہنے دیں صُبح کے وقت اس میں تھوڑی سی شکر ملائیں تاکہ میٹھا ہو جائے نتھار کر ایک کپ صُبح کے وقت پی لیں چند دنوں کے استعمال سے بہت ہی

Marfat.com

افاقہ ہو گا۔

ایضاً :۔ گاجر کے بیج املی کے بیج اور ستاور تینوں اجزاء پچاس پچاس گرام وزن میں لے کر ان کو باریک پیس لیں۔ پھر ان میں ۱۵۰ گرام شکر ملا کر مکس کر دیں۔ صبح و شام نصف چائے کا چمچ استعمال کریں۔ جریان کی شکائیت دُور ہو جائے گی۔

## قوّت باہ میں اضافہ

اس مقصد کے لیے کالے تل دس گرام اسپند ولائتی آٹھ گرام آدھا کچا بھونے۔ تخم ہلیلہ آٹھ گرام خشخاش پانچ گرام لے کر باریک پیس لیں۔ اور پھر حسبِ منشاء ضرورت شکر میں ملا کر خوب اچھی طرح مکس کریں۔ اور ان کی پندرہ گولیاں بنا کر رکھ لے۔ جماع کرنے سے پہلے ایک گولی کھا لے۔ قوتِ باہ میں زیادتی ہو گی۔ اور انزال نہ ہو گا۔ جب چاہے گا۔ اس وقت ہی انزال ہو گا۔ نہایت مجرب و آزمودہ نسخہ ہے۔

## سوزاک کے لیے

سنگ جراحت، شکر، کندر، خشک آملہ کے ٹکڑے چاروں اشیاء ہموزن لیں اور ان کو باریک پیس کر خوب اچھی طرح مکس کریں صبح و شام نصف۔ چاہے کا چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کریں ایک ہفتہ میں ہی افاقہ ہو جائے گا۔

## قوّت باہ کے لیے اکسیر جنسی چٹکلے

(۱) روغن بادام میں نیولے کی راکھ اس قدر ملائیں کہ آمیزہ گاڑھا بن جائے پھر اسے عضوِ مخصوص پر طلاء کریں سات یوم

Marfat.com

تک بلاناغہ یہ عمل جاری رکھیں قوّت باہ اور امساک کے لیے اکسیر ہے۔

(۲) ایک بچھو کو جلا کر خاک سیاہ کریں اور اس کو روغن تلخ بادام میں ڈال کر مرہم سی بنائیں جماع سے قبل عضوِ مخصوص پہ طلاء کریں خوب امساک ہو گا۔

(۳) انڈوں کو روغن بادام اور روغن زیتون میں فرائی کر کے شہد کے ساتھ استعمال کیا جائے تو قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

(۴) روغن زیتون اور روغن تلخ بادام میں مچھلی تل کر کھانے سے قوّتِ باہ میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔

(۵) قوّتِ باہ میں اضافہ اور سستی و نامردی کو دُور کرنے کے لیے بیر بوٹیاں چمکیلے سُرخ رنگ کے وہ پردار کیڑے جو برسات کے دنوں میں جنگلوں زمین سے باہر نکلتے ہیں ان کو روغن تلخ بادام میں جلا کر راکھ کریں پھر تیل نتھار کر ہر روز اس کی عضو مخصوص پر مالش کریں۔ نہایت مجرب و اکسیری نسخہ ہے۔

(۶) روغن تلخ بادام میں مُرغ کے پوٹے بھُونیں اگر چاہیں تو اپنی مرضی کے مطابق اس میں نمک مرچ ڈال لیں بھُون کر کھائیں قوّتِ باہ اور سرعت انزال میں نہایت مفید ہے۔

(۷) بیل کی اندری یعنی قضیب کو جلا کر راکھ کریں اس راکھ میں روغن تلخ

بادام ملائیں اور مرہم سا بنالیں اس مرہم کو عضو مخصوص پر لیپ کریں سات یوم تک مسلسل ہر روز یہ عمل کریں نامردی کو دُور کرنے کے لیے اکسیر ہے خوب امساک پیدا ہوتا ہے۔

⑧ ایک ڈرام روغن تلخ بادام میں ایک رتی عنبر خالص شامل کر کے کھرل کریں اور جب اچھی طرح یک جان ہو جائے تو یہ روغن عضو مخصوص پر مالش کریں سستی و نامردی دور کرتا ہے اور قوتِ باہ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

⑨ روغن تلخ بادام میں پہاڑی کوے (جن کو پنجابی میں ڈھوڈل کاں کہا جاتا ہے) کے پتوں کو جلائیں آنچ ہلکی رکھیں جب پتے روغن میں جل کر سیاہ رنگت اختیار کرلے تو روغن کو آگ سے الگ کرلیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نتھار لیں اور کسی شیشی میں بند کرلیں قربت کے وقت عضو مخصوص پر لگائیں عضو میں کجی اور لاغری اس سے دُور ہو جاتی ہے اور یہ بہترین ملذذ ہے۔

⑩ روغن زیتون یا روغن تلخ بادام خالص کی عضو مخصوص پر مالش کرنے سے سستی و نامردی دُور ہو جاتی ہے۔

⑪ دو سو گرام کیچھوے لیکر ان کو صاف کریں اور ایک سو گرام روغن تلخ بادام میں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب کیچھوے روغن میں جل کر

Marfat.com

راکھ ہو جائیں تو برتن کو آگ سے الگ کر لیں ٹھنڈا ہونے پر نتھار لیں تیل کو کسی شیشی میں محفوظ کریں عضو مخصوص پر چند یوم تک مالش کریں قوّتِ باہ اور سُستی و نامردی کے لیے تیز بہدف ہے۔

(۱۲) روغن تلخ بادام میں نیولے کی چربی ڈال کر ہلکی آنچ پر پگھلائیں اور آگ سے الگ کر لیں قوّت باہ کے لیے بہترین طلاء تیار ہے سات یوم تک بلاناغہ ہر روز عضو مخصوص پر لیپ کریں۔

(۱۳) خالص شہد اور روغن تلخ بادام ہموزن ملا کر مکس کریں اور عضو مخصوص پر لیپ کریں مباشرت کے وقت خوب امساک پیدا ہوگا۔

## مانع حمل

خالص شہد میں ڈبویا ہوا پھاہا جماع سے قبل عورت کے پوشیدہ مقام میں رکھیں جماع کے بعد نکال دیں بہترین مانع حمل ہے۔ مجرّب عمل ہے۔

## مقوّی باہ

اکیس عدد بادام کی گریاں اور پندرہ گرام مغز پنبہ دانہ لے کر باریک پیس لیں اور ایک لِٹر گائے کے خالص دُودھ میں جوش دیں جب دُودھ تیسرا حِصّہ رہ جائے تو اس میں پانچ گرام ثعلب مصری اور نبات سفید پچاس گرام ڈال کر روزانہ پی لیں۔

## پیشاب کی جلن

بادام کی گریوں کے سات دانے باریک کاٹ کر ان میں سات عدد سبز الائچی ملائیں۔ سبز الائچی سے

دانے نکال لیں نصف لیٹر پانی میں خوب اچھی طرح ملا کر پانی ٹھنڈا کریں پھر اس میں حسبِ منشا مصری ملائیں اور دن میں تین مرتبہ مریض کو پلائیں اس سے سوزاک کا عارضہ بھی رفع ہو جائے گا۔ نہایت مجرب و آزمودہ نسخہ ہے۔

## اندام نہانی میں خارش

سفید صندل کا بُرادہ، شاہترہ اور مُنڈی تینوں اجزاء چار چار گرام وزن میں لیں جبکہ پانچ عدد عناب لیں اور تھوڑے سے پانی میں ڈال کر رات بھر کے لیے بھگو دیں صبح کے وقت اس کو چھان لیں اور شکر ڈال کر پی لیں۔ نہائیت مؤثر ہے۔

## لیکوریا

اس مقصد کے لیے جلا ہوا مازو چھ گرام، موچرس پچاس گرام، شکر ایک سو پچاس گرام، ڈھاک کا گوند پچاس گرام، اندر جو شیریں پچیس گرام اور اسگند پچیس گرام لیں اور تمام اجزاء کو باریک پیس کر یک جان کر لیں صبح و شام چھ گرام وزن میں پانی کے ساتھ لیں۔ لیکوریا کا عارضہ جاتا رہے گا۔ تیر بہدف ہے۔

## مقوی باہ

ایک انڈے کی زردی، ایک چمچ شہد، ایک چھوٹا چمچ روغن زرد اور دو گرام سیاہ مرچ کا سفوف ملا کر مکس کریں اور ہلکی سی آنچ پر پکائیں جب گاڑھا ہو جائے تو آگ سے الگ کر لیں اور چند دن تک صبح نہار منہ کھائیں۔ نہایت اکسیر ہے۔

Marfat.com

## رحم کا درد

ایک چمچ کالی مرچ سے ایک کپ جوشاندہ تیار کرلیں اور نیم گرم میں شہد ملا کر پی لیں رحم کا درد دُور ہوجائے گا۔

## آتشک

ایک کپ شہد خالص لے کر تھوڑے سے پانی میں حل کر کے قلفی دار برتن میں ڈال دیں اس کے بعد پندرہ گرام رسکپور لیں اس کو باریک کر کے کھدر کے صاف کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اس پوٹلی کو برتن کے اندر اس طرح سے لٹکائیں کہ پوٹلی پانی میں ڈوبی رہے برتن کو ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب پانی اس قدر خشک ہوجائے کہ پانی میں نہ ڈوب سکے تو آگ بند کر دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پوٹلی میں سے رسکپور نکال کر صاف پانی سے دھو کر کھرل میں ڈال کر نصف لیٹر بھیڑ کے دُودھ کے ساتھ کھرل کریں صبح و شام استعمال کریں آتشک کے لیے اکسیر ہے۔

## کثرتِ حیض

بکری کے خالص دُودھ میں لوہے یا مٹی کے چند ٹکڑے آگ میں سُرخ کر کے بجھائیں اسی طرح دس مرتبہ بجھائیں اور دُودھ کو ٹھنڈا کر کے مریضہ کو پلائیں ماہواری ٹھیک آنے لگے گی۔

## حیض کی کمی

اگر کسی عورت کو حیض کا خون تھوڑی مقدار میں تکلیف کے ساتھ آتا ہو تو اونٹنی کے خالص دُودھ کو نصف لٹر لیں اس میں پُرانا گڑ ملا کر مکس کریں اور مریضہ کو پلا دیں حیض کا خون جاری ہوجائے گا۔

**قوّت مردمی** ایک تیچ شہد ایک کپ نیم گرم دودھ میں ملائیں اور دس گرام ادرک کے مرتبے کے ساتھ استعمال کریں قوتِ باہ کے لیے انتہائی نافع ہے تیر بہدف نسخہ ہے۔

# دافع بواسیر

صبح کی نماز کی سنت میں پہلی رکعت میں سورہ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ اور دوسری میں اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ پڑھا کرے۔ بواسیر دفع ہو جائے گی۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ کریں۔ انشاء اللہ بواسیر جاتی رہے گی۔

Marfat.com

حضرت ادریس علیہ السلام کو یہ علم بطورِ خاص عطا کیا گیا تھا۔

# عِلمُ الرَّمَل

ایک حیرتناک علم جو یورپ میں آج بھی مقبول ہے اور یونانی اس کے ذریعہ آج بھی پیش گوئیاں کرتے ہیں ۔

### ابجد مع اعداد

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

### ابتث مع اعداد

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ث | ج | ح | خ | د | ذ | ر | ز | س | ش | ص |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| ض | ط | ظ | ع | غ | ف | ق | ک | ل | م | ن | و | ھ | ی |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

Marfat.com

مثلاً کسی سائل سے آپ نے کہا کہ ایک حروف اپنی زبان سے لو اس نے عین لیا۔ اب اگر آپ نے ابجد کی نیت کی ہے تو اس کے اعداد ابجد ۷۰ ہیں۔ لہٰذا ۷۰ کو ۱۶ پر تقسیم کیا باقی ۶ پس چھٹی شکل لکھ لو ( ) اگر آپ نے ابتت کی نیت کی ہے تو ابتت میں عین کے عدد ۹۰ ہیں۔ لہٰذا ۹۰ کو ۱۶ پر تقسیم کرنے سے باقی دس بچے۔ بس دسویں شکل لکھ لو ( ) اسی طرح چار حرف اس سے کہلوا کر چار شکلیں بنا لو۔

میں نے نہایت تفصیل اور تشریح اور توضیح سے چار اشکال پیدا کرنے کا طریقہ عام فہم عبارت میں بتا دیا۔ اب میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ چار اشکال ابتدائی کے بنانے میں اب عاجز نہ ہوں گے۔ میں نے جو اس قدر طول دے کر اس قاعدے کو بیان کیا ہے اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ یہ رسالہ ان ہی اصحاب کے واسطے ہے جن کو علم رمل سے تعلق نہیں ہے۔ وہ اُسے از سرِ نو حاصل کرنا چاہتے ہیں ——
واضح ہو کہ علم رمل سولہ اشکال سے مرکب ہے جن کے نام مع شکل و صورت کے حسب ذیل ہیں۔ نقشہ میں اُوپر شکل (پچھلا صفحہ) کا نام ہے اور اس کے تحت میں اس شکل کی صورت ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لحیان | فیض الداخل | قبض الخارج | جماعت | فرح | عقلہ | اکلیس | حمرہ |
| بیاض | نصرۃ الخارج | نصرۃ الداخل | عتبۃ الخارج | نقی الحد | عتبۃ الداخل | اجتماع | طریق |

ان اشکال کی تفصیلات اور توضیحات بے شمار ہیں۔ مگر مجھے یہاں دیگر تفصیلات اور مناسبات سے بحث نہیں ہے۔ کیونکہ یہ رسالہ ابتدائی قوانین کے حل کرنے کے لیے میں لکھ رہا ہوں۔ یہاں صرف اشکال سے بحث کروں گا پہلے یہ معلوم کرو کہ نقشہ بالا مسلسل ہے۔ یعنی ایک سے سولہ تک مسلسل ہندسہ لگاؤ۔ میں نے جو قاعدہ چار ابتدائی شکلوں کے بنانے کے لکھے ہیں۔ جب آپ وہ چار شکلیں اُن قواعد سے بنائیں گے۔ تو انہیں سولہ اشکال میں سے وہ چار شکلیں ہوں گی۔ آپ کسی طریق سے کوئی شکل بنائیں۔ ان سولہ شکلوں سے باہر نہیں جا سکتیں۔ جو چار شکلیں آپ بنائیں گے۔ تو اس نقشے سے ان کا مسلسل ہونا ضروری نہیں۔ کوئی شکل کہیں کی ہوگی۔ کوئی شکل کہیں کی۔ ہاں ہوگی ان سولہ اشکال میں سے ہی۔ مثلاً آپ نے سائل سے کوئی عدد دلوایا یا کوئی حروف بلوایا اور اس سے آپ نے عدد حاصل کیا تو اسی عدد کے نمبر سے شکل اٹھا لو۔ مثلاً ۹ عدد حاصل ہوئے ہیں۔ اب نقشے میں دیکھا تو نویں شکل یعنی نویں خانے میں بیاض (☰) تھی۔ ہم نے یہ شکل (☰) لکھ لی اسی پہ تمام اشکال قیاس کر لو۔ یعنی جو ہندسہ آئے اس ہندسہ کے مطابق جو خانہ آئے اس خانہ میں جو شکل ہوگی اُسے لکھ لیں۔

آپ نے چار شکلیں بنا لیں۔ انہیں چار شکلوں سے بقایا سولہ شکلیں بنائی جاتی ہیں۔ اب بقایا شکلیں بنانے کا قاعدہ معلوم کرو۔ دو شکلوں کو باہمی ضرب

Marfat.com

دینے سے تیسری شکل پیدا ہوتی ہے اور یہ کلیہ ہے کہ دو شکلوں کو ملا دینے سے تیسری شکل پیدا ہو جاتی ہے۔ خواہ وہ اعداد یا کوئی اور شے تمام دنیا کی اشیا اسی قانون پر منطبق ہیں۔ ہم دو عدد ملائیں گے تو تیسری شکل پیدا ہوگی۔ مثلاً ۲-۳-۵ اسی طرح جب رمل کی دو شکلوں کو آپ ملائیں گے تو تیسری شکل پیدا ہوگی۔ اس کی دو شکلوں کو باہمی ملانے کا نام اصطلاح رمل میں ضرب دینا ہے۔ دو شکلوں کو ملانے میں ضرب دینے کا قاعدہ یہ ہے کہ دونوں شکلوں کو علیحدہ علیحدہ برابر لکھ کر دونوں کو ضرب دو۔ ضرب کے یہ معنی ہیں کہ زوج، زوج کی ضرب سے زوج ہی پیدا ہوگی۔ یہاں یہ معلوم کرو۔ ہر شکل میں چار عنصر ہوتے ہیں۔ یعنی ہر شکل چار ٹکڑوں سے بنی ہوئی ہے۔ اب جن دو شکلوں کو ہمیں ضرب دینا ہے۔ ان کو برابر لکھ لیا۔ اب پہلے عنصر پر یعنی پہلے ٹکڑے پر نظر ڈالو۔ اگر تین حروف یا شکلیں ہوں گی۔ تو تین مرتبہ اور مثلاً ۵-۶-۷ حروف یا عدد ہوں گے تو اتنی ہی مرتبہ گردش کھائیں گے مثلاً دہ حرفی جملہ ہے۔ اب " اس کو لوٹو تو ہوا " یا تیسرا جملہ اس سے بننا ناممکن ہے۔ اب ایک کامل زائچہ مع نام کے میں دکھاتا ہوں۔ عبارت پڑھو اور اس سے ملاتے جاؤ۔ مثال یہ ہے۔

(مثال اگلے صفحہ پر دیکھئے)

Marfat.com




دیکھو سولھویں شکل جو پیدا کی ہے وہ پندرھویں شکل اور طالع کی ضرب سے پیدا کی ہے ۔ اب یہ زائچہ تمام ہوگیا اور آپ اسی طریق سے زائچہ بنا سکیں گے اور کوئی شکل زائچہ بنانے میں پیش نہ آئے گی ۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو صفحاتِ بالا کو غور سے پڑھو ۔ تمام بیان اس میں ملے گا ۔

Marfat.com

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ

# اِنکشافِ غیبی
خلیلہ

— موسوم بہ —

# اُلحُبّ

— معروف بہ —

# مَن موہنی

## حصّہ اوّل تا سوم

جس میں ہر ایک طالب کے مطالب برائے مقاصدِ دینی و دُنیوی میں فیضیاب ہونے کے جُملہ قسم کے عملیات ہیں۔

مؤلفہ حکیم قاضی سیّد محمد کرم حسینؒ

ترتیبِ نو
محمد الیاس عادل

مُشتاق بُک کارنر الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور

Marfat.com

# کمالاتِ سلیمانی

بفضلِ یزدانی و عنایات سُبحانی۔ تعویذات لاثانی و عملیات
رُوحانی و طب جسمانی و طب خلوت اور جادو ٹونے کا توڑ
پر مکمّل کتاب علیٰحدہ علیحدہ چھ حصّوں میں مکمّل سیٹ


مرتبہ

ابوالحامد سیّد ظہور احمد شاہ جہانپوری



پبلشرز

مُشتاق بُک کارنر الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور



Marfat.com

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الذّٰریٰت: ۵۶)

"میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے"

# کتاب و سُنّت کی روشنی میں

# جِنّات، جادُو، آسیب

## کا

# مُکمّل عِلاج

قرآن و حدیث اور شریعتِ مطہرہ کے مستند اور صحیح ترین حوالوں کے علاوہ جدید سائنسی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع معلوماتی و معلجاتی کتاب میں جنّات، بری خبیث روحوں، بچھل پیری، شیاطین اور ہر قسم کے جادو (سحر) آسیب سے مکمل بچاؤ کے لیے تیر بہدف مؤثر، مجرب وظائف، عملیات و تعویزات شامل ہیں۔ علاوہ ازیں عجیب و غریب مخلوق کے حملوں و فتنوں سے بچنے کی مؤثر تدابیر بھی شامل ہیں۔ کتاب دلچسپ سبق آموز ہونے کے علاوہ مصیبت زدہ پریشان حال لوگوں کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔

ادارہ تصنیف و تالیف تشکیلِ نو محمّد الیاس عادل

مشتاق بُک کارنر۔ الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون ہ

# گنجینہ اسرارِ اولیاء

## وظائف — عملیات — تعویزات

اس کتاب میں تمام اورادِ وظائف قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں، وظائف و عملیات کی مشہور کتابوں کا نادر انتخاب جس میں تقریباً ہر ضرورت سے متعلق اولیاء کرام کے نادر نایاب وظائف، مجرب عملیات اور زود اثر تعویزات کو بڑی کاوش سے جمع کیا گیا ہے۔


مرتبہ
محمد الیاس عادل

فیضانِ نظر
پیرِ طریقت حضرت عزیز الرحمن نقشبندی مجذوبی



مشتاق بک کارنر — الکریم مارکیٹ — اردو بازار لاہور


Marfat.com

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

# اَلدُّرُّ النَّظِیْمُ فِیْ خَوَاصِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ

اَلْمَعْرُوْف

# اسرارِ رحمانی معہ آیاتِ قرآنی

## قرآنی عملیات کا حل المشکلات


مؤلفہ

حضرت علامہ ابو محمد عبد اللہ یمنی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: حضرت مولانا رحیم بخش دہلوی ثم لاہوری رحمۃ اللہ علیہ



مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور



Marfat.com

# تحفۃ العاملین

معروف بہ

# طلسماتِ نادرہ

ترکیب تعویذات و خواص اسمائے الٰہی و تسخیرات و خواص

سورۂ قرآن شریف وغیرہ

## حصّہ اوّل

مؤلفہ

سیّد تفضّل حسین خداداد بن میر محمد حسین

ترتیب نو

محمد اسحاق ظفر

ناشر

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (الذٰریٰت، ۵۶)

میں نے جنّوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

---

# کالے جادو کا

## قرآنی علاج

قرآن و سنّت کے علاوہ جدید سائنسی تحقیق کی روشنی میں مرتّب کی گئی اس کتاب میں جنّات، پری، خبیث رُوحوں چھلاوہ، پچھل پیری، شیاطین اور ہر قسم کے کالے جادو (سحر) آسیب سے مکمّل بچاؤ کے لیے تیر بہدف مؤثر، مجرّب عملیات و تعویزات شامل ہیں جو آزمودہ اور مجرّب ہیں

محمّد جاوید قادری

مُشتاق بُک کارنر
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

ماشاءاللہ لا قوۃ الا باللہ

گنجینہ وظائف عملیات تعویذات وطلسمات

# تحفہ سلیمانی

مجرب

نقوش قرآنی خواص اسمائے الحسنیٰ طلسمات کے علاوہ منتر تنتر کے اثرات، جسمانی و روحانی امراض کیلئے تیر بہدف اور سریع الاثر دواؤں و غذاؤں کی اہمیت، افادیت کے ساتھ طبی نسخہ جات کا ذکر بھی موجود ہے۔

فیضانِ نظر: حضرت زین العابدین رشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتبہ: سائیں محمد دین چشتی قادری

ترتیب تشکیل: محمد شباب القادری رضوی

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

# تحفۂ فقیری

## نایاب عملیات کا مخفی خزانہ

اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود وہ نایاب مخفی خزینہ عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں موجود ہے جو عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اور بزرگوں سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے یہ مشکلات و پریشانیوں کے خاتمہ کے لئے فوری اثر دکھاتا اور

حاجت روائی کیلئے تیر بہدف ہے

از

خادم الفقرا **محمد جاوید قادری**

بفیضانِ نظر

**سید محمد علی شاہ مدنی قادری**

مشتاق بک کارنر ۔ الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور

Marfat.com

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

# تحفۂ پنجتن پاک

## حل المشکلات

## جلدِ اوّل

علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع اور پُرتاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اورادِ علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات و تعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی و حاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

فیضانِ نظر:۔ قبلہ حضرت عزیز الرحمٰن صاحب نقشبندی مجددی

مؤلفہ

محمد الیاس عادل

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

Marfat.com

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

بے شک یہ بڑی کامیابی ہے

# طلسماتِ سلیمانی

نایاب کتابوں اور قدیم قلمی نسخوں سے پُراسرار مخفی عملیات و تعویذات کا مخزن عظیم دکھی انسانیت کی حاجت روائی و مشکل کشائی کے لیے آزمودہ اور پُرتاثیر ہے۔

فیضانِ نظر: حضرت زین العابدین رشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتبہ: سائیں لعل دین قیصر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ترتیب و تشکیل نو: محمد عبداللہ چشتی صابری لطیفی

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

Marfat.com

اعلیٰ حضرت علامہ الشاہ احمد رضا خانؒ بریلوی و دیگر
علمائے اہلِ سنت کے مجرب عملیات و تعویذات کا
مستند اور تصحیح شدہ مجموعہ

# شمعِ شبستانِ رضا

اوّل تا چہارم

مرتبہ

اقبال احمد نوری

ناشر

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

# درویشی

# مجموعہ وظائف مترجم

قرآنی سورتوں، آیات مبارکہ، درود پاک، نفلی نمازوں، مستجاب و مقبول دعاؤں، فضیلت کے دن اور فضیلت کی راتوں کی عبادات، اور درویشی اوراد و وظائف کا بیان انتہائی جامع، مختصر و مستند اور آسان فہم انداز میں کیا گیا ہے، جو ہر حاجت مند کی حاجت روائی کیلئے بہترین و مفید ہے۔

ترجمہ

اعلیٰ حضرت مجدد اعظم علامہ احمد رضا خانصاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ مؤلفہ: محمد الیاس عادل

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

(سورۃ نحل ۔ آیت ۱۲)

# عاملِ کاملین

روحانی عملیات وطلسمات پر اپنی نوعیّت کی منفرد اور گنجینۂ اسرار کتاب

علم اللواح ۔ علم حاضراتِ الارواح ۔ کشف القبور ۔ کشف القلوب علم النقوش ۔ علم الرمل ۔ علم الجفر ۔ علم الاعداد والنقاط ۔ علم الاشراق علم النجوم کا مرقع ۔ تعویذات وعملیات کا خزینہ!

مرتبہ

ترتیب و مؤلفہ

صوفی عزیز الرحمن نقشبندی
آغا اشرف

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ

بوسیلہ

# محمد ﷺ مشکل کشاء

## اسم النبی ﷺ مشکلات کا حل

قرآن وحدیث اور دیگر آسمانی کتب وصحائف اور جید علماء کرام کی علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع ترین کتاب میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ جمیلہ سے دنیا و آخرت کی تمام مشکلات کا حل موجود ہے۔

فیضان نظر:- قبلہ حضرت عزیز الرحمن صاحب نقشبندی مجددی


مؤلف

محمد الیاس عادل



مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور